اورینٹل کالج میگزین

اوریئنٹل کالج میگزین

فروری ۱۹۵۶ء

جلد ۳۲ عدد ۲

عدد مسلسل ۱۲۴

مدیر :—

ڈاکٹر سیّد عبداللہ

باہتمام مسٹر احسان الحق ہیڈ کلرک اوریئنٹل کالج لاہور ، پرنٹر و پبلشر اوریئنٹل کالج میگزین ردن پرنٹنگ پریس مل روڈ لاہور میں طبع ہو کر اوریئنٹل کالج لاہور سے شائع ہوا ۔

ترتیب

یونیورسٹی اورینٹل کالج

کے

۸٦ ویں یومِ تاسیس کے موقع پر

ڈاکٹر سیّد عبداللہ

پرنسپل اورینٹل کالج ، لاہور

کا

خطبۂ استقبال

(۲۸ اکتوبر ۱۹۵۵ء)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

صدر عالی مقام و حاضرین کرام !

دنیا کی بعض رسمیں پامال ہو جانے کے باوجود ہمیشہ تازہ و خوشگوار رہتی ہیں انہیں میں ایک اظہار شکریہ کی رسم بھی ہے جو عام ہو جانے کے باوجود بڑی ضروری اور خوشگوار چیز ہے ۔ اس لئے میں سب سے پہلے یہی فرض ادا کرتا ہوں اور آپ سب صاحبوں کے قدوم میمنت لزوم کا شکریہ ادا کرتا ہوں مگر اے مہمانان گرامی ! میرا یہ شکریہ محض رسمی نہیں بلکہ ایسا ہے جو دل کی گہرائیوں میں پیدا ہو کر قلم و زبان پر آیا ہے مگر حق تو یہ ہے کہ زبان و قلم ہر دو اس کا پورا حق ادا کرنے سے قاصر ہیں ۔ لہٰذا میں اختصار میں سلامتی سمجھ کر اپنے تمام جذبات عربی کے اس ایک ہی شعر میں ادا کرنے پر اکتفا کرتا ہوں

سَرَّتْمُوْ بِمُدُومِكُمْ يَا سَادَتِي مَا الشُّكْرُ اِلَّا بِاللِّسَانِ الْقَاصِر

حضرات ! آپ کو یاد ہوگا ہم نے پچھلے سال ۲۹ - اکتوبر کو اورینٹل کالج کا یوم تأسیس منایا تھا ۔ اس سال پھر اسی رسم کا اعادہ کیا جا رہا ہے ۔ سال ۱۹۵۵ء اس کالج کی عمر کا ۸۶ واں سال ہے ۔ پچھلے سال میں نے کالج کے ۸۵ سال کے کام پر ایک تاریخی تبصرہ کیا تھا مگر اس سال کسی تاریخی تبصرے کی بجائے یہ خیال ہوا کہ مختصراً ان نظریات و تصورات کا کچھ تجزیہ کر لیا جائے جو اس درسگاہ کی طویل تاریخ حیات سے ہمیشہ وابستہ رہے ہیں ۔ میں چاہتا ہوں کہ آج بڑے اختصار سے میں اس روایت کی بھی کچھ وضاحت کردوں جو تعلیمی اور تصنیفی لحاظ سے

اورینٹل کالج کے لئے ہمیشہ باعث امتیاز رہی ہے ۔ اس سے یہ دیکھنا اور دکھانا مقصود ہے کہ یہ پرانے عقائد اور یہ پرانی روایت موجودہ مسائل تعلیم اور مقاصد قومی کی تکمیل میں ہمارے لئے کس حد تک ممد ہو سکتی ہے اور اس لحاظ سے یہ بھی سوچنا ہے کہ یہ کالج اور اس کو وجود میں لانے والے تعلیمی و تہذیبی اصول ہمارے نئے تعلیمی و تہذیبی منصوبوں کی پیش رفت اور کامیابی میں کیا حصہ لے سکتے ہیں ۔

حضرات ! اورینٹل کالج کی تعلیمی تحریک جس کی ابتدا انجمن پنجاب اور اس کے فاضل صدر ڈاکٹر لائٹنر نے کی تھی ۔ اس بنیادی عقیدے پر مبنی تھی کہ ملکی تعلیم کا نظام اس طرح مرتب کیا جائے کہ اس میں مشرقی علوم اور ملکی زبانوں کو نمایاں حیثیت حاصل ہو ، علوم جدید اور علوم قدیم میں معقول پیوند قائم کیا جائے اور جدید علوم ملکی زبانوں میں پڑھائے جائیں ـــ بس ـــ انجمن پنجاب کی تعلیمی تحریک انہی اصولوں پر مشتمل تھی ان کی کامیابی کے لئے انجمن کے فاضل صدر ڈاکٹر لائٹنر نے طویل مدت تک جدو جہد کی مگر افسوس ہے کہ تعلیم کا مذکورہ بالا نظریہ انگریزی حکومت کی سیاسی حکمت عملی اور اس کے مخصوص مصالح کے سبب کوئی عملی شکل اختیار نہ کر سکا اور انجمن کی یہ مفید تحریک پوری طرح کامیاب نہ ہوسکی ۔ یہ صحیح ہے کہ حکومت نے انجمن کے بعض مطالبات کو تسلیم کرلیا مگر عملی لحاظ سے وہ اپنی اسی حکمت عملی پر کار بند رہی جو ہندوستان کے دوسرے صوبوں میں رائج ہو چکی تھی ۔ انجمن کے جو مطالبات نظری طور پر تسلیم کرلئے گئے ان میں ایک تو تھا علوم مشرقیہ اور دیسی زبانوں کی اہمیت کا اعتراف اور دوسرا علوم مشرقی کی تعلیم کے لئے ایک شعبہ مشرقی یا اورینٹل کالج کا قیام ـــ ! مگر اس حقیقت سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ ان اصولوں کو عمل میں لانے کے لئے جن تدبیروں کی ضرورت تھی ان میں بے دلی تھی یہی وجہ ہے کہ ان سے وہ نتائج پیدا نہ ہوئے جن کی توقع تھی ۔ انجمن پنجاب ایک اورینٹل یونیورسٹی کے قیام کے علاوہ عام یونیورسٹی

تعلیم میں ملکی زبانوں کو ذریعہ تعلم کی حیثیت سے رواج دینا چاہتی تھی۔ اور علوم جدید اور علوم مفید کو غیر زبان کی مشکلات سے بچا کر ان کو عام لوگوں تک براہ راست اور جلد پہنچانا چاہتی تھی۔ مگر انجمن کی یہ تجویزوں پر عمل نہ ہوا۔

اس سلسلے میں انگریزوں کی عام تعلیمی حکمت عملی کا تذکرہ اس لئے ضروری معلوم ہوا کہ اس سے انجمن اور حکومت کے متضاد نقطہ ہائے نظر کی وضاحت ہوتی ہے اور یہ ظاہر ہوتا ہے کہ جہاں انجمن پنجاب کی نظر قومی مصالح پر تھی وہاں انگریزوں کی تعلیمی حکمت عملی کی ایک بڑی غایت یہ تھی کہ ملکی تعلیم کو ان سیاسی مصالح کے تابع بنایا جائے جن کے لئے انگریزی حکومت قائم ہوئی تھی اور اس کے ان عناصر کو بالکل کمزور کردیا جائے جن سے ان مصالح کو کبھی نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہو——یہ اہم عناصر جن کو اس زمانے کی حکومت خاص طور سے دبا دینا چاہتی تھی کم و بیش تین تھے۔ اول قومی تاریخ۔ دوم مشرقی علوم۔ سوم ملکی زبانیں۔ ان تینوں تہذیبی عناصر سے انگریزوں کی تصیرت، ہمیشہ خائف رہی اور انہوں نے ہمیشہ اس پر نظر رکھی کہ ان عناصر کا تناسب اور ان کی معنوی مقدار اس حد خاص سے آگے بڑھنے نہ پائے جس کے بعد قومی احساس اور ملکی شعور کی بیداری کی منزل قریب آجاتی ہے۔

ہندوستان کی اٹھارویں اور انیسویں صدی کی پوری تاریخ اس امر کی شہادت دیتی ہے کہ ہمارے ملک کے انگریز حکمران ملکی تعلیم کے معاملے میں پوری ڈیڑھ صدی تک مشوش اور پریشان رہے۔ اور ایک عرصے تک تو ان پر گومگو کا عالم طاری رہا—— وہ دیکھتے تھے کہ تمام ملک میں ملکی علوم کی تعلیم کا ایک وسیع نظام قائم ہے جس کا تعلق صرف ملازمت اور معاش سے ہی نہیں بلکہ قومی زندگی اور تہذیبی شعور سے بھی ہے۔ اس لئے یہ تو ناممکن تھا کہ ملک کے نظم و نسق کو چلانے کے لئے پرانے نظام تعلیم سے وہ یکسر بے نیاز ہوجاتے اس لئے وہ خاصی

مدت تک پرانے سلسلے سے ھی کام چلاتے رہے اور جہاں تک ھوسکا انگریز ملازموں کو بھی عربی فارسی اردو وغیرہ کی تعلیم دلاتے رہے مگر یہ سب کچھ انھوں نے ضرورت کی حد تک کیا مگر جب ان کی ضرورتیں اور بڑھیں اور انہیں دیسی ملازموں کی زیادہ ضرورت پڑی تو وہ اپنی تعلیمی حکمت عملی کو تبدیل کرنے پر مجبور ھوگئے مگر اس مرتبہ بھی بنیادی حیثیت عربی، فارسی اور ملکی زبانوں کو ھی دی گئی - وارن ھیسٹنگز لارڈ ولزلی اور بعض دوسرے گورنر جنرل صاحبان نے تعلیم کے اس نئے نظام میں بڑی دلچسپی لی - اور اس نئی تعلیم کے لئے کالج اور مدرسے کھولے چنانچہ وارن ھسٹنگزسکول کلکتہ ، مدرسہ عالیہ کلکتہ، فورٹ ولیم کالج ، دھلی کالج ، آگرہ کالج ، بنارس سنسکرت سکول اور ان کے علاوہ ایشیاٹک سوسائٹی بنگال وغیرہ اسی دور سے متعلق ھیں - یہی وہ زمانہ تھا جس میں علوم مشرق مساجد و مکاتب اور پاٹ سالاؤں سے نکل کر پہلی مرتبہ سرکاری مدرسوں ، کالجوں اور درسگاھوں میں پہنچے - اور مسجد و مدرسہ اور مندر اور پاٹ سالہ میں ایک تفریق پیدا ھوئی اور ملک میں اھل علم کے دو مختلف الخیال طبقے پیدا ھوگئے اور یہی وہ زمانہ تھا - جس میں '' قدر مرد بہ علم '' کے ساتھ ساتھ '' قدر علم بہ ملازمت '' کا نعرہ بھی بلند ھوا اور علوم ادراک حقیقت کے لئے نہیں اقتصادی منڈی میں بکنے کیلئے پڑھے جانے لگے - اور یوں تو اس عالم آب وگل میں جہاں جسم و روح کا رشتہ برقرار رکھنے کے لئے مادی وسائل کی بہر حال ضرورت ھوتی ھے اقتصاد بھی زندگی کی ایک نہایت ھی بنیادی قدر ھے مگر اقتصاد کی تنظیم کے لئے علمی ، اخلاقی اور فکری اقدار کی غلامی شرف انسانی کی موت سے کسی طرح کم نہیں -

باایں ھمہ حکومت انگلشیہ کے اس تعلیمی دور میں علوم مشرق کے مطالعہ و تحصیل کے حق میں کچھ مفید نتائج بھی پیدا ھوئے مثلاً تعلیم میں نظم و قاعدہ کی اھمیت ، علوم مشرقیہ کی بعض خاص انواع کا از سر نو زندہ ھونا ، امتحان کے طریقے کا رواج غرض یہ اوراس قسم کی دوسری منصوبہ

بندیاں جن سے پرانا نظام تعلیم نا آشنا سا ہو گیا تھا پھر رواج پذیر ہوئیں ـــــاسی زمانے میں مضامین میں انتخابیت کا اصول بھی رائج ہوا، ادب و تاریخ کی تحصیل کی غایت بھی بدلی اور اس کے نتیجے کے طور پر مطالعۂ علوم مشرق (اورینٹل سٹڈیز) کی منظم تحریک ہندوستان میں پیدا ہوئی جس کی نشوو نما میں سر ولیم جونز گل کرائیسٹ، شکسپیر، سمرنگر کرک پیٹرک وغیرہ نے خاص حصہ لیا۔ چنانچہ ان کی کوششوں سے مشرقی علوم کے مطالعہ و تجزیہ اور تحقیق و تصنیف کے لئے نئے راستے نکلے جو خالص مغربی طریقوں سے ماہر تھے اور اس طرح قدیم و جدید اور مشرق و مغرب کے پیوند کی ایک ایسی صورت نکلی جس سے علوم مشرق کو گویا ایک نئی زندگی نصیب ہوئی ــ ڈاکٹر لائٹنر جو کچھ دیر بعد انجمن پنجاب کے صدر اور گورنمنٹ کالج اور اورینٹل کالج لاہور کے پہلے پرنسپل ہوئے۔ علمائے مشرقیات کے اسی دبستان سے تعلق رکھتے ہیں انہوں نے پنجاب میں تعلیم کے انہی تصورات کو پھیلانے کی کوشش کی جو انگریزوں کی تعلیمی حکمت عملی کے دور دوم سے تعلق رکھتے ہیں ــ مگر ان کے کام کی تفصیل آگے آتی ہے۔

بہر حال انگریزوں کے اس دوسرے تعلیمی دور میں ہندوستان بھر میں مشرقی علوم اور ملکی زبانوں کو ترقی ہوئی۔ اس زمانے میں علوم جدید کی اشاعت کا بھی خاصا کام ہوا جس کے سبب اردو کی علمی حیثیت میں بھی بڑا اضافہ ہوا۔ اور یہ امکانات روشن ہونے لگے کہ اردو اپنی کم عمری کے باوجود دنیا کی اہم زبانوں کی صف میں کھڑی ہو جائے مگر ترقی کی رفتار دفعتاً رک گئی۔ حکومت نے اپنی تعلیمی حکمت عملی میں تبدیلی کا اعلان کر دیا ـــ جس کی تشکیل میں لارڈ میکالے کے اس تعلیمی نوٹ نے خاص حصہ لیا۔ جس میں انہوں نے علوم مشرق کے خلاف بہت کچھ لکھا اور بعض ایسی باتیں بھی کہہ ڈالیں جو خلاف واقعہ ہونے کے علاوہ بڑی دل خراش بھی تھیں۔ درحقیقت میکالے کی تعلیمی یاد داشت تعصب اور بے خبری کا عجب و غریب مجموعہ تھی مگر اس کی پشت پر حکومت انگلشیہ کی مستعمراتی حکمت عملی کار فرما تھی اور اس کے ساتھ

پر نوکریوں کی نوید جلی حروف میں کندہ تھی - اس لئے اسکا نفاذ ھوا - اور بڑے زور سے ھوا - اس کے زیر اثر انگریزی زبان کو اصولی اور اولین حیثیت حاصل ہونے کے ساتھ ساتھ ملکی زبانوں کا درجہ بالکل گر گیا اور مشرقی علوم تو تقریباً نظام تعلیم سے خارج سے ھوگئے اور اگر ایک طرف لارڈ میکالے کی پیدا کردہ ذھنیت سے علوم مشرقی کو حقارت کی نظر سے دیکھا جانے لگا تو دوسری طرف انگریزی تعلیم کے اقتصادی منافع کے سبب ترغیب کی سب صورتیں انگریزی تعلیم میں جمع ھوگئیں - اس سے ملک بھر میں علوم دین ، علوم مشرقی اور ملکی زبانوں پر یتیمی اور کس مپرسی کا عالم طاری ھوگیا اور یہ علوم خود اپنے ھی ملک میں ذلیل و خوار سمجھے جانے لگے -

ان حالات میں انجمن پنجاب اور ڈاکٹر لائٹنر کی تعلیمی تحریک حکومت کی مسلّمہ پالیسی کے سراسر خلاف تھی اس لئے کہ انگریزی حکمت عملی جن علوم اور زبانوں کو بالکل دبا دینا چاھتی تھی انجمن انہی کو ابھارنا چاھتی تھی - مگر انصاف یہ ہے کہ انجمن پنجاب کی تحریک اعتدال و توازن کی تحریک تھی جو اس معقول اصول پر قائم تھی کہ دنیا کے تمام مفید علوم پڑھائے جائیں مگر اپنی زبان میں - اس میں اس نظریے کا اعلان تھا کہ علوم کی تعلیم کا قدرتی اور فطری طریقہ یہی ھے کہ اس کے لئے اپنی ھی زبان سے فائدہ اٹھایا جائے اور قدیم و جدید کو اس طرح ملایا جائے کہ قدیم کے فرسودہ حصے کٹ جائیں اور صالح حصے جدید کے ساتھ مل کر ایک نئی زندگی کا پیغام لائیں - یہی انجمن پنجاب کا بنیادی تصور تھا - اور یہی ڈاکٹر لائٹنر کے خیالات تھے - اور آج کسی کو یہ تسلیم کرنے سے انکار نہ ھوگا کہ دراصل انجمن پنجاب ھی کے تعلیمی عقائد ملکی و ملی مقاصد کے مطابق تھے جن کو اس وقت اگر منظور کر لیا جاتا تو آج ھمارا ملک بھی جاپان اور دوسرے ممالک کی طرح ایک ترقی یافتہ ملک ھوتا - اور لوگوں کی علمی حالت آج بدرجہا بہتر ھوتی مگر سیاست کی دیوی بھی تو بڑی ظالم ھوتی ھے اس کی قربان گاہ پر بڑے بڑے اخلاقی اصول بھینٹ چڑھا دئے جاتے ھیں - بہر حال یہ انجمن

کا نظریہ تھا جس کی اصولی صحت و اصابت سے انکار نہیں کیا جاسکتا اور یہ وہ نظریہ ہے جو آج بھی ہمارے لئے قابل غور ہے۔

اس نظریے کی وضاحت کے لئے میں انجمن پنجاب کے صدر ڈاکٹر لائٹنر کے تعلیمی خیالات کی مزید تشریح کرنا چاہتا ہوں کیونکہ ان کے خیالات کا یہ تجزیہ ہمارے موجودہ مسائل میں بہت کار آمد ثابت ہو سکتا ہے

ڈاکٹر لائٹنر نے بر کتوں کی تعلیم پر جو رسالہ لکھا ہے اس میں انہوں نے تعلیم کا مقصد یہ بتایا ہے کہ

> Education is everywhere the result of the specific national character, laws and Religion, when brought to a practical issue - —The Training of the Rising Generation.

گویا لائٹنر کے نزدیک تعلیم وہ معاشرتی اور تہذیبی مسئلہ ہے جس کو کسی قوم کے خصائص قومی اس کے قوانین اور اس کے مذہب سے جدا نہیں کیا جا سکتا جس کے بغیر تعلیم کی اصلی غرض یعنی نئی نسلوں کی ذہنی تربیت کا مقصد پورا نہیں ہوسکتا ۔ اس کے بغیر نہ کوئی کردار پیدا ہوسکتا ہے نہ اعلیٰ سیرت اور نہ ہی اعلیٰ ذہن و فکر ظہور میں آ سکتا ہے ۔ اسی اہم اصول کے ماتحت ڈاکٹر لائٹنر نے پنجاب میں ایک امتزاجی نظریے کی تبلیغ کی ۔ اور تعلیم کے عملی مقصد یا مقاصد کے ساتھ ساتھ قومی روایات اور تہذیبی پہلوؤں کو بڑی اہمیت دی ۔ اسی خیال کے ماتحت انہوں نے پنجاب میں ایک اورینٹل یونیورسٹی کے قیام کی کوشش کی اور جب یہ کوشش کامیاب نہ ہوئی تو انہوں نے ایک ایسی یونیورسٹی کے قیام پر زور دیا جو اورینٹل یونیورسٹی کے نصب العین کے زیادہ سے زیادہ قریب تھی ۔ چنانچہ پرانی پنجاب یونیورسٹی میں ان کے ان تصورات کے بہت سے نقوش موجود تھے جو اب موجود نہیں ۔

ڈاکٹر لائٹنر ملکی زبانوں کے ذخیرے کو بہت وسیع کرنا چاہتے تھے اور یہ چاہتے تھے کہ یورپ کی سائنس اور دوسرے علوم و فنون ان میں ڈھال دئے جائیں تاکہ علوم کی اشاعت و تعلیم میں آسانی ہو — مگر

چونکہ وہ مشرقی علوم کو تہذیبی لحاظ سے بہت اہمیت دیتے تھے اس لئے انہوں نے ان علوم کی ترقی کے لئے مشرقی علوم پر زور دیا ۔ وہ یہ چاہتے تھے کہ ملکی تعلیم کے نظام میں علوم مشرق اور دیسی زبانوں کو اہمیت دی جائے مگر ان کو اس پر بھی اصرار تھا کہ علوم مشرق کی تعلیم کا نظام زیادہ سائنٹفک اور علمی بنیادوں پر قائم کیا جائے تاکہ اس سے عملی فوائد مترتب ہوں اور قومی ترقی میں صحیح امداد ملے ـــ اور یہ تو ظاہر ہے کہ علوم، مشرقی ہوں یا مغربی سب سے صحیح فائدہ تبھی اٹھایا جاسکتا ہے کہ سب سے پہلے ان کی غایت متعین ہو ۔ پھر اس غایت تک پہنچنے کے لئے معقول طریق کار تجویز ہو ـــ اور اس طریق کار کی کامیابی کے لئے صحیح نصاب تجویز ہوں اور پڑھائے جائیں ۔

ڈاکٹر لائٹنر نے علوم مشرقی کی تجدید و اصلاح کے مسئلے پر بھی بڑا غور کیا ـــ اور اس سلسلے میں بہت سی اصلاحیں کیں ـــ! اس کے متعلق انہوں نے اپنی یادداشتوں کے علاوہ اپنی کتابوں میں خصوصاً ترکی میں تعلیم کے متعلق لیکچر میں اپنے خیالات بڑے واضح انداز میں ظاہر کئے ہیں ۔ ڈاکٹر لائٹنر نے لکھا کہ قدیم نظام تعلیم میں جو چیز سب سے زیادہ قابل اصلاح ہے وہ اسکی بےقاعدگی اور وقت کے عنصر سے بے اعتنائی ہے ۔ ڈاکٹر لائٹنر کو یہ بھی شکایت تھی کہ جہاں تک عربی فارسی تعلیم کا تعلق ہے ۔ ان علوم کے طلبا صرف و نحو کو مقصود بالذات سمجھتے ہیں حالانکہ صرف و نحو مقصود بالذات نہیں وہ تو ادب اور زبان کے حصول کا وسیلہ ہیں ۔ انہوں نے لکھا کہ پرانے مدرسوں میں گرامر پر بلا ضرورت زور دیا جاتا ہے ۔ یہاں تک کہ ادب کی ان کتابوں میں بھی جن کا اصلی فن کچھ اور ہے ۔ گرامر کے مسائل کو مرکزی اہمیت دے دی جاتی ہے مثلاً مقامات حریری اور کامل مبرد جو ادب کی کتابیں ہیں اور تفسیر بیضاوی جو تفسیر کی کتاب ہے ان میں بھی یہی طریق کار اختیار کیا گیا ہے ڈاکٹر لائٹنر کو پرانے طریق درس میں یہ کمی بھی نظر آئی کہ اس میں تاریخ کی کتابوں کا فقدان ہے انہوں نے لکھا کہ بہت سے عالم فاضل لوگ جن کے تبحر علمی کے سامنے جھکنا پڑتا ہے عربی ادب اور علوم کے تاریخی پس منظر سے

بے خبر ہونے کے علاوہ معمولی تاریخ کے واقعات سے بھی بیگانہ ہوتے ہیں ۔ انہوں نے اس خیال سے سپیں اسلام کے نام سے ایک کتاب لکھی جس کی تیاری میں مولانا محمد حسین آزاد سے بھی مدد حاصل کی ۔ اس میں انہوں نے یہ واضح کرنے کی کوشش کی کہ تاریخ اسلام تاریخ عالم کا ایک حصہ ہے اور ادب اور علوم تاریخی مطالعہ کے بغیر اچھی طرح سمجھے نہیں جاسکتے ۔ ان سب باتوں سے زیادہ ان کو اس بات سے رنج ہوتا تھا کہ قدیم نظام تعلیم ، بعض خاص کتابوں سے وابستہ ہو گیا ہے اور علم نے خصوصاً علوم طبعی نے جو ترقی کی ہے اس سے استفادہ کی ضرورت ہی نہیں سمجھی جاتی حالانکہ علم ایک ترقی پذیر شے ہے ۔ کم و بیش یہی وہ نقائص ہیں جن کی اصلاح ڈاکٹر لائٹنر کے پیش نظر تھی ۔

حق یہ ہے کہ موصوف کا نظریۂ اصلاح و تجدید نہایت معقول مفید اور نتیجہ خیز تھا ۔ تقریباً اسی قسم کے خیالات ہمیں ایک اور مصلح تعلیم شبلی نعمانی کی تقریروں اور تحریروں میں بھی ملتے ہیں ۔ شبلی نے بھی درانے نظام تعلیم میں اصلاح و تجدید کی کوشش کی ۔ وہ بھی خالص قدیم تعلیم اور خالص جدید تعلیم کو ناقص اور یک طرفہ مانتے تھے شبلی کے نزدیک بھی قومی تعلیم کا کوئی معقول منصوبہ قومی علوم اور دیسی زبانوں کی مرکزی اہمیت کے بغیر مکمل نہیں ہو سکتا ۔ غرض اس لحاظ سے ڈاکٹر لائٹنر اور مولانا شبلی کے نظریات اصلاح و تجدید بہت قریب قریب معلوم ہوتے ہیں ـــــ گویا یہ وہ سنگم ہے جس پر مشرق و مغرب باہم مل گئے ہیں اگرچہ مشہور یہی ہے کہ مشرق مشرق ہے اور مغرب مغرب اور دونو باہم کبھی مل نہیں سکتے ۔ بہر حال ڈاکٹر لائٹنر ان تصورات اور نظریات کو لے کر آگے بڑھے اور اپنی پرزور وکالت اور خلوص و انہماک سے پنجاب میں ایک ایسے نظام تعلیم کی بنیاد ڈالنا چاہی جس پر اگر عمل درآمد ہو جاتا تو آج ہماری تعلیمی حالت یقیناً بالکل مختلف ہوتی ۔ افسوس ہے کہ اس عظیم ماہر تعلیم کو حکومت کی مخالف حکمت عملی کے سبب پوری کامیابی نہ ہوئی اور وہ کچھ نہ کر سکا تاہم اس کی

کوششوں سے پنجاب میں علوم مشرقی کا ایک ایسا نظام قائم ہو گیا جو ناسازگار فضا ، زمانے کے نشیب و فراز اور لیل و نہار کی گردشوں کے باوجود آج تک قائم ہے ـــــ اور نہ صرف قائم ہے بلکہ ایک خاص انداز فکر اور ایک خاص روایت کو پہلو میں لئے ہوئے بدستور بڑھ رہا ہے اور زندگی کی اس نازک گھڑی میں بھی جب زمانے کی نئی اقدار اس کی سخت جانی کا امتحان لے رہی ہیں وہ ارتقاے حیات کے نئے سلسلوں کو اپنی روایت میں جذب کرنے کی فکر میں ہے اور ایک ایسی تخلیق و تعمیر کے خواب دیکھ رہا ہے جس کی تکمیل موجودہ قومی و ملی مقاصد کے بھی عین مطابق ہے ۔ یہ روایات انجمن پنجاب کے تخیل کی ایک مدھم سی صورت ہے مگر پاکستان کے تعمیری ارادوں کے لئے مفید اور اس کے تنظیمی منصوبوں کے لئے یقیناً ممد ہے ۔

جناب والا ـــــ قوم کی حیات جدید کی تشکیل میں انجمن پنجاب کے مذکورہ بالا نظریے کس شکل میں کام آسکتے ہیں ۔ اس بحث سے پہلے نہایت مختصر طور پر میں اورینٹل کالج کی اس روایت کی چند خصوصیات بیان کرنے کی اجازت چاہتا ہوں جس کا ابھی ذکر ہوا ۔ اس سے میری غرض یہ ثابت کرنا ہے کہ تعلیم کا امتزاجی نظریہ یک طرفہ تعلیم کے پروگرام سے بدرجہا زیادہ نتیجہ خیز اور مفید ہے جس کا ثبوت یہ ہے کہ بعض سخت رکاوٹوں اور آزمائشوں کے باوجود جن میں سے بعض بڑی حوصلہ شکن تھیں ۔ اس کالج سے تربیت و تحقیق کی ایک مستقل تحریک نمودار ہو کر آگے بڑھی اور یہ دراصل کامیابی ہے اس تعلیمی دستور العمل کی جو ڈاکٹر لائٹنر کے پیش نظر تھی ۔

ڈاکٹر لائٹنر نے جو روایت ہمیں دی جہاں تک اورینٹل کالج کا تعلق ہے ہمیں وہ تین صورتوں میں نمایاں نظر آتی ہے ۔

اول ۔ اس علمی انداز نظر میں جو اس درس گاہ کی بنیادی خصوصیت ہے ۔

دوم ۔ اس رنگ تربیت میں جس کا تعلق اورینٹل کالج کے درس و افادہ میں ہمیشہ موجود رہا ۔

سوم ۔ اس طرز تصنیف میں جو اس کالج کے سب مصنفوں کی تحریروں کی بنیاد ہے ۔

جہاں تک علمی نقطۂ نظر کا تعلق ہے اس درس گاہ کی علمی روایت اصولاً کلا سکی ہے ــــــ اس کا سرچشمۂ حیات قدیم روایات قومی ہیں۔ وہ روایات اور کلا سکیت سے بے نیاز نہیں ہو سکتی ــــــ اس کے نزدیک اسکی انفرادیت اسی میں ہے کہ ان کلا سکی قدروں کا تحفظ کرے جن کا زمانی اور مکانی تسلسل عبارت ہے اس عظیم تہذیب و ثقافت سے جس کی عمر صدیوں کے نہیں ہزاروں سال کے پیمانے سے ناپی جا سکتی ہے ــــــ اس کی روایت پرستی کسی بے بصیرت گروہ کی کھوکھلی رسم پرستی کے مرادف نہیں بلکہ اس احساس کی پیداوار ہے کہ قوموں کی زندگی جھیل نہیں جوئے رواں ہے جس کی انتہا ــــــ ابتدا سے بے نیاز نہیں ہو سکتی جس کا انجام آغاز سے منقطع نہیں ہو سکتا ــــــ! اور آج، یہ تشبیہ اگرچہ کچھ اوپری اور اوپری سی معلوم ہو گی مگر یہ ضرور کہوں گا کہ اس کالج کی انفرادیت بھی کچھ کچھ اسی طرح کی ہے جس طرح مثلاً آکسفورڈ کی، جس کی روایت پرستی ہی اس کی زندگی ہے اوریئنٹل کالج کا امتیاز بھی روایات کی پیروی میں ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اس کی سرگرمیوں میں تاریخ و تہذیب کا مطالعہ ہمیشہ اہم رہا ــــــ علمی لحاظ سے ڈاکٹر لائٹنر نے یہ سکھایا تھا کہ علم انسانی تنوع کے باوجود ناقابل تقسیم ہے ــــــ گویا علم ایک آفتاب ہے جس کی شعاعیں ہر طرف پھیل رہی ہیں اسلئے قدیم و جدید کے دو مختلف کیمپ ان کی روایت کے تصور میں کبھی نہیں آئے۔ اسی سبب سے جب کبھی علم کو اعلیٰ اور ادنیٰ دو طبقوں میں تقسیم کرنے کی کوشش کی گئی۔ اس کالج کی روایت نے بلاخوف اسکے خلاف آواز بلند کی۔ اسکے نزدیک سب علوم برحق اور ضروری ہیں بشرطیکہ ان کی علمی غایت سچائی کی تلاش اور اعلیٰ صداقتوں کی جستجو اور اصلاح و تطہیر حیات ہو ــــــ تعلیم اور اس کے مختلف شعبے دراصل تقسیم فرائض حیات اور تقسیم عمل کا نام ہے ان سب کا مقصد ایک ہے ــــــ اور وہ مقصد ہے حسن عمل اور ادراک حقائق۔ یہی وجہ ہے کہ ان گیلریوں میں اور ان تدریسی کمروں میں قدیم جبہ و عمامہ اور جدید کوٹ پتلون یک جا جمع رہے ہیں ــــــ پرانے انداز کے علمائے متبحر اور

نئے طریقے کے فضلاے منقد باھم مل کر ایک ایسا ذھن تیار کرتے رھے ھیں جس میں کلاسیکیت جدیدیت سے بہت کچھ سیکھتی رھی اور جدیدیت کلاسیکیت سے بہت کچھ استفادہ کرتی رھی - چنانچہ ھمارے برگزیدہ اساتذہ کی صف میں ڈاکٹر لائٹنر اور شمس العلما مولانا محمد حسین آزاد مولانا فیض الحسن اور ڈاکٹر وولنر اور مہامہوپادادھاے بھنڈاری جی ڈاکٹر سروپ اور پروفیسر محمد اقبال اور سادان بلگرامی ڈاکٹر شفیع اور شیرانی اور مولانا رسول خان اور موھن سنگھ اور بلدیو سنگھ ـــــ ایک ایسے امتزاج کا نمونہ پیش کرتے ھیں جس نے علمی افادہ و استفادہ کی اندرونی تحریک کو ھمیشہ قوت بخشی اور یہ وہ خاص بات ھے جو اس درسگاہ کے لئے ھمیشہ باعث امتیاز رھی ھے - اس درسگاہ میں تدریس کا ایک خاص نظریہ ھمیشہ کام کرتا رھا ھے اور وہ ھے استادانہ تدریس کے معاملے میں شخصی رابطہ اور وقتی پیمانوں کی قید کا نہ ھونا ـــــ یہاں پھر مجھے وہ بات دھرانی پڑتی ھے جو ایک مصنف نے آکسفورڈ کے تربیت کنندہ ٹیوٹروں کے متعلق کہی تھی ـــــ آکسفورڈ کا ٹیوٹر بڑا ھی مظلوم شخص ھوتا ھے اور آکسفورڈ کا طالب العلم بہت خوش قسمت ھوتا ھے کہ اس پر اس کا ٹیوٹر اپنی صحت اور آرام تک قربان کر دیتا ھے - اس کالج کی روایت بھی کچھ اس کے قریب قریب ھے اور شخصی تدریس کا طریقہ یہاں کا ایک عام طریقہ رھا ھے - ان سب باتوں کے ساتھ ساتھ اور ان سب سے زیادہ کالج کو یہ بھی فخر ھے کہ علامہ اقبال کچھ دیر اس سے وابستہ رھے -

مولانا فیض الحسن سہارنپوری اس درسگاہ کے ایک استاد تھے جن سے شبلی نے کالج سے آتے جاتے تعلیم حاصل کی - سادان بلگرامی کالج کے پابند اوقات کے علاوہ بھی پڑھاتے رھتے تھے چنانچہ سیر کے اوقات میں بھی پڑھانے کی مثالیں موجود ھیں - یہی حال پروفیسر شیرانی اور مولانا رسول خان کا تھا جن کا سارا وقت شاگردوں کی تربیت میں صرف ھوتا تھا - اور یہ بات تقریباً سبھی اساتذہ پر صادق آتی ھے وللاکثر حکم الکل -

اس کالج کی روایت کا تیسرا اھم عنصر تصنیف و تالیف کا ایک خاص

رنک ھے ۔ کالج نے تصانیف کا ایک قابل توجہ ذخیرہ یاد در چھوڑا ھے ۔ اس میں جو تنوع اور افادیت ھے علمی قدر و قیمت کے لحاظ سے اس کو نظر انداز نہیں کیا جاسکتا کیونکہ اس تصنیفی تحریک نے ملک کی عام ادبی اور علمی فضا اور رجحانات پر بھی اثر ڈالا ھے اور بعض موضوعوں میں تو دنیا کے اھم حلقوں سے اعتراف حاصل کیا ھے ۔

جہاں تک اورینٹل کالج کا تعلق ھے یہاں کے مصنفوں نے مختلف ادوار میں مغرب سے بھی اثر قبول کیا ھے چنانچہ اس نے سر ولیم جونز اور گلکرائسٹ وغیرہ کی روایت کے علاوہ جو بنگال میں کافی ترقی کرچکی تھی انگلستان کے شرقی سماسوں سے بھی فیض حاصل کیا ھے ۔ ڈاکٹر لائٹنر لندن یونیورسٹی میں عربی کے استاد تھے ۔ ڈاکٹر ولنر اور ڈاکٹر سروپ آکسفورڈ کے نمائندہ تھے ۔ ڈاکٹر شیخ ، ڈاکٹر اقبال کیمبرج سے پروفیسر براؤن کے اثرات لائے محمد حسین آزاد ، فیض الحسن سہارنپوری ـــ سادان اور کسی حد تک شیرانی نے ملک کی روایات قدیمہ سے فیض پایا ۔

اردو ادب میں انجمن پنجاب کے مشاعروں اور جلسوں میں مولانا آزاد نے جس نئی تحریک کی داغ بیل ڈالی اور جو عظیم ادب پیدا کیا وہ محتاج تشریح نہیں ۔ مولانا فیض الحسن سہارنپوری کے ذریعے شبلی نے اثر پذیر ہو کر ادبی مطالعہ و تنقید میں جو ایک عظیم انقلاب پیدا کیا اس میں اورینٹل کالج کا بھی حصہ ھے ۔ ڈاکٹر لائٹنر کی کتاب سنین اسلام ھی نے شبلی کو تاریخ نگاری پر ابھارا اور ملک کے عام مصنفوں میں تاریخی شعور پیدا کیا ۔ ڈاکٹر لائٹنر ڈاکٹر وولنر شیرانی ڈاکٹر سروپ اگروال موھن سنگھ سوریا کانت اور بنارسی داس وغیرہ کی کتابوں نے لسانیاتی تحقیق کا ذوق پیدا کیا اور اس سے ایک تحریک پیدا ھوئی ۔ یہ سب وہ امور ھیں جن سے اھل علم اچھی طرح باخبر ھیں ۔ پروفیسر شیرانی کی پنجاب میں اردو کے بعد ، دکن میں اردو گجرات میں اردو سندھ میں اردو ۔ اور اب بنگال میں اردو اور سرحد میں اردو کا جو سلسلہ اب تک جاری ھے وہ شیرانی کی اولیت و امتیاز کا کافی ثبوت ھے ۔ ادب میں تاریخی تنقید و مطالعہ کے متعلق اور تاریخی تحقیق کی تحریک میں ان کا بڑا حصہ ھے ۔ ۱۹۲۰ء کے بعد جو تصنیفی سرگرمیاں خاص طور سے منظم ھوئیں وہ تین مختلف صورتوں

میں ظاہر ہوئیں ۔ اول کلاسیکل ادب کے شاہکاروں کی تصحیح و اشاعت ۔ دوم محض لسانیاتی تحقیق کی بجائے تاریخ و تہذیب اور تاریخی تنقید کی طرف توجہ ۔ سوم ادبی تنقید کا رجحان ۔ ان میں پہلا اور دوسرا عنصر ڈاکٹر سمیع پروفیسر شیرانی اور پروفیسر اقبال کا رہین منت ہے اور تیسرا کالج کے نئے مصنفین کا ۔ کالج کی طویل تصنیفی تاریخ میں یہ سب تنوعات ملتے ہیں مگر ان میں قدر مشترک جس کو میں ڈاکٹر لائٹنر کی روایت سمجھتا ہوں مطالعہ و تصنیف میں تاریخی شعور کا استعمال ہے ۔ کالج کی ساری تحقیقی کاوشوں میں یہاں تک کہ لسانیاتی تحقیق میں فلسفہ کی بجائے تاریخ اور واقعات کی صحت ہی عموماً پیش نظر رہی —— اسی طرح قطعیت اور جزئیات کی صحت اور ماخذ کے ساتھ کامل وفاداری ۔ یہ بھی ہمارے مصنفوں کا بڑا محبوب نصب العین رہا ہے —— انہوں نے اس پر اصرار کیا اور ان سے بے نیاز ہو کر محض اسلوب بیان کو چنداں اہمیت نہیں دی وہ کہنے کے انداز کی بجائے کام کی بات کہہ ڈالنے کے موید رہے ہیں ۔ یہاں کے مصنفوں نے فلسفی اور حکیم بننے کی بھی کبھی ہوس نہیں کی اگرچہ ڈاکٹر وولنز پروفیسر محمد اقبال اور پروفیسر شیرانی کا طریق کار کہیں کہیں فلسفیانہ ہے ۔ مگر یہ بزرگ اکثر حالات میں زبان دان اور مؤرخ ہی تھے ۔

کالج کی پرانی تصنیفی روایت تو یہی ہے مگر نیا زمانہ نئے رجحانات لایا ہے جس سے ہمارے نئے لکھنے والے بھی متاثر ہو رہے ہیں یعنی ملک میں سائنٹیفک ادبی تنقید کی جو زبردست تحریک چل رہی ہے اس میں جہاں اور کام کرنے والوں کا تذکرہ ہوتا ہے وہاں اس درسگاہ کے خاموش کارکن بھی عموماً یاد کرلئے جاتے ہیں ۔

جناب والا —— یہ وہ اہم تصورات و روایات ہیں جو اوریئنٹل کالج کی تاریخ حیات سے ہمیشہ وابستہ رہی ہیں ۔ ان تصورات میں اہل نظر کو کچھ خامیاں بھی نظر آئیں گی اور ان کے نتائج میں کچھ نقائص بھی ضرور ہونگے مگر مستقل عملی نتائج جن کا اس خطبے میں تذکرہ ہوا یقیناً ایسے ہیں کہ کوئی انصاف پسند شخص ان کی اہمیت سے انکار نہیں کریگا ۔ مگر

جیسا کہ ابتدا میں عرض ہوا میرا مقصود اس تفصیلی تبصرے سے ماضی کی مدح سرائی نہیں۔ میرا مقصد تو صرف یہ ہے کہ ماضی سے حال کی تعمیر اور مستقبل کی تخلیق میں کچھ مدد لی جائے اور تاریخ کے تجربات کو نئے مسائل کے حل میں صرف کیا جائے۔ یہی ایک عملی راستہ ہے اور اسی سے ہم حیات کے تسلسل کا سامان پیدا کرسکتے ہیں۔ چنانچہ اب میں ماضی کے حوالے سے اپنے موجودہ مسائل تعلیمی پر کچھ اظہار خیال کرتا ہوں۔

حضرات! تعلیم کا مسئلہ زندہ قوموں کے نزدیک بڑا اہم مسئلہ ہے۔ دولت خدا داد پاکستان بھی دنیا کی دوسری زندہ اقوام کی طرح اس بنیادی مسئلے کی اہمیت سے باخبر ہے اور کسی ایسے تعلیمی منصوبے کی تلاش میں ہے جو اس کی ملکی ضرورتوں اور قومی تقاضوں کے عین مطابق ہو۔ اس سلسلے میں حکومت نے کئی کمیشن بٹھائے اور کئی کمیٹیوں کی تشکیل ہوئی ہے جن کی انفرادی اور مشترکہ کوششوں سے تعلیمی عقدوں کے حل ہونے کی پوری توقع ہے۔ اور اس بات کی کامل امید ہے کہ ہمارے ماہرین تعلیمی مسئلے کے تمام پہلوؤں پر مفکرانہ اور محققانہ انداز میں غور کرینگے اور جلد کسی نتیجے پر پہنچیں گے تا ہم پرانے تجربات کا جائزہ لے لینے میں کوئی مضائقہ نہیں۔

اب عام طور پر تسلیم کر لیا گیا ہے کہ جدید تعلیم اطمینان بخش ثابت نہیں ہوئی اور مختلف کمیشنوں اور کمیٹیوں کے تمرر نے بھی یہ ثابت کردیا ہے کہ اس میں اصلاح کی ضرورت ہے خصوصاً قیام پاکستان کے بعد اس کے نظام میں تبدیلی کی خاص ضرورت محسوس کی گئی ہے۔ موجودہ یونیورسٹی کی تعلیم میں دو کمزوریاں بتائی جاتی ہیں ایک تو یہ کہ اس سے سیرت و شخصیت کی تعمیر نہیں ہوتی دوسری یہ کہ اس میں سطحیت اور ہرفن مولائیت کے سبب کھوکھلا پن پایا جاتا ہے اور علمی گہرائی پیدا نہیں ہوتی جس کے نتیجے کے طور پر ماہرین اور متخصصین کی تعداد ملک میں روز بروز کم ہوتی جارہی ہے اور آزاد غور و فکر اور ایجاد و اختراع کا مادہ بالکل مفقود ہوگیا ہے۔ ہماری یونیورسٹیوں نے یوں تو اپنے

دائرۂ اخبارمیں تعلیم کی بڑی خدمت کی ہے اور تعلیم یافتہ طبقے کی توسیع میں ان کا بڑا حصہ ہے جس کو نظر انداز نہیں کیاجا سکتا ۔ مگر ہماری یونیورسٹیاں روزاول سے داخلی اورخارجی تضاد کا شکار رہی ہیں۔ اس بنا پر یہ یونیورسٹیاں (جہاں تک میں غور کرسکا) آج تک کوئی بڑی علمی اور مجلسی روایت پیدا نہیں کر سکیں ۔ یہی وجہ ہے کہ ہماری یونیورسٹیوں سے فیض پانے والوں میں عموماً اجتہاد و اختراع کی صلاحیت پیدا نہیں ہوئی نہ اس سے کسی ایسی فکری بلندی کے غیر معمولی آثار نمودار ہوئے جن سے اس کے فیض یافتگان میں کوئی احساس سربلندی پیدا ہوتا ہو ۔ مگر ان خامیوں کا باعث صرف تضاد نہیں (کیونکہ ذرا سا تضاد تو ہر جگہ کسی نہ کسی مرحلے پر پیدا ہو ہی جاتا ہے ۔ چنانچہ آکسفورڈ کے متعلق تو یہاں تک کہہ دیا گیا ہے :

An interpretation of Oxford could be written in epigrams but also in parodoxes . . . .
Oxford is indeed a paradox or rather a series of paradoxes'' (*Universities of the World* by C. Franklin Thwing, pp 1-2)

اس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ بڑی روایت کا فقدان محض تضاد کا نتیجہ نہیں بلکہ اس کے اسباب کچھ اور بھی ہیں جن کے باعث یہ ظاہری تضاد آکسفورڈ کی طرح انفرادی امتیازات میں تبدیل نہیں ہو سکے ۔ اس کا سبب میرے نزدیک ایک تو یہ ہے کہ ہندوستان کی یونیورسٹیاں از ابتدا تا انتہا حاکموں کی دلی توجہ سے محروم رہی ہیں اور اندرونی تضادات کی وجہ سے ان کی مثال ایک ایسی عمارت کی رہی ہے جس کے کئی مالک ہوں جن میں سے ہر مالک اپنے اپنے خیال کے مطابق جہاں جس کا بس چلے ایک ایک کمرہ بڑھاتا جائے۔ بس جو شکل اس عمارت کی ہو سکتی ہے وہی شکل ہماری یونیورسٹیوں کی بنتی رہی ہے ایسی حالت میں ''یونیورسٹی لائف'' کی ان برکات کا پیدا ہونا جن سے کوئی امتیازی روایت آبھرتی ہو ناممکن تھا اور سچ پوچھئے تو مسٹر کہ ہندوستان کی بہت بڑی یونیورسٹیوں (مثلاً کلکتہ اور بمبئی) میں بھی آکسفورڈ اور کیمبرج کی سی روایات پیدا نہیں ہوسکیں ۔

دنیا کی بڑی یونیورسٹیوں کا مقصد یا نو صحائی کی جستجو اور اس کی اشاعت ھے ۔ بعض یونیورسٹیاں فکری صلاحیتوں کو ابھار کر اعلیٰ اور کامل شخصیتوں کی تعمیر و تخلیق در نظر رکھتی ھیں ۔ ایک تیسری قسم کی یونیورسٹیاں وہ ھیں جن میں '' کامیاب زندگی کا فن '' سکھایا جاتا ھے جس کے سہارے دنیوی زیرکی اور ھوس مندی پیدا ھوتی ھے ۔ ھماری اکثر یونیورسٹیاں اس آخری صف میں تھیں جو سب سے نیچے کی صف ھے اور اس کا بڑا سبب تھا تعلیم میں کسی قومی نظرئے کا نہ ھونا اور غیر ملکی حکومت کا وجود ۔

پاکستان کے تعلیمی احیا کے وقت یہ دیکھنا ضروری ھے کہ آئندہ کے تعلیمی منصوبے بھی ان کمزوریوں کا شکار نہ ھو جائیں جن میں مبتلا ھو کر پچھلی یونیورسٹیاں ناکام رھیں ۔ میرے نزدیک پاکستان میں یونیورسٹی تعلیم کے ہر نئے منصوبے میں چند اھم اصول مد نظر رھنے چاھئیں سب سے پہلے پاکستان کے تعلیمی پروگرام کی تشکیل میں پاکستانی قوم کے مخصوص ذھن ، مزاج اور روایات کا ضرور خیال رکھنا چاھیے ۔ اس کے لئے ضروری ھے کہ ھمارا تعلیمی دستور العمل ھمارا اپنا تعلیمی دستور العمل ھو اکسفورڈ لنڈن امریکہ اور دوسرے ممالک کے نمونوں کی بے جا تقلید نہیں کرنی چاھئے ۔ ڈاکٹر لائٹنر کا یہ نظریہ کہ

"Education is everywhere the result of the specific national character, laws and religion."

آج بھی اسی طرح ایک محکم اساس کا درجہ رکھتا ھے جس طرح ایک صدی قبل قابل توجہ تھا ۔ اس میں ھمارے لئے یہ مفید مشورہ موجود ھے کہ ملکی تعلیم کے لئے اپنا مخصوص نظریہ ھونا چاھئے جس میں کسی کی تقلید ضروری نہیں ملکی تعلیم قومی تہذیب و ثقافت کے تقاضوں سے منقطع نہیں ھونی چاھئے ورنہ ملک ذھنی انتشار اور فوضویت میں مبتلا ھو جائے گا ۔ اور اس طرح جو قوم تعلیم پا کر نکلے گی وہ ایسی ھوگی جو خود کے احساس و شعور سے بیگانہ اور علمی افلاس اور ذھنی یتیمی میں ھمیشہ مبتلا رھے گی ۔

نصابوں میں جہاں تدریجی تخصص (Specialisation) کا اصول مدنظر رہنا چاہئے وہاں اعلیٰ ادنیٰ کی تقسیم و تفریق بھی روا نہ رکھی جائے۔ میں تخصص پر بھی زور دیتا ہوں۔ تعلیم کا منصوبہ اس طرح تیار کیا جائے جو میٹرک کے بعد زیادہ سے زیادہ تخصص کی طرف بڑھتا جائے۔ مگر یہ تخصص مساوات کے اصول پر قائم ہو یعنی جو شخص علم کی جو شاخ اختیار کرنا چاہے اختیار کرے اور حکومت اور یونیورسٹی کی نظر میں علم کی سب شاخیں یکساں طور پر وقیع ہوں۔ ہماری موجودہ تعلیم میں تخصص کی منزل بی۔ اے کے بعد آتی ہے اور وہ بھی بے ڈھنگی سی۔ یہ صحیح نہیں۔

محکومی کے دور میں علم کو اعلیٰ اور ادنی طبقوں میں تقسیم کر دیا گیا تھا۔ چنانچہ خاصی مدت تک کالجوں میں عربی فارسی اور سنسکرت کے لکچراروں کو بی ای ایس کے قابل اس لئے نہ سمجھا جاتا تھا کہ وہ عربی فارسی اور سنسکرت کے فارغ التحصیل تھے۔ تعلیم کے ہرنئے دستور العمل کے لئے یہ بھی ضروری ہے کہ اس میں علوم مشرق کو نمایاں مقام حاصل ہو چنانچہ لوئر سکنڈری درجے کے بعد تخصص کا ایک تدریجی پروگرام نافذ ہو جس میں مختلف گروپ ہوں اور ان گروپوں میں ایک گروپ علوم مشرق اور علوم دینی کا بھی ہو اور جو طلبا اس گروپ کو اختیار کریں ان کا درجہ حکومت اور یونیورسٹی میں دوسرے گروپوں سے کسی طرح کم نہ ہو۔ اس کے علاوہ قومی تہذیب اور قومی تاریخ کا عنصر پرائمری سے لے کر انتہائی درجے تک مجموعی تعلیمی منصوبے میں شامل کیا جائے خصوصاً پرائمری اور مڈل کے درجوں تک اس کی بنیاد زیادہ مضبوط ہو اس کے بعد کی منزلوں میں کسی معقول پیرائے میں یہ عنصر اسطرح شامل کیا جائے کہ اس سے تخصص کی ضرورتوں پر برا اثر نہ پڑے۔

ڈاکٹر لائٹنر کے تعلیمی تجربوں سے ہمیں یہ بھی سبق ملتا ہے کہ یونیورسٹی تعلیم میں متوازی تخصص کا اصول نافذ کیا جائے، آج متوازی تخصص کے بغیر مختلف علوم میں ماہرین کامل کا فقدان ہوتا جا رہا

ہے اور ایک ایسا گروہ بڑھتا جا رہا ہے جس پر " پسں ملا طبیب اور پیس طبیب ملا اور پسں ہر دو ہیچ اور پیس ہیچ ہر دو" کی پھبتی خوب چسپاں ہوتی ہے - اس ہر فن مولائیت سے اعلیٰ تعلیم اور خواندگی کے درمیانی فاصلے بہت کم ہوگئے ہیں غیر معمولی شخصیتوں کی تعداد بالکل گھٹ رہی ہے - میں سمجھتا ہوں کہ طالب العلم کو بے شمار مضمونوں کے طوفان میں اس طرح نہ ڈال دیا جائے کہ آخر میں وہ یہ بھی نہ بتا سکے کہ اس کا وہ خاص مضمون کونسا ہے جس نے اس کے دل و دماغ پر خاص طور سے قبضہ کیا ہوا ہے ، شاید یہ کہہ دیا جائے کہ امریکہ میں ایسا ہوتا ہے مگر امریکہ کا ہر عمل ضروری نہیں کہ ہمارے لئے مفید ہی ہو - اور یہ عموم البلوی تو بے حد مضر معلوم ہوتا ہے -

میں اس موقع پر علوم مشرقیہ کے پرانے نظام اور علوم دینی کے پرانے نطامات کے متعلق بھی یہ عرض کروں گا کہ ان علوم کے پرانے نظام کی بھی سرپرستی کی جائے - علوم مشرق کے دینی حصے کی سرپرستی انگریزی حکومت کے زمانے میں نہیں ہوئی اور یہ خدمت غریب عالمان دین اور غریب عوام تنہا ہی انجام دیتے رہے ہیں - اب اپنی حکومت میں ان علوم کی سرپرستی ایک فرض عین ہے - علوم دین کو پرانے پس منظر میں دیکھنے اور سمجھنے کی ضرورت ہے اگرچہ ان کی تعبیر و تشریح کے لئے جدید نقطہ نظر اور نئے طریقہ ھائے فکر سے فائدہ اٹھانے میں کوئی نقصان نہیں بلکہ سراسر فائدہ ہے - مگر دینی علوم کو بالکل اپنے حال پر چھوڑ دینا قومی فرائض سے کوتاہی ہے - اس لئے ہمارے تعلیمی نگران کبھی کبھی مسجد کے حجروں تک بھی پہنچ جائیں تو کوئی مضائقہ نہیں - علوم مشرقی کا وہ نظام جس کو انگریزی حکومت کی سرپرستی حاصل رہی ہے مناسب یہی ہوگا کہ اپنی حکومت کے زمانے میں اس کی بھی پوری پوری حوصلہ افزائی کی جائے اور اگر اس میں اصلاح و ترمیم کی ضرورت ہو تو وہ بھی کر لی جائے - اگرچہ میری شکایت یہ ہے کہ علوم مشرق کے معترض اکثر

اصلاح کا مطالبہ کرتے رہے ہیں لیکن جب اصلاح کا پروگرام پیش کیا جاتا ہے تو اس کو قبول نہیں کرتے۔ بہر حال اصلاح و ترمیم تو زندگی کا اصول ہے اس لئے اس سے کسی کو بھی انکار نہ ہوگا مگر شرط یہ ہے کہ علوم مشرق کو دوسرے علوم کے ساتھ برابر کی رعایتیں دی جائیں اور اس کے فارغ التحصیل لوگوں کے لئے وہ سب راستے کھولے جائیں جو دوسروں کے لئے کھلے ہیں۔

جناب والا !

اب میں نظام تعلیم میں قومی زبان کا ذکر کرتا ہوں اور اس سلسلے میں پھر ان نظریات تعلیمی کا حوالہ دیتا ہوں جن پر انجمن پنجاب اور ڈاکٹر لائٹنر نے اصرار کیا تھا۔ میں سمجھتا ہوں کہ تعلیم میں قومی زبان کی اہمیت اتنی واضح اور تسلیم شدہ ہے کہ اس پر زیادہ بحث تحصیل حاصل سے کم نہیں ہو گی۔ کوئی قوم قوم نہیں جس کی کوئی اپنی زبان نہ ہو۔ یہاں تک کہ نبی کیلئے بھی لسان قوم کی شرط قرآن مجید میں موجود ہے۔ خدا کا شکر ہے کہ ہماری حکومت قومی زبان کے مسئلے کو اسی طرح محسوس کر رہی ہے جس طرح ہم محسوس کر رہے ہیں اسلئے مجھے یقین ہے کہ ملک کے نئے تعلیمی منصوبوں میں بلکہ دفتر اور سرکار میں بھی قومی زبان کا حق فوقیت اب ضرور تسلیم کر لیا جائے گا اور اس کو تعلیم عدالت اور کاروبار میں وہ جگہ عملی طور پر دے دی جائیگی جس پر آج ملک کا ہر با شعور فرد مصر ہے۔ خصوصاً مغربی پاکستان کی وحدت کے بعد تو ایک ایسی مشترک قومی زبان کا وجود نا گزیر ہے جو علاقائی زبانوں سے ہمدردی رکھتی ہو اور ان سے قوت بھی حاصل کر سکتی ہو، ظاہر ہے کہ اس قومی زبان سے وحدت ملک کی بنیادیں اور بھی مستحکم ہوں گی اور تعلیم اشاعت علوم کی دشواریاں بھی دور ہو جائیں گی۔ جہاں تک اردو میں علوم کی تعلیم کا سوال ہے یہ تو مسلم ہے کہ اس بارے میں اصول وہی درست ہے جس پر انجمن پنجاب نے قریباً ایک صدی قبل اصرار کیا تھا یعنی علوم اپنی ہی زبان میں پڑھائے جائیں مگر اگر اس معاملے میں سائنس کے ماہرین کے شکوک

اور بعض استادوں کی سہل انگاری سدّ راہ ثابت ہوتی ہو تو مناسب یہ ہے
کہ ذریعہ تعلیم کے بدلنے کا ایک معقول پلان تیار کیا جائے - جس کی
رو سے ذریعۂ تعلیم کو بتدریج ایک معین مدت کے اندر اندر بدل دیا جائے -
میں انگریزی زبان و ادب کے مداحوں میں سے ہوں مگر مجھے اس سے
اتفاق نہیں کہ سائنس کی تعلیم ہمیشہ ہمیشہ غیر ملکی زبان میں ہوتی رہے
یہ چیز قومی خود داری احساس خود اعتمادی اور فطری اصول تعلیم کے خلاف
ہے - اس سلسلے میں کتابوں کی دقّت کا بھی اکثر ذکر کیا جاتا ہے - مگر
میری عاجزانہ گزارش یہ ہے کہ یہ دقّت تو دور کرنے سے ہی دور
ہوگی - صرف سوچنے سے تو دور نہیں ہو سکتی - اس کے لئے ایک
اکیڈمی کی تشکیل کی بیحد ضرورت ہے مگر یہ یاد رہے کہ اس معاملے میں
بھی ڈاکٹر لائٹنر کی یہ نصیحت مد نظر رکھنی پڑے گی کہ مغربی
علوم کو انگریزی میں پڑھانے کیلئے ترجموں کی ضرورت اتنی نہیں -
جتنی مخلص استادوں اور مصنفوں کی ضرورت ہے اور ڈاکٹر لائٹنر کا تو یہ
عقیدہ تھا کہ علمی کتابوں کے ترجمے ہو ہی نہیں سکتے - کیونکہ اصطلاحی
الفاظ کے اردو مرادفات اکثر حالات میں نا قابل فہم ہی رہتے ہیں -
ایک اصطلاح ترجمہ ہو کر خاصی مدت کے بعد اپنے مفہوم کا سکہ دلوں پر
بٹھاتی ہے اور شروع شروع میں اکثر بیکار ہی ہوتی ہے اسلئے وہ اصطلاح
کے ترجمے کے خلاف تھے - وہ یہ چاہتے تھے کہ اصطلاح بہت سے
لفظوں میں واضح کی جائے - خیر ان کے اس خیال سے اختلاف بھی
کیا جاسکتا ہے مگر ان کے اس مشورے میں بڑا وزن معلوم ہوتا ہے
کہ اردو میں علمی کتابوں کے محض ترجمے نہ کئے جائیں - بلکہ مستقل
کتابیں لکھی جائیں جن میں متعلقہ علوم کے اہم مطالب مغربی کتابوں سے
لے کر اپنی زبان میں ڈھال دیئے جائیں - چنانچہ انہوں نے سنین اسلام کے
دیباچے میں لکھا ہے :

Most European books cannot be translated
at all . . . .
They have to be re-written . . . . .

In Urdu we do not want translations we want adaptation. (دیباچہ سنین اسلام)

ڈاکٹر لائٹنر کی ان تصریحات میں ترمیم و اضافہ کی گنجائش سہی مگر اصولاً ان کی رائے وسیع معلوم ہوتی ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ اصطلاحات کے بین الافوامی ذخیرے کو اکثر حالات میں جوں کا توں اردو میں ڈھال کر علوم کی مستقل کتابیں اردو میں اگر لکھی جائیں تو تعلیم کا مسئلہ بہت حد تک حل ہو جاتا ہے مگر اس کے لئے ایک ایسی اکیڈمی کی ضرورت ہے جسکے پاس روپیہ ہو اور اس پر حکومت کا سایہ بھی ہو جس کے نیچے مصنف امن و اطمینان سے بیٹھکر کتابیں لکھ سکیں۔ اطمینان کے بغیر تو دنیا کا کوئی بڑا کام انجام نہیں پاسکتا۔

حضرات — یہ ہے تعلیم کی کہانی کچھ میری کچھ لائٹنر کی زبانی! افسوس ہے کہ میرے خیالات اختصار کی پوری کوشش کے باوجود تکلیف‌دہ حد تک پھیل سے گئے ہیں میں محسوس کرتا ہوں کہ میرے طول کلام سے میرے محترم سامعین کچھ پریشان بھی ہوئے مگر میری ہوس تھی کہ مدعا کی ساری بات کہدوں بہر حال میں معذرت خواہ بھی ہوں اور شکر گزار بھی۔ میں نے آپ کی اجازت سے تعلیم کا وہ نظریہ آپ کے سامنے رکھدیا ہے جو سابقہ پنجاب یونیورسٹی خصوصاً اوریئنٹل کالج کی تأسیس کا محرک ہوا تھا۔ مگر تقریباً ایک صدی گزر جانے پر بھی اس کی بہت سی باتیں مجھے کار آمد ہی نظر آئی ہیں کم از کم میں قومی اور تہذیبی لحاظ سے ان میں سے بعض نظریات میں بڑی تازگی پاتا ہوں۔ میں نے اس امید سے ان کو آپ کے سامنے دھرا بھی دیا ہے کہ کل کے تجربوں سے آج کے کاموں میں شاید کچھ مدد مل جائے۔ اور۔ جہاں تک اس کالج کا تعلق ہے سو اس کے خاموش کارکن تعمیر ملت کے ہر پروگرام میں ملک کی ہر خدمت کے لئے تیار ہیں بشرطیکہ ان کو ان کی اصلی روایات۔ کلاسیکی علوم اور تصنیفی کاموں کے لئے وقت و

اطمینان ملتا رھے ـ اس طرح وہ ملک اور قوم کی خدمت بھی کرتے رھیں گے اور اپنے کالج کی قدیم ارواح پاک کو بھی خوش رکھ سکیں گے جن میں سے اکثر میری نظر سے دیکھئے تو اس وقت ـ وہ سامنے کالج کے باھر برگد کے پھیلے ھوئے بڑ کی گھنی شاخوں کے سائے میں میری تقریر پر گوش بر آواز ھیں اور ملک کے روشن مستقبل کے لئے دست بدعا ھیں اور زبان حال سے گویا ھیں :

تلك آثار نا تدلّ علينا

فانظروا بعدنا الى الآثار

حضرات ! میں ایک بار پھر آپ کا شکریہ ادا کرتا ھوں اور آپ سے رخصت ھوتا ھوں -

مطبوعہ رہبر پرنٹنگ پریس ، لاھور باھتمام مرزا محمد صادق

خطبہ صدارت

ڈاکٹر رضی الدین صدیقی — وائس چانسلر پشاور یونیورسٹی
جو کالج کے یوم تاسیس ۱۹۵۵ء کے موقعہ پر پڑھا گیا

اس اجلاس میں شرکت میرے لئے اس وجہ سے بھی باعث مسرت ہے کہ جس عظیم الشان دانشگاہ سے اس کالج کا تعلق ہے اس کی دوسری درسگاہ کا میں بھی ایک خادم ہوں اور میرا ایمان ہے کہ دونوں درس گاہوں میں ممکن اشتراک عمل ہونا چاہئیے تاکہ ملک کے مخصوص حالات کے پیش نظر علم و فن کی صحیح خدمت ہوسکے۔

اگرچہ حالات نے مجھے سائنس اور اس کے بعض مخصوص علوم کے ساتھ وابستہ کردیا ہے لیکن میں کوشش کرتا ہوں کہ کبھی کبھی ماحول سے نکل کر جو حقیقت میں مادی اقدار کا ماحول ہے ایسی فضا میں قدم رکھوں جہاں اخلاق اور روحانی اقدار غالب ہوں۔ یہ دنیا کس قدر خوش آئند ہے اس کا اندازہ آپ شاید مشکل سے کرسکیں گے۔

جن لوگوں نے نوع انسان کی موجودہ حالت اور کش مکش پر غور کیا ہے وہ جانتے ہیں کہ اس کی زیادہ تر وجہ عمرانی اور ثقافتی علوم کی پستی ہے کیونکہ یہ علوم طبی سائنس کی ترقی کا ساتھ نہیں دے سکے۔ انسان لگاتار مادی دنیا کے اسرار بے نقاب کرتا چلا جا رہا ہے لیکن ستاروں کی گذرگاہوں کا یہ متلاشی خود اپنے افکار کی دنیا میں سفر کرنے اور اپنی شخصیت کے متعلق انکشافات کرنے کو اتنا اہم اور ضروری نہیں سمجھتا۔ ایسے ہی ایک انسان سے مخاطب ہو کر علامہ اقبال نے کہا تھا۔

دانش اندوختہ دل زکف انداختہ داغ‌ زان نقد گران مایا کہ درباختہ

علامہ مرحوم نے اس کا علاج یہ بتایا کہ ؎

زیرکی از عشق گردد حق شناس کار عشق از زیرکی محکم اساس

عشق چون با زیرکی هم بر شود نقش بند عالم دیگر شود
خیز و نقش عالم دیگر بنه عشق را با زیرکی آمیز ده

سائینس نے انسانوں کو تسخیر فطرت کا گر بتایا لیکن خود غرض انسانوں نے اس قوت کو غلط استعمال کیا ۔ اور سائنس کو جو خدا کی ایک بڑی نعمت تھی ۔ تباھی اور بربادی کا ذریعہ بنا دیا اسی لئے خود مغربی ممالک کے بڑے مقتدر سائنس دان اور رھنما بھی اب اس کا اعتراف کرتے ھیں ۔ کہ انسانوں کو محض علوم طبعی کی دنیا ھی کافی نہیں ھے بلکہ ان کی شخصیت کے تمام پہلوؤں کو متوازن طور پر ترقی دینے کے لئے انہیں ثقافتی اور عمرانی علوم بھی ضرور پڑھانے چاھئیں ۔

لبرل ایجوکیشن کا بھی جس کا آج کل یورپ اور امریکہ میں اس قدر چرچا ھے یہی مقصد ھے ۔ یہی عمرانی علوم ھیں جنہیں ھمارے ھاں عام اصطلاح میں علوم مشرقی کہا جاتا ھے ۔

یہی علوم ھیں جنہوں نے زندگی کے ھر انتشار اور اضطراب میں اور انسانی ، روحانی اور اخلاقی اقدار کی افراتفری میں انسان کو سہارا دیا ھے ۔ اسے زندگی کی سیدھی اور سچی راہ دکھائی ھے عبد اور معبود کے تعلق کا مفہوم واضع کیا ھے اور زندگی کی مختلف سطحوں پر انسان کو انسان بننا اور دوسرے انسانوں سے ان کے حق اور رتبہ کے مطابق رشتے قائم کرنے کا سبق سکھایا ھے یہی علوم انسان کی تہذیب و تزکیہ نفس کا وسیلہ بنے ھیں انہی علوم نے فکر و تخیل کو استواری و ھمواری کی راھوں پر لگایا ھے اور اس سے بھی بڑھ کر یہ کہ انہیں علوم کے بعض شعبوں اور شاخوں نے دل کو سرمایہ سرور و انبساط بہم پہنچایا ھے ۔

یہی اسباب ھیں کہ سائینس کا ایک طالب علم ھونے کے باوجود مجھے کوئی ایسی صحبت ، جہاں علوم مشرقی اور ان کی روایتوں سے قرب کا موقع ملے بڑی غنیمت معلوم ھوتی ھے یہ علوم جو عربی فارسی اور اردو کی وساطت سے ھمیں ملے ھیں ھماری تہذیبی زندگی میں بڑی اھمیت رکھتے ھیں ۔ عربی کے ذریعے ھمارے دینی اور اخلاقی علوم کا سرمایہ ھم تک پہنچا ھے ۔ اور اس سرمایہ میں ایک مخصوص تہذیب کے انداز فکر اور

اسلوب تخیل کے بیش بہا خزانے پوشیدہ ہیں اور ان خزانوں کی روشنی میں قدم قدم پر انسانیت کا صحیح جلوہ دکھائی دیتا ہے۔

فارسی میں ہماری تاریخ کے ایک نئے دور کا تہذیبی سرمایہ محفوظ ہے زندگی کے مختلف شعبوں کا سارا حسن فارسی کی نثر اور نظم کے ذریعہ ہم تک منتقل ہوا ہے اور اردو نے اس سارے حسن کو ایک نئے رنگ اور نئی مہک کے ساتھ اپنے دامن میں سمیٹا ہے۔ اس طرح عربی فارسی اور اردو کا یہ مشترک تہذیبی اثاثہ ماضی کے ساتھ اور اس کی ان روایتوں کے ساتھ جو ایک مخصوص تہذیب، اخلاق، فکر اور تخیل سے وابستہ ہیں ہمارے رشتے مضبوط و استوار کرتا ہے ہمیں اپنی تاریخ میں، اپنے فلسفہ میں، اپنے ادب میں اور اپنے شعر میں ماضی کے وہ سارے نقوش صاف دکھائی دیتے ہیں جن سے ہمارے حال کی تعمیر و تشکیل ہوئی ہے —وہ سارے نقوش جو اجتماعی حیثیت سے اور انفرادی طور پر ہمارا سرمایہ ہیں، وہ نقوش جن کی مہر ہمارے ظاہر اور باطن دونوں پر ثبت ہے اور وہ نقوش جو ہر آنے والے زمانے میں ہمیں اپنے ماضی کے ساتھ وابستہ و منسلک رکھیں گے۔ اور ان کی بدولت ہماری اس زندگی کا تسلسل قائم رہے گا جو صدیوں کی روایتوں کو اپنے دامن میں سمیٹ کر عرب اور ایران کی راہوں سے ہم تک پہنچی ہے۔

علوم مشرق کی یہی دینی، اخلاقی، معاشرتی اور تہذیبی حیثیت اور اہمیت ہے جس کی بنا پر تاریخ ہند کے اسلامی دور میں ہم نے اپنے تعلیمی نصاب میں عربی اور فارسی کو ایک نمایاں جگہ دی تھی اور اس نصاب کا پورا خاکہ اس طرح مرتب کیا تھا کہ اس کی تکمیل کے بعد پڑھنے والے ذہنی و فکری اعتبار سے ایک خاص سطح تک پہنچ سکیں اور ان کی اخلاقی اور عملی زندگی ایک مخصوص رنگ اور اسلوب کی حامل بن سکے۔

اس نصاب تعلیم میں اس زمانہ کی ضروریات کے مطابق دینی اور تہذیبی علوم کا اتنا موزوں امتزاج تھا کہ اسے مکمل کرنے والوں کے اذہان و افکار کے علاوہ ان کے طبائع اور ان کی سیرتیں بھی اس سے متاثر ہوئی تھیں۔ اس طرح کے نصاب کی تعلیم و تدریس کے لئے ملک کے مختلف حصوں میں

ایسے تعلیمی ادارے قائم تھے جو اچھے استادوں اور موزوں ماحول کے ذریعے تحصیل علم کرنے والوں کی ذہنی اور اخلاقی تربیت اور نشوونما کر سکیں ۔ لیکن تاریخ کا وہ دور ختم ہوا تو آہستہ آہستہ ان اداروں پر بھی زوال آیا اور غیر ملکی حکومت کے مصالح نے عربی و فارسی کی درس گاہوں اور مشرقی علوم کی درس و تدریس کو ایک رسمی انداز دے دیا اور رفتہ رفتہ وہ علوم جو بجا طور پر انسان کو انسان بنا دینے کی صلاحیت کے دعویدار تھے محض ملمع سازی کی خدمت انجام دینے لگے ۔

آپ مجھے معاف فرمائیں گے اگر میں عرض کروں کہ ہمارے علوم اب بھی ملمع سازی کی یہ خدمت انجام دے رہے ہیں ۔ ہم نے بہت کم اس بات کی کوشش کی ہے کہ سیاست کے مصالح کے پھندوں سے نکل کر اپنے علوم سے وہی کام لینے کی کوشش کریں جو ہمارے اسلاف نے ان سے لیا تھا ۔ ہماری طرف سے ان علوم کے معاملے میں ایک سخت کوتاہی اور بھی ہوئی ہے جس کا خمیازہ آج ان علوم کو بھی بھگتنا پڑ رہا ہے اور جس کا شکار وہ سارا حلقہ ہے جس نے اپنے آپ کو ان علوم کے ساتھ وابستہ کر رکھا ہے

اس کوتاہی کی ابتدا کسی حد تک تو خود ہمارے اسلاف ہی نے کی تھی لیکن ہم نے اپنے بزرگوں کی معمولی سی کوتاہی کی بنیاد پر جو عمارت کھڑی کی ہے وہ بلندی میں گو ثریا تک پہنچتی ہے لیکن اس بلندی میں ایک ایسی کجی ہے جس نے اس کے سارے شکوہ کو ختم کردیا ہے ۔

اس اجمال کی تفصیل یہ ہے کہ مشرقی علوم کے علم برداروں نے اپنے علوم کو دین ، اخلاق اور تزکیہ نفس کا حامل بنانے کے ساتھ ساتھ اس معاملہ میں خاصہ اہتمام کیا کہ یہ علوم دنیاوی آلائشوں سے پاک رہیں ۔ وہ روح کے ساتھ اپنا رشتہ ہموار و استوار کریں اور مادیت سے کوئی تعلق نہ رکھیں ۔ گوشہ‌گیری و گوشہ نشینی ان علوم کے علمبرداروں کا شیوہ و شعار رہا ۔ انہوں نے خورشید کی شعاعوں کو اپنی تنہائیوں میں مخل ہونے کی اجازت نہیں دی ۔ گو ان کا فکر و تخیل اس تنہائی میں بھی ماہ و خورشید کی بلندیوں تک پہنچا اور ان سے کسب نور کیا لیکن بدقسمتی سے فکر و تخیل کی یہ ساری پرواز عملی زندگی سے حقائق کی ٹھوس زندگی

سے بعد و بیگانگی کی علامت تھی اور اس کا لازمی نتیجہ یہ ہونا چاہئیے تھا کہ انسان اس طرح کی تعلیم حاصل کر کے روح کی پاکیزگی اور تزکیہ نفس کے مفہوم سے آسنا ہو کر بھی زندگی کی سختیوں اور تلخیوں سے بیگانہ و نا آسنا رہے اور زندگی انسان کو قدم قدم پر جن آزمائشوں سے دو چار کرتی ہے وہ اس کے دائرہ فکر و عمل سے قطعی خارج رہیں ۔ اپنے ماحول کے ساتھ مطابقت وہم آہنگی پیدا کرنا اور اسے اپنے مقاصد کے سانچے میں ڈھالنا انسان کا بلند ترین منصب ہے ۔ مشرقی فکر اور مشرقی علم نے اس حقیقت کو نظر انداز کر کے اس سے جو بے اعتنائی برتی ہے مگر وہ ہمارے فکر و عمل کی روایت میں داخل ہو گئی ہے اور ہمارے علوم کا موجودہ نصاب اس بے عمل روایت کی ایک کڑی ہے ۔

علوم کی اہمیت اب بھی مسلم ہے عربی اور فارسی کی تہذیبی صلاحیتیں اب بھی آن کا طرۂ امتیاز ہیں ہمارے شاندار ماضی کے ساتھ اب بھی ہمیں گہرا لگاؤ ہے لیکن ضرورت اس کی ہے کہ اسی شاندار ماضی کو اپنی موجودہ ضرورتوں کے سانچے میں ڈھالیں ضرورت اس کی ہے کہ عربی اور فارسی کے سینوں میں علم و فن کے جو خزانے پوشیدہ ہیں انہیں نئے زمانے کی ضرورتوں اور نئے ماحول کے تقاضوں کی روشنی میں پرکھیں اور اپنے علوم کو محض سلف کی یادگار بنا کر سینوں سے چمٹائے رکھنے کے بجائے آن کی ترتیب و تدوین اس اسلوب سے کریں کہ وہ ہمارے زمانہ میں جو یقیناً ماضی کے ہر دور کے مقابلہ میں زیادہ سختیوں اور زیادہ آزمائشوں کا زمانہ ہے ہماری اسی طرح رہنمائی کر سکیں جیسی وہ ہمیشہ سے کرتے آئے ہیں ۔ ہمارے علوم ہی ہیں جو بے بس انسانیت کی پکار سن کر اسے فنا ہونے سے بچا سکتے ہیں لیکن ایک شرط ہے اور یہ شرط یقیناً بہت بڑی ہے ۔

یہ کڑی اور بڑی شرط یہی ہے کہ ہم اپنے علوم کی ان روایتوں کے ساتھ جو یقیناً ہمارے ماضی کی حسین یادگاریں ہیں اس طرح کا جذباتی لگاؤ باقی رکھنے کی عادت ترک کر دیں جس میں کسی معقول پسندی کو دخل نہیں ہوتا ۔ ماضی کی روایت بڑی محترم بلکہ مقدس شے ہے لیکن جب

روایت پسندی اور روایت پرستی کا احترام اور تقدیس ، زندگی کی ترقی کے راستوں میں حامل ہونے لگے تو ہمیں یہ سوچنے کی عادت ڈالی چاہیے کہ اس روایت کو کس طرح نئے اسلوب دے کر اور نئے سانچوں میں ڈھال کر زندگی کے لئے اور انسان و انسانیت کے لئے زیادہ سے زیادہ مفید اور کار آمد بنایا جاسکتا ہے ۔

مجھے آپ کے جذبات ، خیالات و تصورات کا احترام ہے اور علوم مشرق کے بہت بڑے محسن ڈاکٹر لائٹنر کے ان تصورات کو بھی عزت کی نظر سے دیکھتا ہوں ۔ جن کی وضاحت آپ نے بڑی خوبی سے فرمائی ہے لیکن مجھے یہ کہنے کی اجازت دیجئے کہ علوم مشرقی کے جس اسلوب اور اس کی جس روایت کے آپ حامی اور علم بردار ہیں وہ محض ظاہری وضع قطع کی تبدیلی یا محض عماموں اور کوٹ پتلونوں کی یکجائی سے زمانہ کے ساتھ ہم آہنگ نہیں بن سکتی ۔ آپ کی تحقیق ، آپ کے انداز تصنیف و تالیف اور اس کی بنیادوں پر قائم کیا ہوا اسلوب درس، تدریس علمی حیثیت سے یقیناً مستحسن ہے لیکن اس عملی حیثیت کو زیادہ مستحکم بنانے کے لئے اور نئے زمانے میں اس کا جواز پیدا کرنے کے لئے اشد ضروری ہے کہ آپ تحقیق و تدقیق ، تصنیف و تالیف اور درس و تدریس میں ایسی تبدیلیاں کریں جو نئی ضرورتوں ، نئے تقاضوں اور نئے فکر و تخیل کا ساتھ دے سکیں ۔ تبدیلیوں کا اندازہ کیا ہو اور اس میں قدیم و جدید کا امتزاج کس طرح کیا جائے یہ بتانا میرا منصب نہیں میں تو اتنا جانتا ہوں کہ یہ کام آپ سے بہتر کوئی اور نہیں کر سکتا ۔ اس کے اونچ نیچ اور اس کی نزاکتوں سے جتنے واقف آپ خود ہیں کوئی دوسرا نہیں ہو سکتا ۔ آپ کو اپنا علم عزیز ہے ۔ آپ کو عربی ، فارسی اور اردو کی روائتیں اور ان کا ماضی پیارا ہے ۔ آپ کے اسلاف نے یہ عزیز علم اور اس عزیز علم کی حسین روائتیں آپ کو دی ہیں ۔ اب آپ کا فرض ہے ۔ کہ ان روایات کو فرسودگی کے الزام سے بچا کر انہیں زیادہ حسین و جمیل اور اس سے بھی زیادہ مفید اور کار آمد بنا کر آنے والی نسلوں کے سپرد کریں ۔ تبدیلی کے اس عمل میں آپ کو حد درجہ کی فراخ دلی سے کام لینا چاہیے ۔ جو لوگ آپ کے علوم اور اس کے نظام کو فرسودہ کہتے ہیں ۔ ان کی

باتوں پر ٹھنڈے دل سے سوچئیے اور اپنے علوم کو قدامت اور فرسودگی کے الزام سے بچائیے۔اس میں شک نہیں کہ یہ کام ہے بڑا دشوار اس لئے کہ اعتراض کرنیوالے کبھی کبھی اعتراض ایسے لہجے میں کرتے ہیں کہ سننے والوں کو ان کے خلوص میں شبہ ہونے لگتا ہے ۔ اور وہ ان کی بات کو قابل اعتنا سمجھنے کے بجائے اس کی طرف سے منہ موڑنے پر مجبور ہوتے ہیں لیکن جہاں تک مجھے علم ہے اعتراض کرنے والوں کی نیتیں پاک اور صاف ہیں۔ علوم کی وہ اہمیت جس کا دوست و دشمن سب کو اعتراف و احترام کرنا چاہیے انہیں اصلاح کے خیال کی طرف مائل کرتی ہے اور شدت احساس سے ان کے لہجہ میں تلخی پیدا ہو جاتی ہے آپ تند و تیز لہجے میں سے اپنے کام کی بات نکال لیجئیے کہ آپ کے علوم کی روایت نے آپ کو یہ سبق بھی دیا ہے اور اس کے بعد آپ یہیں کر لیجئیے کہ علوم کی روایت میں مناسب ترمیم اور اس کے نصاب اور درس و تدریس میں موزوں تبدیلیاں ہو جانے کے بعد معترض مطمئن اور خاموش ہو جائیں گے اور اگر یہ سب کچھ ہو جانے کے بعد بھی آپ کو کوئی ایسا نظر آئے جو حقیقت میں آپ کے علوم کا دشمن ہے اور جو انہیں مٹانے کے درپے ہے تو آپ یقین رکھئیے کہ آپ کے علوم میں وہ جان ہے کہ کسی کے مٹائے مٹ نہیں سکتے ۔ تاریخ ، تہذیب ، تمدن اخلاق اور معاشرت کی روایتوں کے سلسلے کو مٹانا کسی کے بس کی بات نہیں ۔ یہاں دیے سے دیا جلتا ہے اور ماضی کی مشعلیں حال کو روشن کرتی ہوئی مستقبل کو منور کرنے کی ضامن بنتی ہیں لیکن اس شرط کے ساتھ کہ ماضی ہمیشہ اپنے آپ کو حال کے سانچے میں ڈھال کر مستقبل کی رہنمائی کی تیاری کرتا رہے ۔

آپ مجھے اس تلخ نوائی کے لئے معاف فرمائیں لیکن تلخ نوائی اس لئے ہے کہ میرے دل کا درد سوا ہے جو علوم مشرق ، جو عربی ، جو فارسی اور جو اردو مجھے عزیز ہے اس کی زبوں حالی اور رسوائی مجھ سے دیکھی نہیں جاتی لیکن اس ساری تلخ نوائی کے پیچھے سکون و اطمینان کی ایک ایسی لہر بھی ہے جو اس تلخی کو کم کرتی ہے ۔ امید کی ایک کرن ہے جس نے ایک روشن مستقبل کی جھلک دیکھائی ہے ۔ سکون و اطمینان کی یہ لہر اور

امید کی یہ کرن آپ کے کالج کا وجود ہے جس نے ۸۶ برس تک ہر طرح کی دشواریوں میں علم و فن کی خدمت کی ہے اورینٹل کالج نے علوم مشرق کی روایت کو زندہ رکھنے، انہیں ترقی دینے اور بدلتے ہوئے حالات سے ہم آہنگ رکھنے کی جو بیش بہا خدمت انجام دی ہے اس کی شہادت قدیم و جدید تصانیف اور تحقیقات کا وہ ذخیرہ ہے جو اس وقت ایک سیدھی سادی لیکن جلیل القدر نمائش کی صورت میں ہمارے سامنے موجود ہے میری درخواست ہے کہ ماضی میں کالج کے اساتذہ اور طلباء نے اپنے علوم کی روشنی کو عام کرنے کا جو منصب اپنے ذمہ لیا تھا موجودہ زمانہ کے استاد اور طالب علم اسے بوجوہ احسن پورا کر سکیں گے اور ہمت و استقلال کے ساتھ دینگے۔ اخلاق، تہذیب و تمدن کی روایتوں کے پرچم کو ہمیشہ کی طرح اونچا رکھیں گے ۔ ماضی اور حال کا یہ علمی رابطہ اور تسلسل بہت ضروری ہے اس لئے کہ عربی فارسی اور اردو کو ثقافتی اور تہذیبی تقاضوں کا حامل بنانے کے لئے ہمیں ماضی کی اساس پر کام کرنا پڑے گا ۔ یہ یونیورسٹی اورینٹل کالج میرے نزدیک پاکستان میں مشرقی علوم کا سب سے بڑا مرکز اور اساس ہے جسے مستقبل کے بڑے بڑے ثقافتی تہذیبی اور علمی منصوبے کی بنیاد بنایا جاسکتا ہے دوسرے لوگ اس اہم مرکز اور مضبوط اساس سے وہ کام لیں گے جو انہیں لینا چاہیے لیکن آپ خود ان ضمنی چیزوں سے بے نیاز ہوکر اپنی اس روایت سے جس کی پاسبانی کا شرف آپ کو حاصل ہے ایسا کام لیجئے جو دوسروں کو آپ کی طرف دیکھنے اور آپ کے کام کو اپنے لئے شمع ہدایت بنانے پر مجبور کرے

اس ضمن میں سب سے پہلے تو عربی اور فارسی کے ان علوم کو محفوظ کرنے، ترقی دینے اور نئے سانچوں میں ڈھالنے کا سوال ہے جن کا ذکر میں اب تک کرتا رہا ہوں اور یہ سمجھ کر کرتا رہا ہوں کہ میری طرح آپ کے ذہن میں بھی یہ بات اچھی طرح موجود ہے کہ قیام پاکستان نے ہمارے لئے ان علوم کی دینی تاریخی، ثقافتی اور تہذیبی اہمیت میں کئی گنا اضافہ کر دیا ہے اور ان کے تحفظ و ترقی کا مسئلہ ہمارے لئے پہلے سے کہیں زیادہ مقدس فریضہ بن گیا ہے نہ صرف یہ بلکہ یہ علوم اب خالص

دنیاوی ، مادی ، سیاسی اور معاشرتی نقطہ نظر سے بھی بہت اہم بن گئے ہیں ۔ انہی کی وساطت سے ہم اپنے ہمسایہ ملکوں کے دلوں میں قرب حاصل کرسکتے ہیں ۔

دوسرا سوال اپنے نئے ملک کے لئے ایک ایسی زبان کے اختیار کرنے کا ہے جو تہذیبی اور ثقافتی اہمیت کی حامل ہونے کے علاوہ ہماری دنیاوی ضروریات کو پورا کرنے کی صلاحیت رکھتی ہو بلا شبہ یہ زبان اردو ہے لیکن جس طرح ایک حلقہ عربی و فارسی کو فرسودہ کہہ کر اس کی اہمیت گھٹاتا ہے اسی طرح اردو کے امکانات کی طرف سے بھی شبہات کا اظہار کرتا ہے اس طبقہ کا خیال ہے کہ اردو میں ابھی اتنی صلاحیت نہیں کہ وہ سرکاری کاروباری اور تعلیمی کاموں میں اظہار کا موزوں اور موثر وسیلہ بن سکے ۔ ایسے لوگوں کو بحث و تمحیص سے قائل کرنے کی کوشش سے زیادہ ضروری یہ ہے کہ ہم اپنے پچھلے تجربات کی بنا پر اردو سے وہ سب کام لیں جو وہ ہندوستان کے بعض حصوں میں (اور خصوصاً حیدرآباد میں) بڑی کامیابی سے انجام دیتی رہی ہے۔ میرا ذاتی تجربہ اور مشاہدہ ہے کہ اردو نے سرکاری کاروباری اور تعلیمی ضروریات کو بڑے موثر انداز میں پورا کیا اور اس سے ایسے نتیجے برآمد ہوئے جو نہ صرف اردو والوں کے لئے باعث فخر و امتیاز ہیں بلکہ اس نقطۂ نظر سے بے حد اہم ہیں کہ اس سے اردو کی غیر معمولی افادی صلاحیت اور عملی امکانات پر روشنی پڑتی ہے حیدر آباد کا یہ وسیع تجربہ ہمارے شبہات دور کرنے کے لئے کافی ہے لیکن ایک بات البتہ ہے ۔ ہماری موجودہ ضرورتیں حیدرآباد کی ضرورتوں سے ذرا مختلف ہیں اور ان کا انداز یقیناً وسیع تر ہے ۔ سرکاری اور تعلیمی ضرورتوں کے لئے ہمیں الفاظ کے سرمائے کو بڑھانے اور اظہار کے اسالیب میں وسعت پیدا کرنے کی ضرورت ہوگی ۔ اور قدم قدم پر اردو کی لچک اور ہمہ گیری کا امتحان لینا پڑے گا ۔ یہ کام ان لوگوں کا ہے جو اردو لکھنے پڑھنے کے کاموں میں مصروف ہیں ۔ اس سلسلے میں میری نظر سب سے پہلے آپ کے کالج پر پڑتی ہے اردو کو پاکستان میں اس مرتبہ پر فائز اور مستحکم کرنے کے لئے جو اسے تہذیبی و ثقافتی اعتبار سے حاصل ہے ہمیں اپنی

تصنیف و تالیف اور تحقیق و تدقیق کا انداز بدلنے کی ضرورت ہے اور اس بدلے ہوئے انداز کے ماتحت اردو کے نصاب کی از سر نو ترتیب کی طرف متوجہ ہونا ہے۔ تا کہ اردو جو بزم سازی اور انجمن آرائی کے سارے محاسن سے مزین ہے اس قابل بھی ہوسکے کہ بزم و انجمن سے نکل کر دنیاوی کاروبار اور مدرسہ و خانقاہ میں بھی اپنا مقام پیدا کر سکے۔ تاریخ ، فلسفہ ، نفسیات اور الٰہیات کے علوم ہم اب تک کامیابی سے پڑھاتے رہے ہیں سائنس اور ریاضی کی تدریس کے سلسلے میں بھی کامیاب تجربے ہوچکے ہیں لیکن ہمیں اس بات پر غور کرنا ہے کہ ہم کس طرح اردو کو اس قابل بنائیں کہ وہ سائینس کے بڑھتے ہوئے علم کے ساتھ قدم ملا کر چلنے کے قابل ہو سکے۔ یہ سارے کام کسی ایک ادارے یا کسی محدود یا مخصوص جماعت کے کرنے کے نہیں اور اس لئے ظاہر ہے کہ قوم یہ سارا بوجھ آپ پر اور آپ کے عدیم المثال علمی ، تحقیقی اور تعلیمی ادارے پر نہیں ڈالے گی لیکن وہ ہر طرح کی رہنمائی کے لئے آپ کی طرف نگراں ضرور ہو گی۔ قوم اور ملک کی اس توقع کو پورا کرنا آپ کا فرض ہے مجھے یقین ہے کہ آپ نے جس طرح ماضی میں ان علوم کی شاندار روایت کے تحفظ کا بار اٹھایا ہے اسی طرح حال اور مستقبل میں بھی اس کے تحفظ کے امین بنیں گے۔ خدا آپ کو آپ کے منصوبوں میں کامیاب کرے اور آپ کے ماضی اور حال کے درمیان صحیح ربط پیدا کرنے کی وہ خدمت لے جس کے آپ بجا طور پر اہل اور حق دار ہیں آمین۔

ڈاکٹر سید عبداللہ

استاد بزرگ میری نظر میں

ڈاکٹر مولوی محمد سمیع کی ذات گونا گوں کمالات اور خوبیوں کا مجموعہ ہے اور وہ سیرت اور علمی فضلیت کے لحاظ سے مشرق جدید کی ممتاز ترین علمی شخصیتوں میں شمار کئے جاسکتے ہیں اور شمار کئے جا چکے ہیں۔

ڈاکٹر شفیع صاحب اپنی زندگی میں بہت سے مناصب پر فائز رہے۔ مگر منصب بذات خود کوئی بڑا کارنامہ نہیں ہوسکتا۔ قابل فخر چیز یہ ہے کہ انہوں نے اپنی زندگی میں بہت سی نمایاں اور اہم علمی خدمات انجام دیں۔ اورکارکردگی خلوص اورمحبت کی وہ مثالیں پیش کی ہیں جن کی نظیر کم ملتی ہے۔ سیرت اور طبعیت کی بعض نادر خصوصیات کے علاوہ، علمی تحقیق، طرز تدریس اور طریق تربیت کے لحاظ سے بھی انہوں نے ایک ایسا نمونہ قائم کیا ہے جوموجودہ اور آئندہ نسلوں کے لئے ہرطرح قابل تقلید ہے۔ ان کی شخصیت عظیم اور ان کے کار نامے عظیم تر ہیں۔!

میں اس موقعہ پر ان کے علمی کارناموں کی چند خصوصیات اور ان کی سیرت کے بعض امتیازی پہلوؤں پر نظر ڈالتا ہوں۔ مجھے یہ حق اسلئے پہنچتا ہے کہ میں نے عمر کا بیشتر حصہ آن کی خدمت میں بسر کیا ہے اور علمی لحاظ سے میرے پاس جو کچھ ہے وہ بہت حد تک ان کے فیضان کا نتیجہ ہے۔

سب سے پہلے ڈاکٹرشفیع صاحب کے تعلیمی اورعلمی کارنامے! اولاًوہ ایک مقتدراوربلند پایہ استاد ہیں اورتدریس میں ایک طرزخاص کےمالک ہیں۔ ان کی ذات میں مغربی انداز نقد و نظر اورمشرقی تبحرکا نادر المثال اجتماع ہے۔ وہ اپنے طلبہ کی تنقیدی صلاحیتوں کی تربیت پر خاص نظر رکھتے ہیں۔ ان کے لیکچروں میں جامعیت اور ایجاز کی عجیب و غریب آمیزش ہوتی ہے۔ جہاں تک عربی زبان اور ادب کی تدریس کا سوال ہے وہ اس میں اسلامی تاریخ اور اسلامی روایات سے بڑی مدد لیتے ہیں۔ ان کا نقطۂ نظر ادبی اور لسانی

کم اور تہذیبی اور تاریخی زیادہ ہے ۔ کلاسوں میں ان کا یہ خاص طریقہ ہے
کہ وہ پڑھاتے وقت طلبہ کو ماخذ و مصادر سے ضرور روشناس کراتے ہیں
اس سے مقصود یہ ہوتا ہے کہ طلبہ متن کے اندر مقید نہ رہیں بلکہ ان کی
نظر وسیع ہوجائے اور ان میں متن سے باہر نکل کر تحقیق اور وسیع تر
مطالعہ کا ذوق پیدا ہوسکے ۔ اس طرز تدریس سے ان کے شاگردوں اور تربیت
پانے والوں کو بڑا فائدہ ہوا ۔

ڈاکٹر شفیع صاحب کے مدرسانہ کمال کا ایک زمانہ معترف ہے اور یہ اعتراف
بجا بھی ہے ۔ مگر ان کے فیض کا میدان اظہار صرف ایم ۔ اے کی تدریس نہیں بلکہ
ایم ۔ اے کے بعد کی تربیت بھی ہے ! اس تربیت کے معاملے میں شفیع صاحب
انتخاب کے قائل ہیں ۔ کیونکہ وہ ہر شخص کو علمی تحقیق کا اہل نہیں
سمجھتے ۔ چنانچہ اس انتخاب کے لئے ان کے معیار نہایت سخت ہوتے ہیں ۔ اور
جو شخص ان پر پورا نہیں اترتا وہ اسکی حوصلہ افزائی نہیں کرتے ۔

ان کی ''تحقیقی'' تربیت کا ایک خاص اصول یہ ہے کہ وہ تدریج کو
ضروری سمجھتے ہیں ۔ اور آغاز کار میں طلبہ کو محنت اور ''رجوع'' کا عادی
بناتے ہیں تاکہ مصادر و ماخذ سے فائدہ اٹھانے کا ملکہ پیدا ہو جائے ۔
انڈکس بنانا ۔ کتاب ایڈٹ کرانا ۔ نسخوں کا مقابلہ کرانا ۔ وہ ابتدا میں طلبہ
کو اس قسم کے کاموں پر لگاتے ہیں ۔ مستقل عنوانات پر مقالات کی تیاری کا
نمبر اس کے بعد آتا ہے ۔ اس سلسلے میں وہ بڑی محنت اور جامعیت کے قائل
ہیں اور معمولی اور عام مقالات سے کبھی مطمئن نہیں ہوتے ۔

تصنیف اور طرز تحقیق کے معاملے میں ڈاکٹر شفیع صاحب ''اورینٹل کالج کی
قدیم علمی روایات کے نہ صرف پابند بلکہ بعض روایات کے خالق اور بانی
بھی ہیں ۔ ''اورینٹل کالج کے محققین'' کی سب سے بڑی خصوصیات تاریخی
تحقیق ہے ۔ مستشرقین یورپ کی طرح اس کالج کے مصنفین بھی فنی اور
ادبی حسن کی بجائے تاریخی حقیقت کی تلاش پر اصرار کرتے ہیں ۔ (ہر چند
کہ حسن اور تاریخی صداقتیں اپنی انتہائی بلندیوں پر پہنچکر ایک ہو جاتی
ہیں اور دونو کو ایک دوسرے کی ضد قرار نہیں دیا جاسکتا مگر تلاش کے
مراحل میں دونو کے طریق کار جدا جدا ہیں) ۔ مجموعی اعتبار سے اورینٹل کالج

کے مصنفین مؤرخ ہیں ۔ ان کا طریق کار سائینس دانوں کا طریق کار ہے ۔ وہ مواد کی تلاش میں بڑا وقت صرف کرتے ہیں ۔ اور فراہم شدہ مواد سے مؤرخانہ انداز میں نتائج اخذ کرنے کے عادی ہیں ۔ ان کی خصوصیت یہ ہے کہ وہ تنقید میں ادبی حسن سے بہت کم بحث کرتے ہیں ۔ سبب اس کا یہ کہ وہ اصولاً مؤرخ ہیں ۔ اس وجہ سے ان کی تنقید مؤرخانہ ہوتی ہے جمالیاتی نہیں ہوتی ۔ وہ ادب سے واسطہ رکھتے ہیں مگر ادب کے جمال پر نظر نہیں ڈالتے اور صرف ادب کی رفتار اس کے ماحول اور اسکی تاریخ پر نگہ رکھتے ہیں ۔ اس جماعت کے افراد نے اسلوب کی کبھی پرستش نہیں کی ہمیشہ مواد کو مقدم رکھا ۔ ''وہ ٹھوس واقعات'' کے شائق ہیں ۔ جمال آرائی کے دل دادہ نہیں ۔ انہوں نے صاحب اسلوب مصنمون کے لئے مواد بہم پہنچایا خود اسلوب کی پروا نہیں کی ۔ انکشاف و اکتشاف ان کا میدان خاص ہے محض ادیب اور انشا پرداز بننا انہیں گوارا نہیں ۔

اورینٹل کالج کے مصنفین اس صحافتی رنگ تصنف کے شدید مخالف ہیں جو مضمون اور مواد سے بے نیاز ہو کر (یا ناقص مواد کو لے کر) محض دلکش انداز بیان کے بل پر آگے بڑھنا چاہتا ہے ۔ مآخذ یا حوالہ ایک ایسی بنیادی چیز ہے کہ اس کے بغیر بیان یا روایت کی صحت کا یقین کیا ہی نہیں جاسکتا اسی لئے اس مدرسۂ تصنیف کے نزدیک مآخذ کا حوالہ دیانت داری کا اولین قدم ہے ۔ ''اوریجنل'' مآخذ کی تلاش اور ان سے استفادہ ــــــــ ان دونوں چیزوں پر یہاں بڑا اصرار کیا جاتا ہے ۔ لمبے لمبے اقتباس ، ہر ہر فقرے پرحوالوں کے نشان ، راویوں اور مؤرخوں کا اعتراف ، سنین کی پوری پوری پابندی ، واقعہ کی ہر ہر جزئی چیز کا مفصل بیان ــــــــ یہ سب خصوصیات اس جماعت کی تصانیف و مقالات میں کم و بیش ہر جگہ پائی جاتی ہیں ۔

شفیع صاحب اسی علمی مسلک کے خاص نمائندہ و ترجمان ہیں ۔ ان کی کوششوں سے ملک میں قدیم ادب اور اس کے شاہکاروں کے متعلق غیر معمولی دلچسپی پیدا ہوئی ۔ ملک میں وہ پرانی تصانیف جو پردۂ گمنامی میں روپوش تھیں منظر عام پر آگئیں ۔ قلمی کتابوں کی تلاش اور مطالعے کا

ذوق و شوق بیدار ھوا ۔ اس کلاسیکی مذاق کے زیر اثر قدرتاً تنقید ، خصوصاً جمالیاتی تنقید اور عام پسند تصنیف کو فروغ حاصل نہ ھوا مگر عربی فارسی ادب ، اسلامی تاریخ اور عام مستشرقات کے مطالعے کی تحریک کو بڑی ترقی ھوئی ۔ یہ علمی روایت ، شفیع صاحب سے پہلے بھی موجود تھی جس کے بڑے نمایندے اور علمبردار ڈاکٹر لائٹنر ، سر آرل سٹائن ، میکڈانلڈ اور ڈاکٹر ولنر تھے مگر شفیع صاحب نے اپنی بے نظیر قوت عمل اور بے مثال تنقیدی صلاحیتوں کی وجہ سے اس تحریک کو اتنی وسعت دی کہ ان سے پہلے اس کی مثال نہیں ملتی ۔

ڈاکٹر شفیع صاحب کے مقالات اور تصانیف کی مکمل فہرست مجموعے کے شروع میں موجود ھے ۔ اس پر نظر ڈالنے سے ان کے دل پسند موضوعوں کا پتہ چل سکتا ھے ۔ ان میں سے بہت سے کام ''ایڈٹنگ'' سے متعلق ھیں مگر اس میں ان کی عالمانہ تحقیق اور محققانہ جستجو کے نمایاں اور شاندار ثبوت ملتے ھیں ۔ عقد الفرید لا بن عبد ربہٖ کا تفصیلی اور تشریحی اشاریہ (انڈکس) ان کی تلاش اور جہان بین پر شاھد صادق کی حیثیت رکھتا ھے ۔ انہوں نے اس سلسلے میں عربی ادب اور اسلامی تاریخ کے ھزارھا رجال و مقامات کی تعیین و تشخص کی جن کے لئے انہیں اسلامی تاریخ کی بڑی ورق گردانی کرنی پڑی ۔ اور ان کا یہ وہ عظیم کارنامہ ھے جس پر دنیا بھر کے فضلا نے انہیں نہایت شاندار الفاظ میں خراج تحسین ادا کیا ھے ۔ اس کے علاوہ تتمہ صوان الحکمۃ رسائل رشید الدین فضل اللہ ۔ مے خانہ عبدالنبی مطلع سعدین ، بدائع وقائع اور چھوٹے بڑے چند اور متن بھی انہوں نے ایڈٹ کئے جو ان کی تحقیق ، محنت جان پروھی اور تنقیدی نظر کی زندۂ جاوید یادگاریں ھیں ۔

ڈاکٹر شفیع صاحب کی تحقیق کے موضوع بہت سے ھیں۔ ان میں سے بعض اھم اور نمایاں ھیں ۔ اجمالاً ۔ انہوں نے ایران اور ھندوستان کی '' کلچرل'' اور علمی تاریخ میں منگولوں اور تیموریوں کے دور کا خاص مطالعہ کیا ھے ۔ آل تیمور میں سے سلطان حسین بایقرا کا عہد خصوصیت سے ان کی توجہ کا

مرکز ہے ۔ انہوں نے اس زمانے کی علمی، ادبی اور فنی سرگرمیوں پر گہری نظر ڈالی ہے۔ خصوصاً خطاطی اور خط کے ارتقا میں جو حصہ اس زمانے کے فن کاروں اور خطاطوں نے لیا ہے اس کا بامعان نظر مطالعہ کیا ہے ۔ انہوں نے فرقۂ نور بخشی کے حالات و کوائف پر نئی روشنی ڈالی ہے اور اس دلچسپ جماعت کو جس تفصیل سے از سر نو متعارف کرایا ہے اس سے ہمارے مذہبی تاریخی ادب میں بڑا اضافہ ہوا ہے ۔

ہندوستان کی تاریخ میں ان کو سب سے زیادہ دلچسپی پنجاب اور لاہور کی تاریخ سے ہے ۔ انہوں نے علمی کتابوں کی فراہمی میں بھی اس بات کو خاص طور سے مد نظر رکھا ہے کہ پنجاب خصوصاً لاہور کی تاریخ کا زیادہ سے زیادہ مواد جمع ہو جائے ۔ انہوں نے اس موضوع پر خود بھی چند مقالات لکھے اور اپنے ہم کاروں اور شاگردوں کو بھی اس کی طرف توجہ دلائی ۔ اس لحاظ سے وہ بڑے ''پنجاب دوست'' ہیں کہ ہندوستان کی علمی اور تہذیبی تاریخ میں پنجاب نے جو حصہ لیا ہے انہوں نے اس کو منصۂ شہود پر لانے کی خاص کوشش کی ۔ ''پنجاب میں اردو کا تخیل (یا نظریہ) جو شیرانی صاحب نے پیش کیا اس کی تشکیل اور تکمیل میں (کون جانتا ہے کہ) شفیع صاحب کا کتنا حصہ ہے ؟ شیرانی صاحب کو اس امر کا خود اعتراف تھا کہ اگر شفیع نہ ہوتے تو شاید میری تحقیق کا رخ کسی اور طرف ہوتا !

قصور ، (پنجاب) شفیع صاحب کا اپنا وطن ہے ۔ اس کی تاریخ بھی ان کے لئے باعث کشش رہی ہے ۔ افغانان قصور کے متعلق ان کے گراں قدر مقالے اسلامک کلچر اور اورینٹل کالج میگزین میں چھپ چکے ہیں ۔

اسلامی خطاطی ان کا ایک محبوب موضوع ہے ۔ انہوں نے قلمی نوادر کی مدد سے خط کے ارتقا اور خطاطوں کے حالات پر فاضلانہ مقالات لکھے ہیں ۔ اس سلسلے میں انہوں نے خط کے موضوع پر بے شمار نئی معلومات کا اضافہ کیا ہے ۔

ڈاکٹر شفیع صاحب کو نوادر کے انکشاف سے بڑی دلچسپی ہے اور نادر اور کم یاب کتابوں کا موضوع تو ان کا خاص موضوع ہے

سکہ شناسی اور کتبات کے پڑھنے اور سمجھنے میں بھی وہ امام وقت ھیں چنانچہ اس سلسلہ میں آثار قدیمہ کے ماھرین نزدیک اور دور سے انھی کی طرف رجوع کرتے ھیں ۔

شفیع صاحب کے عظیم تحقیقی کاموں کو دیکھ کر یہ محسوس ھوتا ھے کہ ان کے ذھن کو ''عظیم'' ادبی اور علمی مہمات سے خاص دلبستگی ھے ۔ وہ ادنیٰ ، پس پا افتادہ اور معمولی موضوعوں اور علمی منصوبوں کو در خور اعتنا نہیں سمجھتے ۔ اس معاملے میں وہ کسی حد تک سر سید احمد خان سے مشابہت رکھتے ھیں ۔ خداوند تعالیٰ نے ان کو عظیم جسم کے ساتھ عظیم دماغ بھی عطا کیا ھے جس کے سبب وہ محض مہمات عظیمہ کے انصرام پر توجہ صرف کرتے ھیں چنانچہ ان کے علمی کام اس کی شہادت دیتے ھیں ۔

شفیع صاحب کا ایک خاصہ یہ ھے کہ ان کا ذھن حقائق سے زیادہ واقعات کی طرف راغب ھے ۔ وہ تاریخ میں بھی واقعات کے طالب ھیں فلسفۂ واقعات سے دلچسپی نہیں رکھتے ۔ ان کے کسی علمی کام میں فلسفیانہ '' تعمق'' نہیں پایا جاتا ۔ وہ جزئیات کی جمع آوری اور سنوں ، مہینوں اور دنوں کی تعیین سے کبھی نہیں تھکتے کیونکہ واقعہ ــــــ جس رنگ اور جس طرح کا ھو ــــــ ان کی دل پسند چیز ھے ۔ یہی وجہ ھے کہ ان کے نتائج میں قیاس یا خیال بہت کم دخل انداز ھوتا ھے ــــ پروفیسر شیرانی بھی طبعاً اور عملاً مؤرخ تھے مگر ھم دیکھتے ھیں کہ ان کی تحقیق تخیل کے اثرات سے مبرا نہیں ۔ قیاس اور خیال چنانچہ دخیل ھو ھی جاتے ھیں ۔ مگر شفیع صاحب تاریخ میں بے آمیز صداقت کے قائل ھیں اس لئے وہ 'واقعہ' کی حد سے ذرہ برابر بھی باھر نہیں جاتے ۔

اس رجحان خاص کا نتیجہ یہ ھے کہ آن کی تحریروں میں وہ رنگینی موجود نہیں جو تخیل کی آمیزش کے بغیر پیدا نہیں ھو سکتی ان کے مقالے ریاضی دانوں کے مقالوں کی طرح ٹھوس اور قطعی ، معلومات سے لبریز ھوتے ھیں ــــــ صداقتیں اور حقیقتیں واقعات کے سانچوں میں چست اور پیوست ــــــ ! اور حق یہ ھے کہ ایک سچے اور دیانت دار مؤرخ سے اس

سے کم توقع بھی نہیں رکھنی چاھئے ! مگر شفیع صاحب کی تحریروں میں (قطعیت کے باوجود) دلکشی کا ایک پہلو ایسا ھے جو ان کی ''عجائب پسندی'' سے پیدا ھوتا ھے - نئی معلومات کے ساتھ ساتھ انہیں تاریخ کی 'دلچسپ' اورعجیب و غریب جزئیات سے بھی دلچسپی ھے - جس کی وجہ سے ساعتوں میں ڈھلی ھوئی ، قطعیت کی بہت حد تک تلافی ھو جاتی ھے -

شفیع صاحب کے طرز بیان کے بعض پہلو سر سیّد کے انداز تحریر سے مماثل معلوم ھوتے ھیں - مثلاً معلومات کو جس سائنٹفک انداز میں شفیع صاحب مرتب کرتے ھیں اور مضمون کے منطقی رنگ کو قائم اور برقرار رکھنے میں جس اھتمام کا ثبوت دیتے ھیں اس کو دیکھ کر سر سید کی منطقیت یاد آجاتی ھے البتہ یہ امتیاز ضرور باقی رھتا ھے کہ دونوں کے موضوع بالکل الگ الگ ھیں اس کے علاوہ ماحول اور نصب العین بھی جدا ھے - پس تحریر کی اندرونی روح اور داخلی سپرٹ مختلف رھتی ھے - شفیع صاحب محض ''علم'' کے داعی اور پرستار ھیں اور ان کا مقصد اور نصب العین خالصتاً علمی ھے - لہٰذا سر سید کی تحریروں میں جو تلقینی اور تبلیغی رنگ پایا جاتا ھے وہ یہاں موجود نہیں - غرض شفیع صاحب کی تحریر کا سب سے بڑا خاصہ امر واقعہ کا کماھی اظہار ھے - اور یہ وہ خصوصیت ھے جس میں مشرق جدید کا کوئی عالم اور مؤرخ ان کی حد تک پہنچا ھوا معلوم نہیں ھوتا -

ڈاکٹر شفیع صاحب کے اھم علمی کارناموں میں اورینٹل کالج میگزین کا اجرا بھی ھے - یہ علمی مجلہ سنہ ۲۵ء میں جاری ھؤا اور ان کے سبکدوش ھونے تک (یعنی سنہ ۴۲ء تک) ان کے زیر ادارت نکلتا رھا اس کا ضمیمہ اب بھی ان کے زیر ادارت شائع ھورھا ھے - اس مجلہ کی بڑی خصوصیت یہ ھے کہ اس نے سرسری ، سطحی اور ارزاں مقالہ نگاری کو نظروں سے گرادیا - تحقیق میں ''امر واقعہ'' کی مکمل جستجو کا سائنٹفک طرز بہت حد تک اسی مجلہ کے ذریعے ملک میں مقبول ھوا اور اس رجحان کو ترقی دینے کا فخر ترجیحاً اس کے فاضل مدیر پروفیسر محمد شفیع کو حاصل ھے جن کی گہری تنقیدی نظر اور جزئیاتی چھان بین کی وجہ سے

اس میگزین کے اکثر مقالہ نگاروں نے ذمہ دارانہ مقالہ نگاری کا سبق سیکھا ۔ شفیع صاحب اب انجمن عربی و فارسی پنجاب یونیورسٹی (جس کے وہ صدر بھی ھیں) کے جرنل (مجلہ) کے ایڈیٹر ھیں ۔ اس میں بھی تدوین ، ترتیب اور چھان بین کی وھی خصوصیات جلوہ گر ھیں جن کے لئے اوینٹل کالج میگزین دنیا بھر کے مستشرقین میں قبول عام اور امتیاز خاص حاصل کر چکا ھے ۔

شفیع صاحب کی اھم علمی خدمات میں یہ بھی ھے کہ انہوں نے اپنی پروفیسری کے زمانے میں یونیورسٹی لائبریری کے شعبہ عربی و فارسی کو نوادر علمی سے مالا مال کر دیا ـــــ ان کی محنت ، تلاش اور کوشش کی بدولت یہ کتب خانہ تحقیقی مواد کے اعتبار سے شاید دنیا کے بہترین کتاب خانوں میں سے ھے ۔

شفیع صاحب کی اس قومی خدمت کو بھی نظر انداز نہیں کیا جا سکتا کہ انہوں نے پنجاب یونیورسٹی میں علوم مشرقیہ (عربی فارسی) وغیرہ کو بڑی عزت کا مقام دلوایا اور ان سے متعلق زبانوں کو ان کے اس مسند امتیاز سے محروم نہ ھونے دیا جس پر متمکن ھونے کا فائق حق انہیں حاصل تھا ۔ اس کے لئے حالات کچھ زیادہ سازگار نہ تھے مگر سفیع صاحب کے خلوص اور تدبر نے ھمیشہ ان علوم کی پاسبانی کی جس کی وجہ سے پنجاب یونیورسٹی میں آج بھی ان علوم کو نمایاں اور بلند رتبہ ملا ھوا ھے ۔

اب ان کی سیرت ! میری رائے میں ان کی سیرت کا سب سے روشن اور قابل ھزار تحسین وصف ان کا بے نظیر احساس فرض ھے ۔ انہوں نے اپنی ملازمت کے دوران میں جس ایمانداری اور دیانت سے اپنے فرائض انجام دئے اس کی ادنیٰ مثال یہ ھے کہ یونیورسٹی کی پچیس سالہ ملازمت میں انہوں نے کالج سے شاید ایک دن کی رخصت بھی نہیں لی ۔ وہ تقریباً چوبیس سال تک یونیورسٹی کی سنڈیکیٹ کے رکن رھے مگر اس عرصہ میں ایک دو دن کی جبری غیر حاضری کے سوا وہ اس مجلس سے کبھی غیر حاضر نہیں ھوئے ۔ تدریسی مشاغل میں بھی ان کی فرض شناسی اور با قاعدگی کا یہی حال رھا ! اس معاملے میں ان کی پابندی ھماری یونیورسٹی میں

اب ضرب المثل ہے۔

ادائے فرض میں شفیع صاحب جتنے خود مستعد اور دیانت دار ہیں اتنا ہی وہ اوروں کو مستعد اور دیانت دار دیکھنا چاہتے ہیں۔ مگر لوگوں کی عام سہل انگاری کے پیش نظر شفیع صاحب کو (جب تک منصب پر فائز رہے) اکثر سختی اور سخت گیری سے کام لینا پڑتا تھا۔۔۔چنانچہ وہ جابر اور متشدد منتظم خیال کئے جاتے تھے۔۔۔ اس معاملے میں وہ ذاتی مراسم کی کچھ پرواہ نہ کیا کرتے تھے پروفیسر اقبال پروفیسر شیرانی اور مولانا نجم الدین سے ان کے تعلقات بہت اچھے تھے مگر ادائے فرض میں آنانکہ نزدیک ترانہ دور ترانند کے مصداق آن کے احباب کو اوروں سے کچھ زیادہ آزمایشوں سے گزرنا پڑتا تھا۔

نظم و ضبط یوں بھی ایک مشکل اور نازک مسئلہ ہے مگر جہاں نظام زندگی ذرا ڈھیلا ہو وہاں مشکلات اور بھی بڑھ جاتی ہیں اور یہ بالکل ظاہر ہے کہ ایک فرض سناس شخص (جو انصرام امور میں تساہل کی کسی شکل کو برداشت نہ کرتا ہو) ہر دل عزیز نہیں ہو سکتا۔ اس بنا پر اور ان معنوں میں شمیع صاحب بھی ہر دل عزیز نہ تھے۔ اور ان کو اس بات کا احساس بھی تھا مگر اس کے باوجو انہیں ارزاں ہر دل عزیزی کی کبھی تمنا نہیں ہوئی۔ اور ایسے تحسین عام کو انہوں نے کبھی قبلہ مقصود اور کعبہ مراد قرار نہیں دیا جس کی قیمت اصول کا خون اور دیانت کی موت ہو۔ ڈاکٹر شفیع صاحب کی سیرت کا ایک اور مفید المثال پہلو ان کی ان تھک محنت اور سخت کوشی ہے۔ آن کو اس معاملے میں عربی انگریزی قاموس کے مرتّب لین سے مشابہت دی جاسکتی ہے جس نے تیس سال قاہرہ میں رہ کر اپنی لغت کی تدوین کی اور اس عرصے میں (جمعے کے سوا) ہر روز مسلسل اٹھارہ اٹھارہ گھنٹے کام کیا شفیع صاحب کی سیرت کا یہ پہلو بڑا قابل رشک ہے۔ سفر ہو یا حضر، گرمی ہو یا سردی، ہر وقت اور ہر حالت میں وہ سعی پیہم کے قائل اور کوشش مسلسل پر عامل رہے۔ اور اس وقت بھی ہیں (جبکہ ان کی عمر ۷۰ ویں منزل سے گزر

چکی ہے) وہ اب بھی کم از کم سولہ سترہ گھنٹے مطالعے کی میز پر صرف کرتے ہیں۔

شفیع صاحب کو زندگی اور عمل کے ہر شعبے میں جس خاص رجحان سے بڑی ضد رہی ہے وہ کم کوشی اور سعی ناتمام ہے۔ وہ ادھورے کام کے سخت مخالف ہیں۔ کام اپنا ہو یا دوسروں کا۔ انہیں ہر صورت میں تکمیل کی جستجو رہتی ہے۔ پھر تکمیل کے معاملے میں بھی ان کا نظریہ نہایت بلند ہے۔ اتنا بلند کہ معمولی صلاحیتوں کا آدمی اس کی بلندیوں تک ذرا مشکل سے ہی پہنچ سکتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ معمولی کوششیں ان کی بارگاہ سے کبھی سند قبول نہیں کر سکتیں۔ ان کی اعلیٰ پسندی اور تکمیل پسندی کی حد یہ ہے کہ ان کی طرف سے خاموش اطمینان کا اظہار بھی گویا بہت بڑی تحسین ہے۔

جن لوگوں نے زندگی میں شفیع صاحب کے ساتھ یا ان کے ماتحت کام کیا ہے۔ انہوں نے ان سے مکمل کوشش اور حسن تکمیل کا سبق ضرور سیکھا ہے کیونکہ وہ اپنے رفقا کے کاموں کی کڑی نگرانی کرتے ہیں اور ضرورت کے وقت احتساب اور باز پرس سے نہیں چوکتے۔ اس سے بعض اوقات رنجشیں بھی پیدا ہو جاتی ہیں اور لوگوں کو یہ شکایت بھی پیدا ہوجاتی ہے کہ شفیع صاحب تدگہای سے کام لیتے ہیں مگر مکمل کام کے بغیر ان کی جانب سے داد کا ملنا ناممکنات میں سے ہے۔

اس تکمیل پسندی کا لازمی نتیجہ یہ ہے کہ انہیں دوسروں کے کاموں کی تکمیل پر بھی اپنا وقت صرف کرنا پڑتا ہے۔ ہم لوگوں میں ادھورا کام کرنے کا جو رجحان ہے اس کا انہیں کچھ یقین سا ہے۔ اس لئے وہ مطمئن اسی وقت ہوتے ہیں جب چیز کو خود بھی دیکھ بھال لیے ہیں۔ ڈاکٹر سوریا کانت (سابق ریڈر سنسکرت پنجاب یونیورسٹی) راوی ہیں کہ مسٹر اے۔ سی۔ ولنر (سابق پرنسپل اوریئنٹل کالج) کے یادگاری مجموعے کی تدوین و طباعت کے وقت۔ دوسرے مضامین نو۔در کنار سنسکرت کے مضامین کے پروفوں پر خاص پروف ریڈر کے علاوہ وہ خود بھی نظر ڈالا کرتے تھے۔ حالانکہ سنسکرت نہیں جانتے مگر محض نظر سے اشکال و حروف کے

پیچ و خم کا مقابلہ اصل سنسکرت مسودہ سے کرلیا کرتے تھے اور تعجب یہ ہے کہ بعض اوقات پروف پڑھنے والے کی فروگزاستوں کا سراغ بھی لگا لیتے تھے ۔ اس سلسلے میں ڈاکٹر سوریا کانت نے اپنا بھی ایک واقعہ سنایا جو بڑا تعجب انگیز اور دلچسپ ہے ۔

سفیع صاحب طبعاً کم آمیز آدمی ھیں ۔ یہ رجحان ان کی بے اندازہ مصروفیات کے سبب سے کچھ اور بھی نمایاں ہوگیا تھا ۔ عام درباری اور گرمئے محفل کے لئے ان کے پاس وقت نہیں ہوتا ۔ اور اب بھی وہ باقاعدہ ملازمت سے سبکدوش ہو چکے ھیں۔ محفل آرائی انہیں پسند نہیں وہ جب تک ملازمت میں رہے انہوں نے اپنے منصب کی عزت اور وقار کا بڑا خیال رکھا۔ اس وجہ سے یونیورسٹی اورکالج میں ان کا بڑا رعب تھا۔ ان سے انٹرویو کرنے والے ملاقات کرنے سے پہلے کئی دن تک متوقع گفتگو کے ''صغرے'' ''کبرے'' تیار کرتے رہتے تھے اور منشی فاضل کے ایک محترم استاد مولانا محمد دین مختار کے پاس دو اس قسم کے تحریری مسودے دیکھے گئے جو ان کی اور شفیع صاحب کی باھمی ملاقات سے متعلق تھے ۔

ان سب حالات کا لازمی نتیجہ یہ تھا کہ ان کے متعلق دلوں پر سب سے زیادہ خوف اور دھشت کا جذبہ ھی غالب رھتا تھا ۔ محبت کا جذبہ صرف اس وقت نمودار ہوتا تھا جب کوئی شخص بے آمیز عقیدت کے سہارے بڑے مجاھدے کے بعد ان کے قریب پہنچنے کی سعادت حاصل کر لیتا تھا ۔ اُن کی شخصیت در اصل ایک قلعہ بند شخصیت ہے وہ ایک ایسے مہیب قلعے کی طرح ھیں ۔ جس کی ظاھری کرختگی اور سختی کو دیکھ کر ھرشخص مرعوب ہوتا ہے اور اس کے آھنی دروازوں اور سنگین دیواروں سے ھیبت زدہ ہو کر اندر جانے کی ھمت نہیں کرتا مگر جب حوصلہ دکھا کو دروازے کے پاس پہنچ جاتا ہے تو یکایک پھاٹک کھل جاتا ہے اور وہ اپنے آپ کو ایک ایسے خوش منظر مقام میں موجود پاتا ہے جس کی دلکشی اور دلکشائی کو دیکھ کر اسے ظاھری سختی اور کرختگی بھول جاتی ہے ۔ یہی حال شفیع صاحب کا ہے ۔ جن لوگوں نے شفیع صاحب کو قریب سے دیکھا ہے ان کا متفقہ احساس یہ ہے کہ شفیع صاحب اسی وقت تک سخت معلوم ہوتے ھیں جب تک ان

سے ملاقات نہیں ہوتی مگر جب ان سے ملنے کا موقع مل جاتا ہے تو ان کی ملاقات نہ صرف علمی لحاظ سے بلکہ مجلسی نقطہ نظر سے بھی بڑی مسرت بخش اور فرحت انگیز ہوتی ہے ۔ ان کا قلب عام انسانی ہمدردی اور خیر اندیشی کے جذبات سے معمور ہے اور دوستی اور دوست داری کی جتنی پاسداری ان میں موجود ہے اس کی مثالیں ذرا کم ہی ملتی ہیں ۔ ان میں ظرافت اور نکتہ آفرینی کا وہ جوہر پایا جاتا ہے جو ان کی علمی اور ادبی معلومات کے ساتھ مل کر مخاطب کے لئے نہایت خوشگوار ثابت ہوتا ہے ۔ اور علمی گفتگوؤں میں تو حالت یہ ہوتی ہے کہ جس مسئلہ کے متعلق بھی ان سے مشورہ لیا جائے اس پر وہ اپنی سیر حاصل ، تشفی بخش اور خیال افروز گفتگو کرتے ہیں کہ دل و دماغ علم کی وسیع شاہراہوں کا نشان پالیتا ہے ۔ مجھے آج تک کوئی ایسا شخص نہ ملا جو ان سے اس غرض سے ملا ہو اور سیراب اور فیضیاب ہو کر واپس نہ گیا ہو ۔ غیر معمولی حافظہ کے ساتھ وسعت معلومات اور تبحر ! اس لحاظ سے آپ کو اگر علم و فضل کا ایک ناپیدا کنار سمندر کہہ دیا جائے تو شاید بے جا نہ ہوگا ۔ وہ بلا شائبہ مبالغہ ان اعاظم رجال میں سے ہیں جن کے وجود پر کسی قوم اور کسی زمانے کو بجا طور پر ناز ہوسکتا ہے !

[مأخوذ از ' ارمغان علمی ']

پروفیسر کے - ڈوی

جاپانی شاعری

جاپانی ادب آٹھویں صدی عیسوی سے شروع ہوتا ہے - اور اس سے پہلے جو کچھ ہوا وہ تحریر میں نہ آسکا - چینی حروف کا علم اہل جاپان کو تیسری صدی عیسوی میں ہو گیا تھا - مگر انہوں نے اسکا استعمال شروع نہیں کیا تھا - ۸۵۰ میں جب بدھ مذہب کی کتابیں جاپان میں پہونچیں تو بادشاہ کو اور درباری امراء کو پڑھنے لکھنے کا شوق ہوا بہت سے امراء نے نیا مذہب اختیار کرلیا اور کچھ دنوں بعد بادشاہ بھی بدھ مذہب کا پیرو ہو گیا - اس کے ساتھ ساتھ لوگوں کی توجہ علم‌وادب کی طرف بھی پھری - چین میں سفیر بھیجے گئے اور بہت سے طلباء بھی گئے - چین سے بھی معلّم اور صناع آئے اور رفتہ رفتہ ان کی تعداد بڑھتی گئی -

شروع میں بادشاہ اور امراء چینی زبان میں اپنے خیالات تحریر کرتے تھے جاپان کی سب سے پرانی کتاب ''کوجیکی'' چینی زبان میں لکھی گئی ہے - اس کتاب میں جاپان کی پرانی نظمیں بھی ہیں ان کی زبان چینی نہیں ہے - بلکہ چینی حروف کے ذریعہ سے جاپانی تلفظ ظاہر کیا گیا ہے - رفتہ رفتہ جاپانی زبان لکھنے کا یہ طریقہ رائج ہو گیا -

جاپان میں سب سے قدیم نظموں کا مجموعہ ''مانیوسو'' کے نام سے تحریر میں آیا - جو ۷۵۰ کے بعد لکھا گیا یہ بیس جلدوں میں منقسم ہے اور اسمیں ۲۶۲ طویل نظمیں چار ہزار تہتر ''داکا'' اور اکسٹھ ''سیدوکا'' ہیں کل ملا کر چار ہزار سات سو چھیانوے نظمیں ہوتی ہیں اس مجموعہ میں صرف شاہی خاندان والوں اور امراء کی نظمیں نہیں ہیں بلکہ عوام الناس کی نظمیں شامل ہیں مثلاً چھوٹے عہدیدار ماہی گیر اور دیگر پیشہ ور - یہ نظمیں بہت سیدھی سادی ہیں اور ہر موضوع پر لکھی گئیں ہیں - ''داکا'' نظم بہت عام ہے دو ایک نمونہ ملاحظہ کیجئے - ''کاکینوموتونوھیتومارو'' اس زمانے کے بہت بڑے شاعر تھے ان کی لمبی نظمیں بہت مشہور ہیں اپنے

وطن ''ایوا مینو کونی'' سے بیوی سے جدا ہو کر پایہ تخت جاتے وقت کہتے ہیں ۔

''ایواسی'' کا سمندر ''خلیج تونو''
کسکو اچھا نہ لگے ۔
کسیکو اچھا نہ لگے ۔
اچھا نہ لگے تو نہ سہی
اچھا نہ لگے تو نہ سہی
مگر کیا ہوا یہ بیقرار دل میرا
جانے کیوں دیس کو لوٹ جاتا ہے ہمیشہ
آتی ہے ''وبانو'' کے ویران ساحل پر
ہرے رنگ کی زمرد جیسی بحری گھاس
صبح کو ہوا میں لہراتی ہوئی
شام کو موجوں پر تیرتی ہوئی
موجوں کے ساتھ ساتھ ادھر آدھر سے
اسی بحری گھاس جیسی بالوں والی
اپنی پیاری بیوی کو چھوڑ آیا ہوں اپنے وطن میں
راستہ کے ہر موڑ پر
مڑ مڑ کے دیکھتا ہوں پیچھے کی طرف
بہت دور ہو گیا ہے میرا وطن
آیا ہوں اونچے اونچے پہاڑوں کو عبور کر کے
گرمی کی گھاس کی طرح مرجھا گیا ہے میرا دل
بیوی اب تک کھڑی ہوگی پھاٹک پر
دیکھنا چاہتا ہوں اسے ۔ اے پہاڑو جھکا دو سر

''سامنیو شو'' کے ہاں ایک خاص بات یہ نظر آتی ہے ۔ کہ طویل نظم کے بعد ''داکا'' بھی موجود ہے جسمیں اس کا خلاصہ یا نچوڑ ہے بعض اوقات ایسی ''داکا'' میں ایسے خیالات بھی پائے جاتے ہیں جو کسی وجہ سے طویل نظم میں ادا نہوسکے ''داکا'' کے معنی ہیں جاپانی نظم ۔ یہ بہت

چھوٹی نظم ھوتی ھے جسمیں صرف اکتیس بول ھوتے ھیں -

ملاحظه فرمائیے
بہار کا کھیت -
بنفشہ کے پھول چننے آیا تھا میں
پسند آیا کھیت بہت زیادہ
سو گیا وھاں رات بھر

دوسرے عہد کو ''عہد نساں'' کہتے ھیں جو نویں صدی سے بارھویں صدی تک رھا اس زمانےمیں امراء اور رؤسا عیش و عشرت میں پڑ گئے تھے اس دور میں طویل نظمیں بالکل غائب ھو گئیں اور صرف داکا باقی رہ گئی اس زمانکی ''داکاؤں'' کا سب سے بڑا مجموعه ''کوکین سو'' کہلاتا ھے جو ۹۰۵ء میں بادشاہ کے حکم سے مرتب ھوا اسمیں بھی بیس جلدیں ھیں اور تقریباً گیارہ سو داکا شامل ھیں - اس زمانے میں طرز تحریر میں بہت اصلاح ھوئی اور طرز ادا میں بہت ترقی ھوگئی زبان میں‌شائستگی آگئی مانیو سو کے مقابلے میں ان نظموں میں بہت ذھنی نشوو نما ھوئی ھے -

جب سے نیند نے
عاشق کو دکھایا
میرے خوابوں میں
تب سے مجھے ھوگیا ھے
پورا بھروسه خوابوں پر
بہار کی بارش گویا آنسو ھیں لوگوں کے
سکورا کے پھول گر رھے ھیں
بہت رنج ھے سب لوگوں کو

دیگر : بہار کی رات
بالکل اندھیرا ھے
دکھائی نہیں دیتے آلو بخارہ کے پھول
پھر بھی کیونکر چھپ سکتی ھے ان کی خوشبو

تمہارے سوا اور کسے دکھاؤں
یہ آلو بخارے کے پھول
اصلی رنگ اصلی مہک کے
تمہیں جوہری ہو

داکا کا رواج بعد کے زمانے یعنی عہد کاکورا یوروماچی کے شروع تک بڑھتا رہا۔ تیرھویں صدی عیسوی میں بادشاہ کے حکم سے ''شین کوکین شو'' نامی مجموعہ بھی مرتب ہوا۔ مگر اس زمانے میں بادشاہ اور درباری امراء کی قوت بہت کم ہوگئی تھی اور سمورائیوں یعنی سپاہی زادوں کو عروج ہوگیا تھا۔ ان کے ساتھ ساتھ تاجر اور صنّاع بھی کافی دولت مند بن گئے تھے۔ یہ بھی علم و ادب میں حصہ لینے لگے تھے۔ مگر وہ لوگ اتنے پڑھے لکھے نہ تھے۔

داکا لکھنا بہت مشکل ہے۔ اس وجہ سے عوام‌الناس ھائی کائی رنگا لکھنے لگے۔ یہ نظم شکل میں داکا کی طرح ہے مگر اس میں داکا کے قواعد نرم کردئے گئے ہیں اور مذاق کا پہلو نمایاں ہوگیا ہے رنگا کے معنی لگائی ہوئی داکا یعنی پہلا حصہ۔ ایک شاعر نے کہا تو دوسرا حصہ دوسرے شاعر نے لگادیا۔

کاموئگادا ندی کو
سارس جیسی پتلی ٹانگ دکھاکر پار کرتا ہے
شکاری پاجامہ بھگونیکے ڈر سے

اس میں مذاق یہ ہے کہ کاموگادا ندی کا نام ہے مگر کامو کے معنی ہیں جنگلی بطخ کی ندی کو سارس جیسی ٹانگ سے پار کرتا ہے۔ اس طرح سیدھی سادی آسان داکا لکھنے کی ابتدا ہوگئی بعد کے زمانے میں یعنی سترھویں اور اٹھارویں صدی میں جب تاجروں اور صناعوں کا زور بڑھ گیا اور انہیں نظمیں لکھنے کا شوق پیدا ہوا تو داکا میں آسانیاں پیدا کرنے کی ترکیبیں نکالی گئیں۔ شعرا رنگا کا صرف پہلا حصہ کہنے لگے جس کا نام ھائیکو پڑ گیا۔ پہلے یہ نظم بھی مذاقیہ تھی مگر نیشی اور تاشو

۱٦۴۴ء تا ۱٦۹۴ء نے اس کو اونچے درجہ کی نظم تک پہنچا دیا ۔ ھائیکو میں روز مرہ کا محاورہ باندھا جاتا ھے ۔

سفید شبنم
کانٹے دار جھاڑی کے کانٹوں پر
ایک ایک قطرہ

دیگر : پت جھڑ تسرا پہر
کوا چپ بیٹھا ھے
سوکھی ڈالی پر

دیگر : یہاں بھی نہ چھوڑا
دھول کھلا تھا پگڈنڈی پر
چر گیا اک گزرتا گھوڑا

دیگر : تھر تھر کانپ اٹھا میں
خوابگہ میں پاؤں پڑگیا
مرحوم بیوی کی کنگھی پر

دیگر : میرے ساتھ آکر کھیلو
یتیم چڑیو
میں بھی یتیم دیسیر

دیگر : ظالم لوگ بہت ھیں
بڈھے مینڈک پتھر کھا کر ھمت نہ ھارو
ساتھ تمہارے ایک دوست ھوں میں

عہد میجی میں یعنی ۱۸٦۸ء سے جاپان میں نیا دور سروع ھوا ۔ اور یورپی علم و ادب کا اثر پڑنے لگا ۔ تو پھر طویل نظمیں لکھی جانے لگیں ۔ لوگ کہتے تھے کہ داکا اور ھائیکو چونکہ بہت چھوٹی ھیں ان میں پورے خیال کا اظہار ناممکن ھے اس لئے پورا خیال ظاھر کرنے کے لئے لمبی طرز کی نظم چاھیے ۔ لوگ پھر طویل نظموں کی طرف متوجہ ھوئے ۔ سب سے پہلے ۱۸۸۲ء میں اقتصادیات اور فلسفہ کے علماء نے غیر ممالک کی نظموں کا ترجمہ کیا ان کا بہت گہرا اثر پڑا ۔ اور ۱۸۹۷ء سے جدید

جاپانی شاعری شروع ہوگئی سب سے پہلے ساعر شیمازاکی تولوں تھے ۔ ان کا ایک نمونہ ملاحظہ ہو ۔

سفید دیوار
کون جانتا ہے پھولوں کے نزدیک
اونچے قلعہ پر چڑھ کر میں نے
بیقرار اور دکھ کا حال
لکھدیا سفید دیوار پر
بھوک سے لکھے تھے وہ حروف
مٹ گئے ہیں کسی کے دیکھنے سے پہلے
ھائے ھائے سفید دیوار پر
میرا دکھ ہے میرے آنسو ہیں

اس میں خصوصیت یہ تھی کہ ایک ایک مصرعہ سات اور پانچ بولوں سے بنا تھا ۔ اس کے بعد جاپان میں نثر میں شاعری کرنا شروع ہوا جیسے

رس بھریاں
پگڈنڈی کے کنارے کے جنگل میں
لگی ہیں رس بھریاں بہت ہی ساری
انگلی سے توڑنے پر گر جاتی ہیں یہ سفاف
لال لال گولیوں کی پرسکون میٹھی تراوٹ کو
میرے ساتھ نہ چوسوگے بولتی کوئل کے اس پہاڑی علاقے میں
آج ہر پہاڑ سے اٹھ رہے ہیں بخارات بہت
ماہ جولائی کی ہریالی بڑھ گئی ہر طرف دن بدن
پہلے پھولوں کی شگفتہ چراگاہ کی باڑھوں کے بہت قریب
دور دور کی شمالی ایپلس کی چوٹیوں نے بھی اخبار کی گرمی کی صورت
گرم دھوپ بھی مستقل قائم رہنے والی تراوت لانے والی ہوا بھی اچھی

پکی رس بھری خود بخود بن جاتی ھے سراب زمین کو مست
کرنے والی

قسمت نے رھنمائی کی زندگی نے ھمیشہ ساتھ دیا
میرا بڑھاپا بھی بن گیا ھے تیز سراب کی مانند

اس سے یہ نہ سمجھنا چاھئے کہ داکا اور ھائیکو بالکل غائب ھوگئی ھیں۔ بر خلاف اس کے آج کل لوگ بڑے شوق سے دونوں نظموں پر طبع آزمائی کر رھے ھیں۔ یہ کہنا بجا ھوگا کہ جاپان کا ھر آدمی داکا اور ھائیکو کہتا ھے۔

اپنی خانگی زندگی پر تحریر سدہ ایک ھائیکو اور دالی ملاحظہ فرمائیے :

خزاں کے مچھر بھنبھناتے ھیں
سینے کی مسین کے گرد
اس کی آخری قسط ادا کردی گئی

کیسی خوب صورت ھے
زمین پر پکی ھوئی یہ چیز
ھاتھ میں لے لیا
لال لال دانوں کو

حضرت شیخ کا وطیرہ یہ تھا کہ عرسوں کی امداد اور کئی دوسرے نیک کام سرانجام دینے کے لئے امیروں سے روپیہ مانگ لاتے تھے اور چونکہ خدا کو آن کا یہ مسلک پسند تھا اس لئے مسبب الاسباب اسے وسائل بہم پہنچاتا کہ یہ آدھار لیا ہوا روپیہ کچھ عرصہ کے بعد واپس لوٹا دیتے ۔

بود شیخی دائما او وام دار از جوانمردی که بود آن نامدار
ده هزاران وام کردی از جهان خرج کردی بر فقیران جهان
هم بوام او خانقاهی ساخته جان و مال و خانقه در باخته
وام او را حق زهر جا می‌گزارد کرد حق بهر خلیل از ریگ آرد
شیخ وامی سالها این کار کرد می‌ستد میداد همچون نامرد

یہی کام کرتے کرتے حضرت شیخ کی عمر بسر ہوئی اور بالآخر جب روز اجل قریب آ پہنچا تو قرضخواہوں نے ایک دن شیخ کو گھیرے میں لے لیا ۔

تخمها می کاشت تا روز اجل تا بود روز اجل میر اجل
چونک عمر شیخ را آخر رسید در وجود خود نشان مرگ دید
شیخ بر خود خوش گداران همچو شمع وام خواهان گرد او بنشسته جمع

قرضے کی کل مقدار چار سو دینار تھی ۔ جب قرضخواہ شیخ کے گھر پر آس کے گرد جمع ہو کر مایوسی اور ترشی کا اظہار کرنے لگے تو شیخ نے کہا : ان بدگمانوں کو دیکھو ۔ کیا خدا کے پاس میرا قرضہ ادا کرنے کے لئے چار سو دینار بھی نہیں ہیں ؟

وام خواهان گشته نومید و ترش درد دلها یارشد با درد شُش
شیخ گفت این بدگمانان را نگر نیست حق را چار صد دینار زر ؟

قابل ملاحظہ یہ حقیقت ہے کہ حضرت شیخ چونکہ ایک روحانی رہنما تھے اور آنھوں نے اپنا لائحۂ یہ عمل بنا لیا تھا کہ امور خیریہ سر انجام

شیخ نے کہا میں تو عدم کو سدھار رہا ہوں ۔ تمہیں دام کہاں سے دوں ؟

سیخ گفتا از کجا آرم درم وام دارم میروم سوی عدم

بچے نے یہ سنا تو اس نے تھال زمین پر پھینکا اور واویلا کرنے لگا ۔ کہ اگر میں دام لے کر واپس نہ لوٹا تو میرا مالک مجھے جان سے مار ڈالیگا ۔ بچے کی آہ و فغاں سن کر اور لوگ بھی جمع ہو گئے ۔ بچے نے دلاں دبی لوگوں نے طعن و تشنیع کی ۔ یہاں تک کہ قرضخواہوں نے بھی کہا کہ ہمارا مال تو کھایا تھا اس غریب بچے کو لوٹنے کا کیا مقصد تھا ؟ لیکن حضرت سیخ خاموش تھے ۔ یہاں تک کہ نماز دیگر کا وقت آ گیا ۔

سیخ فارغ از جفا و از خلاف در کشیده روی چون مه در لحاف
با ازل خوش با اجل خوش شادکام فارغ از تشنیع وگفت خاص و عام
آنکه جان در روی او خندد چوقند از ترش رویی خلقش چه گزند
آنکه جان بوسه دهد بر چشم او کی خورد غم از فلک وزخشم او

در شب مهتاب مه را بر سماک از سگان و عو عو ایشان چه باک
سگ وظیفهٔ خود بجا می آورد مه وظیفهٔ خود برخ می گسترد
کارک خود میگزارد هر کسی آب نگذارد صفا بهرخسی
خس خسانه میرود بر روی آب آب صافی میرود بی اضطراب
مصطفی مه میشکافد نیم شب ژاژ میخاید ز کینه بولهب
آن مسیحا مرده زنده میکند وان جهود از خشم سبلت میکند

نفس مطمئن و بی ریا لوگوں کی ترش روئی اور خشم فلک سے بے نیازی کا جو مظاہرہ کرتا ہے اس کی کتنی دلکش اور حسین تصویر مولانا نے ان اشعار میں کھینچی ہے اور یہ ترغیب دلائی ہے کہ کمینے آدمیوں کے منہ لگنے کی بجائے ان کی طعن و تشنیع کے جواب میں خاموش رہنا افضل تر ہے ۔ کیونکہ نیک نیتی سے کام کرنے والے آدمیوں کے لئے اللہ تعالیٰ خود ایسے حالات پیدا کرتا ہے کہ انہیں مصائب برداشت کرنے اور دشوار گذار مراحل کو طے کرنے میں کوئی دقت محسوس نہیں

دینے کے لئے وہ قرض بھی مانگ لایا کریںگے اس لئے اپنی زندگی کی آخری منزل تک وہ اس منصوبے پر عمل پیرا رہے یہاں تک کہ آن کے قرضخواہ آن کو موت کے قریب دیکھ کر سوحس ہونے لگے - لیکن روحانی اقدار کے حامل کو اپنی نیک نیتی اور اپنے مسبب الاسباب کی کار فرمائی پر اس قدر اعتماد اور ناز تھا کہ اپنی موت سامنے اور قرضخواہوں کی سر گرم جستی دیکھتے ہوئے بھی آنھوں نے کہا تو صرف یہ کہ ان بدگمانوں کو دیکھو جو میرے خدا کو چارسو دینار کا قرضہ ادا کرنے پر بھی قادر نہیں سمجھتے ! اور بات صرف یہیں ختم نہ ہوئی بلکہ اپنے مسلک ، عمدہ اور خدا پر مزید بھروسہ کرتے ہوئے آنھوں نے ایک حلوہ فروش بچے سے حلوہ قرض لے کر ان قرضخواہوں کو کھلا دیا - یہاں سے حکایت ایک لطف اور مزاحیہ موڑ پر پہنچ جاتی ہے - جس سے ہمیں ایک بار پھر مولانا کے عوامی مشاہدہ کا ثبوت ملتا ہے -

قرضخواہ قرضہ کے لئے جھگڑ ہی رہے تھے کہ ایک حلوا فروش بچے نے ”حلوا لے لو“ کی ہانک لگائی اور نفع حاصل کرنے کی غرض سے دو چار لفظ تعریف کے بھی کہے - جب حضرت شیخ کے کان میں آواز پڑی تو آنھوں نے خادم کو اشارہ کیا کہ بچے سے سارا حلوا لے آؤ تاکہ قرضخواہ حلوا کھا کر کچھ دیر چین سے بیٹھیں -

کودکی حلوا ز بیرون بانگ زد	لاف حلوا بر امید دانگ زد
شیخ اشارت کرد خادم را بسر	کہ برو آن جملہ حلوا را بخر
تا غریمان چونک آن حلوا خورند	یک زمانی تلخ در من ننگرند
در زمان خادم برون آمد ز در	تا خرد او جملہ حلوا زان پسر
گفت او را کاین ہمہ حلوا بچند	گفت کودک نیم دیناری و اند
گفت نی از صوفیان افزون مجو	نیم دینارت دہم دیگر مگو

خادم اس طرح بچے کے ساتھ سودا کر کے حلوے کا تھال آدھے دینار میں خرید کر اندر لے آیا - حضرت شیخ نے قرضخواہوں سے کہا کہ آپ حلوا کھائیں - جب سب لوگ حلوا کھا چکے تو بچے نے قیمت کا مطالبہ کیا -

ھوتی چنانچه حضرت شیخ کے لئے بھی مسبب الاسباب نے یه حل نکالا که جب قرضخواھوں اور حلوا فروس انھیں مطعون کر رھا تھا اسی وقت ایک واقف حال مرید نے ایک تھال ان کی خدمت میں بھیجا جس میں ایک طرف تو چار صد دینار رکھے ھوئے تھے اور ان سے علحدہ ایک ورق میں آدھا دینار لپٹا ھوا تھا ۔ حاضرین نے یه منظر دیکھا تو دنگ رہ گئے ۔

صاحب مالی و حالی پیس پیر ھدیه بفرستاد کزوی بد خبر
چار صد دینار در گوشهٔ طبق نیم دینار دگر اندر ورق
اور حضرت شیخ سے اپنی گستاخی کے لئے معافی مانگنے لگے ۔

مولوی نے اس موقعه پر اس تصویر کو مکمل کرنے کے لئے پھر ایک ماھر نفسیات کی طرح ایک نفسیاتی خط لگایا ھے اور حاضرین سے ان کے اظہار ندامت کے لئے یه کہلوایا ھے :

ما که کورانه عصاھا میزنیم لا جرم قندیلها را بشکنیم
ماچو کرّان ناشنیده یک خطاب ھرزه‌گویان از قیاس خود جواب
ما ز موسی پند نگرفتیم کو گشت از انکار خضری زرد رو

لیکن حضرت شیخ صاحب حال و قال تھے ان کی نگاہ دور رس ظاھر بین حضار سے کہیں مختلف تھی ۔ انھوں نے کسی قسم کے تکبر یا غرور کے احساس کے بغیر حاضرین کو پھر اھم بنیادی مسائل حیات کی طرف متوجه کیا اور ارشاد فرمایا :

سرّ این آن بود کز حق خواستم لا جرم بنمود راہ راستم
گرچه این دینار بسیار اندکست لیک موقوف غریو کودکست
تانگرید کودک حلوا فروش بحر رحمت در نمی آید بجوش
(۲ : ۳۸۰—۴۴۳)

اچھے کاموں کی تقلید کے لئے مصلحین قوم عوام کو ھمیشه آمادہ کرتے رھے ھیں لیکن افعال قبیحه اور کورانه تقلید سے بچنے کی تلقین بھی بزرگوں کا شعار رھا ھے ۔ مولوی نے اندھا دھند تقلید سے باز رھنے کی ترغیب دلانے کے لئے ایک مزاحیه اور دلچسپ واقعه بیان کیا ھے ۔ اور

ثابت کیا ھے کہ حرص و ھوا کے بندوں کی تقلید کرتے ھوئے نیک منس انسان بھی ضلالت اور گمراھی کے غار میں جا گرتا ھے اور اس تقلید سے صرف اُسی کی ذات کو نقصان پہنچتا ھے اور آلودگان کثافت اور گمراہ کرنے والے اشرار سر سے صاف بچ کر نکل جاتے ھیں - یہ حکایت اس نیک منس لیکن کورانہ تقلید کرنے والے مسافر صوفی کی ھے - جس نے ایک رات ایک خانقاہ کے اصطبل میں اپنا گدھا لا کر باندھ دیا تا کہ رات خانقاہ میں بسر کر کے اگلی صبح کو اپنا سفر جاری رکھ سکے - لیکن اس صوفی کے علی‌الرغم جس کا ذکر پہلے ھوچکا ھے اس نے اپنے گدھے کو خود گھاس اور چارہ کھلایا - اور ھر طرح اس کی احتیاط کرنے کے بعد خود خانقاہ کے اندر چلا گیا- اتفاق کی بات کہ اس خانقاہ میں کچھ اور صوفی بھی جمع تھے جو ازحد مفلس اور نادار تھے انہوں نے کھانا حاصل کرنے اور محفل سماع منعقد کرنے کے لئے مسافر صوفی کا گدھا بیچ ڈالا - کیونکہ مسلمانوں کے ایک عقیدہ کے مطابق فاقہ کشی کی حالت میں مردار کھا لینا بھی مباح ھے - مولوی نے حیلہ جوئی سے مردار خوری پر اس موقع پر ایک بڑی لطیف طنز معاشرہ پر کی ھے :-

کز ضرورت هست مرداری مباح بس فسادی کز ضرورت شد صلاح

اور حقیقت بھی یہی ھے کہ مسلمانوں نے مجبوری میں مراعات کے جواز کو اس طرح توڑا مروڑا ھے کہ اس سے معاشرے میں فساد عظیم برپا ھوگیا ھے اور اخلاقی اقدار بے معنی حرف بن کر رہ گئی ھیں - بہر صورت صوفیوں نے مسافر کا گدھا بیچ کر اس کی بڑی تواضع کی اور کھانے کے بعد سماع شروع کردیا - مسافر بھی دوسرے صوفیوں کے ساتھ ھر کام میں برابر کا شریک تھا - سماع شروع ھوا تو مطرب نے " خر برفت و خر برفت " کی دھن نکالی اور آخر تک اسے ھی بجاتا رھا - تمام صوفی اسی دھن پر ناچتے اور تالیاں بجاتے ھوئے " خر برفت - خر برفت " گاتے رھے :

چون سماع آمد ز اول تا کران مطرب آغازید یک ضرب گران
خر برفت و خر برفت آغاز کرد زین حرارت جمله را انباز کرد
زین حرارت پای کوبان تا سحر کف زنان خر رفت و خر رفت ای پسر

مسافر صوفی نے یہ دھن سنی تو سوچے سمجھے بغیر یہ بھی دوسروں کی تقلید کرتے ہوئے ان کے ساتھ شامل ہوگیا اور پوری قوت سے '' خر رفت '' کا ترانہ گانے لگا ۔

از رہ تقلید آن صوفی ہمین   خر برفت آغاز کرد اندر حنین

صبح ہوئی تو تمام صوفیوں نے اپنی اپنی راہ لی ۔ مسافر صوفی بھی اپنا سامان باندھ کر اصطبل کی طرف بڑھا تاکہ گدھے پر اسے لاد کر سفر شروع کرے لیکن گدھا وہاں ہوتا تو ملتا ۔ ادھر ادھر تلاش کرنے کے بعد اس نے خادم سے ناراض ہو کر کہا ۔

گفت من خررا بتو بسپرده ام   من ترا بر خر موکل کرده ام
بحث با توجیه کن حجت میار   آنچ بسپردم ترا واپس سپار
از تو خواهم آن من دادم بتو   باز ده آنچ فرستادم بتو
گفت پیغمبر که دستت هر چه برد   بایدش در عاقبت واپس سپرد
ور نهٔ از سرکشی راضی بدین   نک من و تو خانهٔ قاضی دین

خادم نے جواب دیا کہ صوفیوں نے ملکر مجھ پر حملہ کر دیا تھا اور میں نے جان کے خوف سے انہیں گدھا دے دیا ۔

اس پر صوفی اور بگڑا اور بولا : کم از کم تمہیں یہ تو کرنا چاہیے تھا کہ مجھے آ کر بتا دیتے ۔ کہ وہ تمہارا گدھا لئے جا رہے ہیں ۔ تا کہ میں اسے واپس حاصل کرنے کی کوشش کرتا ۔ اور جب تک وہ یہاں موجود تھے اس مصیبت کا کچھ نہ کچھ علاج کیا جاسکتا تھا اب میں کسے پکڑوں اور کسے قاضی کے پاس لے جاؤں کیونکہ صوفی تو اپنی اپنی راہ چل دیئے ۔

اس موقع پر یہ راز کھلا کہ اس نقصان کے لئے دراصل صوفی خود بھی ذمہ دار تھا ۔ کیونکہ خادم نے بتایا کہ میں بارہا تمہیں اس حادثہ کی اطلاع دینے کے لئے محفل سماع میں آیا ۔ لیکن ہر بار جب میں یہاں پہنچا تو تم دوسرے صوفیوں کے ساتھ ملکر سب سے زیادہ زور دار آواز میں ''خررفت''

کا نغمہ الاپ رہے تھے - میں نے سوچا تم مرد عارف ہو تمہیں سارے واقعہ کی اطلاع ہو ہی گئی ہے اسلئے میرا کہنا کیا ضرور ہے کیونکہ تم اس پر بڑے مطمئن نظر آتے تھے -

گفت و اللہ آمدم من بار ها   تاترا واقف کنم زین کار ها
تو همی گفتی که خر رفت ای پسر   از همه گویندگان باذوق تر
باز میگشتم که او خود واقف است   زین قضا راضیست مرد عارف است

اس پر صوفی نے اپنا سر پیٹ لیا - اور اس نے یہ محسوس کیا کہ رات کی کورانہ تقلید نے مجھے برباد کیا - اور تقلید بھی ان کمینے آدمیوں کی جنہوں نے روٹی کے لئے مجھے اس قدر مصیبت میں پھنسا دیا -

گفت آنرا جمله میگفتند خوش   مر مرا هم ذوق آمد گفتنش
مر مرا تقلید شان برباد داد   که دو صد لعنت بر این تقلید باد
خاصه تقلید چنین بی حاصلان   کآبرو را ریختند از بهر نان

(۲ : ۵۲۰—۵۷۰)

جاہل اور نادان کی دوستی سے تحصیل آزار کے سوا اور کچھ حاصل نہیں ہوتا - بظاہر یہ سادہ سا مقولہ ہے اور دوسروں کو اس مقولہ کی صداقت تسلیم کرانے میں کوئی دقت محسوس نہیں ہوتی - لیکن مولوی نے اس ایک انسان کا قصہ بیان کرکے جس نے خرس کے تملق و وفا پر اعتماد کرکے جان گنوا دی تھی کچھ اس قسم کی نفسیاتی ترغیب دلائی ہے کہ کوئی ذی شعور آدمی یہ حکایات جاننے کے بعد خرس نما انسانوں کی دوستی پر اعتماد نہیں کر سکتا - فہم و شعور کے لحاظ سے جانوروں کا مرتبہ انسانوں سے یوں بھی کمتر ہے لیکن اس حکایت میں جہالت اور نادانی کی تجسیم کرنے کے لئے مولوی نے جانوروں میں ریچھ کے کردار کا جو انتخاب کیا ہے وہ فنی لحاظ سے اور مشاہدہ کے اعتبار سے مولوی کی صناعی کی ایک روشن مثال ہے - انسان کا نادان دوست ایک ابلہ انسان سے لے کر کوئی جانور دکھایا جا سکتا تھا اور حکایت مکمل کرنے کے لئے انسان یا کسی جانور کو آزار رسانی کے آلہ کے طور پر استعمال کیا جا

سکتا تھا لیکن مولوی کی نظر انتخاب اس سلسلے میں صرف ریچھ پر پڑی ہے ۔ اور حقیقت یہ ہے کہ تمثیل کی اس تصویر میں تمثال خرس نے جو رنگ بھرا ہے وہ اثر اور کسی طرح بھی پیدا نہیں کیا جا سکتا تھا ۔ حکایت سنیے ۔

ایک ریچھ کو کسی اردھا نے پکڑ رکھا تھا اتفاق سے ایک شیر مرد کا گذر اُس طرف سے ہوا ۔ اور اُس نے ریچھ کو اردھا سے چھڑوا لیا ۔

خرس هم از اردها چون وارهید
وان کرم زان مرد مردانه بدید
چون سگ اصحاب کهف آن خرس زار
شد ملازم در پی آن برد بار

اور اس کے بعد یہ انسان اور ریچھ اکٹھے رہنے لگے ۔ ایک اور آدمی نے ان دونوں کو اکٹھا دیکھا تو اُس نے اس کی توجیہ چاہی ۔ ریچھ والے انسان نے اردھا اور ریچھ کا قصہ کہہ سنایا ۔ اس پر دوسرے آدمی نے انسان سے کہا کہ تمہیں ریچھ کو اپنے آپ سے الگ کر دینا چاہئے کیونکہ ناداں کی دوستی سے کوئی فائدہ نہیں :

دوستی زابله بتر از دشمنیست	او بہر حیله که دانی راندنیست
هی بیا با من بران این خرس را	خرس را مگزین مهل هم جنس را

ریچھ والے نے سمجھا کہ یہ آدمی محض جسارت کی وجہ سے ایسی تبلیغ کر رہا ہے ۔ لیکن دوسرا آدمی بھی بڑا ضدی تھا ۔ اُس نے یہاں تک کہہ دیا کہ میری دشمنی بھی اس کی دوستی سے بہتر ہے ۔ بلکہ اگر تمہیں ریچھ جیسے انسان سے ہی دوستی رکھنا ہے تو ریچھ کو ترک کرکے میرے دوست بن جاؤ کیونکہ میں بھی ریچھ سے کم نہیں :

گفت مهر ابلهان عشوه ده است	این حسودیّ من از مهرش بهست
من کم از خرسی نباشم ای شریف	ترک او کن تا منت باشم حریف
بر تو دل میلرزدم ز اندیشهٔ	با چنین خرسی مرو در بیشهٔ

لیکن ریچھ والے پر کسی بات کا اثر نہ ہوا ۔ بلکہ اس نے دوسرے آدمی کو جھڑک کر کہا : جاؤ اپنا کام کرو اور مجھے سونے دو ۔ اور یہ کہہ کر لیٹ گیا ۔ ابھی اس کی آنکھ لگی ہی تھی کہ ایک مکھی آ کر اس کے منہ پر بھنبھانے لگی ۔ ریچھ نے مکھی اڑانے کی کوشش کی لیکن جب اس میں کامیاب نہ ہوا تو بپھّا گیا ۔ اور اپنی عقل کے مطابق تدبیر سوچ کر پہاڑ سے ایک بڑا سا پتھر اٹھا لایا ۔ مکھی اس وقت سوئے ہوئے جوان کے منہ پر بیٹھی ہوئی تھی ۔ اس نے مکھی کو تاک کر یہ پتھر اس زور سے اس کے منہ پر مارا کہ جوان کا چہرہ خشخاش ہی ہو بن گیا :

خشمگین شد با مگس خرس و برفت   بر گرفت از کوه سنگی سخت زفت
سنگ آورد و مگس را دید باز   بر رخ خفته گرفته جای ساز
بر گرفت آن آسیا سنگ و بزد   بر مگس تا آن مگس واپس خزد
سنگ روی خفته را خشخاش کرد   این مثل بر جمله عالم فاش کرد
مہر ابلہ مہر خرس آمد یقین   کین او مہرست و مہر اوست کین
(۲ : ۱۹۳۷ — ۲۱۵)

بسا اوقات مولوی نے مختلف عقاید کی تبلیغ کرنے اور بیک وقت مختلف ترغیبات دلانے کے لئے ایک ہی حکایت نظم کر دی ہے ۔ مثال کے طور پر ذیل کی حکایت پیش کی جاسکتی ہے ۔ جس میں جہاں ایک طرف تو اس خیال کی اشاعت کی گئی ہے کہ اپنے ہمنواؤں اور مخلص دوستوں کو اغیار کے کہنے سے بر مردود نہ گردانا چاہیے ۔ وہاں ساتھ ہی ساتھ یہ حقیقت بھی واضع کی گئی ہے کہ دشمنوں کی تعداد اگر زیادہ ہو اور وہ تم سے قوی ہوں تو ان سے کامیاب طور پر نبٹنے کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ ان کو ایک دوسرے کے خلاف آمادہ پیکار کیا جائے ۔ تاریخ اقوام عالم اس بات کی شاہد ہے کہ بین الملی جنگوں میں یہ حیلہ جوئی (Strategy) ہرحربہ سے زیادہ کامیاب رہی ہے اور جب کسی کمزور قوم یا ملک نے متحدہ دشمنوں میں اختلاف پیدا کرنے میں کامیابی حاصل کی ہے اس نے الگ الگ اپنے تمام دشمنوں کو بھی پچھاڑا ہے ۔

یہ ایک باغبان کا قصہ ہے۔ جس نے اپنے باغ میں تین مضبوط چور دیکھے ۔ جن میں سے ایک صوفی تھا ایک فقیہ اور ایک علوی ۔ باغبان نے سوچا اگر میں ان تینوں سے بیک وقت جھگڑا کرتا ہوں تو یہ مجھے پیٹینگے ۔ ہونہو کسی طرح سے ان کو الگ الگ کیا جائے اور پھر میں ان میں سے ہر ایک کی مونچھیں نوچ لونگا ۔

بر نیایم یک تنه با سه نفر پس بہرمسان نخست از همد گر
هر یکی را زان دگر تنها کنم چو نکه تنها سد سبالس بر کنم

یہ سوچ کر وہ آگے بڑھا اور صوفی کو مخاطب کرکے کہنے لگا : ذرا دوڑ کر میری کوٹھڑی سے اپنے دوستوں کے ایک لئے نمدہ تو لے آؤ ۔ صوفی نمدہ لینے گیا تو باغبان نے فقیہ اور علوی سے کہا آپ فقیہ ہیں اور یہ سریف نامدار ۔ ہم تو روٹی بھی آپ کے فتوے سے کھاتے ہیں اور یہ خاندان مصطفی کے فرد یعنی سید ہیں ۔ لیکن یہ کنجوس شکم پرور صوفی کون ہے ۔ جسے آپ ساتھ لوالائے ہیں آپ جیسے بادشاہوں کے ساتھ ایسا دوست نہیں سجتا ۔ آپ اسے بھگا دیں اورمیرے باغ میں ایک ہفتہ بیٹھے رہیں ۔ اور باغ کا کیا ذکر آپ کے لئے تو میری جان بھی حاضر ہے ۔

رفت صوفی گفت خلوت با دو یار تو فقیہی این شریف نامدار
ما بفتوی تو نانی میخورم ما بپر دانش تو میپرم
وین دگر شه زاده و سلطان ماست سیدست از خاندان مصطفی‌است
کیست این صوفی شکم‌خوار خسیس تا بود با چون شما شاهان جلیس
چون بیاید مر ورا پنبه کنید هفتهٔ بر باغ و راغ من زنید
باغ چه بود جان من آن شماست ای شما بوده مرا چون چشم راست

اس خوشامد اور تبلیغ کا خاطر خواہ اثر ہوتا دیکھ کر باغبان صوفی کے تعاقب میں گیا اور موٹے ڈنڈے سے اس کی خوب مرمت کی اور کہا یہ باغ میں چوری کرنا تمہیں جنید اور بایزید نے سکھایا ہے ۔ یا تمہارے پیرو مرشد نے؟

این جنیدت ره نمود و بایزید از کدامین شیخ و پیرت این رسید

صوفی نے دوستوں سے استمداد کے لئے بہت شور مچایا لکن دوستوں کی نگاہیں اب بدل چکی تھیں ۔ اس نے انہیں بہتیرا سمجھایا کہ تمہارا حشر بھی برا ہونے والا ہے اور میرے ساتھ تم نے باغبان کے کہے سنے پر جو بےوفائی کی ہے اس کی سزا تمہیں بھگتنی پڑیگی لیکن دوستوں پر اس کی الحاح وزاری اور فہمایش کا کوئی اثر نہ ہوا ۔

باغبان نے صوفی سے فارغ ہو کر ایک نیا بہانہ تراشا اس نے سید سے کہا ۔ آپ میری کوٹھڑی میں تشریف لے جائیے میں نے دوپہر کا کھانا تیار کیا ہوا ہے ۔ آپ کنیز سے کہیں کہ روٹی اور مرغابی یہاں لے آئے ۔

کای شریف من برو سوی وثاق ٭ که ز بهر چاشت پختم من رُقاق
بر در خانه بگو قیماز را ٭ تا بیارد آن رقاق و قاز را

سید چلا گیا تو باغبان نے فقیہ کو بھکانا شروع کیا :

تو فقیهی ظاهرست این و یقین ٭ چون بره گردش بگفت این مرد دین
او شریفی میکند دعوی سرد ٭ مادر او را که میداند که کرد
بر زن و برفعل زن دل می نهد ٭ عقل ناقص و آنگهانی اعتمد
خویشتن را بر علی و بر نبی ٭ بسته است و در زمانه بس غبی
هر که باشد از زنا و زانیان ٭ این برد ظن در حق ربانیان
هر که برگردد سرش از چرخها ٭ همچو خود گردنده بیند خانه را

سید کے مشتبہ نسب کا افسون جو باغبان نے بڑھا تو فقیہ بھی چکمے میں آ گیا ۔ بس پھر کیا تھا ۔ باغبان نے سید کو آڑے ہاتھوں لیا اور کہا :

دزدی از پیغمبرت میراث ماند ٭ گفت ای خر اندرین باغت که خواند
شیر را بچه همی ماند بدو ٭ تو بپیغمبر چه مانی بگو

یہ کہہ کر اس پر پل پڑا اور اسے پیٹ کر باغ سے باہر نکال دیا ۔ سید نے جاتے جاتے فقیہ سے کہہ دیا :

پای دار اکنون که ماندی فرد و کم ٭ چون دهل شو زخم میخور بر شکم
گر شریف و لایق و همدم نیم ٭ از چنین ظالم ترا من کم نیم

چنانچہ اُس کی پیشگوئی درست ثابت ہوئی ۔ باغبان نے سد سے فارغ ہو کر فقیہ سے پوچھا : کیا تیرا فتویٰ یہی کہتا ہے کہ مالک کی اجازت لئے بغیر اُس کے باغ میں گھس جانا چاہئے ؟ کیا اس قسم کی اجازت کا ذکر تو نے ''وسیط'' میں پڑھا ہے یا ''محیط'' میں ؟

سند ازو فارغ بیامد کای فقیہ چہ فقیہی ای تو ننگ ہر سفیہ

فتویت اینست ای بریدہ دست کاندر آیی و نگوی امر ہست

این چنین رخصت بخواندی در وسیط یا بُدست این مسئلہ اندر محیط

یہ کہہ کر اُس نے فقیہ کو بھی باغ سے بھگ دیا ۔ جو پٹا ہوا اور کف افسوس ملتا ہوا یہ کہہ کر روانہ ہوا :

گفت حقست بزن دستت رسید این سزای آنک از یاران برید

حرامخوری سے باز رکھنے کے لئے اور دوسروں کا مال ہضم کرنے کےخلاف وعظ تو اکثر لوگ کرتے چلے آئے ہیں ۔ لیکن مولوی نے جس واضح انداز میں اس انفرادی اور اجتماعی عیب سے بچنے کی ترغیب دلائی ہے اُس کا جواب نہیں ۔ قصہ کا محیط بجا طور پر ہندوستان منتخب کیا گیا ہے ۔ جس کا اس وقت پاکستان بھی حصہ تھا ۔ اور جس میں عصر حاضر کی طرح دزدان ملت بس رہے تھے ۔ اسی ہندوستان میں ایک دانا نے اپنے چار مسافر دوستوں کو دیکھا جو سفر کی صعوبت اور بےسروسامانی کے مصائب سے نڈھال ہو رہے تھے اور خیر سگالی کے جذبہ سے متاثر ہو کر ان سے کہہ دیا : بھائی مجھے معلوم ہے کہ تم پر بڑا مشکل وقت آپڑا ہے ۔ اور تمہاری گرسنگی اور ضرورت حد سے زیادہ بڑھی ہوئی ہے ۔ لیکن جس راستے پر تم جا رہے ہو ۔ اس راستے میں ایک ہاتھی رہتا ہے ۔ اور اس کے بچے بھی ہیں ۔ خدا کے لئے ہاتھی کا کوئی بچہ بھون کر نہ کھا جانا کیونکہ ان کی ماں تاک میں رہتی ہے اور سو فرسنگ سے آ کر بھی حملہ کردیتی ہے ۔ اور یہ ہتھنی بھی ایسی ہے جس کی سونڈ سے آگ اور دھواں نکلتا ہے ۔ وہ ہر ایک آدمی کا منہ سونگھتی ہے ۔ اور جس آدمی نے اس کے بچے کے کباب کھائے ہوں اُس کا معدہ نکال لیتی ہے ۔ بہتر یہ ہوگا کہ دوران سفر میں آپ برگ و گیاہ پر ہی قناعت کریں ۔ اور ہاتھی کے بچوں کا شکار نہ کریں ۔ یہ کہہ کر اس نے انہیں خیرباد کہی ۔

چاروں دوست راستے پر چل رہے تھے کہ انہیں ہاتھی کا ایک بچہ دکھائی دیا۔ جو نہایت فربہ اور نوزادہ تھا۔ یہ اس پر گرگان مست کی طرح پل پڑے اور دم زدن میں بھون کر کھا گئے۔ صرف ان کے ایک ساتھی نے دوست کی نصیحت کو یاد رکھتے ہوئے ہاتھی کے بچے کے کباب کھانے سے انکار کر دیا :

آن یکی همره نخورد و پند داد که حدیث آن فقیرش بود یاد
از کبابش مانع آمد آن سخن بخت نو بخشد ترا عقل کهن

اور پھر یہ چاروں دوست پڑ کر سو رہے۔ اتنے میں ہتھنی بچے کو ڈھونڈتی ہوئی وہاں آپہنچی اور اس نے تین بار اس سوتے ہوئے آدمی کے منہ کو سونگھا جس نے کباب نہیں کھائے تھے۔ پھر وہ چند بار اس کے گرد گھومی اور اسے آزار پہنچائے بغیر دوسرے آدمیوں کے پاس جا پہنچی۔ اس نے ان تینوں کے منہ سونگھے اور کباب کھانے والوں کو چیر پھاڑ کر مار ڈالا۔ اور پھر ہوا میں اس قدر بلند اچھالا۔ کہ جب ان کی لاش زمین پر گری تو اس میں شگاف پڑ گیا :

بر هوا انداخت بریک را گزاف تا همی زد بر زمین میشد شگاف

اس طرح سے ان تینوں مسافروں کا یہ حسرتناک انجام ہوا۔

مولوی اس حکایت سے حرامخوروں اور غاصبوں کو ڈراتے ہوئے کہتے ہیں :

ای خورندهٔ خون خلق از راه برد تا نه آرد خون ایشانت نبرد
مال ایشان خون ایشان دان یقین زانک مال از زور آید در یمین
مادر آن پیل بچگان کین کشد پیل بچه خواره را کیفر کشد
پیل بچه میخوری ای پاره خوار هم بر آرد خصم پیل از تو دمار
بوی رسوا کرد مکر اندیش را پیل داند بوی طفل خویش را
آنکه یابد بوی حق را از یمن چون نیابد بوی باطل را ز من
تو همی خسپی و بوی آن حرام میزند بر آسمان سبز فام
همره انفاس زشتت میشود تا ببو گیران گردون میرود

بوی کبر و بوی حرص و بوی آز　　در سخن گفتن بیاید چون پیاز
گر خوری سوگند من کی خورده ام　　از پیاز و سیر و تقوی کرده ام
آن دم سوگند غمازی کند　　بر دماغ همنشینان بر زند
(۳ : ۷۰—۱۶۸)

یہ اشعار کچھ اس قسم کے ہیں جن کو ترجمہ کے ساتھ تمام تعلیمی اور دولتی اداروں میں آویزاں کرنا چاہیے۔

کچھ آدمی آپ کے افق حیات پر جب ظہور پذیر ہوتے ہیں تو ان کی رفتار و کردار کچھ اس قسم کے ہوتے ہیں کہ آپ ان کی ہر ایک طرح کی مدد کرنے پر آمادہ ہوجاتے ہیں۔ اور بعض دفعہ آپ کی عنایات و الطاف کا سلسلہ اس قدر طول پکڑتا ہے کہ آپ یہ سراسر فراموش کر بیٹھتے ہیں کہ کن حالات میں اس شخص سے آپ کا واسطہ پڑا تھا جو آپ کے جود و سخا سے متمتع ہو رہا ہے۔اور حقیقت یہ ہے کہ اچھے انسانوں کی یہ صفت ازل سے چلی آئی ہے کہ وہ اپنے احسان کے لئے بدلہ یا ستائش کی تمنا کے بغیر اپنے دست نوال سے لوگوں کو نوازتے چلے آئے ہیں مولوی کے ہاں ایسے انسانوں کے لئے بے پناہ ارادت اور تکریم کے جذبات کا اظہار ملتا ہے۔ لیکن اس مشاہدہ نگار نے اہل سخاوت کے اس رویہ کی تعریف کرتے ہوئے انہیں اس خوفناک حقیقت سے بھی روشناس کرایا ہے کہ یہ ضروری نہیں کہ ہر ایک مرہون احسان اس احسان کا بدلہ بھی چکا سکے۔ بلکہ اگر کوئی ایسا آدمی اس کا ادعا بھی کرے تو اس کے شفاہی دعووں کی تصدیق کرنے کے بغیر اس کی دعوت مروت کو قبول نہیں کرنا چاہئے ورنہ اس سے نہایت مایوس کن نتائج مرتب ہونگے اور وہی انسان جو آپ کے احسان کے زیر بار ہے اپنی مجبوریوں کی وجہ سے آپ سے یوں آنکھیں پھرالیگا اور آپ کو گرداب مصائب میں اس طرح چھوڑ دیگا کہ آپ کے لئے راہ نجات تلاش کرنا دشوار ہوجائیگا۔

یہ ایک دیہاتی کسان کی حکایت ہے جو ہر سال ایک شہری تاجر کا مہمان ہوا کرتا تھا۔

هر حوائج راه که بودیش آنزمان راست کردی مرد شهری رائیگان

شہری تاجر اپنی وسیع النظری اور مہمان نوازی کے جذبہ کی وجہ سے اور کسی قسم کے معاوضہ کے لالچ کے بغیر اس دیہاتی سے حسن سلوک سے پیش آتا تھا ۔ اور دیہاتی چند دن اس شہری کی تواضع سے متمتع ہو کر گاؤں لوٹنے لگتا تو ہر بار یہ تقاضا کرتا :

روبشهری کرد وگفت ای‌خواجه نو هیچ می نائی سوی ده فرجه جو
الله الله جمله فرزندان بیار کین زمان گلشنست و نو بهار
یا بتابستان بیا وقت ثمر تا ببندم خدمتت را من کمر
خیل و فرزندان و قومت را بیار در ده ما باش سه ماه و چهار
که بهاران خطهٔ ده خوش بود کشتزار و لالهٔ دلکش بود

Maulvi Inam Ali belonged to the respectable tribe of Qanungo Shaikhs (the law-givers) of Lahore, descendants of Rana Balab Rao who embraced Islam during the Moghul Rule. His great-grandson Nisar Ali was the Bakhshi Tan of the Sikh Army during the Sikh Rule, who married into the family of Shaikh Bader Bakhsh, the Court-companion of Ranjit Singh, and a descendant of Nawab Ikhlas Khan, the Ruler of Ujjain. He had a son Sh. Niaz Ali who had a son Sh. Wilayat Ali. The latter all his life remained with Nawab Abdul Majid Khan as his most trustworthy, noble, amiable and constant companion. Maulvi Inam Ali was his son.

He was born in 1863. Passing his Matriculation, F.A. Maulvi and F.E.L. Examinations with distinction, he took his B.A. in 1884, being the first Muslim Graduate of the Panjab University from Lahore District, winning a Gold Medal for proficiency in English and Arabic. He was granted Mcleod Arabic Research Scholarship, was appointed Professor of Mathematics and Philosophy at the Oriental College, Asstt Professor Government College, and also made Life Fellow of the Panjab University.

He was one of the Founders of the Anjuman-i-Himayat-i-Islam, member of the Anjuman Islamia, and Anjuman-i-Nomania ; life member of the Punjab Public Library and Red Cross Ambulance Association. He founded several charitable funds, contributing liberally and generously to them from his own purse, and gave numerous scholarships, medals, stipends and prizes in aid of education. Although he continued throughout his life to encourage and help the cause of Muslim education both by money and persuasion, the

K.B. MAULVI INAM ALI, B.A., S.C.S.

(as Educationist and Oriental Scholar, with a brief Genealogical and Biographical Sketch)

BY

S. M IHSAN ALI, B A., LL B., ADVOCATE

I have accepted the invitation to read a paper on K. B. Maulvi Inam Ali with profound reverence, eagerness and pleasure. I have been prompted to respond to this call both by a sense of duty, and a feeling of pride. The natural advantage I possess of being exclusively in a position to give you first-hand knowledge of his life fills me with pride. It is also my duty to pay homage to this old seat of learning by telling you something about that august personality that belonged to the galaxy of the morning stars of this glorious institution He looked upon it as his *alma mater*, and through him I feel myself attached to her as if by inherited ties of filial devotion. It holds a prominent position among all the educational institutions of the Panjab University by virtue of the vast and varied fields of its diverse activities, and the colossal amount of excellent work it has done and still continues to do, with unparalleled zeal, accelerated speed, and selfless devotion under the able guidance of its present learned Principal and his enthusiastic and brilliant staff.

It is well-nigh impossible to compress the whole biography of Maulvi Inam Ali, the saint-philosopher, philanthropist, educationist, scholar, linguist and a Judge of great repute, into a paper cf twenty minutes. It would require more than a volume to make a comprehensive study of the whole private, public, academic and official life of this genius. I will, therefore, deal with the genealogical aspect and biographical facts in an unusually brief manner giving only the headlines, and then jump on to that one phase of his life which was intimately connected with this College as educationist and scholar. The real object of this paper is to achieve this end with complete fidelity to truth.

Maulvi Inam Ali attracted attention in his teens. His name is mentioned in the famous "History of Lahore", 1882

اوریئنٹل کالج میگزین

مئی ۱۹۵۶ء

جلد ۳۲ عدد ۳

عدد مسلسل ۱۲۵

مدیر :—

ڈاکٹر سیّد عبداللہ

باہتمام مسٹر احسان الحق ہیڈ کلرک اوریئنٹل کالج لاہور ، پرنٹر و پبلشر اوریئنٹل کالج میگزین ، رہبر پرنٹنگ پریس بل روڈ لاہور میں طبع ہو کر اوریئنٹل کالج لاہور سے شائع ہوا ۔

ترتیب

یونیورسٹی

اوریئنٹل کالج

سالانہ روداد

۵۶ — ۱۹۵۵ء

مرتبہ : ڈاکٹر سیّد عبداللہ
(پرنسپل)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اورینٹل کالج لاہور

کے سالانہ جلسہ ۱۹۵۵-۱۹۵۶ء کی روداد

صدر محترم !

میں آپ کی تشریف آوری کا بر خلوص شکریہ ادا کرتا ہوں۔ آپنے گوناگوں علمی و منصبی مصروفیات کے باوجود اس جلسے کی صدارت کے لئے وقت نکالا اس سے ہماری بڑی قدر افزائی ہوئی ہے جس کے لئے آپ کا جتنا بھی شکریہ ادا کیا جائے کم ہے ، اس کے بعد خواتین و حضرات ! میں آپ کا بھی مشکور ہوں کہ آپ نے اپنی تشریف آوری سے ہمیں احسان مند کیا ، اس کرم نمائی کے لئے میں اور میرے رفقا آپ کے بے حد ممنون ہیں۔

حضرات! اب میں کالج کی سالانہ رپورٹ آپ کی خدمت میں پیش کرتا ہوں جس کی تفصیل ضمیموں کی صورت میں ص ۱۰ تا ۴۶ پر موجود ہے اس کو آپ خود ملاحظہ فرما سکتے ہیں۔ میں اس وقت روداد کے صرف چند خاص پہلوؤں کے متعلق کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں۔

کالجوں کے سالانہ جلسوں کے متعلق عام رسم تو یہ ہے کہ کارکردگی کی روداد سناتے وقت کسی کالج کے کارہائے نمایاں کا سب سے پہلے ذکر کیا جاتا ہے۔ جس میں کارہائے شائستہ کو خاص طور سے ابھارا جاتا ہے مگر میں اس عام رسم کے برعکس ''جو ہم سے ہوسکا'' کی بجائے ''جو ہم سے نہ ہو سکا'' کی تفصیل پہلے پیش کرتا ہوں۔ اس بے رسمی کا باعث یہ ہے کہ میں بڑی دیانت داری سے یہ محسوس کرتا ہوں کہ اس عظیم و قدیم درسگاہ میں (جس کی روایات روشن ہیں اور جس کا مستقبل بڑا شاندار ہوسکتا ہے اور جس سے ملک و ملت کی بہت سی علمی و تہذیبی توقعات وابستہ ہیں) گذشتہ ایک سال میں ترقی کی جو منزلیں طے ہوسکتی تھیں وہ طے نہیں ہوئیں۔ اور جو جو اہم تعمیری کام کئے جا سکتے تھے وہ نہیں ہوسکے ـــــ اس کا مطلب یہ نہیں کہ کالج کے تدریسی کام میں کوئی تساہل ہوا یا یہاں کے

لکھنے پڑھنے والوں کی تصنیفی سرگرمیاں سُست پڑگئیں——یہ نہیں—
کالج میں تدریسی کام برابر ہوتا رہا - اور بہت اچھا ہوتا رہا—جس کا سال
زیر بحث کے ساتھ سے آپ کو اندازہ ہو سکے گا ، اسی طرح کالج میں تصنیفی و
تحقیقی کام بھی جاری رہا جو کہ منسلکہ رپورٹ کے (ص ۱۹ تا ۳۴) سے آپ
معلوم کرسکیں گے- اس کے علاوہ معمول کی دوسری سرگرمیاں بھی جاری رہیں
جن میں یونین اور دوسری سوسائٹیوں کے ہمراہ کالج میگزین کا کام بھی شامل
ہے جو قابل اطمینان ہے — مگر اس اطمینان کے باوجود میں اس پر اطمینان
کا اظہار اس لئے نہیں کرتا کہ اورینٹل کالج کے متعلق میرا تصور یہ ہے کہ
ایک درسگاہ اور تدریسی ادارہ ہونے کے ساتھ ساتھ اس کو پاکستان کے
نئے تقاضوں کے پس نظر ایک علمی اکادمی اور ایک وسیع الجنبیات ثقافتی
مرکز بھی ہونا چاہئے——مگر افسوس یہ ہے کہ میں اس سال اس کے ان
بلند تر مقاصد کے سلسلے میں کوئی خاص خدمت انجام نہ دے سکا نہ کالج کے
ان توسیعی تصورات کے سلسلے میں سال زیر بحث میں کوئی قدم اٹھانا ممکن
ہوا - افسوس یہ ہے کہ سال زیر بحث میں کالج کا دائرۂ عمل پہلے سے بھی
محدود ہوگیا——، قیام پاکستان کے فوراً بعد کالج کی توسیع کے سلسلے
میں ایک اہم قدم یہ اٹھایا گیا تھا کہ اس کو مشرق و مغرب کی اہم
زبانوں کا کالج بنانے کے لئے کچھ تدابیر اختیار کی گئیں تھیں——چنانچہ
عربی فارسی اردو کے ''بی اے بعد'' نصابوں کے علاوہ فرنچ ، جرمن ،
ہسپانوی ، روسی ، جدید ایرانی ، جدید عربی——اور بعد میں ترکی زبان کی
تعلیم بھی ہونے لگی تھی——مگر سال زیر بحث میں حالات کی تبدیلی کے سبب
(غالباً کالج کے دائرۂ عمل کی تحدید کی غرض سے) پہلے فرنچ زبان کا شعبہ کالج
سے الگ کر دیا گیا بعد میں روسی اور ہسپانوی زبانوں کی تدریس بند کر
دی گئی اور بالآخر جدید زبانوں کا سارا سلسلۂ تدریس کالج سے منقطع کر دیا
گیا - ان اقدامات سے کیا مصلحتیں مدّنظر تھیں——میں ان پر ماسوا اس کے
کوئی تبصرہ نہیں کرنا چاہتا کہ یہ وہ ''رموز مملکت'' ہیں جن کے متعلق
خواجہ حافظ نے مدت ہوئی یہ فرما کر خاموشی اختیار کر لی تھی کہ

؎ رموز مملکت خویش خسرواں دانند
گدائے گوشہ نشینی تو حافظا مخروش

بہر صورت یہ نئے اقدامات جن مصلحتوں سے بھی ہوں قابل غور ضرور ہیں اس لئے کہ قیام پاکستان کے بعد قومی اداروں میں توقع توسیع کی تھی نہ کہ تحدید کی ــــ پھر یہ بھی ہے کہ اورینٹل کالج کے متعلق پنجاب یونیورسٹی کمشن نے واضح الفاظ میں یہ نظریہ پیش کیا تھا کہ اس کے دائرۂ عمل کو وسیع تر بنایا جائے۔ اور علوم مشرق کا مرکز ہونے کے علاوہ اس کو جدید و قدیم زبانوں کا بھی کالج بنایا جائے۔ یونیورسٹی کمشن کی روداد کا وہ حصہ قابل توجہ ہے :-

اس کے پیش نظر ہر شخص کو یہ سوچنا ہی پڑے گا کہ کمشن کی ان صریح سفارسات کے باوجود اورینٹل کالج کی ان مفید شاخوں کی قطع و برید کیوں ضروری سمجھی گئی ــــ؟ اس سال کالج کا شعبہ عربی بھی اس لحاظ سے ناقص ہی رہا کہ عربی کے یونیورسٹی پروفیسر اور لیکچراروں کی بعض اسامیاں پھر پر نہ ہوسکیں ــــ اگرچہ یہ اطلاع باعث مسرت ہے کہ اب عربی کے یونیورسٹی پروفیسر اور جدید عربی کے ایک سینیئر لکچرار کی اسامیوں کے اشتہار دے دئے گئے ہیں اور توقع ہے کہ یہ اسامیاں ۲ سال تک بلاوجہ خالی رہنے کے بعد اب ۰۶ـــ۱۹۵۷ کے تعلیمی سال کے لئے ضرور پر ہو جائیں گی۔ اور یونیورسٹی میں عربی کا شعبہ پھر سے باقاعدہ صورت اختیار کر سکے گا۔

اورینٹل پبلیکیشنز کا اہتمام اشاعت بھی اس کالج کی اہم سرگرمیوں کا ایک نمایاں حصہ ہے۔ مگر سال زیر بحث میں اس سلسلے میں بھی کوئی کام نہ ہو سکا کیونکہ فروری کے آخر تک متعلقہ کمیٹی کی تشکیل اور اس قواعد و ضوابط کی منظوری نہ ہوسکی۔ جس کے سبب نہ تو نئی کتابوں کی اشاعت کا کوئی منصوبہ تیار ہوسکا اور نہ پرانی ختم شدہ کتابوں کی تجدید ہوسکی۔۔،

اس سال کالج کا دائرہ اس وجہ سے بھی محدود تر ہوگیا کہ علوم مشرق کے پرائیویٹ اداروں کو اورینٹل کالج سے الحاق کی وجہ سے جو گرانٹ ملا کرتی تھی وہ بند کر دی گئی ــــ یہ اقدام اس بنا پر کیا گیا کہ عالم فاضل امتحانات یونیورسٹی کی بجائے سیکنڈری بورڈ کے متعلق

ہوگئے ہیں۔ مگر سیکنڈری ایجوکیشن ایکٹ کی متعلقہ دفعہ میں صرف امتحانات کا ذکر ہے۔ تدریس کے نظام کا کوئی ذکر نہیں جس کی وجہ سے فاضل کلاسوں کی تدریس ابھی تک اورینٹل کالج میں ہی ہو رہی ہے۔ لہذا میں سمجھتا ہوں کہ جب تک اورینٹل کالج فاضل کلاسوں کی تدریس کا مرکز ہے، اس وقت تک علوم مشرق کے متعلقہ ادارے یونیورسٹی کی امداد کے ہر طرح حق دار ہیں اور گرانٹ کے بند ہو جانے سے ان اداروں کی حوصلہ شکنی اور حق تلفی ہوئی ہے۔

اس سال اورینٹل کالج کی تنظیم اس وجہ سے بھی غیر تسلی بخش رہی کہ یونیورسٹی ایکٹ کی رو سے تنظیم جدید سے متعلق جو ریگولیشنز اور سٹیٹیوٹ متوقع تھے ان کی ابھی تک تشکیل نہیں ہو سکی اور ان کی عدم تشکیل کی صورت میں کسی منصرم کے لئے یہ ممکن نہیں ہو سکتا کہ وہ گومگو اور تذبذب کے عالم میں محض اپنی ذمہ داری پر ایسے اقدامات کرے جن کے متعلق اسے شبہ ہو کہ ان کو حکام بالا کی تائید حاصل بھی ہو سکے گی یا نہیں ——،

غرض یہ ہے روداد اس کام کی جو " ہم سے نہ ہوسکا" —— اور اگرچہ اس عدم کارکردگی کے لئے میں ملک و قوم کے سامنے شرمسار ہوں مگر میرا عذر تو یہ ہے کہ اس کی ذمہ داری کالج پر نہیں بلکہ ان عجیب و غریب حالات پر ہے جن سے یہ کالج آجکل دوچار ہے —— با این ہمہ یہ امر کسی قدر اطمینان بخش ہے کہ جہاں تک معمول کی سرگرمیوں کا تعلق ہے۔ کالج کے اساتذہ نے ہر سال کی طرح بلکہ بعض شعبوں میں ہر سال سے زیادہ، اس سال کارکردگی دکھائی۔ کالج کے نتائج علی العموم اچھے رہے۔ چنانچہ رپورٹ صفحہ ۳۸ سے آپ پر واضح ہو جائے گا کہ ایم اے فارسی میں ۱۱ میں سے ۸ طلبا، ایم اے عربی میں ۷ میں سے ۵ طلبا، ایم اے اردو میں ۸ میں سے ۸ طلبا کامیاب ہوئے —— اور فاضل کلاسوں کا نتیجہ بھی اس لحاظ سے غیر تسلی بخش نہیں سمجھا جا سکتا کہ پچھلے سال عالم فاضل کلاسوں کے متعلق نومبر دسمبر تک گومگو کا عالم رہا پھر عالم کلاسیں تو بند کر دی گئیں البتہ صرف فاضل کلاسوں کو نومبر میں داخلے کی اجازت دی گئی —— اس لئے ان کا تعلیمی نصاب غیر مکمل ہی رہا۔

اس سال ایم اے اردو میں سیدہ ناصرہ خاتون ۳۴۲ نمبر لے کر اول درجے میں اول رہیں۔ ایم اے فارسی مسٹر حامد خان ۴۰۵ نمبر لیکر اول درجے میں دوم رہے اور ایم اے اسلامیات میں محمد اسلم ملک ۴۹۵ نمبر لیکر اول درجے میں اول رہے۔

صدر یونین ڈاکٹر ابواللیث صدیقی کی رہنمائی میں کالج یونین کی سرگرمیاں بھی بدستور جاری رہیں، سپورٹس کے انچارج بھی ڈاکٹر ابواللیث صدیقی ہی تھے ان کی زیر نگرانی طلبا نے کھیلوں میں خاص دلچسپی لی۔

اس سال اورینٹل کالج میں جو تحقیقی اور تصنیفی کام ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ ص ۱۹ تا ۳۴ پر ملاحظہ کی جاسکتی ہے۔ میں اس موقع پر بڑی مسرت سے یہ اعتراف کرتا ہوں کہ اس کالج کے لکھنے والوں نے اپنی تحریرات میں اپنے سابقہ معیار کو برابر قائم رکھا بلکہ بعض پہلوؤں سے کالج کے مصنفین اور ادبا نے بلند تر معیاروں تک پہنچنے کی کوشش کی ــــ ڈاکٹر محمد باقر کے علاوہ پروفیسر وقار عظیم، ڈاکٹر ابواللیث صدیقی اور ڈاکٹر عبادت بریلوی اور دوسرے احباب نے جو تصنیفی کام سال زیر بحث میں کیا اس پر میں کامل اطمینان کا اظہار کرتا ہوں۔

تحقیقی کام کے سلسلے میں طلبا کے تحقیقی مقالات کو بھی نظر انداز نہیں کیا جا سکتا ــــ جن کی مفصل رپورٹ کے ص ۲۶ تا ۲۹ پر ملاحظہ کی جا سکتی ہے۔ یہ امر بھی میرے لئے باعث اطمینان ہے کہ اس کالج میں پی ایچ ڈی مقالات کی نگرانی کا کام بڑے خلوص و انہماک سے ہوتا رہا۔ سال زیر بحث میں پی ایچ ڈی کے متعدد امیدوار اور طلبا اساتذہ شعبۂ اردو سے مدد لیتے رہے۔ ایم اے اردو میں تحقیقی مقالات لکھنے والے چار ایم اے فارسی میں دو تھے۔ ان مقالات کی نگرانی میں اور تحقیقی کاموں کی تربیت کے سلسلے میں شعبوں کے اساتذہ کو جتنا وقت دینا پڑا اس کا مجھے پورا پورا علم ہے گذشتہ پانچ برسوں میں اس کالج میں ایم اے عربی، فارسی، اردو میں ۸۱ مقالات مرتب ہوئے۔ اور ایک سال کے عرصے میں کسی درسگاہ میں ۸۵ مقالات و تصانیف کا مرتب ہونا کم از کم میرے نزدیک ایک اہم بات ہے اسی لئے میں آپ صاحبوں کے سامنے اس کارکردگی کو کسی

قدر بلند آواز میں یہیں دہرا رہا ہوں مگر مجھے معلوم ہوا ہے
کہ آئندہ کے لئے ایم اے میں مقالات پر کچھ پابندیاں لگا دی گئی
ہیں جن میں سے ایک یہ ہے کہ آئندہ ایم اے میں صرف وہ لوگ مقالات
لکھا کریں گے جو بی - اے میں درجہ اول میں کامیاب ہوئے ہوں -
بظاہر یہ پابندی بے ضرر بلکہ مستحسن معلوم ہوتی ہے مگر تجزیہ کرنے
سے مسئلے کے کچھ اور پہلو بھی سامنے آتے ہیں ، سب سے پہلے تو یہی بات
قابل غور ہے کہ بی اے میں مجموعی طور پر کسی شخص کا اول درجہ حاصل
کرنے سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ وہ اس خاص مضمون میں بھی قابلیت
فائقہ رکھتا ہے جس میں اب وہ ایم - اے کر رہا ہے - ہو سکتا ہے کہ
ایک طالب العلم محض انگریزی یا محض اقتصادیات میں زیادہ نمبر حاصل
کر کے اول درجہ میں کامیاب ہو گیا ہو - بس ظاہر ہے کہ جب وہ
ایم اے اردو یا فارسی میں داخل ہوگا تو اسکا بی اے میں اول درجہ
اسے اردو میں مقالہ نگاری کا کسی طرح مستحق نہیں بناسکتا ـــــ صحیح معیار
تو شاید یہ ہوگا کہ بی اے کے اس خاص مضمون کے نمبر دیکھے جائیں جس
میں کوئی طالب العلم ایم اے لیتا ہے اور مقالہ لینا چاہتا ہے ـــــ اس
کے علاوہ یہ بھی مدّ نظر رہے کہ تصنیف و تالیف کی صلاحیت کو صرف
درجہ اول سے وابستہ کرنا بھی کوئی تسلی بخش طریق کار معلوم نہیں
ہوتا - بسا اوقات کسی وجہ سے تیسرے درجہ میں کامیاب ہونے کے
باوجود بعض طلبا اچھے ادیب یا انشا پرداز یا اچھے مصنف ثابت ہوتے
ہیں ـــ اس لئے مقالات کو لازماً اول درجے کے ساتھ وابستہ کرنے سے
عین ممکن ہے کہ صحیح تصنیفی صلاحیت رکھنے والے کئی طلبا تصنیفی
تربیت سے محروم رہ جائیں اور ایسے لوگ مقالات لکھنا شروع کر
دیں جن کو سرے سے تصنیفی ذوق ہی حاصل نہیں ـــــ میری ناچیز
رائے میں اس معاملے میں انتخاب کا فیصلہ استادوں کے ہاتھ میں ہی
رہنے دیا جاتا تو بہتر ہوتا ـــــ ابتک یہ ہوتا رہا ہے کہ مقالات کے
انتخاب میں ذوق و صلاحیت کو مد نظر رکھا جاتا تھا - اور اس سے بہت
اچھے علمی نتائج نکلتے رہے ہیں مگر نئے قواعد سے صورت حال کے بدل

جانے کا پورا اندیشہ ہے ، میں نے اس موقعہ پر اس مسئلے کو اس لئے اہمیت دی ہے کہ اس سے سب سے زیادہ نقصان عربی ، فارسی اور اردو والوں کو پہنچے گا ـــ اول تو مستقبل کے بارے میں مایوسی کی وجہ سے ان زبانوں کے ایم اے میں اول درجے کے طلبا بہت کم داخل ہوتے ہیں پھر جو داخل ہوتے ہیں ضروری نہیں کہ وہ سب مقالہ نگاری کا ذوق بھی رکھتے ہوں ـــ زبانوں کے امتحانوں میں تصنیفی قابلیت پیدا کرنا اس لئے بھی ضروری ہے کہ ان کے لئے معاش کے راستے نسبتاً تنگ ہیں تصنیفی تربیت ان کے لئے انشا ، صحافت اور تصنیف کے میدانوں میں (ملازمت کے بغیر بھی) بہت حد تک ممدو معاون ہو سکتی ہے ـ میں باقی شعبوں کے اساتذہ کے خیالات سے بے خبر ہوں مگر اپنے متعلق ضرور کہہ سکتا ہوں کہ اس سے ہماری زبانوں کے طلبا کو شدید نقصان پہنچے گا اور بعض اوقات تو یہ گمان گذرتا ہے کہ اس میں بھی کہیں ہماری زبانوں کے متعلق وہی تعصب کام نہ کر رہا ہو جس کا اظہار آئے دن ہوتا رہتا ہے اگرچہ اس کو ثابت کرنے کے لئے میرے پاس کافی مواد موجود نہیں ـــ مگر یہ ضرور کہوں گا کہ جب یونیورسٹی میں سائنس اور آرٹس میں ہر جگہ مقالات کی اجازت ہے تو پھر آرٹس اور خصوصاً اردو ، عربی ، فارسی والوں پر کیوں یہ پابندی لگائی جاتی ہے ـــ یہ تو نامناسب عدم مساوات ہے ـــ اس سے ہماری تصنیفی کارکردگی اور تصنیفی تربیت جیسے اہم شعبوں کو سخت نقصان پہنچے گا جو ایک لحاظ سے قومی نقصان ہے ـ

کالج کی کارکردگی کا ایک روشن پہلو اس کا تحقیقی میگزین ہے ـ سال ۵۵ ـ ۵۶ میں میگزین کی تمام اشاعتوں کی تکمیل کرلی گئی ـــ اور اس کے خریداروں میں بھی اضافہ ہوا ، اور قابل ذکر بات یہ ہے کہ نئے خریداروں میں ترکی ، جاپان ، ریاستہائے متحدہ امریکہ ، ایران اور ہندوستان کے بعض معروف و مقتدر علما و فضلا بھی شامل ہیں بظاہر ایک میگزین کے سلسلے میں ان تفصیلات کا ذکر بے محل سا معلوم ہوتا ہے مگر میں یہ جرأت اس لئے کر رہا ہوں کہ اس میگزین نے تحقیق کے معاملے میں جو قبول و اعتراف علوم مشرقیہ کے عالمی مرکزوں

میں حاصل کیا ہوا ہے وہ ہمارے لئے اور ہماری یونیورسٹی کے لئے خاصی نیک نامی کا باعث ہے اور میں مطمئن ہوں کہ ہم اس سال بھی اپنے اس امتیاز خاص کو قائم رکھنے میں کامیاب رہے۔

جناب والا! کالج کے متعلق اس مجمل عرض حال کے بعد اب مشرقی علوم والسنہ کے عام مسائل کے بارے میں کچھ اظہار خیال کرنے کی اجازت چاہتا ہوں۔ اس سلسلے میں میں سب سے پہلے ثانوی تعلیم کے بورڈ کی اس رپورٹ پر جو حال ہی میں شائع ہوئی ہے مختصر سا تبصرہ کرنا ہوں۔ اس رپورٹ کے متعلق میرے تأثرات یہ ہیں کہ جہاں تک مشرقی علوم والسنہ کا تعلق ہے۔ یہ بہت سی سابقہ سکیموں کے مقابلے میں ایک عمدہ دانہ اور ترقی پسندانہ سکیم ہے۔ اور یہ بات ہر لحاظ سے اطمینان بخش ہے کہ پاکستان میں پہلی مرتبہ مشرقی علوم والسنہ کو ایک مستقل گروپ قرار دے کر ان علوم کی اہمیت کا اعتراف کیا گیا ہے۔ اور نہ صرف اہمیت کا اعتراف کیا گیا ہے بلکہ ان کو دوسرے علوم اور مضامین کے ہم پلہ قرار دیا گیا ہے مگر میں یہ کہے بغیر نہیں رہ سکتا کہ عالم فاضل امتحانات پر بورڈ نے جن پابندیوں کی سفارش کی ہے وہ اس وقت تک قابل قبول نہیں ہونگی جب تک ان امتحانوں کو براہ راست ایف اے، بی اے کے برابر درجہ نہ دیا جائے گا۔

محولہ بالا سکیم یا تجاویز کا یہ پہلو بھی اطمینان بخش ہے کہ اس میں زبان اردو کو پہلے سے بہتر مقام دئے جانے کی تجویز ہوئی ہے —— ہائی سکول اور اعلیٰ ثانوی تعلیم کے درجوں میں انگریزی کے ساتھ ابتدائی اردو کو بھی لازمی مضامین کی صف میں رکھا گیا ہے اور یہ دراصل اعتراف ہے اس حقیقت کا کہ اردو کو انگریزی سے برتر نہ سہی اس کے برابر لازمی مضمون کی حیثیت ضرور ملنی چاہئے۔

ثانوی تعلیم کے بورڈ نے اردو اور علوم مشرقیہ کے درجے کو بلند کرنے کے لئے جو قدم اٹھایا ہے اس کی تکمیل اس وقت تک نہیں ہوسکتی جب تک یونیورسٹی میں بھی اسی طرح کے اقدامات نہ کئے جائیں۔

میرا خیال ہے کہ بی - اے میں بھی مشرقی علوم والسنہ کے لئے سپشل گروپ بنانے سے تعلیمی اور معاشی دونوں طرح کے فوائد حاصل ہوں گے ـــــــاسی طرح اردو کو بی - اے میں بلند تر درجہ دینا اور دلوانا وقت کے تقاضوں کے عین مطابق ہے - اس سلسلے میں یہ ذکر کرنا بھی بے محل نہ ہوگا کہ یہ سپیشل گروپ ہمارے موجودہ عالم فاضل امتحانوں کے متوازی بھی چل سکتے ہیں اور ان کا بدل بھی بن سکتے ہیں - دونوں صورتوں میں یہ ذمہ داری یونیورسٹی کی ہی رہتی ہے کہ وہ ان خاص تجاویز کا کس طرح خیر مقدم کرتی ہےـــــ، یہ صحیح ہے کہ ثانوی تعلیم کے ایکٹ نے عالم فاضل امتحانوں کو یونیورسٹی کے دائرۂ اختیار سے خارج کردیا ہے مگر اس قانون میں مناسب تبدیلی کے لئے عرضداشت کا حق تو کسی نے نہیں چھینا - میں اس حق کی بنا پر حکومت اور یونیورسٹی کے با اقتدار حضرات کو غور و فکر کی دعوت دینے کی جرأت کرتا ہوں اور عرض کرتا ہوں کہ علوم مشرقیہ کے عالم فاضل امتحانوں کا صحیح مقام یونیورسٹی ہی ہےــــــخصوصاً آنرز یا فاضل کا درجہ تو کسی طرح ثانوی تعلیم کی سطح کی چیز نہیں ـــــمولوی فاضل کے موجودہ نصاب پر نظر ڈالنے سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ اس کا نصاب تعلیم کے اعلیٰ درجوں کے مطابق ہے اور اگر اس کو انٹرمیڈیٹ کے درجے پر لایا گیا ہے تو اس کا سبب ان علوم کی یتیمی کے سوا اور کچھ نہیں - اور ظاہر ہے کہ پاکستان میں ان کے بارے میں اس قسم کی یتیمی کے لئے کوئی وجہ جواز موجود نہیںــــــاس سلسلے میں یہ بھی یاد رہے کہ عالم فاضل امتحانات پشاور یونیورسٹی کے علاوہ علی گڑھ یونیورسٹی میں بھی رائج کر دئے گئے ہیںــــ جب دوسرے ملکوں میں ان امتحانات کو یونیورسٹی کے درجے کی چیز سمجھا جاتا ہے تو اس یونیورسٹی نے جس نے کبھی ان امتحانات کی بنیاد رکھی تھی اس میں ان کے درجے کی یہ تحقیر کس طرح برمحل اور مناسب سمجھی جا سکتی ہےــــــ، ان وجوہ سے میں حکومت سے بھی درخواست کرونگا کہ وہ عالم فاضل امتحانات

کو بدستور سابق یونیورسٹی کے دائرے میں آنے کا موقعہ دے ــــــ یہ تو ظاہر ہے کہ جب ہم ان امتحانات یا ان علوم کو یونیورسٹی کے درجے کی جز کہتے ہیں تو اس سے ہمارا مطلب یہ نہیں ہوتا کہ ان امتحانات میں جو کمزوریاں پیدا ہو گئی ہیں وہ رفع نہ ہوں ــــ ہم تو اصلاح و اضافہ کے ہمیشہ مؤید رہے ہیں اور اصلاح و اضافہ کرتے بھی رہے مگر اکثر یہ دیکھا گیا ہے کہ اصلاح و اضافہ کا سوال یا تو صحیح صورت حال سے بے خبری کے سبب اٹھایا جاتا ہے یا محض اعتراض کی خاطر ــــــ، اس سے ضد اور تعصب کا اظہار ہوتا ہے اور ضد و تعصب کا رد عمل بھی ضد اور تعصب کے سوا اور کیا ہو سکتا ہے ــــ باوجود ان سب باتوں کے ہمارا مسلک یہی تھا اور یہی رہے گا کہ ان امتحانات کی خرابیوں کو دور کرنے اور ان کے نصاب میں مناسب تبدیلیوں کے لئے ہم ہر وقت آمادہ ہیں اور آمادہ رہیں گے، لیکن یہ دیکھ کر دکھ ہوتا ہے کہ ایک ایسے بنیادی ثقافتی مسئلے کے متعلق جس کی اہمیت بدیہی اور جس کی ضرورت واضح ہے ــــــ پاکستان جیسے اسلامی ملک میں ہمیں ہر سال اپنے جلسوں میں برابر ایک ایسا مطالبہ کرنا پڑ رہا ہے جو ہر پاکستانی کے اساسی عقائد کا جزو ہے اور جس کے تحفظ ہی کے لئے پاکستان کی مملکت وجود میں آئی ہے ــــــ، بہرحال ہمارا فرض یہی ہے کہ ہم اس مطالبے کو بار بار دہرائیں اور بار دہراتے جائیں تا آنکہ بند دروازے ہمارے استقلال کی بدولت آخر کھل کر ہی رہیں۔

علوم مشرق کی اشاعت و ترویج کے کچھ اور مراکز بھی ہیں اور وہ ہیں وہ غیر سرکاری ادارے جو محض اپنی ہمت و خلوص سے ناموافق ماحول کے باوجود عربی فارسی کی تحصیلات کو عوام کے لئے آسان بنا رہے ہیں ــــــ یہ سلسلے غیر سرکاری درسگاہوں اور مسجدوں اور مکتبوں سے وابستہ ہیں ــــــ ان مراکز کی خصوصیت یہ ہے کہ ان میں ملازمتوں کی امید کے بغیر کچھ لوگ اپنی زندگیاں ان تحصیلات میں صرف کر دیتے ہیں اور اس شمع کو روشن رکھے ہوئے ہیں جس کو زمانے کی باد تند بار بار تیز تیز جھونکوں سے بجھا دینا چاہتی ہے ــــــ یہ

بڑے باہمت لوگ ہیں جو سخت مخالف فضاؤں میں کام کررہے ہیں مگر پھر بھی بد دل نہیں ــــــ میری ناقص رائے میں ان مکاتب و مدارس کی بھی تنظیم نو کی ضرورت ہے اور یہ تنظیم نو اس وقت تک ممکن نہیں جب تک حکومت ان مدارس کے سر پر شفقت کا ہاتھ نہ رکھے ــــــ آپ حضرات کو معلوم ہوگا کہ بہاولپور میں ان مکاتب کی تنظیم جدید سے بہت اچھے نتائج برآمد ہوئے ہیں ــــــ گذشتہ چار پانچ سال سے بہاولپور کے مکاتب نہ صرف دینی تعلیم کے باوقار مرکز بن رہے ہیں بلکہ ان سے دیہات و قصبات میں عام تعلیم پھیلانے کا کام بھی لیا جا رہا ہے ــــــ ایسی حالات میں مناسب نہ ہوگا اگر ان پرائیویٹ مدارس کو کسی حکومتی اقدام کے ذریعے پھر سے منظم و مرتب کردیا جائے اور اس طرح ملک کے یہ ثقافتی سرچشمے بھی محفوظ رہ کر قومی زندگی کے لئے پاکیزگی و طہارت کا سامان مہیا کرتے رہیں ــــــ ۔

جناب والا ، میں اپنی گزارشات کو ختم کرنے سے پہلے اپنی قومی زبان اردو کے متعلق بھی کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ ملک کے دستور اساسی کی تشکیل کے بعد اب جبکہ صورت حال ٹھیک طور سے واضح ہو گئی ہے اس لئے اب اس میں کچھ شبہ نہیں رہا کہ پاکستان کی قومی زبان اردو ہے اور ہر چند کہ بنگالی قومی زبان ہونے میں اردو کی شریک اور انگریزی سرکاری زبان ہونے کے لحاظ سے اردو کی (عارضی) حریف ہے مگر اردو کی قومی حیثیت کا غیر مبہم انداز میں اعتراف کر لیا گیا ہے ــ اور یہ بھی تسلیم کر لیا گیا ہے کہ صوبوں میں حسب ضرورت بیس سال تک انگریزی کی قدر افزائی بھی جا سکتی ہے ۔ ان حالات میں ہم حکومت کے شکر گزار ہیں کہ اس نے اردو کو اس کا فطری حق عطا کر دیا ہے ــ مگر اردو کا یہ اعزاز اس وقت تک نظریاتی ہی رہے گا جب تک اس کو قومی زندگی اور سرکاری کاروبار میں موثر طریق سے دخیل نہ بنایا جائے گا ۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ انگریزی سے اردو کی طرف منتقلی کا عمل ابھی سے شروع کر دیا جائے ۔ اس سلسلے میں اولین کام جن سے ابتدا کی جا سکتی ہے دو ہیں ۔

اول دفتروں کی زبان کی تبدیلی درجہ بدرجہ دوم تعلیمات کی زبان کی تبدیلی درجہ بدرجہ۔ مگر اس تدریج کا انداز ایسا ہو جو خلوص کا ہم رکاب ہو نہ کہ رکاوٹ سے ہم قدم۔ دفتری زبان کا ایک اچھا اور تقریباً مکمل ذخیرہ مجلس زبان دفتری تیار کر چکی ہے جس کی کوششوں سے ہزارہا اصطلاحات کا ترجمہ ہو چکا ہے اور ہزارہا اصطلاحات چھپ کر فہرستوں کی صورتوں میں مرتب ہو چکی ہیں۔ صوبہ مغربی پاکستان میں ان سے کام لیا جاسکتا ہے۔ باقی دقتیں عمل و تعامل سے دور ہو جائیں گی۔ اور بظاہر کوئی معقول وجہ جواز دفتری زبان کی اردو میں منتقلی کے خلاف موجود نہیں۔ ملک کی رائے عامہ بھی اس کے حق میں ہے اور ملک کے سیاسی و سماجی نمائندے بھی اس کی تائید کر رہے ہیں۔ جہاں تک تعلیمات میں ذریعہ تعلیم کو بدلنے کا سوال ہے اس کا آغاز ثانوی تعلیم کے بورڈ کی اس سکیم کی شکل میں ہو گیا ہے۔ اور توقع ہے کہ ملک بھر میں اس صحیح اقدام کا خیر مقدم ہی کیا جائے گا۔ اس کے بعد یونیورسٹی میں اردو ذریعہ تعلیم کا مسئلہ غالباً خود بخود حل ہو جائے گا۔

صدر محترم! آخر میں میں عرض کرتا ہوں کہ سائنس کے متعلق آپ سے زیادہ کسی کو کچھ کہنے کا حق حاصل نہیں اس کے ذریعہ تعلیم کے متعلق تو آپ ہی ہماری صحیح رہنمائی کرسکیں گے مگر میں آرٹس کے مضامین کے متعلق اتنا عرض کرسکتا ہوں کہ تعلیمی لحاظ سے آرٹس کے مضامین کا بذریعہ انگریزی میں پڑھانا جملہ مصالح قومی کے خلاف ہے۔ اور جس قدر جلد اس معاملے میں تبدیلی اختیار کر لی جائے اسی قدر مناسب اور مستحسن ہو گا۔ میں جانتا ہوں کہ ہمارے ملک میں کچھ روشن خیال حضرات ایسے بھی ابھی کھڑے ہوں گے جو "دشت کے دکھ" سے ڈرا کر اور علم کی عالمی لہروں کا واسطہ دے کر پاکستانی قوم کو اردو سے محروم رکھنے کی اب بھی کوشش کریں گے مگر توقع کامل ہے کہ ہماری حکومت اپنے صحت مند شعور کی بنا پر اس قسم کے مشوروں کو اب قبول نہ کرے گی اور اس سے بھی زیادہ یہ کہ پاکستانی قوم اس قسم کے خلاف قومیت افعال و نظریات کو اب کسی صورت گوارا نہ کرے گی۔

جناب صدر ! میری عاجزانہ درخواست ہے کہ آپ اپنے اثر و رسوخ سے کام لے کر حکومت مغربی پاکستان سے یہ فیصلہ کرائیں کہ ملک و قوم کے ہمہ گیر مفادات کے پیش نظر حکومت جلد ایک باوقار کمشن مقرر کرے جس کا کام ایسی تجاویز مرتب کرنا ہو جن کی مدد سے زبان کے مسئلے کے متعلق کوئی عملی قدم اٹھایا جا سکتا ہو اسی طرح یہ بھی حکومت سے درخواست کی جانی چاہئے کہ وہ ایک باوقار اردو اکیڈمی قائم کرے جس کے زیر ہدایت اردو کو علمی احاط سے انگریزی کی سطح پر لانے کے لئے علمی تصانیف تیار کی جائیں ۔ یہ دونوں چیزیں قومی احاط سے ہماری بنیادی ضروریات ہیں ، مجھے امید ہے کہ آپ اس معاملے میں بھی ہماری رہنمائی فرمائیں گے ۔ ان سب باتوں کی تکمیل میں ، میں اور میرے رفقا اورینٹل کالج کی طرف سے آپ کو اپنے کامل تعاون کا یقین دلاتے ہیں ۔

جناب والا ! میں آخر میں ایک بار پھر آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور آپ کی وساطت سے جملہ حاضرین و سامعین کی خدمت میں بھی اپنے جذبات شکریہ و امتنان پیش کرتا ہوں ۔

ضمیمے

صفحہ

ضمیمہ الف

کالج کے اساتذہ کی فہرست

نام	عہدہ
۱- سید عبداللہ ایم - اے - ڈی لٹ	پرنسپل و رئیس شعبہ اردو
۲- محمد باقر ایم - اے - پی ایچ - ڈی	پروفیسر و رئیس شعبہ فارسی
۳- سید وزیر الحسن عابدی ایم - اے -	ریڈران سپوکن ایرانین
۴- ڈاکٹر ابواللیث صدیقی ایم - اے - پی ایچ - ڈی -	سینئر لیکچرار اردو
۵- عبادت بریلوی ایم - اے - پی ایچ ڈی -	سینئر لیکچرار اردو
۶- سید وقار عظم ایم - اے -	لیکچرار اردو
۷- عبدالشکور احسن ایم - اے - ایل ایل بی -	لیکچرار فارسی
۸- فیوض الرحمن مولوی فاضل منشی فاضل - فاضل دیوبند	لیکچرار فارسی
۹- سید میرک شاہ مولوی فاضل - منشی فاضل - فاضل دیوبند	اُستاد فارسی
۱۰- نور الحسن مولوی فاضل- فاضل دیوبند	اُستاد عربی
۱۱- عبدالصمد صارم منشی فاضل - فاضل دیوبند - فاضل ازھر	اُستاد فارسی و عربی
۱۲- سید محمد العربی فاضل ازھر	ٹیچر ان موڈرن عربک
۱۳- عبدالحفیظ ایم - اے - پی - ایچ - ڈی	لیکچرار ترکی
۱۴- بشارت علی ایم - اے - پی - ایچ - ڈی	لیکچرار جرمن

REPORT OF THE ARABIC DEPARTMENT
(1955-56)

Dr. Inayatullah carried on the normal work of the Arabic Department in an honorary capacity, teaching the post-graduate classes and supervising the work of the research students. In conducting the M A Arabic Class, he was assisted by Mr Abdul Qayyum, M A of the Government College, Lahore and Hafiz Noor-ul- Hasan, M. Abdus Samad Sarim, and Mohammad al-Arabi of the Oriental College.

During the year under report, the enrollment in the Arabic Department has been most encouraging. At the present time, there are two dozen students on the rolls of M.A Class, one-third of them being girls. Never in the history of this University has this class reached this record number before.

INAYATULLAH,
Hony. Head of the Arabic Department,
University of the Panjab.
28-2-56

REPORT OF THE PERSIAN DEPARTMENT
TEACHING STAFF

1. Dr. Muhammad Baqir, M A, Ph D. (London), Professor of Persian in the University of the Panjab and Head of Department
2. Syed Vazir ul-Hasan Abedi, M.A, University Reader in Spoken Iranian
3. Mr. Abdul Shakoor Ahsan, M.A., LL.B., University Lecturer in Persian.
4. Prof. Ilm-ud-Din Salik, M.A., M.O.L., Islamia College, Lahore.
5. Mr. Ashiq Muhammad Ghauri. M.A., Dyal Singh College, Lahore.

6. Mirza Maqbool Beg Badakhshani, M.A., Government College, Lahore.

7. Mr. Shamsuddin, M.A., Islamia College, Lahore.

8. Maulana Fayuz-ur-Rahman, Lecturer in Persian, University Oriental College, Lahore.

9. Syed Mirak Shah, 2nd Maulvi, Oriental College, Lahore.

10. Mr. Abdus Samad Sarim, Additional Maulvi, University Oriental College, Lahore.

11. Professor Dr. S.M., Abdullah, University Professor of Urdu.

Professor Dr. Muhammad Baqir, Head of the University Persian Department was awarded a special certificate of merit by the Ministry of Education of Imperial Iranian Government in appreciation of his services rendered to the promotion of research in Iranian language, literature and history, and popularisation of Iranian literature in Pakistan. H.E. Aghaye Dr. Reza Jafari, Minister of Education congratulated Dr. Baqir on his efforts and sent him the sincerest thanks of learned people of Iran.

Mr. Abdul Shakoor Ahsan, University Lecturer in Persian was invited by the Teheran University for a research scholarship. Mr. Ahsan, during his stay at the University of Teheran attended the special course recently started for foreign scholars and passed the following compulsary examinations :—

1. Modern Persian language (زبان پارسی امروز) This covers phonetics, modern idiom and colloquial Persian with reference to different dialects.

2. Persian culture and literature (فرهنگ و دیاب ایران)

This paper includes the pre and post Islamic literary and political history of Iran, different literary styles and prosody, etc.

Apart from these, Mr. Ahsan passed the following exami-nations of the doctorate course with credit.—

1. Old Persian Language (پارسی باستان)
2. Avesta Language (اوستا)
3. Pahlevi Language (پہلوی)
4. Ancient Persian cultures (فرهنگ ایران باستان)

By passing the abovementioned six examinations with credit Mr. Ahsan has covered the entire field of ancient and Modern Language of Iran. It may be mentioned that no Pakistani scholar had yet qualified in all the abovementioned ancient language examinations and by passing them. Mr. Ahsan has achieved a unique distinction.

STUDENT

The number of students on roll during the year was :

M.A. V Year	....	29
M.A. VI Year	...	26

RESULT

Class	....	VI
Total Number of Examinees		11
No of successful candidates		8

APPOINTMENTS

Said-ul-Hasan Khwaja has been appointed recently Lecturer in Persian at Murray College, Sialkot.

EXTRA CURRICULAR ACTIVITIES

Public Lectures :

The following public lectures were arranged during the session :—

(*a*) **H.E. Aghaye Reza Jafari, Minister, of Education Iran.**

Education in Iran (Senate Hall) January 29, 1955.

(*b*) **Aghaye Dr. Lotf Ali** Suratgar, **Professor Teheran University.**

Trends in Modern Persian Literature (Senate Room), January 29, 1955.

(*c*) **Aghaye Dr. Mehdi Beyani Director-General, National Library, Teheran.**

Calligraphy (Govt. College, Lahore) January 31, 1955.

(*d*) **Aghaye Dr. Hossein Khatibi, Professor, Teheran University.**

Literary appreciation of Iqbal's style (Govt. College, Lahore), January 31, 1955.

(*e*) **Aghaye Dr. Isa Sepahbodi, Professor Teheran University.**

(*i*) Law Education in Teheran (Senate Room) February, 1955.

(*ii*) Modern Iran (Islamia College, Lahore), February, 1955.

(*f*) **Dr. Muhammad Baqir.**

(i) Millennium of Ibn-e-Sina in Teheran (Pakistan Art Council, Lahore), November 24, 1954.

(ii) غالب کے عہد کا سیاسی ماحول (Islamia College, Lahore) February 15, 1955.

(*iii*) Litho and Type Scripts for Children's Books (Pakistan Publishers Association, Lahore), March 22, 1955.

(*iv*) قومی کردار اور چھوٹی چھوٹی باتیں (انجمن حمایت اسلام) March 25, 1955.

(v) اقبال اور معاشرہ (Corporation Hall, Lahore), April 21, 1955.

University Extension Lecture :

Dr. Muhammad Baqir delivered the University Extension Lecture on "The Press in Iran" at the S. E. College, Bhawalpur on the 10th January, 1955.

Literary and Critical Contributions :—

The following literary and critical articles were contributed to eminent journals of the country.

Dr. Muhammad Baqir.

1. سر عبدالقادر (نقوش فروری ۱۹۵۵)

2. لندنی اور پنجابی معاشرت میں فرق (کواپریشن فروری ۱۹۵۵)
3. میرے استاد (پرتاب رائے) سیارہ فروری ۱۹۵۵)
4. تقدیر امم (مقالات یوم اقبال)
5. ڈاکو (سیارہ اپریل ۱۹۵۵)
6. Iqbal : Greatest Islamic Social Planner (Civil & Military Gazette), April 21, 1955.
7. قومی کردار اور چھوٹی چھوٹی باتیں (Humayun, Qindeel & Himayet-e-Islam).

RESEARCH WORK

I. Publications.

(1) Aghaye S. M. Taghi Moghtaderi, Cultural Counsellor of Iran in Afghanistan :
فرہنگ صدری Oriental College Magazine, February, and August, 1954.

(2) Dr. Muhammad Baqir :
(i) احوال و آثار حویلی تبریزی Oriental College Magazine, May and August, 1954
(ii) Khulassatul Insha of Sujan Singh Dhir, The Pakistan Historical Society Journal, July, 1955.
(iii) Historian and Tourists on Ancient Lahore, The Pakistan Review, July, 1955.
(iv) The Press in Iran, Oriental College Magazine, November, 1953, February, 1954 and August, 1955.

(3) Mr. V. H. Abedi, Reader in Spoken Iranian.
ایرانی صوبیات Oriental College Magazine, May, August, 1954.

II. Research Scholar

Mr. Muhammad Zafar Khan. the University Research Scholar completed his thesis on the Persian Poets of Kashmir and resigned his post.

III. Research Students

(i) The following students worked under the supervision of Dr. Muhammad Baqir :

Sr. No.	*Name of the Students*	*Tital of thesis*
1.	Khwaja Abdul Hamid Irfani (Ph. D)	احوال و آثار ملک‌الشعرا بہار

2. Hamid Khan (M. A.) احوال و آثار عارف قزوینی
3. Mushtaq Ahmad Khan (M. A.) فارسی شاعری میں سیاسی افکار

(ii) The following other thesis were completed and submitted by M. A. students :

1. Miss Mahmuda Akhtar ترجمه قابوس نامه
   (Supervisor : Prof. Mirza Maqbool Beg Badakh. shani)
2. Mrs. Rahmania Ghaznavi احوال و آثار تبریزی
   (Supervisor : Prof. Ilm ud-Din Salik)

VISIT OF IRANIAN DELEGATION

A delegation led by H. E. Aghaye Reza Jafari, the Minister of Education, Iran and including the following visited the University in January, 1955 :

Aghaye Professor Dr. Lotf Ali Suratgar
Aghaye Dr. Mehdi Beyani
Aghaye Professor Dr. Hossin Khatibi
Aghaye Sadegh Sarmad
Aghaye Dr. Ahmad Roustaiyan
Aghaye A. M. Shapurian

H. E. Aghaye Reza Jafari and other member of the delegation addressed in Persian large gatherings of University students on various academic and literary subjects. A detail of these lectures appears under the "Public lectures".

SPOKEN IRANIAN CLASS

As an experimental measure an evening class for Spoken Iranian was started by the University for 3 months beginning w-e-f October 1, 1955. A detailed programme based on broad lines of the pattern followed by the Tehran University was drawn up and students passing the University examination will be awarded a certificate. The following teachers are engaged in teaching :

Professor Dr. Muhammad Baqir
Mr. V. H. Abedi.
Mr. A. S. Ahsan.

شعبہ اردو

سالانہ رپورٹ (سال ۵۵-۱۹۵۶ء)

I- عملہ : سال زیر تبصرہ میں ڈاکٹر ابواللیث صدیقی صاحب ایم - اے پی ایچ - ڈی کا تقرر بحیثیت یونیورسٹی ریڈر، کراچی یونیورسٹی عمل میں آیا - سال ۵۶-۱۹۵۵ء میں مندرجہ ذیل اساتذہ حسب سابق شعبہ اردو کی تدریس میں مصروف رہے :-

۱ - ڈاکٹر سید عبداللہ ایم - اے - ڈی لٹ - پروفیسر و صدر شعبہ اردو - پنجاب یونیورسٹی - لاہور -

۲- ڈاکٹر ابواللیث صدیقی- ایم - اے - پی ایچ - ڈی -

۳- ڈاکٹر عبادت بریلوی - ایم - اے - پی - ایچ ڈی -

۴- پروفیسر سیّد وقار عظیم ایم - اے -

II- تدریس : ایم - اے اردو کی تدریس انٹر کالجیئیٹ اصول پر ہوتی ہی - مقامی کالجوں کے مندرجہ ذیل اساتذہ نے تدریس میں شرکت کی :-

۱ - پروفیسر علم الدین سالک - ایم-اے - اسلامیہ کالج - لاہور

۲- پروفیسر قیوم نظر - ایم - اے ، گورنمنٹ کالج - لاہور

۳- پروفیسر عاشق محمد غوری - ایم-اے- دیال سنگھ کالج-لاہور

اس کے علاوہ شعبہ اردو کے اساتذہ کے ساتھ ساتھ کالج کے مندرجہ ذیل اساتذہ نے بھی ادیب فاضل کی تدریس میں حصہ لیا :-

۱- مولانا فیوض الرحمن صاحب

۲- مولانا سید میرک شاہ صاحب

۳- مولانا عبدالصمد صارم صاحب

۴- مولانا نورالحسن صاحب

III- داخلہ : ایم - اے - اردو اور ادیب فاضل کی جماعتوں کے داخلے کے اعداد و شمار درج ذیل ہیں :-

	طلباء	طالبات	کل
۱- ایم - اے - اردو سال پنجم -	۲۵	۸	۳۳
۲- ایم - اے اردو سال ششم -	۸	۲	۱۰
۳- ادیب فاضل -	۲۰	۷	۲۷

IV- نتائج : ایم - اے اردو فائنل کے امتحان میں ۸ طلباء شریک ہوئے اور سب کے سب کامیاب ہوئے - اوریئنٹل کالج کی طالبہ مس سیدہ ناصرہ خاتون نے ۳۷۳ نمبر حاصل کئے اور یونیورسٹی میں اول رہیں - محمد اسلم نے ۳۳۴ نمبر حاصل کئے اور یونیورسٹی میں دوم پوزیشن حاصل کی - کامیاب طلباء میں سے تین اول درجے میں کامیاب ہوئے - دو دوم درجے میں - اور تین سوم درجے میں -

V- ایم - اے - اردو کے مقالات کی نگرانی : اساتذہ شعبہ اردو نے ایم - اے - (اردو) کے مندرجہ ذیل مقالات کی نگرانی کی :-

(الف) ڈاکٹر سید عبداللہ -

نام طالب علم	عنوان مقالہ
۱- سیدہ ناصرہ خاتون	"ابوالاثر حفیظ جالندھری"
۲- غلام حسین	"مولانا ظفر علی خان"

(ب) ڈاکٹر ابواللیث صدیقی -

۳- محمد اسلم کاظمی . . . . ترجمہ " ناول اورجمہور"
Novel and the People by Ralph Fox

(ج) سید وقار عظیم -

مس عابدہ کیانی . . . . "امیر مینائی اور انکی شاعری"

VI- تحقیقی کام کی نگرانی : ایم - اے - اردو کے مقالات کی نگرانی کے ساتھ ساتھ اساتذہ شعبہ اردو پی ایچ - ڈی کے مقالات کی نگرانی بھی کرتے رہے - مندرجہ ذیل حضرات، اساتذہ شعبہ اردو کی نگرانی میں پی ایچ - ڈی کے مقالات مرتب کرتے

رہے ۔ چند مکمل ہو کر یونیورسٹی میں ڈاکٹریٹ کی ڈگری
کے لئے پیش بھی ہوچکے ہیں :-

(الف) ڈاکٹر سید عبداللہ ۔

۱۔ مہر عبدالحق ۔ ایم ۔ اے ۔ ، اے ۔ ڈی ۔ آئی اسکولز۔ ملتان
''ملتانی زبان اور اس کا اردو سے تعلق''

۲۔ ا ۔ د ۔ نسیم ۔ ایم ۔ اے ۔ لیکچرار گورنمنٹ کالج منٹگمری
''اردو شاعری کا مذہبی اور فلسفیانہ عنصر''

۳۔ مسز خاور درانی ۔ ایم ۔ اے ۔ گورنمنٹ کالج فارویمن۔لائلپور
''بہادر شاہ ظفر اور ان کا عہد''

۴۔ پروفیسر محمد موسی خان کلیم ۔ ایم ۔ اے ۔ گورنمنٹ کالج ۔
ڈیرہ غازی خان ۔
''غالب — ایک جائزہ''

۵۔ مس صفیہ عبدالحق ۔ ایم ۔ اے ۔
''غلام مصطفی خان شیفتہ اور ان کے معاصرین''

اس کے علاوہ اساتذہ شعبہ اردو مندرجہ ذیل طلباء کو (بورڈ
میں پیش ہونے سے قبل) پی ۔ ایچ ۔ ڈی ۔ کے مقالات کے سلسلے
میں ہدایات دیتے رہے :-

۱۔ مس آمنہ عنایت ۔ ایم ۔ اے ۔ لیکچرار ، اسلامیہ کالج
فارویمن ۔ لاہور
''سرشار''

۲۔ مس آمنہ مینائی ۔ ایم ۔ اے ۔
''اردو نثر کا لکھنوی دبستان''

۳۔ خواجہ محمد اختر بیگ ۔ ایم ۔ اے ۔
''آتش اور ان کا زمانہ''

۴۔ مس زبیدہ قریشی ۔ ایم ۔ اے ۔
''میر اور ان کا کلام''

۵۔ ارشاد احمد ارشد ۔ ایم ۔ اے ۔
''اردو میں شخصی ، مذہبی اور قومی مرثیہ نگاری ـــــ
تاریخ و تنقید''

۶۔ فدا محمد ۔ ایم ۔ اے ۔
''اردو میں مرثیہ کا ارتقاء''

۷۔ مرید حسین شیخ ۔ ایم ۔ اے ۔
''اردو نظم نگاری کی تاریخ اور ارتقاء''

۹۔ کاظم حسین ۔ ایم ۔ اے ۔
''نقدالمرثیہ بحوالہ مطالعہ خصوصی انیس''

(ب) ڈاکٹر ابواللیث صدیقی ۔

ڈاکٹر ابواللیث صدیقی صاحب کی زیر نگرانی مندرجہ ذیل اصحاب پی ایچ ۔ ڈی کے مقالات کے سلسلے میں ہدایات حاصل کرتے رہے :۔

۱۔ صفدر حسین ۔ ایم ۔ اے ۔ لیکچرار ،گورنمنٹ کالج ۔ لائلپور
''نوابان اودھ کے عہد میں زندگی اور ادب''

۲۔ مسٹر صابر علی خان ایم ۔ اے ۔ لیکچرار ، کوئن میری کالج ۔ لاہور نے مقالہ بعنوان ''سعادت یار خاں رنگین'' ڈاکٹر ابواللیث صدیقی صاحب کی نگرانی میں مکمل کیا جس پر پنجاب یونیورسٹی نے موصوف کو پی ۔ ایچ ۔ ڈی کی ڈگری دی ۔

(ج) ڈاکٹر عبادت بریلوی ۔

۱۔ سید وزیر آغا ۔ ایم ۔ اے ۔
''اردو میں طنز و مزاح'' یہ مقالہ مکمل ہو کر ڈاکٹریٹ کے لئے یونیورسٹی میں ارسال کیا جا چکا ہے ۔

(د) سید وقار عظیم ۔

سید وقار عظیم صاحب کی زیر نگرانی مندرجہ ذیل پی ۔ ایچ ۔ ڈی کے مقالات تکمیل کے مراحل طے کر رہے ہیں :

۱- محمد اسلم - ایم - اے -
''ڈراما نگاری کا فن اور اردو دراما''
۲- ناظر حسن زیدی - ایم - اے -
''مومن خان مومن دہلوی''
۳- مس کلثوم سلطانہ - ایم - اے -
''نذیر احمد دہلوی''

VII- اردو ریسرچ اسکالر :

مس امرت ایم - اے - بحیثیت اردو ریسرچ اسکالر پنجاب یونیورسٹی میں کام کر رہی ہیں - اور ڈاکٹر سید عبداللہ ، صدر شعبہ اردو پنجاب یونیورسٹی کی نگرانی میں اپنا مقالہ بعنوان ''اردو میں پنجاب کا حصہ'' مکمل کر رہی ہیں -

VIII- فارغ التحصیل طلباء کی ملازمت :

ایم - اے - اردو پاس کرنے کے بعد مندرجہ ذیل طلباء حصول ملازمت میں کامیاب ہوئے :-

۱- سعید احمد قریشی - ایم - اے :- سی - ایس - پی - میں آئے -
۲- ایم اے - مجید یزدانی ، جہاں زیب کالج سوات ، میں بہ حیثیت لیکچرار مقرر ہوئے -
۳- محمد اسلم کاظمی بہ حیثیت لیکچرار گورنمنٹ کالج رحیم یار خان میں مقرر ہوئے -
۴- مس سیدہ اختر کا لیڈی میکلیگن کالج لاہور میں بحیثیت لیکچرار اور لائبریرین تقرر عمل میں آیا -
۵- سید ناظر حسن زیدی گورنمنٹ کالج مظفر گڑھ بہ حیثیت اردو لیکچرار مقرر ہوئے -
۶- مس حبیبہ اختر - وارڈن گورنمنٹ گرلز کالج ملتان

IX- اساتذہ شعبہ اردو کی تحریرات جو سال زیر تبصرہ میں مختلف ادبی رسائل میں شائع ہوئیں :-

(الف) ڈاکٹر سیّد عبداللہ

۱- میر اور نیرنگ عناصر
ماہ نو ، مئی ۱۹۵۵ء
۲- مطالعہ رومی کی تاریخ میں اقبال کا مقام
ماہ نو ، اپریل ۱۹۵۵ء
۳- غالب پیش رو اقبال
ماہ نو ، استقلال نمبر ، اگست ۱۹۵۵ء
۴- ادب میں جمالیاتی عنصر
دومیل میگزین گورنمنٹ کالج مظفر آباد (آزاد کشمیر)
۵- شاعری جنون یا عمل
سالنامہ ادب لطیف ، لاہور مارچ ۱۹۵۵ء
۶- سرسید کا اثر اردو ادبیات پر
علی گڈھ میگزین ، سرسید نمبر ۱۹۵۵ء
۷- آتش محض مرصّع ساز یا شاعر بھی
نیا دور کراچی ۱۹۵۵ء
۸- ایک صدی کی ادبی تحریکیں
سالنامہ چٹان ، لاہور ۱۹۵۶ء
۹- تہذیب الاخلاق کی اہمیت
برگِ گل (سر سید نمبر)

اس سال ڈاکٹر سید عبداللہ نے مجموعہ ارمغان علمی بخدمت پروفیسر ڈاکٹر محمد شفیع شایع کیا - اور ۲۹ اکتوبر ۱۹۵۵ء کو سینٹ ہال میں ایک جلسہ عام میں پروفیسر موصوف کی خدمت میں پیش کیا -

(ب) - ڈاکٹر ابواللیث صدیقی

سال ۵۵-۱۹۵۴ء میں ڈاکٹر ابواللیث صدیقی صاحب کی مندرجہ ذیل کتابیں شایع ہوئیں :

۱- نظیر ان کا عہد اور شاعری
سائع کردہ اردو اکیڈمی - سندھ کراچی

۲- انتخابات نثر اردو
سائع کردہ ماڈرن بک ڈپو - لاہور

ڈاکٹر ابواللیث صدیقی صاحب کے نسعدی اور تحقیقی مقالات مندرجہ ذیل رسالوں میں سائع ہوئے :-

۱- اردو کے بچیس سال
ساقی ، کراچی ، جوبلی نمبر ۱۹۵۵ء

۲- منٹو
نقوش - لاہور ، منٹو نمبر ۱۹۵۵ء

۳ نظیر کی غزل
اوریئنٹل کالج میگزین - مئی ۱۹۵۵ء

۴- ولی دلی میں
ماہ نو ، کراچی ، جون ۱۹۵۵ء

۵- تنقید اور نفسیات
ماہ نو ، کراچی ، اگست ۱۹۵۵ء

۶- نفسہائے رنگ رنگ (غالب کی فارسی شاعری)
ماہ نو ، اکتوبر ۱۹۵۵ء

۷- رنگین اور ان کی شاعری
'فنکار' دھلی -

۸- دست صبا اور فیض کا فن شاعری
'امروز' لاہور

۹- مرزا یاس یگانہ اور ان کا کلام

۱۰- فنون لطیفہ (اردو ادب کے آٹھ سال میں شائع ہوا) -

۱۱- واجد علی شاہ کی ایک نادر تصنیف (اردو ادب کے آٹھ سال میں شائع ہوا) -

(ج) ڈاکٹر عبادت بریلوی

سال—۵۵-۱۹۵۴ء میں ڈاکٹر عبادت بریلوی صاحب کی مندرجہ ذیل کتابیں شائع ہوئیں :-

۱- غزل اور مطالعہ غزل
شائع کردہ انجمن ترقی اردو پاکستان ، کراچی

۲- کلیاتِ مومن مع مقدمہ
شائع کردہ - کتابی دنیا - کراچی

اس کے علاوہ اردو کے مختلف رسائل میں ڈاکٹر عبادت بریلوی صاحب کے مندرجہ ذیل تنقیدی اور تحقیقی مقالات شائع ہوئے :-

۱- بابائے اردو ڈاکٹر عبدالحق
'نقوش' لاہور ، شخصیات نمبر ، جنوری ۱۹۵۵ء

۲- غالب اور غم دوران
'ماہ نو' کراچی - فروری ۱۹۵۵ء

۳- غزل کے نئے میلانات
'ماہ نو' کراچی - فروری ۱۹۵۵ء

۴- اقبال کی شاعری کا انسانی پہلو
'ماہ نو' کراچی - اپریل ۱۹۵۵ء

۵- اردو تنقید کے پچیس سال
'ساقی' کراچی - جوبلی نمبر ، اگست ۱۹۵۵ء

۶- منٹو کی حقیقت نگاری
'نقوش' لاہور ، منٹو نمبر ، اپریل ۱۹۵۵ء

۷- اردو غزل میں ہیئت کے تجربے
'ادب لطیف' لاہور - سالنامہ ۱۹۵۵ء

۸- روایت اور انفرادی صلاحیت
'سویرا' نمبر ۱۷، ۱۸ ، ۱۹۵۵ء

۹- دیوان شفتہ (تبصرہ)
اورینٹل کالج میگزین، ۱۹۵۵ء

۱۰- مختصر افسانے کا فن
'نقوش' لاہور، افسانہ نمبر ۱۹۵۵ء

(د) پروفیسر سید وقار عظیم

پروفیسر سید وقار عظیم صاحب کے تنقیدی و تحقیقی مقالات مندرجہ ذیل رسالوں میں شائع ہوئے :-

۱- سرور صاحب
'نقوش' لاہور شخصیات نمبر، جنوری ۱۹۵۵ء

۲- منٹو - عظیم فنکار
'ماہ نو' کراچی - اپریل ۱۹۵۵ء

۳- بدنام منٹو
'افکار' کراچی - اپریل ۱۹۵۵ء

۴- منٹو کا فن
'نقوش' لاہور، منٹو نمبر، اپریل ۱۹۵۵ء

۵- مختصر افسانے کے پچیس سال
'ساقی' کراچی، جوبلی نمبر ۱۹۵۵ء

۶- حسرت، شخصیت اور فن
علی گڑھ میگزین - اپریل ۱۹۵۵ء

۷- اندر سبھا کی ادبی اہمیت
'ماہ نو' کراچی، مئی ۱۹۵۵ء

۸- اندر سبھا کی غزلیں اور گیت
'ماہ نو' کراچی، جون ۱۹۵۵ء

۹- اندر سبھا کا فن
'ماہ نو' کراچی، جولائی ۱۹۵۵ء

۱۰- داستان سے افسانے تک

'نقوش' لاہور - جنوری ۱۹۵۵ء

۱۱- افسانہ نگاروں کی نئی پود

ساقی کراچی ، فروری ۱۹۵۵ء

۱۲- ہماری داستانیں - (اردو ادب کے آٹھ سال میں شائع ہوا) -
پروفیسر سید وقار عظیم صاحب کی مندرجہ ذیل دو کتابیں
زیر اشاعت ہیں :-

۱- ہماری داستانیں

ادارہ فروغ اردو ، لاہور

۲- اندر سبھا اور شرح اندر سبھا

اردو مرکز ، لاہور

ضمیمہ ج

انجمن عربی و فارسی

ڈاکٹر مولوی محمد سفیع صدر انجمن کی رھنمائی میں وقتاً فوقتاً علمی و ادبی نشستیں منعقد ھوتی رھیں اور انجمن کا سہ ماھی علمی و تحقیقی مجلہ شائع ھوکر دنیائے علم و ادب سے خراج تحسین حاصل کرتا رھا ۔

اورینٹل کالج میگزین

مقام مسرت ھے کہ کالج کا یہ سہ ماھی رسالہ جو کچھ بے قاعدہ سا ھوگیا تھا اس کے تمام پچھلے سمارے مکمل کرکے سائع کردئے گئے ھیں ۔ توقع ھے کہ یہ مجلہ آیندہ باقاعدگی سے سائع ھوا کریگا ۔

کالج یونین

ڈاکٹر ابواللیث صدیقی صاحب کو اس سال کے لئے صدر یونین مقرر کیا گیا تھا ۔ آن کی رھنمائی میں یونین نے بڑے سرجوس طریقے سے اپنی ادبی مجلسی سرگرمیاں جاری رکھیں اور کئی ایک سخصیتوں کو مدعو کیا ۔ تفصیل کے لئے صفحہ ۴۰ ملاحظہ فرمائیں ۔

سپورٹس

صدر اسپورٹس ڈاکٹر ابواللیث صدیقی کی رھنمائی میں طلباء اور طالبات نے مختلف کھیلوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا ۔ کھیلوں کا معیار پچھلے سالوں کے مقابلے میں کافی بلند تھا حالانکہ کوئی .P.T.I آن کی تربیت کے لئے مقرر نہیں ھے ۔ تفصیل کے لئے صفحہ ۴۶ ملاحظہ فرمائیں ۔

لائبریری

پچھلے سال کالج لائبریری کمیٹی نے جو قوانین مرتب کئے تھے ۔ اس سال لائبریری کا تمام کاروبار آنھیں قواعد کی روشنی میں چلایا گیا اور اس طرح آن مشکلات پر قابو پالیا گیا جو قواعد کی عدم موجودگی کی وجہ سے پیش آتی رھی تھیں البتہ کارڈ کیٹا لاگ کا سامان نہ ھونے کی وجہ سے لائبریری کو چلانے کے لئے بڑی مشکلات پیش آرھی ھیں کیونکہ اس سامان کے بغیر لائبریری مکمل ھی نہیں ھوسکتی ۔ پچھلے تین سالوں

سے یونیورسٹی کے ارباب اختیار کو اس مقصد کے لئے ضروری رقم مہیا کرنے کے لئے ہر سال درخواست دیجاتی ہے لیکن تا حال اس کی منظوری نہیں ملی۔ اس سال یہ درخواست پھر گزاری گئی ہے اور اگر یہ منظور کرلی گئی تو کالج لائبریری تمام پہلووں سے مکمل ہوجائے گی۔ اس وقت کالج لائبریری میں ۲۸۹۰ کتابیں موجود ہیں۔

ولفر فنڈ

پچھلے سال ولفر فنڈ کی تنظیم کے لئے جو قدم اٹھائے گئے تھے اُن پر کالج کی بڑھی ہوئی دوسری اہم سرگرمیوں کی وجہ سے پوری توجہ نہ دی جاسکی۔ تاہم گذشتہ سالوں کی طرح اس سال بھی دس غریب و مستحق طلباء پر -/۴/۳۷۲ روپے اس فنڈ میں سے خرچ کئے گئے۔ مگر ولفر فنڈ کی حالت اچھی نہیں۔

کالج کونسل

کالج کونسل نئی تنظیم کے انتظار میں اس سال بھی معطل رہی۔

اورئینٹل پبلیکیشن فنڈ

اورئینٹل پبلیکیسن فنڈ کمیٹی نے اس فنڈ کو باقاعدہ نظم و نسق کے تحت تسلی بخش طریقے سے چلانے کے لئے جو قوانین مرتب کر کے یونیورسٹی سنڈیکیٹ کو منظوری کے لئے نومبر ۱۹۵۴ء میں بھیجے تھے وہ اب چانسلر کمیٹی نے چند ترمیمات کے ساتھ منظور کرلئے ہیں۔ اس سلسلہ میں جو نئی کمیٹی مقرر کی گئی ہے اُس کے عہدہ داروں اور ممبران کے نام صفحہ ۴۰ میں ملاحظہ فرمائیں۔

ہوسٹل کی نگرانی

ہوسٹل کے نظم و نسق کو بہتر اور اس کی مناسب نگرانی کے لئے جو کمیٹی پچھلے سال بنائی گئی تھی اس کی رہنمائی میں ہوسٹل کا نظم و نسق پہلے سے کچھ بہتر ہے۔

تعداد طلباء
(جو سال ۱۹۵۵-۵۶ء میں داخل ہوئے)

۱- ایم - اے - عربی سال پنجم	۱۱
۲- ایم - اے ,, ,, ششم	۱۳
۳- ایم - اے فارسی ,, پنجم	۱۵
۴- ایم - اے ,, ,, ششم	۲۲
۵- ایم - اے اردو ,, پنجم	۱۲
۶- ایم - اے ,, ,, ششم	۱۸
۷- ,, اسلامیات ,, پنجم	۳
۸- ,, ,, ,, ششم	۲۵
کل تعداد	= ۱۱۹

۹- منشی فاضل	۲۴
۱۰- ادیب فاضل	۳۴
۱۱- مولوی فاضل	۶
۱۲- عربی شام کی جماعت	۷
۱۳- سرٹیفکیٹ ان جرمن	۱۱
۱۴- ڈپلوما ان جرمن	۴
۱۵- سرٹیفکیٹ ان ٹرکس	۳
۱۶- سرٹیفکیٹ ان اسپوکن ایرانین	۱۲
	۱۰۱

کل تعداد = ۱۱۹ + ۱۰۱
= ۲۲۰

نتائج امتحانات

جماعت	امتحان میں شامل ہونے	امتحان میں پاس ہوئے	فی صدی کامیابی
۱- ایم - اے - اردو ششم	٨	٨	١٠٠%
۲- ,, فارسی ششم	١١	٨	٧٣%
۳- ,, عربی ششم	٧	٥	٧١%
۴- ,, اسلامیات ششم	١٣	١٣	١٠٠%
۵- ادیب فاضل	٢٢	٢	٩٫١%
٦- منشی فاضل	١٨	٣	١٦٫٦%
۷- مولولوی فاضل	٣	٣	١٠٠%
٨- سرٹیفکیٹ ان جرمن	٨	٧	٨٧٫٥%

یونیورسٹی ریسرچ سکالر

عربی — مس اُمة الکریم

فارسی — (خالی رہا)

اُردو — مس امیر بٹ

کالج یونین

یونین کے نامزد اور منتخب عہدہ داروں اور دوسرے نمائندوں کے نام حسب ذیل ہیں : -

۱- ڈاکٹر ابو اللّیث صدیقی — صدر

۲- عبدالغفور ایم - اے - اُردو — نائب صدر

۳- اظہر محمد خان ایم ۔ اے ۔ اُردو — معتمد عمومی

۴- امیر احمد ادیب فاضل — معتمد

۵- شمیم اختر ایم - اے - اُردو — معتمد

۶- مجلس منتظمہ :- غلام قادر فاروق ۔ خالد بزمی ۔ صابر لودھی ۔ محصنہ قریشی ۔ قاسم نوری ۔ چوہدری محمد شریف، اشتیاق احمدخاں،

لائبریری

مندرجہ ذیل حضرات پر مشتمل لائبریری کمیٹی بنائی گئی ۔

۱- ڈاکٹر سید عبداللہ — پرنسپل

۲- ڈاکٹر محمد باقر

۳- ڈاکٹر عبادت بریلوی — نگران

۴- محمد شریف ہلال — لائبریرین

ولفر فنڈ کمیٹی

ممبران کمیٹی ولفر فنڈ :۔

۱- ڈاکٹر سید عبداللہ پرنسپل صدر

۲- ڈاکٹر محمد باقر صدر شعبہ فارسی } ممبران اعزازی

۳- ڈاکٹر عنایت اللہ صدر شعبہ عربی } ممبران اعزازی

۴- ڈاکٹر ابواللیث صدیقی سکریٹری

۵- مسٹر احسان الحق (ہیڈ کلرک) خازن

اوریئنٹل پبلیکیشن فنڈ کمیٹی

۱- میاں محمد افضل حسین (وائس چانسلر) چیئر مین
۲- ڈاکٹر سید عبداللہ (پرنسپل) سیکریٹری
۳- آنریبل چف جسٹس ڈاکٹر ایس - اے - رحمان
۴- ڈاکٹر مولوی محمد شفیع
۵- ڈاکٹر خلیفہ عبدالحکیم
۶- مولانا عبدالمجید سالک
۷- میاں بشیر احمد
۸- پروفسر ایم - ایم - شریف
۹- ڈاکٹر عنایت اللہ
۱۰- ڈاکٹر محمد باقر
۱۱- علامہ علاؤ الدین صدیقی

کالج یونین کے کام کی تفصیل -

۲۲- اکتوبر ۱۹۵۵ء کو کالج یونین کے عہدیداروں کے انتخاب کے سلسلہ میں طلباء میں ایک گہما گہمی پیدا ہوگئی - دو روز پہلے الیکشن کی تاریخ کا اعلان ہوا تھا - ان دو دنوں میں مختلف امیدوار کافی سرگرم رہے تھے - اگرچہ اوریئنٹل کالج میں طلباء کا زمانہ طالب علمی بہت مختصر ہوتا ہے لیکن ایسا معلوم ہوتا تھا کہ طلباء میں یونین کی سرگرمیوں سے دلچسپی کا احساس بیدار ہوچکا ہے - ۲۲- اکتوبر کو الیکشن ہوا - انتخاب کے لئے "پوشیدہ بیلٹ" کا طریقہ اختیار کیا گیا - منصفین انتخاب ڈاکٹر ابو اللیث صدیقی ، ڈاکٹر عبادت بریلوی اور پروفیسر عبدالشکور احسن تھے - اس انتخاب کا ایک نمایاں پہلو نظم و ضبط تھا - کامیاب ہونے والے

امیدواروں کے نام حسب ذیل ھیں :—

نائب صدر : عبدالغفور صاحب

معتمد عمومی : اطہر محمد خاں صاحب

معتمد : امیر احمد شریف

انتخابات کے بعد طالبات کی نمائندہ کی حیثیت سے مس شمیم اختر کو نامزد کیا گیا ۔

مجلس منتظمہ : غلام قادر فاروق ، خالد بزمی ، صابر لودھی ، مس محسنہ قریشی، قاسم نوری ، چوھدری محمد شریف ، اشتیاق احمدخاں ، غلام‌حسین ۔ معتمد بلا مقابلہ منتخب ھوا ۔ نائب صدر اور معتمد عمومی تین گنا اکثریت سے کامیاب ھوئے۔ اس الیکشن کا ایک پہلو یہ بھی تھا کہ کالج کے تمام شعبوں کے طلباء نے یکساں دلچسپی ، سرگرمی اور حسن نظم کا اظہار کیا ، الیکشن کے چند ھی دن بعد کالج کا 'یوم تأسیس' منایا گیا ۔ یونین نے اس تقریب کو کامیاب بنانے میں حتی‌المقدور حصہ لیا ، خصوصاً کارکنوں نے بڑے حسن تنظیم کا مظاھرہ کیا ۔ اس کے دوسرے ھی روز یونیورسٹی سینٹ ھال میں ایرانی سفیر آقائی علی اصغر حکمت کی صدارت میں " مجلس ارمغان علمی " کی جانب سے ڈاکٹر مولوی محمد شفیع کی سترویں برسی (۷۰) پر انہیں ھدیۂ عقیدت کے طور پر 'ارمغان علمی' پیش کی گئی ۔ یونین کے عہدہ داروں کے علاوہ اُن کے متعلقہ کارکنوں نے بھی انتظامی امور میں حصہ لیا ۔ ۵ نومبر ۱۹۵۵ کو یونین کی مجلس منتظمہ کا پہلا اجلاس زیر صدارت ڈاکٹر ابواللیث صدیقی صدر یونین منعقد ھوا ۔ جس میں سال رواں کے پروگرام کو طے کرنے کے لئے ایک ذیلی کمیٹی مقرر کی گئی ۔ نامناسب نہ ھوگا اگر یہاں اس بات کا ذکر کیا جائے ، کہ مجلس منتظمہ کے سامنے نہایت ھی محدود مالی ذرائع تھے اور ضروری دفتری سامان بھی موجود نہ تھا ۔ چنانچہ یونین کے پروگرام کو اور اس کی پیش کی جانے والی سرگرمیوں کی سرگذشت کو ان حالات کی روشنی ھی میں دیکھنا موزوں ھوگا ۔ ذیلی کمیٹی نے سال رواں کا پروگرام طے کیا ۔ اور اس سلسلہ میں تین چیزوں کا ذکر اھم ھے ۔

اول : اس سال یونین کا مگزین نہ چھپ سکیگا ۔

دوم : کالج کے مختلف شعبوں کو الگ الگ فنڈز نہیں دئے جائیں گے ۔

سوم : طالب علموں کی الگ بزم ادب قائم نہیں نہ آئے گی ۔ بلکہ تمام سرگرمیاں مشترک ہونگی البتہ طالبات کی ایک الگ تقریب کے لئے کچھ رقم مخصوص کردی جائےگی ، مجلس منتظمہ نے ذیلی کمیٹی کے فیصلوں کو متفقہ طور پر منظور کیا ۔

یونین کی سب سے پہلی تقریب کا انعقاد '' یوم اختر شیرانی '' سے ہوا ۔ جس کی صدارت یونین کے نائب صدر جناب عبدالغفور صاحب نے فرمائی ۔ کچھ ناگزیر وجوہات کی بنا پر یہ تقریب ہماری توقعات کے مطابق کامیاب نہ ہوسکی ۔ اس کے باوجود یہ کوئی اتنی بڑی ناکامی بھی نہ تھی ، حکیم نیرّ واسطی اور قمر تسکین نے اختر شیرانی مرحوم کے فن اور شخصیت پر مقالات پڑھے ، علاؤالدین صاحب نے اختر شیرانی کی چند نظمیں ترنم سے سنائیں ، حاضرین کی تعداد اڑھائی اور تین سو کے درمیان تھی ۔ جن میں اساتذہ کرام کے علاوہ بعض قابل ذکر حضرات بھی شامل تھے ۔ اس تقریب کی دوسری نشست ایک مختصر مشاعرہ پر مشتمل تھی ۔

یونین کی سرگرمیاں :

۱ ۔ طلباء میں علمی اور ادبی ذوق کو پیدا کرنے کے سلسلہ میں یونین نے بزم ادب کی تنظیم پر بالخصوص توجہ دی ۔ (بزم ادب کی سرگرمیوں کا ذکر الگ عنوان کے تحت ہوگا)۔

۲ ۔ یونین نے مختلف کالجوں سے ربط و ضبط بڑھانے کے سلسلہ میں مباحثوں میں شرکت کو اہمیت دی ۔ چنانچہ ہمارے کالج کی طرف سے مسٹر نثار احمد ریاض ، مسٹر سلیم اختر اور مسٹر قاسم نوری نے حصہ لیا ۔ لاہور کے کم و بیش تمام کالجوں کے علاوہ ان طلباء نے راولپنڈی اور گوجرانوالہ کے مباحثوں میں بھی شرکت کی ۔ اور بعض موقعوں پر تقریروں کا اچھا معیار پیش کیا ۔

۳ ۔ طلبا کے اصرار پر دو تفریحی پروگرام بھی پیش کئے گئے ۔

(i) میجک شو (ii) محفل موسیقی

مؤخر الذکر میں پنجاب میوزک سرکل کے صدر مسٹر جی - اے - فاروق نے کلاسیکی موسیقی پر ایک محققانہ اور پُر مغز مقالہ پڑھا ، جس کی تشریح کے سلسلہ میں عملی مظاہرہ کیا - سنٹرل ٹریننگ کالج سے پروفیسر معتیزالدین صاحب نے ستار پر ایک دلکش دھن پیش کی - اس محفل میں اساتذہ اور معززین شہر نے بھی شرکت کی -

۴- طالبات نے جنوری ۵۰ء میں ایک '' پکنک '' منائی -

۵- کالج کے شاعر طلباء نے مختلف مشاعروں میں شرکت کی - دیال سنگھ کالج میں قاسم نوری اور صابر لودھی نے طرحی غزلیں پڑھیں اور دوسرا انعام حاصل کیا -

۶- امسال وائس چانسلر پنجاب یونیورسٹی کی تحریک پر یونیورسٹی کی پوسٹ گریجویٹ کلاسز کی یونین کی تشکیل کا کام عمل میں آیا جس میں اس یونین کے عہدہ داروں نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا اور جس خاص مسئلہ پر انہوں نے طلباء کو متوجہ کیا وہ قومی زندگی میں اردو زبان کی اہمیت ہے چنانچہ یونین کے نمائندوں نے تقریریں اردو ہی میں کیں -

۷- امسال لاہور کے طلباء نے ایک ثقافتی ادارہ کی تنظیم کی جس کا نام ' لاہور اسٹوڈنٹس سرکل ' رکھا گیا - یونین کے نائب صدر نے اس سرکل کی تنظیم میں سرگرمی سے حصہ لیا - صابر لودھی ایڈ ھاک کمیٹی کے ممبر چنے گئے اس سرکل میں بھی اردو زبان کی اہمیت کا ہر موقعہ پر احساس دلانے کی کوشش کی گئی اور مفید تجاویز بھی پیش کی گئیں -

۸- یونین نے اپنے دفتر کی تنظیم پر توجہ دی اور دفتری ریکارڈ کو مرتب کیا - اس کے علاوہ یونین کی سرگرمیوں کی اشاعت کا اخبارات میں خاص طور پر اہتمام کیا گیا -

۸- ۲۳ - فروری ۵۶ء کو ڈاکٹر ابواللیث صدیقی صدر یونین کو کراچی یونیورسٹی میں صدر شعبۂ اردو کے عہدہ پر تقرر کے سلسلہ میں ایک الوداعی دعوت دی گئی - اور ان کی خدمت میں مجلس منتظمہ کی طرف سے ''سپاس نامہ'' پیش کیا گیا -

۹- پنڈت دتاتریہ کیفی ، قاضی عبدالغفار ، اسرارالحق مجاز ـــ ان مشاہیر ادب و شعر کی وفات پر یونین نے خصوصی اجلاس بلائے اور ان کی علمی و ادبی خدمات کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے اپنے رنج و الم کا اظہار کیا -

بزم ادب :-

بزم ادب کا افتتاحی اجلاس حضرت جگر مراد آبادی کی آمد سے ہوا - جس میں انہوں نے اپنے مختلف ادوار کی غزلیں پڑھ کر سنائیں اس کے علاوہ نذر امروہوی نے بھی اپنا کلام سنایا - سوا سو کے قریب حاضرین تھے محفل بڑی کامیاب رہی -

اس کے بعد یونین کے ہفتہ وار اجلاس شروع ہوئے - جن میں بڑی حد تک باقاعدگی کو ملحوظ رکھا گیا - اساتذہ نے بھی پورا تعاون کیا - چنانچہ ڈاکٹر ابواللیث صدیقی ، پروفیسر وزیر الحسن عابدی اور ڈاکٹر عبادت بریلوی صاحب نے مختلف مواقع پر صدارت کے فرائض سرانجام دئے - بزم ادب میں اب تک حصہ لینے والوں کے نام یہ ہیں :-

مقالات : سجاد نسیم زیدی ، صادق فرقانی

افسانے : عبدالغفور - آرزو چوھدری ، عاقل رضوی

نظم و غزل : عبدالغفور - قاسم نوری ، اقبال رسول کامل ، سلیم اختر اور حاتم علی ظفر -

خصوصی اجلاس :

(الف) ۲۶- جنوری ۵۶ء کو پروفیسر سید وقار عظیم صاحب کی زیر صدارت مولانا محمد حسین آزاد کی برسی منائی گئی - اس میں مولانا صلاح الدین احمد نے ''آزاد کے دو ہیرو'' کے عنوان سے ایک

مقالہ پڑھا۔ اور عبدالغفور صاحب نے " مولانا آزاد — میں ان سے ملا ہوں" کے عنوان سے ایک مضمون پڑھا۔ قاسم نوری صاحب نے ترنم سے آزاد کی نظموں کے چند بند سنائے۔ آخر میں پروفیسر وقار عظیم نے ایک مختصر تقریر آزاد کے طرز نگارش اور اسلوب زندگی کے بارے میں کی۔

(ب) ۹۔ فروری ۱۹۵۶ء کو خواجہ منظور حسین صاحب پروفیسر گورنمنٹ کالج لاہور نے " بانگ درا " پر ایک عالمانہ اور انتہائی دلچسپ مقالہ پڑھا۔

(ج) ۱۷۔ فروری ۵۶ء کو کالج کے ایک قدیم طالب علم حبیب جالب نے اپنی متعدد غزلیں سنائیں۔ بزم ادب کے هفتہ وار اجلاس جاری هیں۔ اور چند خصوصی اجلاس بلانے کی تیاریاں کی جا رہی ہیں۔

(د) ۱۰۔ مارچ ۱۹۵۶ء کو زیر صدارت جناب فیض احمد فیض سٹینارڈ ہال میں ایک انٹر کالجیٹ مشاعرہ منعقد ہؤا۔ اگرچہ اس دن طوفان باد و باراں تھا اور امید نہیں تھی کہ لوگ مشاعرہ سننے کے لئے آئیں گے۔ تاہم مقام مسرت ہے کہ ہال حاضرین سے بھرا ہؤا تھا۔ انعامی مشاعرہ کے بعد چند مہمان شعرأ نے اپنے کلام سے حاضریں کو محظوظ کیا۔ جن میں صاحب صدر کے علاوہ جگر مراد آبادی۔ ندیم قاسمی۔ زہرہ نگاہ۔ صوفی تبسم۔ کلیم عثمانی اور ظہیر کاشمیری کے نام قابل ذکر ہیں۔

مجموعی تبصرہ :— یونین کی یہ سرگرمیاں کوئی قابل ذکر و فخر کارنامہ تو نہیں لیکن دو ایک باتیں اس ضمن میں کہنا ضروری ہیں۔ یونین کے عہدہ داروں اور مجلس منتظمہ کے پیش نظر یہ بات خاص طور پر رہی کہ کالج کے طلباء میں علم و ادب کا ذوق پیدا کیا جائے۔ اور انہیں جماعتی زندگی کی اہمیت کا احساس دلایا جائے۔ اور ساتھ ہی اورینٹل کالج کا رابطہ دوسرے کالجوں سے بڑھایا جائے۔ یونین نے طلباء کی "تفریحی" (Recreational) خواہشات کو بھی نظر

نداز نہیں کیا ۔ علاوہ ازیں یونین نے مختلف تقریبات پر کالج کی زندگی
میں پہلی مرتبہ کالج کے عام طلباء و طالبات کو چائے میں شریک
کر کے ایک نئی روایت قائم کی ۔ یونین نے حتی الامکان اپنے فرائض
کی انجام دہی کی سعی کی ۔

آخر میں ہمیں یونین کے چند پر خلوص سرگرم کارکنوں کا
شکریہ ادا کرنا ہے ، خاص طور پر صابر لودھی کنوینر بزم ادب ،
قاسم نوری ، حسن عسکری ، اشتیاق احمد ، اعجاز الرحمن اور
بنیاد حسین نقوی کے نام قابل ذکر ہیں ۔ علاوہ ازیں ہم کالج کے
اسٹاف اور بالخصوص مسٹر احسان الحق ہیڈ کلرک کے تعاون اور
ہمدردانہ رویہ کے شکر گذار ہیں ، اور نامناسب نہ ہوگا کہ یونین
کے چپراسی محمد حسین کی خدمات کا اعتراف بھی کر لیا جائے ، یہ
ضروری معلوم ہوتا ہے کہ پیشرو مجلس منتظمہ کا بھی شکریہ ادا
کریں جس کی روایات کو ہم نے اپنی کارگزاریوں کی بنیاد بنایا ۔

فانظر و بعدنا الی لا بار

کھیل (سپورٹس)

یونیورسٹی اورینٹل کالج ایک ایسی درسگاہ ہے جہاں علمی و ادبی
کاموں کے علاوہ طلبہ کا عام کھیلوں میں دلچسپی لینا بھی قابل ستائش
ہے ۔ بالخصوص ان حالات میں جب کہ طلبہ کی تربیت کے لئے پچھلے
چند سال سے کوئی P.T.I. نہیں ۔ لیکن اس کے باوجود ان کے کھیلنے کیلئے
مندرجہ ذیل کھیلوں کا انتظام کیا گیا جن میں طلبہ نے بڑی دلچسپی لی :-

۱- والی بال ۲- بیڈ منٹن ۳- کشتی رانی

والی بال کی کوئی باقاعدہ ٹیم نہیں تھی تاہم مختلف کلاسوں کے طلبہ
مل کر یہ کھیل کھیلتے رہے ۔ بیڈ منٹن میں طلباء کے ساتھ ساتھ طالبات نے
بھی بہت سرگرمی سے حصہ لیا ۔ طالبات کے لئے علیحدہ کھیلنے کا انتظام
کیا گیا ۔ صفدر مسعود اور عبدالسلام نے امسال بیڈ منٹن کے یونیورسٹی
میچوں میں حصہ لے کر اسلامیہ کالج سیالکوٹ کو شکست دی اور یہ

ثابت کردیا کہ اورئنٹل کالج کے طلبہ کی سرگرمیاں صرف علمی و ادبی ریسرچ تک ہی محدود نہیں بلکہ کھیل کے میدان میں بھی یہ نمایاں حصہ لے سکتے ہیں۔ کالج کی سالانہ کھیلوں میں بھی لڑکوں نے بہت دلچسپی کا مظاہرہ کیا۔

یونیورسٹی اورینٹل کالج کے اسٹاف نے اگرچہ کھیلوں میں بہت کم حصہ لیا لیکن خوشی کی بات ہے کہ اس نے طلبہ سے ہر کھیل میں مکمل تعاون کیا اور سٹاف اور طلبہ کے بیڈ منٹن کے مقابلے میں بڑے اچھے کھیل کا مظاہرہ کیا۔ سٹاف کی طرف سے مسٹر احسان الحق اور ایم شریف ہلال نے حصہ لیا۔

کشتی رانی کی ٹیم اس دفعہ کسی میچ میں حصہ نہ لے سکی کیونکہ طلبہ نے اس طرف بہت کم توجہ دی امیر احمد سیکرٹری کشتی رانی نے بہت کوشش کرکے طلبہ کو اس طرف راغب کیا چنانچہ کشتی رانی کا مقابلہ بڑا دلچسپ رہا۔

کھیلوں کی باقاعدگی اور کامیابی کا سہرا ہمارے ڈاکٹر ابواللیث صدیقی صاحب کے سر ہے جنہوں نے طلبہ کی ہر کوشش میں ان کی ہمت افزائی اور سرپرستی فرمائی۔ صفدر مسعود سیکرٹری بیڈ منٹن کلب نے بھی اپنے فرائض نہایت بندھی سے سرانجام دئے اور کھیلوں میں ایسا ماحول پیدا کیا جو قابل تعریف ہے۔

خطبۂ صدارت

عالی جناب ڈاکٹر بشیر احمد صاحب

ایم ایس سی - پی ایچ ڈی - ایف آر - آئی - سی

(سابق وائس چانسلر پنجاب یونیورسٹی)

ڈائرکٹر ریجنل سائنس لیبارٹریز پاکستان

جو

یونیورسٹی اورینٹل کالج کے جلسہ

تقسیم انعامات ۱۹۵۶ء کے موقع پر پڑھا

جناب رئیس کالج ، اساتذہ کرام ، خوانین و حضرات !

اس قدیم درس گاہ کی سالانہ تقریب پر آپ نے مجھے صدر منتخب کرکے جو میری عزت افزائی فرمائی ہے اس کا شکریہ جن الفاظ میں بھی کروں کم ہوگا۔ علوم مشرقیہ میں میں کسی نمایاں حیثیت کا مالک نہیں۔ میری عمر کا بیشتر حصہ مرکبات اور گھاس پات میں خدا کی کیمیاگری کے راز سمجھنے میں گزرا۔ مگر مشرقی دل و دماغ کا مالک ہونے کی حیثیت سے مجھے مشرق علوم سے دلی انس ہے اور فی زمانہ ملک و قوم کی بہبودی کے لئے ان کو اشد ضروری سمجھتا ہوں۔ عرصہ سے چند خیالات ذہن میں سرگرداں تھے اس موقع سے بہتر اُن کے اظہار کا اور کیا ہوسکتا تھا۔ بایں وجوہات باوجود اپنی کم علمی کے میں نے آپ کی دعوت کو بسر و چشم قبول کیا۔

عرصہ تک علم کیمیا میں انہماک نے مجھے اجازت نہ دی کہ کشور پنجاب کے اس دارالعلوم کی سب سے قدیم اور سب سے عظیم درس گاہ سے کوئی گہرا تعارف پیدا کروں۔ مگر ۱۹۵۲ء میں جب گورنمنٹ کمیشن نے یونیورسٹی کی نئی تشکیل کے لئے سفارشات مرتب کیں۔ تو مجھے اس دانش گاہ کے تاریخی حالات کے مطالعہ کا موقع ملا۔ تب مجھے پہلی مرتبہ آپ کے کالج کی حقیقی شان اور علمی روایات کا صحیح اندازہ ہوا۔ ماحول پر نظر ڈالی تو دل کو ٹھیس سی لگی۔ وہ کالج جو اس قدر قدیم و عظیم ہے، جو اس دانش گاہ کے قیام کا باعث ہوا، جسکی علمی روایات اس قدر روشن ہیں اب اعلیٰ تعلیم کے موجودہ سلسلوں میں اور اس دانشگاہ کے موجودہ نظام میں جو جگہ اُسے میسر ہے اس کے اصلی مقام سے کس قدر بعید تر ہے۔

سچ پوچھئے تو اس معاملہ میں یونیورسٹی کمیشن کی سفارشات سے بھی مجھے کافی مایوسی ہوئی۔ مجھے یہ محسوس ہوا کہ کالج کا اصلی مقصد اور اس کی تعلیم کی اصلی غایت کو نظر انداز کرکے اس کے لئے ایک گھٹیا سی جگہ متعین کی جارہی ہے۔ میرے ذہن میں کالج کا اصلی مقصد تعلیم علوم مشرق ہے۔ تعلیم میں درس اور تحقیق دونو شامل ہیں جو اب تک اس کالج کی تعلیم کا شیوہ رہا۔ عربی ، فارسی اور اردو زبانوں کی تدریس ان علوم کے مطالعہ کا ذریعہ

تھی ۔ ان علوم کا رشتہ ہماری مخصوص تہذیب ، ہماری مخصوص ثقافت ، ہماری مخصوص معاسرت ، ہمارے دین اور ہمارے اخلاق سے تھا ۔ اگر مشرق زبانوں کی اهمیت تھی تو محض اس لئے کہ ان میں ہماری تہذیب اور ہماری ثقافت کے خزانے پوسیدہ تھے اور ان زبانوں کے وسیلہ سے هم وهاں تک پہنچ سکتے تھے ۔ مجھے محسوس هوا کہ کالج کو محض مشرقی اور مغربی زبانوں کی درسگاہ قرار دینے سے اس کی تعلیم کا اصل مقصد فوت هوجائے گا ۔

ہماری مسرقی تہذیب اور ثقافت ایسی حمز نہیں جس سے موجودہ دنیائے علم یکسر بے نیاز هوجائے ۔ اگر اس کرۂ ارض کی قوموں میں ہمارا وقار پھر قائم هوسکتا ہے تو اس کا طریقہ فقط ہماری تہذیب اور ثقافت کا احیاء ہے ۔ غلامی کے زمانہ میں هم نے اس بیش بہا موتی کو کھو دیا اور مدتوں تک وہ احساس زیاں بھی جاتا رہا ۔ اب آزادی کے نئے دور کا تقاضا یہی ہے کہ هم اپنی گمشدہ دولت تلاش کریں اور اسے اپنالیں ۔

انیسویں صدی کے وسط میں هندوستان میں مطالعہ علوم مشرق کی ایک منظم تحریک پیدا هوئی ۔ اس سے ملکی باسندوں کا مقصد اپنی قدیم تہذیب کا احیاء تھا ۔ حکمران قوم کے علم دوست افراد نے بھی اس کی اهمیت کا اعتراف کیا اور ڈاکٹر لائٹنر کے علاوہ کئی علم دوست انگریزوں نے اس تحریک میں حصہ لیا بلکہ کافی حد تک پیش پیش رہے ۔ یہی تحریک اس کالج کے قیام کا باعث هوئی بلکہ ملک کے دوسرے حصوں میں بھی اس قسم کی کئی درسگاهیں قائم هوئیں ۔ یورپ میں ان علوم کو عرصہ تک تعصب کے بادلوں نے گھیرے رکھا ۔ جب یہ بادل پھٹے اور ان علوم کی روشنی کی کرنوں نے وهاں کے عالموں کو متوجہ کیا تو انگلستان اور یورپ کی اکثر دانش گاهوں میں علوم مشرق کے مطالعے کے شعبے قائم هوئے ۔ ان شعبوں میں بڑے بڑے ذخیرہ ہائے کتب مہیا هوئے اور تحقیق اور درس کو اس درجہ تک پہنچایا کہ مشرق کے طلباء اس تہذیب اور ثقافت کے قدیم گہوارہ کو چھوڑ کر ان مغربی درس گاهوں کے مرهون منت هوئے ۔ ہماری غفلت کی حد تو دیکھئے کہ نہ صرف علوم مشرق

کی تعلیم کے لئے بلکہ عربی ، فارسی اور اردو کی ڈگریوں کے لئے بھی لنڈن ، اکسفورڈ اور کیمبرج ہمارے منتہیٰ نظر ہوں ۔

رئیس کالج نے پچھلے سال کالج کے ۸۶ ویں یوم تاسیس کے موقع پر اپنے خطبہ استقبال میں بالتفصیل علوم مشرقی کی زبوں حالی پر بحث کی ہے ۔ باوجود انجمن پنجاب اور اس کے فاضل صدر ڈاکٹر لائٹنر کی کوششوں اور دیگر علماء کی جدوجہد کے اس خطہ میں کوئی خاطر خواہ نتائج نہ نکل سکے ۔ یہ درست ہے کہ انگریزی حکومت کی تعلیمی حکمت عملی اور ملک کی بدلتی ہوئی اقتصادی ضروریات اس کے مانع تھی ۔ مگر میں سمجھتا ہوں کہ یہی نہیں بلکہ ہمارے اپنے نظام تعلیم کی کمزوری اور بدنظمی بھی اس کی بڑی وجہ تھی ۔ اس سلسلہ میں میرا ایک واقعہ کا دھرانا غیر مناسب نہ ہوگا ۔ ۱۹۵۰ء میں مجھے استنبول یونیورسٹی کے رئیس دانشگاہ نے دوران گفتگو میں بتایا کہ ان کی دانش گاہ کو قائم ہوئے پانچ سو سال سے زیادہ عرصہ گزر چکا ہے ۔ اور اس کی تدریس اور تحقیق کا تسلسل بغیر ٹوٹے ہوئے اتنے عرصہ سے قائم ہے اور استفسار کیا کہ پاکستان بھی ایک قدیم تہذیب کا مالک ہے پنجاب یونیورسٹی کب قائم ہوئی ۔ انہیں یہ سنکر نہایت حیرت ہوئی کہ پاکستان کی قدیم یونیورسٹی انگریزوں کی قائم کردہ ہے اور اسلامی عہد کی اعلیٰ تعلیم کی کوئی بھی درس گاہ اب موجود نہیں ۔ ان کا اظہار حیرت میرے لئے تازیانہ فکر ہوا ۔

اسمیں شک نہیں کہ انگریزی دور سے پہلے ملک میں مشرقی علوم کی تعلیم کا ایک وسیع نظام تھا ۔ مگر ان مدارس کا یا تو کسی مسجد و مندر سے تعلق تھا یا کسی عالم کی شخصیت کے ساتھ ۔ حکومت کی طرف سے مدرسین کے تقرر کا نہ ان کے نان و نفقہ کا باقاعدہ انتظام تھا ۔ ہمارے بادشاہوں نے اپنے محلات اور مقبروں کی عالیشان عمارتیں بنوائیں مگر ان کے دوران حکومت میں کسی دارالعلوم کو یا کسی کتب خانہ کو چونا اور اینٹ کی متوسط سی عمارت بھی نصیب نہ ہوئی ۔ بدیں حالات جب عالم کی شخصیت اٹھ گئی درس گاہ کا شیرازہ بھی درہم برہم ہوگیا ۔ اب دو سو سال کے بعد ان مدرسوں کے کہیں کھنڈر بھی نہیں جنہیں دیکھ

کر کوئی رولے اور دل کی بھڑاس نکال لے -

اس دانش گاہ میں عالم فاضل کی جاعتوں کی زبوں حالی تو سب پر عیاں ہے مگر افسوس ہے کہ بعض حلقوں میں کالج کے عام تعلیمی اسلوب کو بھی فرسودہ کہا جاتا ہے جو نئے زمانے کے نئے نقاضوں اور نئی ضرورتوں کا حامل نہیں اس لئے کہ وہ روایات قدیم سے وابستہ ہے میں ان اعتراضات کی پرزور تردید کرتا ہوں - کالج کا علمی اور تحقیقی کام ایسا ہے جس پر دنیا کے اس نئے دور کی بڑی سے بڑی دانش گاہ بھی فخر کر سکتی ہے - رئیس کالج نے تو ان کا اشارتاً ذکر کیا ہے مگر اوریئنٹل کالج میگزین کی کوئی جلد اٹھا کر دیکھنے سے اور کالج کے مشرقی فنڈ کی مطبوعات پر محض سرسری نظر ڈالنے سے چشم بصیرت پر اس درس گاہ کا اصل مقام عیاں ہو جاتا ہے - آج بھی اگر لنڈن ، اکسفورڈ اور کیمبرج کے علمی حلقوں میں پنجاب یونیورسٹی کا وقار ہے تو اس کے علوم جدید کے شعبوں کی تحقیقات کی وجہ سے نہیں بلکہ اوریئنٹل کالج کے علمی روایات کی وجہ سے ہے - اوریئنٹل کالج کی روایات کا قدیم اور مسلسل ہونا قوم اور ملک کے لئے بڑی نعمت اور قیمتی ورثہ ہے - ان کی قوم کو قدر کرنی چاہئے -

عالم فاضل کی جاعتوں کا نصاب بعد از ترمیم بھی کیوں دور حاضر کے نئے تقاضوں کا حامل نہیں ہوسکا - سمجھ سے باہر ہے - انڈرسن کمیٹی اور اب یونیورسٹی کمیشن نے کچھ اس قسم کا اظہار خیال کیا ہے کہ ان کا نصاب سرے سے ناقابل اصلاح ہے - میں با ادب دانشمندان قوم سے درخواست کرتا ہوں کہ ہمدردی سے اس مسئلہ پر غور کریں اور موزوں اصلاح کے بعد عالم کے نصاب کو ایف اے اور فاضل کے نصاب کو بی - اے آنرز کا ہم پلہ بنائیں بلکہ اس اسلامی حکومت کے سرکاری حلقوں میں معمولی ایف - اے اور بی - اے سے ان کی قدر زیادہ ہو - سرکاری ملازمتوں اور معاش کے دروازے ان کے لئے کھول دئے جائیں -

اس دنیا میں علم سے بڑھ کر کوئی نعمت نہیں - علم کی تقسیم و تفریق سخت نادانی اور کفران نعمت ہے - اس زمانہ کی یاد بھی ابھی تازہ ہے جب علم کے بھی ہندو و مسلمان حصص تھے - رئیس الکلیہ نے اب علم

کے اعلیٰ اور ادنیٰ طبقوں کا ذکر کیا ہے یہ تقسیم و تفریق غلامی کے دور کی نشانی ہے ایک آزاد قوم کی فراخ ذہنیت کے سایان سان نہیں۔ میرے خیال میں تو سائنس اور آرٹ کی تفریق بھی کوئی ایسی مناسب نہیں سائنس کو جرمن زبان میں Wissenschaft کہا جاتا ہے جس کے لغوی معنی علم کے ہیں۔ چالیس سال قبل جب جرمنی میں قیصر ولیم سوسائٹی نے سائنس کے مختلف شعبوں کی تحقیق کے لئے ملک بھر میں اعلیٰ پیمانہ کے اداروں کا جال بچھایا تو ان میں فلسفہ، تواریخ، لسانیات اور ثقافت کے مطالعہ کو بھی جگہ دیگئی۔ اور اب یہ ادارے Max Planck Institutes کے نام سے موسوم ہیں اسی طرح روس کی اکیڈمی آف سائنس نے علم کے سب شعبوں کو سائنس قرار دیا ہے۔ اور فلسفہ اور تاریخ کے علاوہ ان میں ادبیات۔ موسیقی اور مصوری کو بھی شامل کرلیا ہے۔

قیام پاکستان کے بعد مشرقی علوم کی اہمیت ہماری قومی ترقی کے لئے بہت بڑھ گئی ہے۔ اب جبکہ پاکستان کے بعد مشرقی علوم کی اہمیت ہماری قومی ترقی کے لئے بہت بڑھ گئی ہے تو نہایت ضروری ہے کہ ہم ان کی ترقی اور ترویج کی طرف جوش اور سرگرمی سے متوجہ ہوں۔ اورینٹل کالج کی موجودگی ان حالات میں ایک نعمت غیر مترقبہ ہے یہ ہماری تہذیبی، ثقافتی، معاشرتی اور اخلاق زندگی کی ترقی کا ضامن ہوسکتا ہے۔ اس کو ہمیں صحیح معنوں میں قوم کی اعلیٰ علمی اکاڈمی کا درجہ دینا چاہئے۔ اور جو کام اس سے لیا جاسکتا ہے لینا چاہئے۔

ہمارے تہذیبی احیاء کے علاوہ اس وقت سب سے ضروری کام اپنی قومی زبان کی ترقی کا ہے۔ مجھے نہایت افسوس اور درد سے یہ کہنا پڑتا ہے کہ اس کی طرف نہ دانشمندان قوم نے اور نہ اس دانش گاہ کے ارباب حل و عقد نے پوری توجہ دی ہے۔ جو کیفیت ایک سو سال پہلے انجمن پنجاب کی تحریک کے زمانہ میں تھی اب بھی وہی ہے، جو وجوہات ایک سو سال پہلے اس کی محرک تھیں اب کئی گنا زیادہ Urgency کے ساتھ موجود ہیں۔ مگر قوم اور ملت کی توجہ اس اشد ضروری مسئلہ کی طرف جس سے ہماری مجموعی موت و حیات وابستہ ہے صحیح معنوں میں مبذول نہ ہوسکی۔

جیسا کہ رئیس کالج نے ایک مرتبہ اپنے خطبہ میں بیان کیا آج سے سوسال قبل انجمن پنجاب اور اس کے فاضل صدر ڈاکٹر لائٹنر کا مطالبہ تھا کہ ملکی تعلیم کا نظام اس طرح مرتب کیا جائے کہ اس میں مشرقی علوم اور ملکی زبانوں کو نمایاں حیثیت حاصل ہو۔ علوم جدید اور علوم قدیم میں معقول پیوند قائم کیا جائے۔ اور جدید علوم ملکی زبانوں میں پڑھائے جائیں۔ آج بھی اس قوم اور اس دور کا تقاضا یہی ہے۔

ہمارے مدارس اور ہماری دانشگاہوں میں تمام مضامین خواہ وہ قدیم ہوں خواہ جدید، خواہ سائنس سے متعلق ہوں، خواہ آرٹ، سب کے لئے ذریعہ تعلیم ہماری قومی زبان اردو ہو۔ اردو زبان کی ترقی کے لئے ایک اکاڈمی قائم کی جائے جو اس سلسلہ میں تمام تر ضروریات اور مسائل پر غور کرتی رہے اور ان کا حل تجویز کرتی رہے۔

پاکستان کے قیام کے فوری بعد ملک میں قومی زندگی کو نئے اسلوب پر ڈھالنے کا بہت جوش تھا۔ قوم کے حکماء اور عالم تو یک طرف عام افراد کے دل میں بھی یہی امنگ تھی کہ اسلامی روایات اس ملک میں اپنے پورے نور کے ساتھ سور ہوں۔ تعلیمی حلقوں میں بھی کچھ ہل چل ہوئی متعدد کمیٹیاں مقرر کی گئیں۔ مجھے بھی ان کمیٹیوں میں شامل ہونے کا اتفاق ہوا۔ مگر میں نے ان کے بحث و مباحث اور ان کی تجاویز کی تشکیل میں زیادہ حصہ نہ لیا۔ کیونکہ مجھے ان کے طریق کار سے سرے ہی سے اتفاق نہ تھا۔ میرا خیال تھا کہ اس نیک کام میں بحث و مباحثہ کی گنجائش نہیں۔ اس میں فوری عمل کی ضرورت ہے۔ جب اس راستہ پر چل نکلینگے تو جو رکاوٹیں اور جو مسائل سامنے آئیں وہ اردو اکاڈمی کے سامنے پیش کی جائیں کہ ان کا حل تجویز کرے۔ تفصیلاً میری تجویز یہ تھی۔

۱۔ اصولاً سب مضامین اور سب امتحانات کے لئے اردو کو ذریعہ تعلیم تسلیم کیا جائے اور اس پر عمل فی الفور شروع کردیا جائے۔

۲۔ انگریزی زبان کی تعلیم بدستور جاری رہے تاکہ مدرس اور طلبا دونو اپنے مضمون کی انگریزی کتب کا مطالعہ بخوبی کرسکیں۔

۳۔ علمی کتابوں کا اردو میں ترجمہ کرنے پر وقت صرف نہ کیا جائے

بلکه هر مضمون کے ماهر اور عالم لوگوں کو ترغیب دی جائے
که وه اردو میں مستند کتابیں لکھیں -

۴- سائنس کے مختلف علوم کی جو اصطلاحات بین الاقوامی ہونے کا درجه
رکھتی هیں ان کو هو بہو اردو زبان میں لے لیا جائے - ان کے
علاوه شروع شروع میں دیگر اصطلاحات بھی انگریزی زبان هی سے
بہت حد تک لے لی جائیں - جن اصطلاحات کا ترجمه لازمی هو - وه
کام اردو اکاڈمی کے سپرد کیا جائے - جو ان کے مستند ترجمے شائع
اور بتدریج رائج کرتی رہے -

۵- اردو کو دفتری اور سرکاری زبان بھی فی الفور کردیا جائے - اور
انگریزی دفتری اصطلاحات جن کے مناسب اردو مترادف موجود نه
هوں - ویسے هی استعمال هوتی رهیں - اور ان کا ترجمه بھی اکاڈمی
کے سپرد هو -

مجھے ڈاکٹر لائٹنر کے عقیدہ سے اتفاق ہے که علمی کتابوں کا ترجمه
بہت مشکل ہے - برعکس اس کے عالموں کے لئے علمی کتابیں لکھنا زیادہ
آسان اور احسن ہے - اس لئے کتابوں کے ترجموں پر وقت نہیں صرف
کرنا چاهئے -

جب تک اردو زبان سے آپ کام لینا شروع نه کریں گے اس میں وه
صلاحیت جس کے آپ خواهاں هیں پیدا نه هوگی - اب تو وهی مثال ہے که
بچے کو آپ چلنے کی اجازت نہیں دیتے مگر اصرار ہے که اپنے اعصاب اور
جوڑوں میں طاقت پیدا کرو تاکه تم تیزی سے بھاگ سکو - کون نہیں
سمجھ سکتا که جب تک آپ بچے کو چلنے نه دینگے اسمیں بھاگنے کی طاقت
هرگز نه آسکے گی - خدا را اسکو چلنے دیجئے پہلے گرتا پڑتا لڑھکتا چلیگا
پھر سرعت ، تیزرفتاری اور پرواز کی طاقت بھی اس میں آجائے گی -

ہماری قومی زبان کی ترویج کے متعلق اس وقت بھی میرا یہی خیال
تھا اور اب بھی یہی ہے - میں وثوق سے کہه سکتا هوں که پندره سال کے
انتظار کے بعد بھی جیسا بعض اصحاب کا اصرار ہے معامله وهیں کا وهیں
رهیگا - سائنس کا بہانه پیش کر کے اس نیک کام کو ملتوی نه کیجئے -
کیونکه التوا قوم کی ترقی اور بہبودی کے سخت مانع ہے -

سائنس کے معاملہ میں صرف اتنا ضروری ہے کہ انگریزی زبان کی تعلیم کا معیار کم نہ ہو اگر سائنس کے طلباء میں یہ صلاحیت موجود رہی کہ وہ بخوبی انگریزی کتابوں کا مطالعہ کرسکیں سائنس کی تعلیم اور تحقیق کے راستہ میں کوئی کمی نہ ہوگی۔

سائنس کی تعلیم میں بھی قومی زبان کو ذریعہ تعلیم بنانے سے وہی خاطر خواہ نتائج ظہور میں آئینگے جن کی ہمیں دیگر علوم کے بارے میں امید ہے۔

رئیس الکلیہ کی تجویز کہ ملک میں جلد از جلد باوقار اردو اکاڈمی قائم کی جائے جس کے زیر ہدایت اردو کو انگریزی کی سطح پر لانے کے لئے علمی کام کئے جائیں اشد ضروری ہے۔ حکومت سے ہماری مودبانہ درخواست ہے کہ اس میں تاخیر نہ کرے۔ مگر کمیشن مقرر کرنے کی تجویز میری ناقص رائے میں معاملہ کو پھر التوا میں ڈال دے گی۔ زبان کے معاملہ میں بہت کچھ سوچا جاچکا ہے اب عمل ہونا چاہئے۔

انجمن پنجاب کی کارکردگی کا رئیس الکلیہ نے اپنے خطبوں میں کئی مرتبہ ذکر کیا۔ میں سمجھتا ہوں اب بھی بدقسمتی سے ملک میں وہی حالات موجود ہیں جن میں انجمن پنجاب علوم مشرقی کی ترویج کے لئے کوشاں تھی۔ اب بھی انجمن پنجاب جیسے ادارے کی ضرورت ہے جو مستعدی اور زور سے علوم مشرقی کا ہاتھ پکڑے اور ان کی تعلیم و ترویج کا انتظام کرے۔ ارباب اقتدار کی طرف سے اب بھی ان علوم کی طرف کافی بے اعتنائی ہے۔ ان حالات میں میری یہ درخواست غیر مناسب نہ ہوگی کہ انجمن پنجاب کو پھر زندہ کیا جائے۔ علوم مشرقی کے دوستوں کو اس حلقے میں جمع کیا جائے اور ڈاکٹر لائٹنر جو اس کالج کے بانی اور پہلے پرنسپل تھے کے نقش قدم پر آپ اس کی قیادت کو اپنے ہاتھ میں لیں۔

حضرات میں نے اپنے خیالات مختصراً آپ کے سامنے پیش کئے ہیں۔ مجھے یہ سنکر دلی رنج ہوا کہ قوم کی قدیم اور عظیم درسگاہ کو اس امن اور سکون کی فضا میسر نہیں۔ جو علمی کاموں کے لئے اشد ضروری ہے۔ میری دعا ہے کہ خدائے برتر اس دانش گاہ میں امن اور سکون کی فضا پیدا کرے جس میں آپ کے دانشکدہ کی علمی روایات پھلیں پھولیں اور اپنے انوار سے اس ملک کی تہذیبی اور ثقافتی زندگی کو منور کریں۔

پیغامات

جو

یونیورسٹی اورینٹل کالج کے سالانہ جلسہ

۱۹۵۶ء کے موقع پر موصول ہوئے

جناب میاں بشیر احمد صاحب ، بار ایٹ لا مدیر ہمایوں

یونیورسٹی اوریئنٹل کالج لاہور جو پنجاب یونیورسٹی کا قدیم ترین کالج ہے ہمارے نئے حالات اور قومی ماحول میں ہماری دلی توجہ اور اعانت کا مستحق ہے -

اس کالج کی علمی اور ثقافتی خدمات کسی تعارف کی محتاج نہیں - السنہ مشرقیہ بالخصوص عربی فارسی کی اہمیت اور ہماری قومی و ثقافتی زبان اردو کی مخصوص حیثیت اس امر کی متقاضی ہے کہ ہم اوریئنٹل کالج سی مفید درسگاہ کو اور زیادہ مفید بننے کا موقع دیں -

پاکستان کے اسلامی تصورات کو عملی جامہ پہنانے کے لئے لازم ہے کہ عربی ، فارسی اور اردو کے علمی و ادبی سرمایہ میں حتی المقدور اضافہ کیا جائے -

اس سلسلے میں اوریئنٹل کالج میں قومی زبان کی ایک اعلیٰ درجے کی اکادمی قائم ہونی چاہئے جو مسلسل طور پر اردو علم و ادب کا جائزہ لیتی رہے اور اسے ہر طرح ترقی دینے کے منصوبے تیار کرکے یونیورسٹی اور حکومت کو ان پر عمل درآمد کرنے کی طرف متوجہ کرتی رہے -

* *

جناب ڈاکٹر رضی الدین صدیقی

ام - اے - پی ایچ - ڈی

مجھے یہ معلوم کرکے بے حد مسرت ہوئی کہ اوریئنٹل کالج لاہور کا سالانہ اجلاس قریب میں منعقد ہو رہا ہے - چند ماہ قبل اس کالج کے یوم تأسیس کے موقع پر تقریر کرتے ہوئے میں نے السنہ شرقیہ کی اہمیت اور اس سلسلہ میں کالج کی گران قدر خدمات کا اعتراف کیا تھا - آج بھی میں اس کالج کے تمام کارکن اصحاب کی خدمت میں نذر عقیدت پیش کرتا ہوں اور انہیں یقین دلاتا ہوں کہ کالج کی ترقی اور السنہ مشرقیہ کو فروغ دینے کے معاملہ میں میری بہترین خواہشات اور مخلصانہ دعائیں ان کے ساتھ ہیں -

ہماری تاریخ اور ہمارے تمدن کا بہترین سرمایہ عربی اور فارسی میں

قلمبند ہے اس سرمایہ کا تحفظ اور ان زبانوں کے ماہرین کا تیار کرنا اس لئے بھی نہایت ضروری ہے تا کہ قوم و ملت کی تاریخی اور تمدنی روائتیں موجودہ اور آیندہ نسلوں کے علم میں رہیں۔

اردو زبان ہماری قومی اور ملکی زبان ہے اور اسکی ترقی کے سلسلے میں اوریئنٹل کالج جسقدر بھی کوشش کرے کم ہے مجھے یقین ہے کہ کالج کے ارباب مقدر ان مسائل پر پوری توجہ مبذول کر رہے ہونگے۔ میں صدق دل سے دعا کرتا ہوں کہ خداوند کریم انکی کوششوں کو بار آور فرماوے۔

* *

جناب ڈاکٹر محمد زبیر صدیقی ایم۔اے۔پی ایچ۔ڈی

پروفیسر عربی کلکتہ یونیورسٹی

دنیا کی سیاسی اور ثقافتی تاریخ میں علی‌العموم اور مشرق کی تاریخ میں علی‌الخصوص علوم اسلامیہ کو جو اہمیت حاصل ہے۔ اس سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔ ان ہی علوم پر قرون وسطیٰ کے تہذیب و تمدن کی بنیاد پڑی اور ان ہی علوم کے اساس پر تہذیب جدید نے نشو و نما پائی۔ یہی وجہ ہے کہ انگریزوں نے جب ہندوستان میں اپنی سلطنت قائم کی تو ان علوم کی تدریس و ترویج کے لئے مختلف حصوں میں درسگاہیں بھی قائم کیں۔ ان میں سے ایک اہم درسگاہ لاہور کا اوریئنٹل کالج ہے۔ یہ کالج پنجاب یونیورسٹی کی تاسیس سے قبل ہی قائم کیا گیا تھا۔ اور اسکے قیام کے لئے پنجاب کی بہترین دیسی ریاستوں نے اپنے اپنے خزانوں سے بڑی بڑی رقمیں پیش کی تھیں اور جہاں تک مجھے معلوم ہے یہی رقمیں بعد میں پنجاب یونیورسٹی کے قیام میں ممد ہوئیں۔

اس درسگاہ نے اپنے قیام کے بعد ہی وہ اہمیت اختیار کر لی جو قرون وسطیٰ میں بغداد کے مدرسہ نظامیہ کو حاصل تھی۔ اس میں مولانا فیض الحسن سہارنپوری مرحوم اور مفتی عبداللہ ٹونکی جیسے مایہ ناز علما و فضلا مختلف اوقات میں درس دیتے رہے اور ملک کے دور دراز حصوں سے شائقین علم یہاں آ آ کر اس چشمہ فضل و کمال سے سیراب ہوتے رہے اور اس سے

فیضیاب ہو کر ملک کے مختلف حصوں میں علم و فضل کی روشنی پھیلاتے رہے ۔

اس درسگاہ کے زیر اثر ملک کے دور دراز حصوں میں اسکے نمونہ پر علوم اسلامیہ کی تعلیم اور ترقی کے لئے نئے نئے علمی ادارے قائم کئے گئے ۔ چنانچہ سندھ کا مدرسہ ، مدراس کا محمڈن کالج اور وہاں کی دوسری درسگاہیں اور الہ آباد کا بورڈ آف اوریئنٹل اگزامینیشن اور دیگر ادارے اس کے نمونہ پر قائم کئے گئے ۔ اور سنکڑوں قدیم طرز کے مدارس بھی قائم ہوئے لیکن ان سبھوں کے باوجود اوریئنٹل کالج کی خصوصیات اس کے ساتھ رہیں ۔ اور یہ کالج اپنی جگہ پر دن دونی رات چوگنی ترقی کرتا رہا ۔

ملک کی تقسیم اور پاکستان کے قیام کے بعد اسکی اہمیت اور بھی بڑھ گئی اور اب ضرورت ہے کہ کالج کے مقصد عالی کی تکمیل کے لئے اسکے دائرہ عمل کو زیادہ وسیع کیا جائے اور اسکو پاکستان کی روز افزوں ثقافتی اور علمی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے استعمال کیا جائے۔

* *

جناب ڈاکٹر سید محی الدین قادری ۔ زور ایم ۔ اے ۔ پی ایچ ۔ ڈی
پروفسر اردو عثمانیہ یونیورسٹی ، حیدرآباد

یہ معلوم کرکے مسرت ہوئی کہ جناب ڈاکٹر بشیر احمد صاحب سابق وائس چانسلر پنجاب یونیورسٹی جیسے عالم و فاضل کے زیر صدارت بر صغیر ہند و پاکستان کے واحد اوریئنٹل کالج کا سالانہ اجلاس منعقد ہو رہا ہے ۔ اس کالج کا نام اور کام ہند و پاکستان میں اس کی عظیم الشان علمی و ثقافتی خدمات کے باعث عزت و احترام سے دیکھا جاتا ہے ۔ اس نے علم و فضل اور تحقیق و ثقافت کی جو روایات قائم کی ہیں وہ کسی بڑی سے بڑی درسگاہ کے لئے بھی قابل فخر اور باعث رشک سمجھی جائینگی ۔

عہد حاضر میں علوم مشرقیہ کو خاص طور پر اہمیت حاصل ہوگئی ہے اور تمام ترقی یافتہ ممالک کے ساتھ ساتھ امریکہ اور روس جیسی مملکتوں میں بھی مشرقی علوم و ثقافت کے لئے نئے نئے ادارے قائم کئے جا رہے ہیں اور پرانے اداروں میں بھی ان کو روشناس کیا جا رہا ہے ۔

نہ صرف سیاسی بلکہ ثقافتی اور سماجی ضروریات کے لحاظ سے بھی علوم مشرقیہ کی اہمیت ہر جگہ محسوس ہو رہی ہے ۔ ہندو پاکستان کی آزادی کے بعد ان ملکوں میں بھی اس کی طرف بطور خاص توجہ کرنے کی ضرورت ہے اور کی جا رہی ہے ۔ ایسی صورت میں اورینٹل کالج بہت کام کر سکتا ہے اور ممکن ہے کہ اس سے وہ کام لیا جائے گا ۔ اور اس کی اہمیت کو محسوس کیا جائے گا ۔ لاہور کے مغربی پاکستان کا دارالخلافہ بن جانے کے بعد تو اس کالج کو سالیان سال ترقی کرنا چاہئے اور ایک ایسی نمونہ کی درس گاہ علوم مشرقیہ بن جانا چاہئے جسکو سامنے رکھ کر ایشیا کے دوسرے بڑے شہروں میں بھی درسگاہیں اور ادارے قائم ہوسکیں ۔ لاہور کے اورینٹل کالج نے اب تک جو خدمات انجام دی ہیں وہ بجائے خود ایسی ہیں کہ ان کی نظیر کم ہی نظر آتی ہے لیکن موجودہ حالات اور رفتار ترقی کے پیش نظر ضرورت ہے کہ اس کے کاموں کو اور آگے بڑھایا جائے اور ایسی سہولتیں فراہم کی جائیں کہ یہ کالج علوم مشرقیہ کی اور خود اپنے ملک کی خدمت کرنے میں زیادہ سے زیادہ حصہ لے سکے ۔

اورینٹل کالج کی سالانہ رپورٹ دیکھنے کے بعد ہر صاحب نظر یہ اندازہ کر سکتا ہے کہ اس کی طرف سے اردو کا اعلیٰ تحقیقی ذوق پیدا کرنے کا جو کام ہو رہا ہے وہ ایسا اچھا ہو رہا ہے کہ اس کی قدر کرنی چاہئے اور اس کے اعتراف کے طور پر اور وقت کے تقاضے کے لحاظ سے اس میں ایک اردو اکیڈمی کا قیام ناگزیر ہے ۔ یہ کام اس کالج میں جتنا مناسب اور اطمینان بخش انجام پائے گا شاید ہی کسی اور جگہ ہوسکے ۔ پاکستان کی قومی زبان کے لئے اس وقت ایک اکیڈمی کا قیام ازبس ضروری ہے اور یہ اکیڈمی اورینٹل کالج ہی میں کامیابی کے ساتھ چل سکے گی ۔

یقین ہے کہ یہ کالج ایسی ترقی کرتا جائیگا کہ اور علوم مشرقیہ کے دلدادہ ، خواہ وہ کسی ملک میں ہوں اس کے کاموں سے استفادہ کرتے رہیں گے ۔

*　　　　*

جناب مولانا عبدالمجید سالک
مسلم ٹاؤن - لاہور

پنجاب یونیورسٹی کا اورینٹل کالج ہمارے اس جذبے کی یادگار ہے جو ہم ابتدائے عہد فرنگ میں السنہ مشرقیہ کے متعلق رکھتے تھے۔ عربی و فارسی علوم کی انتہائی مقبولیت ہی تھی جس نے اس زمانے میں ارباب اختیار کو اس کالج کے قیام پر مجبور کردیا تھا۔ اس میں کوئی کلام نہیں کہ اس کالج نے روز اول سے آج تک اپنے مفروضہ کام کو انتہائی خوش اسلوبی سے انجام دیا۔ بڑے بڑے اکابر علم اس میں تعلیم و تدریس کی مسند آراستہ کرتے رہے اور مسلمانوں کی علمی و ثقافتی خدمات بوجہ احسن بجا لاتے رہے۔ اس کے طلبا نے صدہا مقالات لکھے، بے شمار کتابیں تالیف کیں اور ہمارے سرمایہ علمی کے تحفظ میں غیر معمولی سرگرمی کا ثبوت دیا۔ پاکستان قائم ہو جانے کے بعد یہ امر پہلے سے زیادہ ضروری ہوگیا ہے کہ ہم عربی اور فارسی کے ثقافتی سرمائے کی بقا و ترقی پر زیادہ توجہ کریں۔ اور اس کام کے لئے اورینٹل کالج کو تقویت دیں۔ جو اسکی بہترین اہلیت رکھتا ہے۔

اس کے علاوہ اب تو یہ ضرورت بھی شدت سے محسوس کی جا رہی ہے کہ پاکستان کی قومی زبان کے سلسلہ میں ایک گرانقدر اور مؤثر اکیڈمی قائم کی جائے اور وہ بھی اورینٹل کالج ہی کے سپرد کی جائے اور قومی زبان کے تمام حامی کالج کو اپنا بہترین تعاون پیش کریں۔

اورینٹل کالج کی طرف سے تغافل اختیار کرنے کے بجائے اب اس پر زیادہ توجہات صرف ہونی چاہئیں کیونکہ نئے حالات میں اس کی ضرورت پہلے سے بہت بڑھ گئی ہے۔

* *

جناب مولانا سعید احمد صاحب اکبر آبادی ایم - اے
پرنسپل مدرسہ عالیہ کلکتہ

مجھکو یہ معلوم کر کے بڑی مسرت ہوئی ہے کہ اورینٹل کالج لاہور کا سالانہ اجتماع اس مہینہ کی ۲۰- تاریخ کو جناب ڈاکٹر بشیر احمد

صاحب کی صدارت میں منعقد ہو رہا ہے ۔ اے کاش میں اس جلسہ میں شریک ہوسکتا اور بالمشافہ اپنے اس تعلق کو ظاہر کرتا جو مجھکو مشرق کی اس عظیم در درس گاہ علوم شرقیہ کے ساتھ رہا ہے اور ہے ۔

اس میں کوئی شبہ نہیں کہ اورینٹل کالج کا ماضی نہایت عظیم الشان رہا ہے ملک میں عربی فارسی کی تعلیم کا ماحصل کتب درسیہ نظامیہ پڑھنے پڑھانے اور انہیں کی دنیا میں بند رہنے سے زیادہ نہ تھا ۔ کالجوں اور یونیورسٹیوں میں جو طلبہ عربی ، فارسی یا اردو میں ایم ۔ اے کرتے تھے ان کا ان زبانوں کے ساتھ تعلق صرف امتحان کے پاس کرنے تک رہتا تھا ۔ ہندوستان میں اورینٹل کالج ، لاہور ، سب سے پہلی درس گاہ ہے جس نے عربی فارسی تعلیم کے قدیم و جدید دونوں طبقوں میں ریسرچ کا سنجیدہ اور شگفتہ ذوق پیدا کیا اور اس طرح ایک اچھا خاصا گروہ ایسا پیدا کردیا جس نے اسلاف کے بیش بہا ترین علمی ذخائر کا کھوج لگا کر ان کو حسن سلیقہ کے ساتھ مرتب و مہذب کیا اور شائع کر کے عام کردیا ۔ اس سے ہم کو جہاں علمی فوائد حاصل ہوئے ایک بڑا فائدہ یہ بھی ہوا کہ قوم میں اپنے تہذیبی مسائل پر سنجیدگی کے ساتھ غور کرنے کا سلیقہ پیدا ہوگیا اور جذباتیت پر علمی طریق فکر کا غلبہ ہوگیا ۔

اورینٹل کالج لاہور نے یہ عظیم الشان کام اس وقت کئے ہیں جبکہ انگریزوں کا دور حکومت تھا ۔ لیکن اب جبکہ ملک آزاد ہے اور وہاں ایک قومی حکومت قائم ہے اورینٹل کالج کا وجود پہلے اگر ضروری تھا تو اب اشد ضروری ہے اور اس کی کوششوں اور سرگرمیوں کا میدان اگر محدود تھا تو اب وسیع تر ہونا چاہئیے ۔ آج کل کی دنیا میں ایک قوم کی عظمت کا پیمانہ خود اس کا کلچر ہوتا ہے ۔ جو قوم جس قدر اعلیٰ ، بلند اور ہمہ گیر و جاذب کلچر کی حامل ہوگی تاریخ کے دربار میں اسکو اسی تناسب سے عظمت و بزرگی کا حصہ ملیگا ۔ اسلامی کلچر سے متعلق اس کام کو کرنے کا حق بحیثیت ایک دانشگاہ کے اورینٹل کالج لاہور کے سوا اور کس کو ہوسکتا ہے اور اس بنا پر حکومت کی توجہ خاص و اعتنا

کا اس بارہ میں استحقاق جتنا اس درسگاہ کو ہوسکتا ہے کسی اور کو مشکل سے ہوگا۔

ضرورت اس کی ہے کہ کالج کے ساتھ ساتھ ایک مستقل مجلس تحقیقات بھی قائم ہو تا کہ علمی و تحقیقی کوششیں ایک مرکز کے ساتھ وابستہ ہوکر زیادہ وسیع، گہری اور پائدار ہوسکیں اور ان کے ذریعے سے ملک کی قومی زبان کا خزانہ علم و تحقیق کے انمول جواہر سے بر ہو کر اس قابل ہو جائے کہ وہ دنیا کی اعلیٰ ترقی یافتہ زبانوں کی صف میں اپنے لئے نمایاں مرتبہ و مقام حاصل کر سکیں۔ مجھکو یقین ہے کہ ایک غیر قومی حکومت کے زیر سایہ عاطفت اگر اس درسگاہ کا ماضی شاندار رہا ہے تو اب خود قومی حکومت کے سایہ اقبال و توجہ میں اس کا حال شاندار تر اور مستقبل شاندار ترین رہیگا۔ خدا کرے کہ ایسا ہی ہو۔

*　　　　*

جناب پروفسور آقای سعید نفیسی استاد دانشگاه طهران

روز ۲۵ - مارچ که هشتاد و شش سال از تاریخ تأسیس اوریئنٹل کالج دانشگاه پنجاب در لاهور خواهد گذشت از تاریخ مطالعات شرقی در سبه قاره هند و پاکستان روزی میمون و فرخنده خواهد بود در سراسر کشور های اسلامی هشتاد و شش سال تمام دانشمندان و دانش پروهان از فواید و غنایم گوناگون که ازین بنگاه بزرگ دانش بر خورد و بزرگ و پیر و جوان رسیده است و دل و جان خود را از فروغ تابناک آن روشن کرد و نیرو بخشیده‌اند و بهره برده اند۔

در ایران ما کمتر کسی هست که ازین خوان نعمت بی دریغ برخوردار نشده باشد۔ درین مرکز بزرگ دانش و ادب هشتاد و شش سال بسیاری از بزرگان جهان دانش اسلامی چون مرحوم علامه محمد اقبال رضوان الله علیه و چون مرحومان پروفسور محمود شیرانی و دکتر محمد اقبال و محمد حسین آزاد و دکتر لاکشمان سروپ و دکتر ا۔ ث۔ ولنر که روان شان تا جاودان‌شاد باد و استاد بزرگ خان بهادر مولوی دکتر محمد شفیع هر یک نوری دیگر بر جهان دانش تافته اند۔ سلسله انتشارات آن امروز زینت

بسیاری از کتابخانهای جهان ست بشش از سی سال اوریئنٹل کالج میگزین که همیشه مشحون از فواید علمی گونا گون بوده است از پر تو افشانی بر عالم علم و ادب دریغ نه کرده و بسیاری از متون مهم زبان تازی و زبان پارسی و زبان اردو را بهترین روسی بر ما بخشیده است - اینک بمناسب هشتاد و شش سالگی تاسیس این نگاه اعلمی بزرگ من از جانب دانشمندان و دانش پروران ایران که همواره ریزه خوار این درسگاه علم و معرفت بوده از این تاریخ را بهسگاه دانشمندان و دانشجویان که امروز در آنجا بافاضهٔ معرفت مشغولند و روان پاک گذشتگان شان تبریک می گویم و دوام و بقا و کامیابی این مرکز علمی مهم پاکستان را از ایزد دانش آفرینی مصلحت دارم -

*　　*

مولانا صلاح الدین احمد مدیر ادبی دنیا

اگرچہ فرنگ کی ظاہری سیاسی غلامی سے ہم آزاد ہو چکے ہیں لیکن اسکی ذہنی اور تہذیبی غلامی میں آج ہم پہلے سے زیادہ گرفتار ہیں اور اس وقت جو نسلیں پروان چڑھ رہی ہیں ان کی ذہنی اور روحانی غلامی ہماری غلامی سے بھی شدید تر ہوگی اور وہ وقت بہت قریب آ رہا ہے جب ہم صرف فرنگ کی آنکھوں سے دیکھینگے ، اسی کے کانوں سے سنیں گے اوراسی کے خوان کرم کے ریزوں میں اپنی زندگی کی عسرتوں کا مداوا تلاش کرتے رہیں گے -

یہ دور ہماری تاریخ کا سب سے مہیب اور بھیانک دور ہوگا - اور اگرچہ شاید ہم بظاہر جی رہے ہوں گے لیکن ہماری اصل کیفیت ان کٹھ پتلیوں کی سی ہوگی جو ایک ماہر تماشہ گر کی ڈوریوں سے بندھی ہوئی اسی کے اشارے پر چند بے روح حرکتیں کرکے موت کی نیند سو جاتی ہیں -

اگر ہم اس دور کو قریب سے قریب تر نہیں لانا چاہتے تو ہمیں اپنی ان علمی قندیلوں کو پھر سے فروزاں کرنا ہوگا - جنہیں فطرت کی فیاضیوں نے ہماری رہنمائی کے لئے آج سے ہزاروں برس پہلے روشن کر دیا

تھا - لیکن جنہیں ہم مغرب کی چکا چوند سے متاثر ہوکر خود بخود گل کر چکے ہیں ـــــ آؤ کہ ان کے فروغ نو سے ہم پھر اپنا جادۂ منزل روشن کریں کہ مانگے کی روشنی ہمیں اپنے مقدر کی تلاش میں کب تک مدد دے گی ـــ؟

* *

بابائے اُردو ڈاکٹر مولوی عبدالحق صاحب

اورینٹل کالج لاہور علوم و السنہ مشرقیہ کی ترقی و ترویج کے لئے قائم کیا گیا تھا اور اس مقدس خدمت کو وہ تخمیناً ۸۶ سال سے بڑی سرگرمی اور خوبی سے انجام دے رہا ہے - اس کالج کا فیض صرف پنجاب تک محدود نہ تھا بلکہ تمام برعظیم بھارت و پاک بلکہ اس سے باہر تک جاری رہا - اس کے اساتذہ میں ایسے فضلائے یگانہ گذرے ہیں جن کے فضل و کمال کی شہرت سنکر دور دور سے مستعد طلبہ کھنچ کھنچ کر لاہور پہنچتے تھے اور ان کے درس میں شریک ہونا باعث فخر سمجھتے تھے اور یہ انہی اساتذۂ باکمال کا فیض تھا کہ اس عظیم درسگاہ سے ایسے طالب علم فائز ہوکر نکلے جن کے نام اپنی علم و فضل کی وجہ سے ہماری تعلیمی اور ادبی تاریخ میں ہمیشہ درخشاں نظر آئیں گے - یہ امر موجب مسرت ہے کہ سنت قدیم اب تک جاری ہے اور کالج کے فاضل پرنسپل اور پروفیسر صاحبان تدریسی اور تحقیقی کام پورے شغف سے انجام دے رہے ہیں - لیکن اسی کے ساتھ میں افسوس کے بغیر نہیں رہ سکتا کہ اس زمانے میں خصوصاً تقسیم کے بعد اس درسگاہ کی طرف وہ توجہ نہیں کی گئی جس کی یہ مستحق ہے - یہ ہماری ان چند درسگاہوں میں سے ہے جن پر ہمیں فخر ہے - اور حقیقت یہ ہے کہ پنجاب کو یونیورسٹی اسی کے طفیل میں ملی تھی - ایسے زمانے میں جب کہ ایشیا و یورپ کے ممالک میں اسلامی علوم والسنہ کی طرف خاص طور پر توجہ کی جا رہی ہے اورینٹل کالج لاہور کی طرف سے بے اعتنائی معصیت ہے -

اب حالات اس کے مقتضی ہیں کہ کالج کے موجودہ شعبوں کو توسیع دی جائے اور خاص طور پر قومی زبان کی ترقی اور ترویج کے لئے ایک تحقیقی ادارہ یا اکاڈمی قائم کی جائے جو پنجاب یونیورسٹی اور اس کالج کی شان کے شایان ہو ۔ اوریئنٹل کالج کا یونیورسٹی پر بہت بڑا حق ہے اور اس کا حق ادا کرنا یونیورسٹی پر لازم ہے ۔

*   *

جناب (ڈاکٹر) عبدالستار صدیقی ایم ۔ اے ۔ پی ۔ ایچ ۔ ڈی

سابق پروفیسر عربی الٰہ آباد یونیورسٹی

اوریئنٹل کالج کی چھیاسویں سال گرہ کے مبارک موقع پر یہ تہنیت کا پیام بھیجنے کی عزت حاصل کر رہا ہوں ۔

مشرقی علوم و السنہ کے اس قدیم تعلیمی ادارے کے قائم ہوتے ہی نہ صرف پنجاب میں بلکہ سارے ملک ہند میں اس کی عظمت کا غلغلہ بلند ہوا ۔ ملک کے ہر گوشے سے نکل نکل کر علم کے تشنہ کاموں نے لاہور کا رخ کیا ۔ ان میں وہ بھی تھے کہ کسی اور درسگاہ سے اعلیٰ سند حاصل کر لینے کے بعد بھی لاہوری اوریئنٹل کالج کے نامی اساتذہ سے فیض حاصل کرنا علم و فن کی تکمیل کے لئے ضروری جانتے تھے ۔ اور حصول کمال کے بعد اپنے اپنے وطن واپس آ کے درس و تدریس اور علمی کاموں میں مشغول رہے اور بالآخر استاذ اور محقق اور مصنف کی حیثیت سے مشہور ہوئے ۔ اس کالج کے نقش قدم پر پنجاب سے باہر بھی متعدد درسگاہیں قائم ہوگئیں جنھوں نے اس کالج کے نصاب تعلیم کو اختیار کر کے جامعہ پنجاب سے اپنا الحاق کیا ۔ اور یہ صورت اس وقت تک رہی جب تک کہ حکومت ہند نے (۱۹۰۳ء کی تجویز کے مطابق) ہر یونیورسٹی کے دائرہ عمل کو محدود کر کے ایسے الحاق کو ناممکن نہ بنا دیا ۔ مگر اس پر بھی اوریئنٹل کالج لاہور کا نصاب مقبول رہا ۔ اور آج بھی اس کی سندیں بڑی وقعت رکھتی ہیں ۔ آج بھی مشرقی علوم کے قدر شناس نہ صرف پاکستان اور

هندوستان بلکه مغربی ممالک کی درسگاهوں میں اس اوریئنٹل کالج کی علمی خدمتوں کے معترف اور مدّاح بہت اچھی تعداد میں موجود هیں جو اس کی ترقی کے دل سے خواهاں هیں -

هندوستان کی یونیورسٹیوں نے مشرقی علوم کے امتحانوں کی ضرورت کو عموماً تسلیم کر لیا هے - اور کئی یونیورسٹیوں نے مشرقی علوم کی تعلیم و تحقیق کے لئے خود بھی ایک مستقل مشرقی شعبہ یا ادارہ قائم کر لیا هے - خوش نصیب هے جامعه پنجاب که اسکا مدرسه مشرقیه ان سب کا پیش رو اور رهنما هے -

اوریئنٹل کالج لاهور کے فضلا نے هر دور میں قابل قدر کتابیں تصنیف کیں - ان کے علاوہ پچھلے اکتیس برس سے کالج کا مؤقر مجلہ ''اوریئنٹل کالج میگزین'' کے نام سے نکل رها هے جس کے مقالوں کا معیار نہایت بلند هے اور جسکی جلدوں کے طویل سلسلے میں علمی تحقیق و تدقیق کا ایک بیش بہا اورگران قدر خزانہ محفوظ هے - اس خزانے کے بانی پروفیسر محمد شفیع ، سابق پروفسر عربی و صدر اوریئنٹل کالج هیں جن کا تبحّر اور ذوق صحیح اس مجلے کے معیار کی بلندی اور خوبی کا سالہا سال ضامن رها هے - همیں خدا کا شکر بجا لانا چاهئے که موصوف باوجود کبر سن کے بفضله اب تک علم و تحقیق کے میدان میں جوانوں کے دوش بدوش زور آزمائی کر رهے هیں - ان جوانوں کے تیار کرنے کا سہرا بھی انہیں کے سر هے اور یقین کے ساتھ کہا جا سکتا هے که یه خلیف ، حال اور مستقبل کے درمیان اچھے خلیف ثابت هوں گے - اور کالج اور اسکے کارناموں کو نه صرف برقرار رکھیں گے بلکه اسے رو به ترقی رکھنے میں پوری طرح کامیاب رهیں گے -

اس دعا از من و از جمله جہاں آمین باد

* *

جناب قاضی عبدالودود صاحب بار ایٹ لا پٹنہ

آپ کا خط مؤرخہ ۸ - مارچ ۵۶ء ابھی ملا ، دیر اس وجہ سے ہوئی کہ آپ نے اسے میرے پرانے پتے سے بھیجا ہے - آپ کی خواہش ہے کہ میرا جواب آپ کو ۱۵ - مارچ تک موصول ہو جائے۔ میں ہوائی ڈاک سے خط بھیج رہا ہوں ، لیکن اس پر بھی اس کا امکان کم ہے کہ وقت مقررہ کے اندر آپ تک پہنچ سکے -

اورینٹل کالج نے مشرقیات کی جو گوناگوں خدمتیں انجام دی ہیں ، وہ کبھی فراموش نہیں کی جا سکتیں مگر اس کی ضرورت ہے کہ پاکستان کے ارباب اقتدار ایسی صورت پیدا کریں کہ اس کا شمار دنیا کے بہترین علمی مرکزوں میں ہو سکے اور اس سے مشرقی السنہ و علوم کی تعلیم کے علاوہ ، قدیم کتابوں کی ترتیب و تہذیب ، اور نشر و اشاعت کا کام لیا جائے -

امید ہے کہ آپ کا مزاج بخیر ہو گا -

* *

جناب شمس العلما ڈاکٹر عمر بن محمد داود پوتہ عفی عنہ

ان وصلہ الدکتور السید محمد عبداللہ عمید الکلیہ الشرقیہ قد طلب الی ان ارسل الیہ بلاغا وجیزا فی العربیہ تذکارا لحفلہ السنہ السابعہ و الثمانین لہذہ الکلیہ و مع انی لست عارفاً بما قارب بہ ہذہ الکلیة من الأعمال الجلیلة و الخدمات الشریفہ التی أسدیتہا الی العلوم الشرقیة القدیمة و الحدیثة فی جمیع أطوارہا و ادوارہا فلا بد من ان أعبر عن بعض أفکاری فیہا بکمال الحریة غیر خائف لومة لائم .

ان المقاصد السنیة التی أسست علیہا ہذہ الکلیة التی ہی أقدم من جامعة الفنجاب نفسہا لا تزال عاملة نافذہ و الاساتذہ لا یألون جہداً فی إجراء ہا فی المجاری النافعة و یستحقون کل الشکر و التحسین من ہذہ الناحیة و لکن الزمان قد دار دورتہ و أتی بمسائل جدیدہ لا بد من مواجہتہا بکل

جرءآه و شجاعة و علينا أن ند و رسعه، و الا سنبقى فى صف العال و نرى بكل أسف ان الا خرين قد سبقونا فى مضار الحياه ـ

و قد طالعت مناهج الدروس لسنى الشهادات التى تمحها هذه الكلية وهى لا بأس بها على أن المناهج لا تفى بحاجتنا اليوم إلا اذا نفخنا فيها روح الحياه التى تفقد فى مناهج هذه الكلية بل فى جميع مناهج الجامعة عنها أيضا ـ و قد شاهدت بنفسى عند ما امتحن الورائق فى العربية و الفارسية أو عند ما أفتش بعض المترشحين الذى حازوا على شهادات المنشئى الفاضل و المولوى العالم و غير ها أنهم لا يعرفون من آداب اللغه شيئاً ولا يقدرون ان ينشد وا أو يشر حوا بعض الا سعار التى قرأ وها من الكتب المفروضه عليهم ، دع عنك الكلام فى هدين اللسانين الكريمين .

أيدل هذا على أن المدرسين ليسوا بقادرين على حمل أعباء الدروس و نا دية الفرائض المنصبة أو على أن المعلمين ليس لهم كفاءه و استعداد للتعلّم و انما يريدون ان يحتازوا هذه الشهادات لكى تكون لهم سند اعلى كسب المعيشة ؟ و انى لا قول بكل صراحه ان المعلمين و المتعلمين كليهما مقصرون فى هذا الامر ولا سيما المتعلمين الذين لا يقتنون العلم حباله ورغبه فيه بل لكى يستخدموه لجر منفعتهم و لأجل المعاش و لهذا السبب قد كسدت سوق العلم و رفع العلماء الذين كانوا يضحون انفسهم فى سبيله ولا يبالون بزخارف الدنيا و مطامعها و اما الا جاده فى الكلام فانها موقوف على الممارسه فاذاكان الا ساتذه انفسهم غير قادرين على التكلم فكيف تحصل الملكه القوية فى المحصلين ـ

والعلاج الوحيد لهذا الداء العضال ان نغير زاوية أنظارنا بالتمام ونهئى الا سباب للمتعلمين بتعويد هم على بعض الصنايع المفيدة لكى يتخذ وها وسيلة لكسب معيشتهم و نعطى المدرسين رواتب لا ئقة لكى يكر سوا حياتهم لخدمة العلم و يبذ لوا جهود هم فى تعليم المتخرجين و تثقيفهم بالحرية والاستقلال بدون ان يلجئوا الى وسائل أخرى لنيل ما يسدّون به حاجاتهم ـ ولا أعنى بهذا أنه لا ينبغي للمتخرجين أن يتنافسوا

فی الحصول علی المناصب الحکومیه فانها مفتوحه لهم ۔ فلیتنافس فیها المتنافسون وایضا من الواجب علی الکلیه الشرقیه ان تنتخب الاساتذه الذین یمشون هدی الاسانید الاسلامیین و ان کانوا من أهلها وافضل و أوفق ۔

و منها یکن من الأمر فان الکلیه جدیده بالبناء والاستحسان و انی لا تمنی لها حیاه طیبه طویله مملوء بجلائل الاعمال و لأساتذتها نجاحا باهراً فی جمیع مساعیهم و لکن شعارها دائما ''الی الامام'' ۔

* *

جناب مولانا غلام رسول صاحب مہر

یونیورسٹی اورینٹل کالج کے تازہ سالانہ اجلاس پر میری طرف سے یہ خلوص قلب مبارک باد کا هدیه قبول فرمائیے ۔ یه کالج چھیاسی سال سے مشرقی علوم و السنه کی جو گراں قدر خدمات انجام دے رہا ہے ۔ ان کی تحسین کا حق چند الفاظ میں ادا نہیں ہو سکتا ۔ یہ تنہا سرکاری ادارہ ہے جس نے انگریزوں کے صد سالہ عہد حکمرانی میں شاندار ماضی سے ہمارا رشتہ استوار رکھا ۔ اگر آج ہمارے ہاں مشرقی علوم و السنہ کا چرچہ ہے تو اس میں سب سے بڑا حصہ اورینٹل کالج ہی کا ہے ۔ اس کالج نے دور حاضر کے انداز و معیار کے مطابق مشرقی علوم و السنہ کی ترقی کے لئے سلسلہ مساعی جاری رکھا اور یقینا اسی حالت میں یہ فرض انجام دیا جب اجنبی حکومت کے ماتحت پیدا شدہ حالات میں اس کالج کی تعلیم سے دنیوی ترقی کی زیادہ امیدیں وابستہ نہ کی جا سکتی تھیں ۔ اس کالج اور اس کے فاضل اساتذہ کی مساعی سے ہمارے علوم کے گہر ہائے شہوار لائبریری میں فراہم ہوئے اور آج ہمارے پاس ایسا ذخیرہ موجود ہے جو شائقین علم کے لئے بڑی حد تک اطمینان کا باعث ہو سکتا ہے ۔ یہی کالج ہے جس کے مسگرین اور تتمہ کے ذریعے سے قابل صدستائش علمی خدمات انجام پائیں اور بہت سے علمی نوادر محفوظ ہوئے ۔ کالج کی ان علمی و ثقافتی خدمات سے اختلاف کی جرأت کون کر سکتا ہے ۔ اگر خدا نخواستہ یہ ادارہ موجود نہ ہوتا تو کچھ نہیں کہا جا سکتا کہ آج ہم اپنے ماضی سے کس درجہ بے بہرہ و بے خبر ہوتے ۔

میں ان لوگوں میں سے ہوں جن کا عقیدہ یہ ہے کہ کوئی قوم ماضی سے انقطاع کے بعد اپنی مستقل حیثیت قائم نہیں رکھ سکتی اور ماضی سے رشتہ استوار رکھنے کا ذریعہ اپنے علوم والسنہ کے تحفظ و ترقی کے سوا کیا ہے ۔ میں اجنبی زبانوں کی تحصیل کا مخالف نہیں اور نہ اس تحصیل کے فوائد کا منکر ہوں ۔ لیکن اجنبی زبانوں کی تحصیل صرف اس مقصد کے لئے جائز سمجھی جا سکتی ہے کہ ہم دوسروں کی علمی سرگرمیوں سے آگاہ رہیں اور اپنے علوم ثقافت کو دوسری زبانوں میں منتقل کرکے عالمگیری کی منزل پر پہنچائیں ۔ اگر یہ معین مقصد پیش نظر نہ رہے تو اس حقیقت کو فراموش نہ کرنا چاہیے کہ اجنبی تسلط کا دروازہ سب سے پہلے افکار و اخلاق ہی پر کھلتا ہے ۔ جس قوم کے دل و دماغ اور افکار و اخلاق اجنبی اثرات سے آلودہ ہو جائیں وہ اپنی آزادی بھی برقرار نہیں رکھ سکتی ۔ اس بنا پر ہمیں اپنے علوم والسنہ کی ترقی کے لئے زیادہ سے زیادہ کوشش کرنی چاہئے ۔ اگر خدا نخواستہ ہماری نوجوان صرف ان علوم والسنہ تک محدود رہیں جو انگریزوں کے عہد حکومت میں متداول تھے تو مجھے یہ کہنے میں باک نہ ہونا چاہئے کہ ان کا انتظام اجنبی ہم سے بدرجہا بہتر کر سکتے تھے ۔ ہم نے اپنی قوم کو اپنے پیمانوں کے مطابق منازل اوج و ترقی پر پہنچانے کی غرض سے آزادی حاصل کی تھی ۔ یہ مقصد نہ تھا کہ آزادی کے بعد اجنبی علوم والسنہ کی اشاعت کا آلہ کار بنے رہیں اور اپنی مستقل حیثیت کے تحفظ پر متوجہ نہ ہوں ۔

آخر میں صرف ایک گذارش اور ہے اور وہ یہ ہے کہ ہمیں اورینٹل کالج کے زیر اہتمام اپنی قومی زبان کے لئے ایک شایان شان اکیڈمی قائم کر دینی چاہئے ۔ علمی و ثقافتی سطح پر احساس آزادی کا یہ پہلا عملی مظاہرہ ہوگا ۔ میں دوبارہ آپ کی خدمت میں ہدیہ تبریک پیش کرتا ہوں ۔ خدا کرے آپ حضرات کی کوششوں سے ہمارے علوم والسنہ جلد سے جلد اپنی تحقیقی حیثیت حاصل کرلیں ۔ آمین ۔

*　　　*

جناب پروفیسر نجیب اشرف ندوی

ھندوستان کے تعلیمی اور تحقیقی اداروں میں اورینٹل کالج لاھور کو ایک بلند مرتبہ حاصل ھے - ابتدائے قیام سے اس وقت تک وہ ایک علمی مرکز رھا ھے ھر عہد میں اسکے اساتذہ و طلبا نے قابل ستائش تحقیقی خدمات انجام دی ھیں ھماری ذھنی زندگی کا وہ بڑی حد تک ذمہ دار ھے اور ادھر تو اسکی تقریباً چھہل سالہ خدمات بہت ھی نتیجہ خیز رھی ھیں - ملک کے شاید ھی کسی ادارہ نے تعلیم کے ساتھ ھی ساتھ اتنی صحیح علمی خدمات انجام دی ھیں - اسلئے کیا یہ اچھا نہ ھوگا کہ اس ادارہ کو وسیع تر اور مستحکم تر بنا کر پاکستان میں اسے مشرقی علوم و فنون کا عموماً اور اسلامی ادب و ثقافت کا خصوصاً ایک مرکز بنایا جائے اور وہ ایسا سر چشمہ بن جائے جس سے سارے مشرق کے تشنگان علم و تحقیق اپنی پیاس بجھا سکیں - اتنا ھی نہیں بلکہ میں تو یہ کہنے کی جرأت کروں گا کہ اس ادارہ کے ساتھ ھی ساتھ اگر تصنیف و تالیف کیلئے ایک اکیڈیمی بھی قائم کردی جائے تو اسکی افادیت کو چار چاند لگ جائینگے - اس وقت خوش قسمتی سے اس میں جو ارباب علم و فضل جمع ھوگئے ھیں ان کی مخلصانہ کوششیں اس کی کامیابی کی ضامن ھونگی -

میری دلی دعا ھے کہ یہ فیض بخش ادارہ پھلتا پھولتا اور بڑھتا رھے -

* *

جناب سید ھاشمی فرید آبادی صاحب

آنجہانی لارڈ مورلے نے اپنے جامعہ اڈن برو کے مشہور خطبے میں یہ مدلّل نظریہ پیش کیا تھا کہ عہد حاضر میں قومیت کی بنیاد ''ھم زبانی'' پر قائم ھوتی ھے - اس سے مراد کسی ملک کی علمی اور سرکاری زبان کی وحدت ھے ورنہ برطانیہ اور فرانس جیسے ترقی یافتہ ملک اور وھاں کی متحد قوموں میں بھی کئی کئی زبانیں رائج ھیں حالانکہ ان کا الگ الگ رقبہ اور آبادی پاکستان کے نصف سے بھی کم ھے - نئی

جمہوریہ اسلامیہ پاکستان میں تشکیل قومیت کے اس اساسی کام کا سرانجام کرنا ہمارے اہل علم و خرد کے مقدم فرائض میں شمار ہوگا۔

قومی زبان کے فروغ و استحکام کے واسطے اسے جامعی تعلیم کا ذریعہ بنانا لازم ہے۔ ثانیاً علمی اور ادبی زبان کا معیار قائم رکھنے کے لئے کسی دبستان یا اکادمی کی تاسیس وقت کا ضروری تقاضہ معلوم ہوتی ہے۔ کراچی میں اردو یونیورسٹی بنانے کا منصوبہ تین چار سال سے انجمن ترقی اردو کی طرف سے پیش کیا جا رہا ہے۔ لیکن مجوزہ دبستان علمی کی بنا رکھنے کے لئے دارالملک لاہور سے بہتر مرکز خیال میں نہیں آتا۔ لاہور کو یہ افضلیت زیادہ تر اوریئنٹل کالج کی وجہ سے حاصل ہوئی جو ملک بھر میں علوم مشرق کی اعلیٰ تعلیم و تحقیق کی سب سے قدیم اور سب سے ممتاز درس گاہ ہے اس کے سالانہ جلسے کی مبارک تقریب میں پیغام تہنیت کے ساتھ میں یہ گذارش کرنے کی اجازت چاہتا ہوں کہ اس کالج کے اساتذہ اور کارفرما اگر اپنی قومی زبان کی اکادمی قائم کرنے کا مخلصانہ اقدام فرمائیں تو یہ ان کی روایات عالیہ کے عین مطابق ہوگا۔

میں اسی ضمن میں یہ عرض کرنے کی بھی جسارت کروں گا کہ بعض ناموافق حالات یا ایسی وقتی سرد مہری سے پریشان و بد دل نہ ہونا چاہئے جو حال میں علوم مشرق یا عالم اسلامی کی مسلمہ مشترک زبان عربی کے متعلق سنی گئی ہے۔ قوم کی رائے عامہ یقیناً مشرقی تہذیب و السنہ کے فروغ کی آرزومند ہے اور اس کے لئے ہر تحریک و سعی میں نہ صرف اہل پاکستان بلکہ بلا مبالغہ ساری دنیا کے ارباب علم و معارف کی تائید اور ہمدردیاں اوریئنٹل کالج کے مخلص کارکنوں کے ساتھ ہوں گی۔۔۔۔شاعر کی زبان میں۔

صادق ہے طلب تیری، تو ہر پاک مہم کا
مقبول سر آغاز ہے محمود سر انجام

* *

جناب حامد علی خاں صاحب
ایڈیٹر الحمرا ، لاہور

میرے لئے یہ اطلاع باعث مسرت ہوئی ہے کہ ۲۰ مارچ کو ڈاکٹر بشیر احمد صاحب کے زیر صدارت اورینٹل کالج کا سالانہ جلسہ منعقد ہو رہا ہے۔ اب ایک صدی ہونے کو آئی ہے جب سے یہ کالج جو ہماری یونیورسٹی کا اولین کالج ہے بر عظیم پاکستان و ہند کے دور دور تک کے علاقوں کی تعلیمی خدمات انجام دے رہا ہے۔ مشرقی زبانوں کی تعلیم سے بالخصوص وابستہ ہونے کے باعث یہی کالج ہماری قدیم تہذیبی اور ثقافتی روایات کی حفاظت بھی کرتا رہا ہے۔ ان روایات میں سے ایک اہم ترین روایت تعلیم کی ارزانی بھی تھی۔ اس نئی روشنی کے دور میں یہ پرانی روایت بہت بری طرح مٹائی جا رہی ہے۔ مگر مقام شکر ہے کہ اورینٹل کالج شدید زلزلوں کے باوجود اس روایت کو محفوظ رکھنے میں ابھی تک کامیاب رہا ہے۔

اورینٹل کالج انگریزی حکومت کے عہد میں مشرقی زبانوں کی تدریس کے لئے قائم ہوا تھا۔ خود انگلستان میں مشرقی زبانوں کی تعلیم اور تحقیق و تدقیق کے لئے ایک شاندار کالج موجود ہے۔ اس لئے کہ انگریز خود ان زبانوں کی اہمیت سے بیگانہ نہیں ہیں۔ تاہم ان سے توقع نہ ہو سکتی تھی کہ وہ انگریزی زبان کے مقابلے میں ہماری زبانوں کی سرپرستی کریں یہی وجہ ہے کہ ان کے عہد میں ہماری زبانیں برابر اپنے بلند مرتبے سے گرتی رہیں۔ اب اس بات کا اندازہ کرنا آسان نہیں کہ اس میں خود ہماری غفلت کا کتنا حصہ تھا۔ اور غیر ملکی حکومت کی بے اعتنائی یا مخالفت کا کتنا دخل تھا۔ مگر آزادی سے قبل ہم بڑی آسانی سے کہہ دیا کرتے تھے کہ ”غیر ملکی حکومت اور غیر مسلم ارباب تعلیم ہماری قومی زبان اردو۔ ہماری ثقافتی زبان فارسی اور ہماری مذہبی زبان عربی کی تعلیم اور ترقی کے راستے میں حائل ہیں“ آزادی کے بعد کیا صورت ہے اب ہم اپنی قسمت کے خود مالک ہیں۔ تعلیمات کا انتظام ہمارے ہاتھ میں ہے مگر ہماری قومی زبان اردو اور ہماری مذہبی و ثقافتی زبانیں یعنی عربی

اور فارسی اس اسلامی ملک میں پہلے سے بھی زیادہ کس مپرس نظر آتی ہیں۔ اوریئنٹل کالج جو انگریزوں نے قائم کیا تھا ابھی باقی تو ہے مگر اس کی جان ہزار آفت میں گرفتار ہے ۔ ہماری قومی زبان صرف نام کی قومی زبان ہے ورنہ اپنے ارد گرد جدھر نظر دوڑائیے ہماری غلامانہ ذہنیت کے طفیل آپ تمام کلیدی مناصب پر اب انگریزی زبان کی سیاست کو خود انگریزی عہد سے بھی زیادہ مضبوطی سے مسلط پائیں گے ۔

قومی زبان یا دیگر مسرقی زبانوں کی حمایت کا یہ ہرگز مطلب نہیں کہ ہم انگریزی یا دیگر مغربی زبانوں میں جمع شدہ علمی سرمائے سے منہ پھیر لیں یا ان زبانوں کی تعلیم سے روگرداں ہوجائیں ۔ ان زبانوں کو ہماری علمی خدمت کا پورا موقع ملنا چاہئے لیکن جیسا ہمارے موجودہ وائس چانسلر صاحب نے ایک موقع پر فرمایا تھا ہمیں یہ خیال ضرور رکھنا چاہئے کہ لونڈی گھر والی ہی نہ بن جائے۔ بدقسمتی سے اس وقت یہی صورت ہے کہ گھر والی تو لونڈی بنا دی گئی ہے اور لونڈی گھر کی ملکہ نظر آتی ہے ۔

یاد رکھئے ہمارے علم ۔ تہذیب اور ثقافت کی بنیاد ہماری قومی زبان ہے ۔ اگر آپ بنیاد کو کمزور رکھینگے تو اس پر خواہ کتنی بڑی اور شاندار عمارت آپ کھڑی کردیں وہ عمارت ناپائیدار ہی رہیگی ۔

اوریئنٹل کالج نامساعد حالات میں بھی ہماری تہذیبی و ثقافتی روایات کا پاسباں رہا ہے ۔ اس سے بے اعتنائی کرنا یا اسکی تخریب کے درپے ہونا اپنی تہذیب و ثقافت کی بنیاد کھودنے کے برابر ہے ۔ آزادی کے بعد ہمیں اپنے اس کالج کو ہر قسم کی ترقی دینے کی کوشش کرنی چاہئے ۔ ضرورت ہے کہ ایسے حالات پیدا کئے جائیں جنمیں اس کالج کے طلبہ اور اساتذہ اطمینان کے ساتھ اپنے تعلیمی مشاغل کو جاری رکھ سکیں اور اس کالج میں ایک ایسی اردو اکیڈمی قائم ہوسکے جو ارباب اختیار پر اردو کے وسیع امکانات کو واضح کر کے یہ ثابت کرسکے کہ اردو فوراً حکومت کی سرکاری زبان بننے کے قابل ہے یہ حکومتوں کی زبان رہ چکی

ھے اور اسے بیس سال تک کسی سرد گودام میں محفوظ کردینے کی ھرگز
ضرورت نہیں - اردو ھماری قومی خود داری کی علامت ھے - عربی اور فارسی
زبانیں ھماری عظمت رفتہ کی نقیب ھیں - ان سے بے اعتنائی اپنے قومی وجود
کا انکار ھے اپنی تاریخ سے بےاعتنائی ھے اور اپنی تہذیب اور ثقافت سے
روگردانی ھے -

*　　　*

Aqai Professor Dr. Ali Asghar Hekmat

I am very glad to learn from your esteemed letter of the 8th March, 1956, that on the 25th March of the current month your renowned College will go in celebrations, marking the 86th year of its very glamorous and exciting career. I am all the more pleased to find that the said auspicious occasion would not be allowed to go without bringing yet another academic laurel to this great College by recording the brief history and achievements of the College.

Indeed I am fully aware of the work of the Oriental College and have had the privilege of knowing some of its old benefactors very closely. The services which your College has rendered over several decades for the promotion and upliftment of the cause of Oriental learning, history and philosophy would be a source of pride for any academic (oriental) institution any where in the world. What is, however, most encouraging is that the Oriental College is not merely satisfied with its glorious past but seems at the present assiduously engaged in carving out a still brighter future for it. I wish you and your great colleagues all success and send you my best wishes.

جناب پروفیسر ڈاکٹر موہن سنگھ دیوانہ

ایم - اے ، پی ایچ - ڈی ، ڈی - لٹ

میں اوریئنٹل کالج کے یوم تاسیس پر اس کی درازی عمر اور وسعت اثر کے لئے دست بدعا ہوں - آپ کو یہ دن منانے پر ہدیہ تہنیت پیش کرتا ہوں ، اور ارباب و حکام جامعہ سے متوقع ہوں اور ملتجی کہ پیش نظر اس عظیم کارنامہ کے جو کالج مذکور کے معلمین اور متعلمین کی فرد اعمال میں روشن و فروزاں ہے ، اس ادب خانہ اور علم گہ کو اور زیادہ فروغ ، امداد اور عزت کا مالک بنائیں گے -

مجھے بے حد خوشی ہے ، کہ اس ذی وقار کالج میں نہ صرف میں نے درس دیا بلکہ وہاں اپنے رہنمائے کار سے درس لیا بھی - یوں تو سب کی صحبت سے فقیر نے فیض اٹھایا ، مگر بالخصوص (مرحوم) ڈاکٹر ولنر (مرحوم) ڈاکٹر شیرانی (مرحوم) ڈاکٹر محمد اقبال ، ڈاکٹر محمد شفیع ، ڈاکٹر محمد باقر اور ڈاکٹر سید عبداللہ کے ذکر سے زبان اور دل کو سعادت مند بنانا چاہتا ہے -

> سے اس درس گہ کو رکھیو ابد تک ابر فشاں
> یا رب ہے تو ہی علم و ہنر کا نگاہباں

* * *

پروفیسر عبدالقادر سروری صدر شعبہ اردو عثمانیہ یونیورسٹی

مجھے یہ سن کر مسرت ہوئی کہ اورینٹل کالج کا سالانہ جلسہ ۲۰ مارچ ۱۹۶۰ کو منعقد ہو رہا ہے - اس موقع پر میں ، ماضی میں کالج نے علوم مشرقیہ کی جو شان دار خدمات انجام دی ہیں ، انہیں سراہے بغیر نہیں رہ سکتا اور مستقبل میں اس کے عظیم تر امکانات کا اندازہ لگا سکتا ہوں -

اوریئنٹل کالج ، لاہور کے علمی اور تہذیبی کارنامے ، زمانہ ماضی میں نہایت شان دار رہے ہیں - اس کالج کے اساتذہ اور تلامذہ میں ایسے نام

ملے ھیں ، جنھوں نے عربی اور فارسی علم و ادب کی یادگار خدمات انجام دی ھیں ۔ اسی لئے علمی اور ثقافتی امور میں کالج کا نام اور کام کبھی بھلایا نہیں جا سکتا ۔ ''اورینٹل کالج میگزین'' نے ملک میں سنجیدہ فکر اور تحقیق کو ترقی دینے میں جو بیش بہا خدمت کی ھے ، وہ ھمیشہ باقی رھے گی ۔

مجھے امید ھے کہ کالج کے اس سالانہ اجتماع میں ، کالج کی فلاح اور ترقی سے متعلق بہت سے امور زیر غور آئیں گے ۔ اس موقع پر میری تجویز یہ ھے کہ عربی اور فارسی علوم اور ادب کو شایان شان طور پر ترقی دینے کے لئے اس کالج کو اورینٹل یونیورسٹی کے مرتبے تک ترقی دینے کے وسائل پر بھی غور فرمائیں ۔ عربی اور فارسی کے علاوہ ، سنسکرت کو بھی اس کے نصاب میں شامل کیا جا سکتا ھے ، کیونکہ اردو ، فارسی اور دوسری قدیم زبانوں کے تعلق سے اس کا مطالعہ نہایت مفید ثابت ھوگا ۔ لاھور مشرقی علوم و فنون کا ھمیشہ گہوارہ رھا ھے اور اورینٹل یونیورسٹی کے قیام کے لئے لاھور سے بہتر کوئی مقام نہیں ھو سکتا ، اور اورینٹل کالج اس یونیورسٹی کا مرکز ھوگا ۔ میں یہ تجویز اس لئے کر رھا ھوں کہ قومی ترقی کے لئے علوم مشرقیہ اور خاص طور پر عربی ، فارسی اور اردو کے مطالعے اور تحقیق کو جدید طریقوں کے مطابق ترقی دینا ضروری ھے ۔

اس کے علاوہ میری ایک تجویز یہ بھی ھے کہ قومی زبان کو صحت خصوصی اور عام مسلمہ اصولوں پر ترقی دینے کے لئے اورینٹل کالج ایک اچھا مرکز بن سکتا ھے ۔ اس کے لئے اس کے پیچھے شاندار روایات ھیں ۔ اس مقصد کی تکمیل کے لئے اورینٹل کالج میں آپ ایک اکیڈیمی قائم کریں ۔ ھر ایسے ملک میں ، جو اپنی قومی زبان کو ترقی دینا چاھتا ھے ، اس طرح کی اکیڈیمی قائم ھے ۔

مجھے امید ھے کہ آپ اور دوسرے ارباب حل و عقد ان تجویزوں پر سنجیدگی سے غور فرمائیں گے ۔ کالج کے سالانہ اجتماع کی کامیابی کے لئے میں دست بدعا ھوں ۔

C. A. Storey, 13 Lawrence Road, Hove 3, Sussex

Having long regarded myself as a beneficiary of the Oriental College, I take particular pleasure in acceding to your request that I should send a message to the College on the occasion of its eighty-sixth anniversary. For a considerable number of years the *Oriental College Magazine* was sent to me and I greatly appreciated the privilege of reading many well-informed and highly interesting articles published therein. The first fifteen volumes, complete and strongly bound, are now among my most valued possessions. Not all of the issues duly reached me, but I was able to obtain through a bookseller the few that failed to arrive. In the years of war few of the issues came through and in 1946 the supply ceased entirely. Having tried unsuccessfully to obtain the missing parts through a bookseller, I wrongly concluded that the *Magazine* had ceased publication and I felt that I must be among its most sincere mourners. Not until several years afterwards did I learn from a reference in *Islamic Culture* that the *Magazine* was still alive. Fortunately there now seems to be evidence that it will be more readily obtainable in this country and that its substantial contribution to Oriental learning will become more widely known in Europe.

The former members of the college staff whom you mention in your letter are indeed honoured names. Under the guidance of similar scholars in the future the college cannot fail to flourish and merit the good wishes of all Orientalists.

* * *

Alfred Master, Keeper of Modern Indian Books and Manuscripts, India Office Library, London

May I congratulate you and your colleagues on the 86th anniversary of the Oriental College of the Panjab University, which you are celebrating this year ?

Your College has a long tradition of sound scholarship, both in the Islamic and Indo-Aryan fields. Long may it continue !

Professor Kyuya Doi, Tokyo University, Tokyo, Japan

I send my hearty congratulations for the College Annual Day which had already been celebrated on March 25th. I am really sorry that I could not send my message in time as I was not at home at that time. Here I am sending my hearty congratulations for your 86th Annual Day although it is too late now. I am sorry to hear that your college had to encounter some difficulties these days while there is a great need for the Oriental studies in your country. Your country has just started as the Islami Republic and there is a great demand for study of Islamic culture and history. Your college had been fulfilling such an important duty as the unique institution which had devoted to oriental studies for a very long time. Indeed your college is the only supplier of professors and teachers of oriental studies to other universities and colleges in your country. It is a very queer thing to hear that your college had to come across a great difficulty while it is the very time for you to do your greatest service to the country.

On this occasion I should like to urge you to enlarge the scope of your research and teaching. As I told you at the meeting of the Urdu Department last year the oriental studies in Japan before the Great War meant only the Chinese studies and in India it meant the studies of various languages of its country and in your institution it means the study of Arabic, Persian and Urdu only. But after the War all the countries in the world were brought very near each other and every country is sincerely endeavouring to understand the neighbouring countries. India has opened the Ph. D. course for the oriental relations such as India and Japan, India and Ceylon, India and Burma etc, and some M. A. courses for Asiatic languages in the Banares Hindu University and the Santiniketan University. Russia has opened a special school for Urdu and Hindi. In Japan the meaning of the oriental studies had been extended very much. The Oriental Study Institute of the Tokyo University has begun its research of the Indonesia and Cambodian history. Urdu, Hindi, Indonesian and Siamese Departments are in full swing both in Tokyo and Osaka Universities of Foreign Studies, and there are some study institutes of Islamic culture and Arabic. In short, the sphere of the oriental studies are extended in every country. I was much pleased to hear that the University of the

Panjab is trying to open the Japanese course, but at the same time I was rather annoyed to hear that the Japanese course will be opened at the University Senate Hall and not at your college. There is no one who goes to the barber's to have his shoes repaired. The oriental studies can be well done only by such an institution which has the long history and experience in this sphere. From that point of view your college is the only one which can carry on that noble duty. I should rather say that if you will delay the oriental studies in wider scope it means as much the loss to your country. I hope you will soon have such Departments.

At the same time I should like to urge you to open the various language sections of your own country, such as Bengali, Punjabi etc. Until now the philological studies of such languages were mainly done by the Europeans and the studies were limited to a great extent. India is now endeavouring much and you also should not delay the studies of such languages and literature. We are expecting such activities at your college and are waiting for the good results. I hope to see some such articles in your magazine in the very near future and your college will become one of the biggest centres of oriental studies in wider scope not only in Pakistan but in the Asian countries.

Wishing you fruitful school year.

اسلوب نثر

معاملات و واقعات کے بیان ، خیالات کی ترجمانی اور جذبات و احساسات کی عکاسی ، غرض جملہ کیفیات و خیالات پر تبصرہ و تنقید کرنے کے لئے جو وسیلہ اختیار کیا جاتا ہے ، وہ زبان ہے ۔ زبان ایک لشکر کے مصداق ہے ، جس کے سپاہ الفاظ ہیں ۔ ادیب ایک سپہ سالار کیطرح نہایت احتیاط و مستعدی کے ساتھ ، اپنی الفاظ پر مشتمل فوج کو ، اپنی ضرورت کے مطابق کام میں لاتا ہے ۔ ادیب کا یہ عمل اصطلاحی زبان میں ابلاغ کہلاتا ہے ۔ یہ مفہوم ادا کرنے کیلئے ابلاغ کے علاوہ اظہار کا لفظ بھی مستعمل ہے ، لیکن بیان کا لفظ جسے بعض لوگ اسی عمل کو ظاہر کرنے کیلئے استعمال کرتے ہیں ، اس سے مختلف مفہوم کا حامل ہے ۔ بیان میں ہم جذبات و احساسات کو وصعی ناموں سے ظاہر کرنے کی کوشش کرتے ہیں ، لیکن اظہار یا ابلاغ میں بعینہ آن جذبات و احساسات کو پیدا کرنے کی سعی کیجاتی ہے ، جن کا اظہار یا ابلاغ مقصود ہوتا ہے ۔ ادب میں ابلاغ یا اظہار کی دو صورتیں ہیں ، ایک نظم یا شعر کہلاتی ہے اور دوسری نثر ۔ نظم اور نثر کی بالعموم یہ تعریف بیان کی جاتی ہے کہ نظم ''وہ کیفیت اظہار ہے جس‌میں وزن اور بحر کی باقاعدگی کا سختی سے خیال رکھا جاتا ہے اور نثر وہ صورت ابلاغ ہے جو وزن کی قیود سے آزاد ہے اور جسکی بحریں ہر ممکن حد تک متنوع ہوتی ہیں ۔ لیکن نظم اور نثر میں یہ اختلاف قطعی نہیں'' [1] کیونکہ یہ ضروری نہیں کہ وہ چند الفاظ جن کو قوافی ، بحور اور اوزان کی پابندی کیساتھ مصرعوں کی صورت دے دی جائے آن میں شعریت بھی ہو ۔ اور پھر ایسی نثر کا وجود بھی عنقا نہیں جو قافیہ ردیف بحر اور وزن کی رعایت کیساتھ نہ لکھی گئی ہو ۔ عربی ، فارسی‌اور اردو ادبیات میں اس کی مثالیں موجود ہیں ۔ دریں صورت کسی حد تک یہ کہا جا سکتا ہے کہ اختلاف نظم‌یا نثرمیں‌نہیں‌بلکہ شعر اورنثر میں ہے ۔ ''شعر اور نثرمیں ہیئت‌کے اعتبار سے سطحی اختلاف ہونے کے علاوہ مواد کے اعتبار سے

---

(1) English Prose Style by H. Read, pp. ix, x.

اصل اور پائدار اختلاف بھی ہے ، شعر دماغی عمل کے ایک پہلو کا نام ہے اور نثر دوسرے پہلو کا ، شعر تخلیقی اظہار سے عبارت ہے اور نثر تعمیری اظہار سے ، تخلیقی اظہار وہ ہے ، جسمیں الفاظ دوران فکر ہی ذہن میں ابھر آتے ہیں ، یعنی کہ موضوع اور ھیئت ساتھ ساتھ جنم لیتے ہیں ۔ ان میں سے کوئی ایک چیز پہلے سے موجود نہیں ہوتی اس کے برعکس تعمیری اظہار یہ ہے کہ الفاظ پہلے سے موجود ہوں اور نثرنگار ان کو اپنے مجوزہ ڈھانچہ کے مطابق کام میں لے آئے ۔ بالفاظ دیگر ''نثرنگار ایک ایسا معمار ہوتا ہے جس کے ارد گرد عمارت بنانے کا سامان موجود ہوتا ہے اور وہ اسے اپنی ضرورت کے مطابق استعمال میں لے آتا ہے'' [1] الفاظ کا سہارا دونوں صورتوں میں لیا جاتا ہے مگر الفاظ کا استعمال مختلف النوع ہوتا ہے ۔ ہر دو صورتوں میں ان کے استعمال کی غرض و غایت اور صورت ایکدوسرے سے جداگانہ ہوتی ہے ۔ نثر میں الفاظ عام طور پر اپنے مروجہ مفہوم کیلئے ہی استعمال کئے جاتے ہیں مگر نظم میں ان کا مطلب اپنے مروجہ مفہوم سے قدرے مختلف بھی ہو سکتا ہے اور پھر '' نامانوس الفاظ نثر میں تو گراں گزرتے ہیں ، لیکن شعر میں نہیں '' [2] الفاظ کا ہی مختلف طرح سے استعمال نثر اور شعر کے اسالیب میں فرق پیدا کرتا ہے ۔ نثر کے لئے اگر ایک اسلوب موزوں ہے تو شعر کے لئے دوسرا ۔

نثر اور شعر میں کیفیت کا جو فرق ہوتا ہے ، اس کی ایک خفیف سی جھلک اظہار میں نظر آتی ہے ، نثر میں شعر کی نسبت اظہار زیادہ واضح اور روشن ہوتا ہے ، '' جہاں خیال غالب ہوتا ہے ، نثر وجود میں آتی ہے اور جہاں جذبہ غالب ہوتا ہے وہاں شعر جنم لیتا ہے [3] ''

اس مختصر تمہید سے جب یہ حقیقت واضح ہے کہ نثر کیلئے ایک مخصوص اسلوب لازمی ہے تو آئندہ سطور میں اسلوب نثر سے بحث کیجائیگی اور وہ نثر زیر بحث آئیگی ، جو ادبی ہے ، غیر ادبی نثر مطالعہ سے خارج ہوگی ۔ اس مرحلہ پر ادبی اور غیر ادبی نثر کے امتیازی

---

(1) English Prose Style by H. Read, pp. x, xi.
(2) *Ibid.*, p. xii
(3) The Problem of Style by M. Murray, p. 71.

نشانات کی وضاحت مناسب معلوم ہوتی ہے۔ یہ امر مسلمہ ہے کہ جو کچھ کہا جائے یا معرض تحریر میں آئے، ضروری نہیں کہ اسمیں ادبی عناصر موجود ہوں۔ قتل کی ایک واردات کے متعلق ایک پولیس آفیسر اور افسانہ نویس کی تحریروں میں فرق یقیناً ہوگا۔ اول الذکر کی تحریر بالعموم ادبی عناصر سے عاری ہوگی، اور موخر الذکر کی تحریر ان کی حامل ہوگی۔ ادبی عناصر سے مراد جذبہ اور اسلوب ہیں۔ ادبی نثر میں جذبہ شامل ہوتا ہے اور غیر ادبی میں نہیں۔ دریں صورت پولیس آفیسر کی رپورٹ میں صرف حقائق کا من وعن بیان ہوگا واقعات کا لکھنے والے یا دوسرے لوگوں پر جو اثر ہوا ہے اس کا ذکر رپورٹ میں شامل نہیں ہوگا۔ انتخاب و پسند کا عمل اسکی تحریر میں نظر نہیں آئیگا۔ اس کے برعکس افسانہ نویس کی تحریر میں اسکے اور دوسروں کے تاثرات کی ترجمانی بھی ہوگی اور واقعات میں سے انتخاب بھی کیا گیا ہوگا۔ اس حقیقت کی وضاحت دوسری صورت میں یوں کیجا سکتی ہے کہ ایک ہی پھول کے متعلق ایک انشا پرداز اور ماہر نباتات کے بیانات میں فرق ہوگا۔ انشا پرداز کے بیان میں جذبہ شامل ہوگا اور ماہر نباتات کے بیان میں نہیں، اسی جذبہ کی موجودگی اور عدم موجودگی کے سبب اسالیب بیان میں بھی فرق پیدا ہو جاتا ہے۔ اظہار کو اسی لئے اپنی نوعیت کی بنا پر ادب میں غیرمعمولی اہمیت حاصل ہے۔ تحریر کے ادبی یا غیر ادبی اور پھر کسی حد تک شعر یا نثر ہونے کا انحصار اسی پر ہے۔

اپنی بات دوسروں کو سنانے اور پھر دوسروں کی بات خود سننے کا جذبہ چونکہ انسانی فطرت ہے۔ اس لئے ہر آن اور ہر لمحہ انسان کو کہنے سننے سے واسطہ پڑتا ہے اور جب اس طرح سے کہنے سننے کی منزل آتی ہے، تو پھر بات کس طرح کہی گئی اور کیسے سنی گئی، تک پہنچ جاتی ہے۔ اسی کہنے اور سننے کی سر زمین سے اسلوب کے سوتے پھوٹتے ہیں۔

اسلوب بیان، طرز تحریر، اسلوب نگارش، سبک، پیرایہ بیان، انداز تحریر اور ان کے ہم معنی دوسرے الفاظ کیلئے انگریزی ادبیات

میں جو لفظ مستعمل ہے ، وہ Style ہے ۔ Style کے متعلق Encyclopedia Britannica اور دیگر متعلقہ کتب میں جو کچھ درج ہے اسکا ماحصل یہ ہے کہ ''Style کا مادہ یونانی لفظ Stilus ہے یہ کہ Stylus ، جیسا کہ عام طور پر خیال کیا جاتا ہے ۔ Stilus دھات ، لکڑی ، یا ہاتھی دانت کا بنا ہوا ایک نوکدار آلہ ہوتا تھا ، جس کے ساتھ قدیم یونان میں موم کی لوحوں پر حروف اور الفاظ کندہ کئے جاتے تھے ۔ بمرور ایام لفظ Stilus اوزار کا نام ہونے کے علاوہ اوزار سے پیدا شدہ نقوش یعنی جملوں اور عبارتوں کا مفہوم ادا کرنے کیلئے بھی استعمال ہونے لگا اور اس طرح سے ایک عمل جو شروع میں میکانکی تھا رفتہ رفتہ ذہنی یا تصوراتی بن گیا ۔ Stilus سے پہلی مرتبہ جو نقوش بنائے جاتے تھے ، وہ دھندلے اور ناہموار ہوتے تھے دوسری مرتبہ Stilus کے کند حصہ کیساتھ ان کو صاف اور ہموار کیا جاتا تھا ''[1] اسی رعایت سے ادب میں عبارتوں کی کانٹ چھانٹ Style کہلائی یا دوسرے الفاظ میں تحریروں کو بنانے سنوارنے کی عملی کوشش کو اسلوب بیان کا نام دیا گیا ۔

اسلوب نثر سے کیا مراد ہے ؟ اس کے اجزائے ترکیبی کیا ہیں اور مثالی اسلوب کیا ہے ؟ یا اس سے متعلق جو دوسرے مباحث ہیں ان کے بارے میں مغربی اور مشرقی زبانوں کے اکثر ادبا نے کس صورت میں اظہار خیال کیا ہے ؟ ان سب مضامین سے آشنا ہونے کی واحد اورموزوں صورت یہ ہے کہ انگریزی تصورات کا تجزیہ کرنے سے قبل عربی اور فارسی مصنفین کی آرا کو بھی پیش کر دیا جائے ۔

علامہ ابن خلدون اپنی تاریخ کے دیباچہ میں اسلوب کے اجزائے لازمی ، الفاظ اور معانی سے بحث کرتے ہوئے لکھتے ہیں '' معنی ہر شخص کے ذہن میں کچھ نہ کچھ موجود ہوتے ہیں ، جن کو وہ نظم کر سکتا ہے ، اس لئے ان کے سیکھنے کی کچھ ضرورت نہیں ہوتی ۔ سیکھنے کی ضرورت ہوتی ہے ' تالیف الفاظ اور ان کی نشست و بست کی ، جو نظم و نثر کے قالب کہلاتے ہیں اور معانی کے ظروف ۔ اور جیسے پانی بھرنے کے ظروف مختلف

(1) Encyclopedia Britannica, pp. 488-9.

ہوتے ہیں ، کوئی چاندی کا ، کوئی سونے کا ، کوئی تانبے کا کوئی مٹی کا ، اور سب میں پانی یکساں ہوتا ہے ، اسی طرح یہ ظروف معنی ہیں کہ معانی ایک ہیں اور طریق ادا اور اسلوب بیان الگ الگ ، جس کو جیسی زبان پر قدرت ہوتی ہے ، ویسا ہی اس کا اسلوب بیان ہوتا ہے ۔ ایک بلاغت کے اعلیٰ درجہ پر پہونچتا ہے تو دوسرا ادنیٰ درجہ پر ہی پڑا رہتا ہے ، یعنی جو تالیف کلام اور اسلوب بیان کو جانتا اور اس پر قدرت رکھتا ہے اس کا کلام اونچے رتبہ کا ہوتا ہے اور جو ان باتوں کو نہیں جانتا ، وہ اپنا مطلب بھی نہایت ہی بھونڈے طریقے سے ادا کرتا ہے اور اس کی نظم و نثر بدمزہ اور پھیکی رہ جاتی ہے[1] ''

ابن خلدون کے ان خیالات سے دو باتیں ایسی ظاہر ہوتی ہیں جن کا اسلوب بیان کے ساتھ گہرا تعلق ہے ، پہلی بات تو یہ ہے کہ اسلوب کا لسانی عنصر اکتسابی ہے مگر معنوی عنصر اکتسابی نہیں ، دوسری بات یہ ہے کہ الفاظ ظروف کی مانند ہیں اور معانی پانی سے مشابہہ ۔ اس تشبیہ سے جو بدرجہ غایت معنی خیز ہے ، یہ ثابت ہوتا ہے کہ ظاہری خوش نمائی ، دلاویزی اور تنوع کا انحصار سالے یعنی الفاظ پر ہے اور الفاظ سے بحث کرنا چونکہ اسلوب سے بحث کرنا ہے ، اس لئے کسی تحریر کے ظاہری حسن اور اس کے اسالیب کے متنوع ہونے کا دارومدار الفاظ پر ہے ۔

ابن خلدون کے علاوہ عربی زبان کے دوسرے ادبا نے بھی اسلوب کے متعلق اظہار خیال کیا ہے ۔ لیکن ان سب کے ہاں بھی بحث کا وہی رنگ ہے جو ابن خلدون کے یہاں ملتا ہے ۔ لفظ و معنی کے مباحث تک ہی ان کی آرا بھی محدود ہو کر رہ گئی ہیں ۔ صنائع لفظی اور بدائع معنوی کا بیان ہی ان کے خیال میں اسلوب سے عبارت[2] ہے ۔ ابن خلدون کے علاوہ

---

(1) دیباچہ تاریخ ابن خلدون

(2) Rhetorics of the Arabs by Dr. Jogi

(یہ مقالہ صنائع لفظی اور بدائع معنوی سے متعلق مضامین پر مشتمل ہے۔ اس مقالہ کے مطالعہ سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ عربی زبان کے ادبا کے خیال میں اسلوب کی بحث صنائع لفظی اور بدائع معنوی تک محدود تھی)

جاحظ[1] اور ابن رشیق[2] کے نام اس سلسلہ میں قابل ذکر ھیں ، لیکن ان کی آرا بھی چونکہ جامع اور مبسوط نہیں ، اور منتشر خیالات کی صورت میں موجود ھیں ۔ اس لئے صرف ابن خلدون کی رائے پر ھی اکتفا کیا جاتا ھے ۔

لفظ اور معنی کی تقسیم عربی سے فارسی میں داخل ھوئی اور امیر خسرو تک اس کا اثر گہرا رھا ۔ نظامی عروضی ، رشیدالدین وطواط ، امیر خسرو ، ابوالفضل ، خان آرزو اور قتیل کی آرا فارسی ادبا میں سے قابل ذکر ھیں ۔ انہوں نے اپنی اپنی تحریروں میں لفظ اور معنی سے بحث کرتے ھوئے اسلوب کے متعلق اپنے خیالات کو پیش کیا ھے ۔ ان آرا کا جائزہ لینے سے معلوم ھوتا ھے کہ فارسی زبان میں علم فصاحت اور علم بلاغت کے تمام مباحث لفظ اور معنی ھی کی تقسیم کا نتیجہ ھیں ۔ فارسی مصنفین کی آرا سے مجموعی تاثر یہ پیدا ھوتا ھے کہ انہوں نے معنی کی بجائے لفظ کو زیادہ اھمیت دی ھے اور اس طرح زبان کو جو محض اظہار خیال کا وسیلہ ھے ، خیال سے زیادہ ضروری قرار دیا ھے ۔ زبان کو غیر ضروری اھمیت دینے کا نتیجہ یہ نکلا کہ لکھنے والے لفظی کھیل کھیلنے لگے ۔

فارسی ادب میں لفظ اور معنی کی تقسیم کے باعث ھی مجاز اور حقیقی کا امتیاز قائم ھوا اور مطبوع اور مصنوع کے دبستان وجود میں آئے ، صنائع لفظی اور بدائع معنوی کے مباحث کو بھی اسی تقسیم نے جنم دیا ۔ معانی کی بجائے جب الفاظ کو زیادہ اھمیت دی جانے لگی تو بعض مصنفین نے اس روش کے خلاف آواز بلند کی ۔ نظامی عروضی ایسے مصنفین میں سے ایک ھے ۔ اس نے اپنی تصنیف چہار مقالہ میں فن دبیری[3] سے بحث کرتے ھوئے لفظ کی بجائے معنی کو زیادہ اھم قرار دیا ھے ۔ بعد ازاں مشہور فارسی انشا پرداز اور اکبر کے درباری ابوالفضل نے بھی اپنے تیسرے دفتر میں معنی اور لفظ کے رشتہ کو جان و تن[4] کا رشتہ قرار دیتے ھوئے معنی

---

(۱) جاحظ نے اپنی تصنیف کتاب البیان میں جو تیسری صدی ھجری میں لکھی گئی ، اپنے نظریات بیان کئے ھیں ۔

(2) ابن رشیق نے کتاب العمدہ میں اپنے خیالات کا اظہار کیا ھے ۔

(3) چہار مقالہ ۔ نظامی عروضی ۔ گب میموریل ایڈیشن (ص ۱۲)

(4) دفتر ابوالفضل مطبوعہ نولکشور پریس لکھنو ۔ (ص۲۸٦)

کی اولین حیثیت کو تسلیم کیا ہے اور اپنی تحریر کے حدیث دل ہونے کی ان الفاظ میں وضاحت کی ہے :—

طلسم خویش را درهم شکستم ٭ بهر حرفی طلسمی باز بستم
بدان باهر که دارد دیدهٔ دوست ٭ بسند مغز جانم را دریں پوست
اگر من جان محبوبم ، تن اینست ٭ اگر یوسف بدم ، پیراهن اینست[1]

ایران کی سیاسی ، سماجی اور مذہبی زندگی کو سامنے رکھتے ہوئے فارسی ادبیات کا مطالعہ کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ لفظ اور معنی کی تقسیم اور پھر لفظ کو معنی کی بجائے زیادہ اہمیت دینے کا رجحان وہاں کی درباری زندگی کے سبب ہے ۔ فارسی ادب درباری زندگی سے اس قدر متاثر نظر آتا ہے کہ بعض ادبا فارسی نثر کو درباری نثر تک ہی محدود رکھتے نظر آتے ہیں نظامی عروضی کا فن دبیری کے متعلق مقالہ اسکی واضح مثال ہے ۔ نثر کی اقسام کی تقسیم بلحاظ نسبہ جات بھی اسی نقطہ نظر کا نتیجہ معلوم ہوتی ہے ۔ امیر خسرو کی تصنیف اعجاز خسروی سے ، جسمیں نثر کی قسمیں بلحاظ نسبہ جات دس[2] بیان کی گئی ہیں ، ہمارے خیال کی تائید ہوتی ہے ۔ فارسی مصنفین کے برعکس مغربی مصنفین نے موضوع کے اعتبار سے نثر کو مختلف اقسام میں تقسیم کیا ہے ۔ درباری زندگی میں چونکہ ہر شخص کی یہ کوشش ہوتی ہے کہ اپنے علم و فضل کا مظاہرہ کرے ، اس لئے معلوم ہوتا ہے کہ فارسی زبان کے ادبا زبان کا سہارا لیکر اپنی فضیلت کا سکہ منوانے اور دوسروں کو متاثر کرنے کے خیال سے صورت اظہار کیطرف زیادہ توجہ دینے پر مجبور تھے ۔

اردو زبان چونکہ فارسی زبان کے زیر سایہ پروان چڑھی اس لئے جو نظریات فارسی ادب میں پیدا ہوئے ، اردو ادب بھی ان سے اثر پذیر ہوئے بغیر نہ رہ سکا ۔ جس طرح فارسی لکھنے والے اپنے علم و فضل کا مظاہرہ کرنے کیلئے عربی الفاظ بکثرت استعمال کرتے تھے ، اسی طرح اردو

(1) دفتر ابوالفضل — مطبوعہ نولکشور پریس ۔ لکھنو
(2) اعجاز خسروی — امیر خسرو ''مطبوعہ نولکشور پریس ۔ لکھنؤ ص ۵۴

لکھنے والے بھی اکثر اوقات بلا ضرورت عربی اور فارسی الفاظ اپنی تحریروں میں لانے لگے ۔

عربی ، فارسی اور اُردو ادبیات کا مجموعی طور پر جائزہ لینے سے معلوم ہوتا ہے کہ اول جس طرح سے مطبوع اور مصنوع کی تقسیم ان زبانوں میں موجود ہے ، دوسری زبانوں میں نہیں ، دوئم ۔ معانی اور الفاظ کے متعلق اکثر بحثیں پیچیدہ ، طویل اور تقلیدی رنگ کی ہیں ۔ سوئم ۔ لکھنے والوں کے پیش نظر اپنی ذات کی ترجمانی کی بجائے دوسروں کو متاثر کرنے کا خیال زیادہ رہا ہے اور مروجہ روش یا حکمران طبقہ کی پسند کے خلاف آواز بلند کرنے کی ہمت بہت کم ہوئی ہے ۔ چہارم ۔ بالعموم تذکرہ نگاروں اور مورخوں کی توجہ نثر کے مقابلہ میں نظم کیطرف رہی ہے ۔ عصر حاضر میں لکھی گئی چند کتابوں کو چھوڑ کر باقی سب تذکرے اور تاریخیں اس بات کی شاہد ہیں ۔ اس حقیقت سے ظاہر ہے کہ جب نثر کو قبول عام ہی حاصل نہ تھا تو اس کے اسلوب کے متعلق واضح اور صحیح نظریات مشرق ادب میں کہاں سے آجاتے ۔ پنجم ۔ شاعری چونکہ سب کی پسندیدہ صنف تھی اس لئے شعر کے متعلق جو نظریات قائم کئے گئے نثر کو بھی اکثر و بیشتر اُن ہی کے پیش نظر جانچا گیا ۔ ششم ۔ زبان کو اکثر مصنفین نے جذباتی استعمال کی ، لیکن جذبہ اُن کی تحریروں میں قائم نہ رہ سکا ۔ جذباتی زبان کے استعمال سے روایتی انداز بیان تو پیدا ہوگیا ، لیکن باشعور قاری سے رد عمل کے طور پر کسی قسم کے جذباتی رد عمل کی توقع باقی نہ رہی ۔ اس کا سبب غالباً یہ ہے کہ مصنف کی ذات اور شخصیت کو ہی اس دور میں اہمیت حاصل نہ تھی ، اسلوب کے ساتھ لکھنےوالے کی شخصیت کا جوگہرا تعلق ہے ، وہ اسی لئے اُن کے سامنے میں نا پید ہے ۔ اُس دور میں لکھنے والا کسی نہ کسی دربار سے وابستہ ہوتا تھا اور وہ یا تو درباری ضرورت کیلئے لکھتا تھا اور یا پھر دوسرے لوگوں کی تفریح طبع کیلئے (دونوں صورتوں میں پیش نظر حکمران طبقہ ہی ہوتا تھا) ۔ ہر دو صورتوں میں اُس کے سامنے قارئین یا سامعین کومتاثر کرنا ہوتا تھا اور اپنی فضیلت و علمیت کا اظہار مقصود ہوتا تھا ،

تا کہ مرتبہ و دولت حاصل ہوسکے ۔ دریں‌صورت لکھنے والا مجبور تھا کہ اپنے آپ کو بھول کر اپنے مخاطب و ممدوح کی پسند کےمطابق اپنی تحریر کو جنم دے ۔ اسی طرز فکر نے اس دور میں تبصرہ و تنقید کرنے والوں کو بھی اسلوب کے اسی پہلو کے متعلق غور کرنے پر اکسایا ، جس کا تعلق سامعین و قارئین کے ساتھ تھا ۔ فصاحت و بلاغت کی جملہ بحثیں اسی غرض سے وجود میں آئیں ۔ ہفتم ، زبان کی طرف غیر ضروری توجہ دینے کا نتیجہ یہ نکلا کہ بعض صورتوں میں پہلے ھی سے موجودہ خیالات و رجحانات کی اشاعت ہونے لگی ۔ جدت و ندرت کے مواقع بہت کم باقی رہ گئے اور مروجہ و منتخب الفاظ میں متداول و مقبول خیال پیش کئے جانے لگے ۔ ھشتم ، صرف و نحو کی طرف زیادہ توجہ دینے کا رجحان فارسی زبان میں اس قدر گہرا ھوا کہ عصر حاضر کے فارسی نقاد بھی اس سے اپنا دامن نہ بچا سکے ۔ دورجدید کے مشہورفارسی شاعر، نقاد اور محقق ملک الشعرا بہار کی تصنیف 'سبک شناسی' اس کی واضح مثال ھے ۔ اس کتاب کے متعلق مصنف نےدعویٰ تو یہ کیا ھے کہ یہ فارسی نثر کے اسلوب کی تاریخ ھے ، مگر اس میں اسلوب کے لسانی پہلو کے علاوہ اس کے دوسرے اہم پہلوؤں کو اجاگر کرنے کی کوشش نہ ہونے کے برابر ھے ۔

۱۸۵۷ء کے سیاسی ھنگامہ کے بعد جب ھندوستان کے سیاسی ، سماجی اور علمی و ادبی ماحول میں تغیر رونما ھوا تو اردو ادب نے سر سید کی تحریک کے زیر اثر انگریزی ادب کے اثرات قبول کرنے شروع کئے اس سے پیشتر فارسی اور عربی ادبیات کے زیر اثر ھی اردو ادب اپنی ارتقائی منازل طے کر رھا تھا ، انگریزی ادب کے اثرات سے اردو نثر کے اسلوب میں جو تبدیلیاں رونما ھوئیں اور اس سے پہلے کی اردو نثر کے اسلوب کی جو خصوصیات تھیں ، ان کے متعلق آئندہ ابواب میں بالتفصیل بحث کی جائیگی ۔ اس موقعہ پر صرف ان خیالات و نظریات کا اظہار مطلوب ھے جو انگریزی زبان میں اسلوب نثر کے متعلق پیش کئے گئے ھیں ۔ ان آرا کے مطابق اردو نثر کے اسالیب بیان کا جائزہ بھی آئندہ ابواب میں ھی پیش کیا جائے گا ۔

مڈلٹن مرے، اسلوب کو لفظ ابلاغ کا تقریباً ہم معنی قرار دیتے ہوئے، نثر اور نظم کے اسالیب میں امتیاز پیدا کرتے ہوئے لکھتا ہے۔ ''اسلوب زبان کی وہ صفت ہے، جس کی مدد سے احتصار کے ساتھ جذبات یا خیالات کی عکاسی ہوتی ہے۔ یا وہ (اسلوب) مصنف کے ساتھ مخصوص جذبات و خیالات کا ایک ڈھانچہ ہے۔ جہاں خیالات غالب ہوں، وہاں اظہار نثر میں ہوتا ہے اور جہاں جذبات میں شدت ہوں، وہاں اُن کی ترجمانی نظم میں ہوتی ہے اسلوب اُس صورت میں تکمیل پاتا ہے، جب جذبے یا خیال کا اظہار مکمل صورت میں ہو، اسلوب کا انحصار کلی طور پر ابلاغ یا اظہار کے اختصار پر ہے۔ اظہار میں اگر اختصار نہ ہوگا، تو اسلوب کا فقدان ہوگا. . . . (پھر) نظم ادب کی اولین صورت ہے اور نثر بعد کی ترقی یافتہ۔ اسلوب نثر کے لئے ضروری ہے کہ بیان میں اختصار ہو، دلائل منطقی انداز میں ہوں، اوزان وقوافی سے آزاد ہو، اور خیال تیزی کے ساتھ مگر دھیمے پن کی خوبی سے آراستہ پیش کیا جائے۔ انفرادی اسلوب کا معیار یہ ہے کہ ہم اُس اسلوب کے متعلق یہ محسوس کریں کہ تحریر کے لئے وہ ناگزیر ہے۔ پھر جس تجربہ یا جذبہ کا بیان ہو، ہم اُس کو محسوس کر سکیں''[1]۔

سر آرتھر کولر کاؤچ کے خیال میں اچھا اور مناسب اسلوب وہ ہے جو دل و دماغ کے فکری عمل کا نتیجہ ہو[2]، یعنی جس میں جذبہ اور فکر شامل ہوں۔ والٹر ریلے کے نزدیک بھی اسلوب دل و دماغ ہی کا عمل ہے۔ وہ اس عمل کی وضاحت کرتے ہوئے لکھتا ہے۔ '' لکھتے رہنے سے جب آپ کو زبان پر قدرت حاصل ہو جائے، تو اُس وقت آپ چاہیں یا نہ چاہیں، آپ اپنی تحریر میں اپنے آپ کو عیاں کر دیتے ہیں۔ ہر گناہ خواہ وہ کتنا ہی لاشعور کے پردوں میں چھپا ہوا ہو اور ہر نیکی خواہ وہ ظاہر ہونے سے کتنی ہی شرمائے، یعنی آپ کے کردار کا ہر پست و بلند پہلو صفحہ قرطاس پر ظاہر ہوئے بغیر نہ رہیگا۔''[3] بالفاظ

---

(1) The Problem of Style by M Murray, pp 56-8, 71, 73.
(2) On the Art of Writing by Q Couch, p 243.
(3) Style by W. Raleigh, p. 128.

دیگر انسان کے جذبات و خیالات اُس کی تحریر میں یقیناً نمایاں ہو جاتے ہیں۔ تحریر کی اسی خوبی کو انگریزی زبان میں (Sincerity) کا نام دیا گیا ہے۔ ابوالفضل اسے حدیث نفس [1] قرار دیتا ہے اور اُردو میں اسے خلوص کے لفظ سے ظاہر کیا جاتا ہے۔ ہارڈیس اوگریڈی تو خلوص ہی کو اسلوب قرار دیتا ہے۔ وہ کہتا ہے۔ " اگر آپ (اپنی تحریر کا) اسلوب چاہتے ہیں، تو یہ آپ کا اپنا ہونا چاہئے [2]۔" یعنی یہ آپ کے اپنے خیالات و جذبات کا آئینہ دار ہونا چاہئے۔ جب اسلوب اس طرح سے مصنف کے ذاتی خیالات و جذبات کا ترجمان بنتا ہے، تو پھر وہ اُس کا اسلوب بیان ہوتا ہے، یعنی اُس کی تحریروں کا خاص ادبی اسلوب قرار پاتا ہے۔ عظیم مصنفین کے اسالیب بیان میں باعتبار سادگی، زور اور زیر و بم، بہت اختلاف ہوتا ہے۔ مگر اختلاف کے باوجود اُن میں بعض صفات مشترک بھی ہوتی ہیں [3]"۔

ہنری بٹ کا خیال ہے " کہ اسلوب کی بحث کا تعلق کسی تحریر کے موضوع کی بجائے اُس کی ہیت سے زیادہ ہے۔ ہر وہ خیال جو ادا کیا جا سکتا ہے، بیان کرنے والے کی اپنی ملکیت بن سکتا ہے، اگر وہ اُسے نہایت حسین پیرایہ میں بیان کر دے، بعض مصنفین کے ہاں قوت خیال زیادہ ہوتی ہے اور بعض کے ہاں قوت اظہار۔ ادب میں عظمت اُس وقت پیدا ہوتی ہے، جب اچھا خیال اچھی زبان میں پیش کیا جائے۔ اسلوب سے بحث کرتے ہوئے، سب سے پہلے یہ دیکھنا چاہئے کہ لکھنے والا الفاظ کا انتخاب کیسے کرتا ہے اور پھر اُن کی جملہ بندی کسطرح کرتا ہے، نثر میں بڑی مشکل غیر معمولی بات کا کہنا ہوتا ہے اور شعر میں معمولی بات کا [4]"۔ محولا رائے سے ظاہر ہے کہ ہنری بٹ کے خیال میں اسلوب کا تعلق زیادہ تر زبان سے ہے۔

اس کے برعکس بی۔ ڈابری زبان کی بجائے موضوع اور مصنف کی شخصیت کو زیادہ اہم قرار دیتا ہے۔ وہ کہتا ہے "پھر یہ پوچھا جائے گا

---

(1) دفتر ابوالفضل۔ مطبوعہ نولکشور پریس لکھنؤ۔ ص 259

(2) On Matter, Form and Style by H. O. Grady, p. 123.

(3) The Secrets of Style H. Bett, p. 111.

(4) *Ibid.*, pp. 18-9, 174.

کہ ہمارا واسطہ مصنف کے ساتھ کیسے پڑے گا۔ جواب ہوگا، اس کی آواز کے زیر و بم سے، کیونکہ جب بھی کوئی کتاب پڑھی جاتی ہے، خواہ اسے اونچی آواز سے پڑھا جائے یا مدھم آواز سے، ذہن میں الفاظ بناتے ہوئے ہم ایک آواز سے آشنا ہوتے ہیں یوں معلوم ہوتا ہے جیسے ہم دوسروں کے ساتھ بات چیت کر رہے ہوں، کوئی ہمیں کچھ بتا رہا ہو، ہمارے جذبات کو ابھار رہا ہو۔ ہر تحریر کی جداگانہ آواز ہے جسے اسلوب کہتے ہیں۔ مصنف اپنی شخصیت کو چھپانے کی کتنی ہی کوشش کیوں نہ کرے، وہ اپنی آواز یعنی اسلوب کو نہیں بدل سکتا۔ اور پھر بالآخر یہ اسلوب ہی ہوتا ہے، جس کی بنا پر ہم کسی مصنف کو عظیم قرار دیتے ہیں[1]"۔

محض زبان ہی کو اگر اسلوب کا معیار قرار دیا جائے تو مڈلٹن مرے کا خیال ہے کہ یہ ایسے ہی ہوگا، جیسے کسی شخص کی عظمت کا اندازہ اس کے لباس سے لگایا جائے۔ " اسلوب " مرے کے خیال میں، "مصنف یا (خیال) کا لباس نہیں، بلکہ اس کا گوشت پوست ہے، اس کا خون ہے۔ اس کی ہڈی ہے۔"[2] مرے کی اس رائے سے پوپ کی اس رائے کی بھی تردید ہوتی ہے جس میں پوپ اسلوب کو محض لباس قرار دیتا ہے، کارلائل بھی اس سلسلہ میں مرے ہی کا ہمخیال ہے۔ اس مرحلے پر مرے اور ابوالفضل کے نظریات میں جو حیرت انگیز مماثلت ہے، وہ قابل ذکر ہے۔ اس سے قبل ابوالفضل کے سلسلہ میں بیان کیا جا چکا ہے کہ وہ لفظ و معانی کے رشتہ کو جسم و جان کا رشتہ قرار دیتا ہے۔ اب غور کیجئے آیا مغرب و مشرق کے دو فنکار کس حد تک اسلوب کے بارہ میں ایک دوسرے کے ہم خیال ہیں۔

فلابیر کے خیال میں اسلوب سے بحث کرتے ہوئے خیال اور ہیئت دونوں ہی اہم ہیں، وہ لکھتا ہے۔ " نہ تو خوبصورت ہیئت کے بغیر خوبصورت خیال ہوتے ہیں اور نہ ہی خوبصورت خیال کے بغیر خوبصورت ہیئت ہوتی ہے۔ خیال کو ہیئت سے الگ کرنا ناممکن ہے۔ کیونکہ خیال کا وجود بھی ہیئت کے سہارے ہے، اسلوب، مصنف کے سوچنے اور دیکھنے کا

---

(1) Modern Prose Style by B. Dobree, pp. 3, 4.
(2) The Problem of Style by M. Murray, p. 134.

ذاتی انداز ہے[1] ''۔ جب ذاتی دید اور فکر کی منزل آ جائے '' تو پھر ذاتی غور و فکر کا انفرادی انداز مصنف کو زبان کے ذاتی استعمال پر مجبور کرتا ہے ۔ اس طرح سے ایک حقیقی اسلوب بالضرور منفرد اسلوب کی حیثیت حاصل کر لیتا ہے[2] ''۔

والٹر پیٹر کا خیال ہے کہ '' اسلوب کی بحث اُس مرحلے پر چھڑتی ہے ، جب فنکار پہلے اپنے آپ کا محاسبہ کرتا ہے ، سوچتا ہے کہ اُسے کیا کہنا ہے اور پھر سوچ بچار کے بعد اپنے خیالات کو اس طرح پیش کرتا ہے کہ دوسرے اُن سے پوری طرح آگاہ ہوجائیں[3] ''۔ چیخوف نے بھی گورکی کو ایک خط میں اسلوب کے بارہ میں تقریباً یہی کچھ لکھا ہے ۔ '' جب آپ کسی چیز کا خاکہ اس طرح پیش کریں کہ اُسے دیکھا اور چھوا جا سکے ، تو تحریر کا اسلوب حقیقی ہوگا[4] ۔'' بالفاظ دیگر جب تحریر ایسی ہو کہ جس کے مطالعہ سے پیش کی گئی چیز ہو بہو آنکھوں کے سامنے آ جائے ، تو اُس صورت میں تحریر کا اسلوب مثالی اسلوب ہوگا ۔ یعنی وہ ایسا اسلوب ہوگا ، جس سے بہتر اُس موضوع کے لئے ممکن نہیں ۔ اسی بات کو استان دالی ان الفاظ میں پیش کرتا ہے ۔ '' خیال سے مکمل مطلوبہ تاثر پیدا کرنے کے لئے متعلقہ حال کا پورا ماحول بھی پیش کیا جاتا ہے[5] ۔'' یعنی کہ وہ تحریر جس سے ابلاغی مقصد کی تکمیل بحد کمال مطلوب ہو ، اُس کا اسلوب ایسا ہونا چاہئے کہ جو قابل ابلاغ خیال ، جذبہ یا تجربہ کا مکمل ماحول بھی پیش کرے ۔

اسلوب کے متعلق ٹیلی سن کا یہ خیال ہے کہ اسلوب کا تعلق بات کہے جانے کی نوعیت سے ہے ۔ وہ کہتا ہے '' قابل توجہ یہ بات نہیں کہ ہم کیا کہہ رہے ہیں ، بلکہ یہ ہے کہ ہم کس طرح کہہ رہے ہیں ۔[6]'' یہی کس طرح کہنا اسلوب کا اہم پہلو ہے ۔ نیو مین بھی زبان ہی کو

(1) Appreciation with an Essay on Style by Pater, p. 30
(2) The Problem of Style by M. Murray, p. 15.
(3) Appreciation with an Essay on Style by Pater, p. 34.
(4) The Problem of Style by M. Murray, p. 89.
(5) *Ibid.*, p. 79.
(6) اردو کے اسالیب بیان—زور ص 149

زیادہ اهمیت دیتے هوئے کہتا هے - ''جس طرح کسی شخص کے تخیلات اور احساسات ذاتی هوتے هیں - اسی طرح اس کی زبان بھی اس کی ذاتی هوتی هے - دوسرے الفاظ میں اسلوب ، زبان کے ذاتی طریقہ استعمال کا نام هے[1] -'' جملہ مذکورہ آرا کے مقابلہ میں بفون Buffon کے مشہور الفاظ ''اسلوب هی مصنف هے[2] -'' مختصر هونے کے باوجود جامع اور پر معنی تعریف پیش کرتے هیں - اسلوب کی بحث چونکہ مصنف کی ذات کے گرد هی گھومتی هے اور اسلوب کے تمام پہلوؤں کا مرکز لکھنے والے کی ذات هی هوتی هے ، اس لئے مصنف کی ذات سے واقف هونا هی دراصل اسلوب سے واقف هونا هے - کسی مصنف کی تحریر کے اسلوب سے بحث کرتے هوئے همیں مصنف کے پسند کردہ خیالات و جذبات اور اسی کی استعمال کردہ زبان کا جائزہ لینا هوتا هے - دوسری صورت میں اس مطلب کو اس طرح ادا کیا جا سکتا هے کہ اسلوب مصنف هی کی ذات کا ترجمان هوتا هے یا اسلوب هی مصنف کے راز افشا کرتا هے ، یا مصنف کے دل و دماغ کا جملہ تخلیقی عمل هی اسلوب کا دوسرا نام هے -

مغربی مصنفین کی پیش کردہ جملہ آرا سے معلوم هوتا هے کہ غالب اکثریت ان مصنفین کی هے جو اسلوب کے متعلق بحث کرتے هوئے مصنف کی شخصیت کو نہیں بھولتے اور اسے اولین اهمیت دیتے هیں ، الفاظ یعنی زبان ان کے هاں ثانوی حیثیت رکھتی هے - وہ ابلاغ کے ذریعہ یا وسیلہ کو زیادہ ضروری نہیں سمجھتے بلکہ قابل ابلاغ جذبہ ، تجربہ یا خیال کو زیادہ اهمیت دیتے هیں - پھر مشرقی مصنفین کے برعکس وہ نثر کو بلحاظ پیشہ جات تقسیم نہیں کرتے ، بلکہ موضوع کے مطابق اسکی مختلف اقسام کا جائزہ لیتے هیں - گو مشرقی مصنفین کے طریقہ کے مطابق بھی بات آخر میں موضوع تک هی پہنچ جاتی هے ، کیونکہ هر پیشہ کے متعلق موضوع بھی دوسرے پیشہ کے موضوع سے مختلف هوتا هے ، لیکن مشرقی مصنفین کے اس انداز فکر سے ان کے هاں الجھن اور پیچیدگی پیدا هو جاتی هے اور بیان میں قطعیت نہیں آتی - موضوع جو قابل ابلاغ هوتا هے

---

(1) اردو کے اسالیب بیان—زور ص 149

(2) The Problem of Style by M. Murray, p. 14.

وہ پس پردہ رہ جاتا ہے اور وسیلہ سامنے آجاتا ہے ۔گذشتہ مباحث سے یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ مشرقی مصنفین کے مقابلہ میں مغربی مصنفین کی آرا ، اسلوب کے بارہ میں ، زیادہ سائنسی اور جامع ہیں ۔ مغربی مصنفین اسلوب کے جملہ پہلوؤں کو اجاگر کرتے ہیں اور پھر ساتھ ہی ساتھ اسلوب کے متعلق پیش کردہ نظریات کے مطابق انگریزی نثر کا جائزہ بھی لیتے ہیں ۔ مشرقی مصنفین اس طریقہ سے کام کرتے ہوئے شاذ و نادر ہی نظر آتے ہیں اور پھر ان کے مباحث اسلوب کے جملہ پہلوؤں پر حاوی بھی نہیں ہوتے ، وہ صرف اسلوب کے لسانی پہلو کی طرف ہی متوجہ دکھائی دیتے ہیں ۔ اس کی غالباً ایک وجہ یہ ہے کہ وہ چونکہ زبان کو قابل درس و تدریس خیال کرتے ہیں ، اس لئے اپنی مساعی کا مرکز اسی کو بناتے ہیں اور تحریر سے بحث کرتے ہوئے زبان ہی کی طرف زیادہ زور دیتے ہیں ۔

عربی ، فارسی اور انگریزی میں اسلوب کے متعلق کہی گئی اہم باتوں کو احاطۂ تحریر میں لانے کے بعد اب یہ بیان کردینا مناسب ہے کہ ان نظریات کو جو اردو زبان میں اسلوب کے متعلق بیان کئے گئے ہیں آئندہ ابواب میں جہاں اردو نثر نگاروں کے اسالیب کا تجزیہ ہوگا ، وہاں ہی پیش کر دیا جائیگا ، کیونکہ بصورت دیگر غیر ضروری تکرار کا امکان ہے ۔

اسلوب کے متعلق بالعموم اور اسلوب نثر کے متعلق بالخصوص ضروری باتیں بیان کر دینے کے بعد اب مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ان تمام عناصر یا پہلوؤں کا علیحدہ علیحدہ جائزہ لیا جائے ، جن کو اسلوب نثر کے متعلق بحث کرتے ہوئے زیر بحث لانا ناگزیر ہوتا ہے ۔ یا بالفاظ دیگر موضوع ، اجتماعی اور شخصی ماحول ، روایت ، لفظ ، تشبیہ ، استعارہ ، تکیہ کلام ، جملہ اور مثالی اسلوب وغیرہ مباحث کے متعلق اظہار خیال کر دیا جائے ۔

موضوع ۔ تقریباً سبھی ادیب اس بات پر متفق ہیں کہ تمام موضوعات کے لئے ایک ہی قسم کا اسلوب ناممکن ہے اور اگر ناممکن نہیں ، تو ناموزوں ضرور ہے مختلف موضوعات کے لئے مختلف قسم کے اسالیب کی

ضرورت ہوتی ہے۔ بی۔ ڈابری ' اسی خیال کو مدنظر رکھتے ہوئے انگریزی نثر کے اسلوب سے بحث کرتے ہوئے نثر کو موضوعات کے اعتبار سے Descriptive (تشریحی) Narrative (محاکاتی) Explanatory (بیانیہ) اور Emotional (جذباتی) میں تقسیم کرتا ہے۔ اسی تقسیم کی وضاحت کرتے ہوئے وہ کہتا ہے ''ہم یہ توقع کرسکتے ہیں کہ ایک ہی شخص مختلف اسالیب کا مالک ہو، جبکہ وہ مختلف موضوعات پر قلم اٹھا رہا ہو۔ جب مصنف ہمیں کچھ بتانا چاہتے ہیں ' کسی واقعہ کو ہمارے سامنے پیش کرنا چاہتے ہیں، کسی چیز کا خاکہ ہمارے سامنے لانا چاہتے ہیں تو ان کی تحریر کا اسلوب Descriptive ہوتا ہے۔ یا جب وہ کسی بات کی وضاحت کرنا چاہتے ہیں (مثلاً سائنس کے مطالب ومضامین) یا تبصرہ و تنقید کرنا چاہتے ہیں ' تو ان کا اختیار کردہ اسلوب Explanatory ہوتا ہے یا جب وہ محض ہمارے جذبات کو ابھارنے مثلاً رنج، خوشی یا غصہ کا جذبہ پیدا کرنے کے خواہشمند ہوتے ہیں ' تو ان کی تحریر کا اسلوب Emotional ہوتا ہے[1]۔''
ہینری بٹ کے خیال میں تو ''اسلوب کا راز ہی موضوع اور ہیئت کے باہمی تعلق میں مضمر ہے[2]۔'' موضوع اگر شدید جذبہ ہوگا تو مصنف اکثر تیور حروف استعمال کریگا ' موضوع اگر منطقیانہ ہوگا تو بات طویل فقرات میں کہی جائیگی اور پھر بعض موضوع ہی ایسے ہوتے ہیں کہ جن کے لئے پیچیدہ اسلوب کی ضرورت ہوتی ہے ' مثلاً تخیل کی پیداوار پریشان خیالات کے اظہار کیلئے پیچیدہ اسلوب اختیار کیا جاتا ہے۔ موضوع اگر مصنف کے ذہن میں صاف، نمایاں اور قطعی صورت میں ہو تو اسلوب پیچیدہ نہیں ہوتا، بلکہ صاف۔ سادہ اور رواں ہوتا ہے۔

شخصی اور اجتماعی ماحول ۔ موضوعات کا تعلق چونکہ زندگی سے ہے، اس لئے اسلوب ہماری شخصی اور اجتماعی زندگی یعنی انفرادی اور اجتماعی ماحول سے بھی متاثر ہوتا ہے۔ بعض اوقات مصنف صرف روایت پرستی کیخاطر ہی ایک خاص اسلوب کو اپنانے

(1) Modern Prose Style by B. Dobree, p. 10.
(2) The Secrets of Style by H. Bett, p. 271.

کی کوشش کرتا ہے اور بعض صورتوں میں وہ اپنے ذاتی میلانات و رجحانات کی بنا پر مجبور ہوتا ہے کہ روایت کیخلاف بغاوت کرتا ہوا موضوع اور اپنی رفتار طبع کے مطابق انفرادی اسلوب اختیار کرے، بہر صورت اس بات سے انکار نہیں کیا جاسکتا کہ ادبی روایات کا بھی اسلوب کےساتھ گہرا تعلق ہے۔ ہربرٹ ریڈ اس بارہ میں لکھتا ہے۔ ''روایت کامفہوم بہت وسیع ہے۔ اسے وراثت میں نہیں پایا جا سکتا، بلکہ اسے حاصل کرنے کیلئے بہت تکلف اٹھانی پڑتی ہے، اس میں پہلی چیز جس کی ضرورت ہوتی ہے۔ تاریخی شعور ہے۔ اور تاریخی شعور ایک ایسا تصور ہے، جس کے احساس اور کردار کے باہمی عمل سےایک خاص اسلوب پیدا ہوتا ہے، جسےروایتی اسلوب کہا جاتا ہے۔ (یعنی ادبی روایات کے احساس کے ساتھ ذاتی رجحانات کی کشمکس کے بعد جو اسلوب پیدا ہوتا ہے، وہ روایتی کہلاتا ہے۔) اسلوب نثر میں روایت کا دخل اُس وقت ہوتا ہے، جب تنقیدی آرا زبان کی محاوراتی ساخت (یعنی محاورات) کے گرد گھومنے لگتی ہیں، کچھ عرصہ کیلئے ذاتی، ابتدائی اور سماجی و مذہبی اثرات زبان کو ایک خاص سانچے میں ڈھالتے رہتے ہیں اور پھر ایک مقام ایسا آ جاتا ہے، جہاں یہ اچانک محسوس ہوتے لگتا ہے کہ اُن اثرات کا نتیجہ ایک ایسی خاص اپنایت کی صورت میں نکلا ہے جو آواز، احساس اور سہولت سے بالکل ہم آہنگ ہے۔ روایت کا تعلق زیادہ تر اظہار کے لب و لہجے اور زمانے کے ساتھ ہے۔'' (1)

انگریزی، عربی، فارسی اور اُردو تقریباً سب زبانوں کی تاریخ میں ہمیں اُن ادوار کا سراغ ملتا ہے، جب مصنفین نے روایت کو اپنایا اور مروجہ اسلوب اختیار کرنے کی کوشش کی، اکثر ایسا بھی ہوا کہ ایک ہی موضوع کو دو مختلف اسالیب میں پیش کیا گیا اور بعد کے آنے والے مصنفین نے ہر دو اسالیب کی تقلید میں کتب لکھیں، فارسی ادب میں اس کی واضح مثال اخلاق جلالی اور اخلاق ناصری ہے۔ اور اُردو ادب میں اس کی روشن مثال نوطرز مرصّع اور باغ و بہار ہے اجتماعی

(1) English Prose Style by H. Read, pp. 203 to 211.

میلانات یا ماحول کا اثر لکھنے والے پر یہاں تک ہوتا ہے کہ وہ الفاظ کے انتخاب کے علاوہ موضوع کا انتخاب بھی عام رجحانات کو سامنے رکھ کر کرتا ہے ۔ عصر حاضر کے اُردو ادب میں افسانوں کی زبان اور اُن کا موضوع مذکور طرز عمل کے نمایاں شواھد ہیں۔

شخصی ماحول جو ادیب کے گھر ، اسبابِ خانہ اور افراد خانہ سے عبادت ہے ، اُس سے بھی ادیب اثر قبول کئے بغیر نہیں رہ سکتا ۔ رات دن شخصی ماحول کے جن عناصر سے اُس کا واسطہ پڑتا ہے وہ شعوری یا غیر شعوری حالت میں یقیناً اُسکی تحریر میں اپنی جھلک دکھا دیتے ہیں۔ افسانہ نویس اگر ایک امیر خاندان کا چشم و چراغ ہے ، تو وہ بالعموم اپنے افسانوں میں جس زندگی کو پیش کریگا اور اور جس زبان کو وسیلہ اظہار بنائیگا ۔ اس سے امارت کا اظہار لازماً ہوگا۔ اردو میں قرہ العین حیدر کے افسانے اسکی نمایاں مثال ہیں ۔ الفاظ اور موضوع کیساتھ بھی چونکہ اسلوب کا تعلق ہے اس لئے بلا خوف تردید کہا جا سکتا ہے کہ اسلوب شخصی اور اجتماعی ماحول سے بھی متاثر ہوتا ہے ۔

لفظ اجتماعی یا شخصی میلانات سے مجبور ہو کر یا دیگر محرکات کی بنا پر موضوع منتخب کر لینے کے بعد، اسکے اظہار کیلئے مصنف کے پاس جو خام مسالہ موجود ہوتا ہے، وہ زبان ہے یعنی الفاظ کا انتخاب بھی موضوع کیطرح ہمارے سامنے مصنف کی پسند و ناپسند کو بے نقاب کر دیتا ہے ۔ جس طرح ایک جنسی مسائل کو پیش کرنے والے افسانہ کے مطالعہ سے ہم افسانہ نگار کے متعلق یہ اندازہ لگا لیتے ہیں کہ وہ جنسی مسائل سے بحد متاثر ہے اُسی طرح ہم کسی تحریر میں فلسفیانہ اصطلاحات دیکھکر تحریر کے مصنف کے بارہ میں یہ فیصلہ صادر کر سکتے ہیں کہ وہ فلسفی ہے ۔ شعروں کے انتخاب کیطرح لفظوں کا انتخاب بھی اُن کے استعمال کرنے والے کے ذہن کی غمازی کرنے سے گریز نہیں کرتا ۔ اس موقعہ پر غالب مرحوم کا ایک مصرع ہماری راہبری کیلئے کافی ہے ۔ کہتے ہیں۔

در ته هر حرف غالب چیده ام میخانه ها

جن میخانوں کی طرف غالب مرحوم نے مذکورہ مصرع میں اشارہ کیا ہے، فی الحقیقت اُن میخانوں سے آگاہ ہونا ہی اسلوب کی بحث سے آشنا ہونا ہے ۔

بعض مصنفین نے اسلوب کو محض لفظوں کا ہی کھیل بتایا ہے ۔ مگر حقیقت میں ایسا نہیں ہے ۔ ''موضوع کو ہم رئیت یا الفاظ سے الگ نہیں کر سکتے[1] ۔'' لفظوں کے انتخاب کے متعلق کولر کاؤچ لکھتا ہے ۔ ''لفظوں کے انتخاب میں زیادہ احتیاط کی عادت کا اکثر اوقات یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ عبارت میں روانی باقی نہیں رہتی اور اس سے بھی بڑی خامی یہ پیدا ہو جاتی ہے کہ مصنوعی الفاظ اختیار کرنے کی عادت پڑ جاتی ہے[2] ۔''

لفظ بھی انسانوں کی طرح زندگی بسر کرتے ہیں ۔ ''لیکن اُن کی زندگی اپنی ذات ہی کی وجہ سے نہیں ہوتی ۔ اُن کی زندگی یا موت ۔ چمک یا فرسودگی اُن کے سیاق و سباق پر منحصر ہوتی ہے ۔ بعض اوقات لفظ کے خوبصورت دکھائی دینے کی وجہ یہ ہوتی ہے ۔ کہ وہ لفظ مدت سے جن الفاظ کے ساتھ استعمال ہو رہا ہوتا ہے ۔ اب بھی ان کے ساتھ ہی استعمال کیا گیا ہوتا ہے ۔ لفظ کا دیگر الفاظ کے ساتھ یہ رشتہ ایسا ہی ہے جیسا ایک ماں کا اپنے بچوں کے ساتھ، جسطرح ماں اپنے بچوں کے ساتھ ہی اچھی دکھائی دیتی ہے اسی طرح ایک لفظ ان لفظوں کے ساتھ اچھا معلوم ہوتا ہے ۔ جن کے ساتھ وہ مدت سے استعمال ہو رہا ہوتا ہے ۔ اور پھر (اس کے برعکس) بعض صورتوں میں لفظ کے اجنبی یا ناموزوں ہونے کا سبب یہ ہوتا ہے کہ وہ لفظ اجنبی یا غیر مانوس الفاظ کے ساتھ پیش کیا جا رہا ہوتا ہے[3] ۔''
محاوروں کی صورت میں یہ بات خاص طور پر قابل غور ہے ۔

---

(1) Appreciation with an Essay on Style by Pater, p. 38.
(2) On the Art of Writing by Q. Couch, p. 241.
(3) Matter, Form and Style by H. O'Grady, pp 69, 121.

لفظ کے ساتھ خیال کا جو تعلق ہے - اُس کے پیش نظر سپنسر لکھتا ہے، ”جب خیال کو مختصر الفاظ میں بیان کرنا مناسب ہے- تو پھر الفاظ بھی کم حروف والے استعمال کرنے چاہئیں - زیادہ حروف والے الفاظ اور وہ الفاظ جن کو منہ بھر کر کہا جائے - اُن سے خیال کے طویل اور زور دار ہونے کا پتہ ملتا ہے[1] -“ اور پھر ”تحریر میں مصنف کی شخصیت کا دخل جسا بھی کم ہو، اُتنی ہی زبان سادہ ہوتی ہے - حساب اور الجبرا کے مضامین میں ایسا ہی ہوتا ہے[2] -“

مڈلٹن مرے کا لفظ کے بارہ میں یہ خیال ہے کہ ”تخلیقی فنکار ایک ڈاکٹر کی مانند زبان کے جسم میں نئے معانی اور تازہ تصورات داخل کرتا ہے - تاکہ زبان دوبارہ جوان ہو جائے اور اُس کی رگوں میں خون دوڑنے لگے - صحافی بالعموم اوسط درجہ کے لوگوں کی زبان استعمال کرتا ہے اور تخلیقی فنکار نئے نئے محاورے بناتا ہے- زبان کو اگر مصنف حیات نو بخشنے سے قاصر رہے، تو اُسے زبان کو زندہ تو ضرور رکھنا چاہئے[3] -“ زبان کو زندہ رکھنے سے یہ مراد ہے کہ لفظ استعمال ہوتے رہیں- وہ متروک نہ ہو جائیں ــــــاور پھر لفظوں کے ساتھ کچھ روایات وابستہ ہوتی ہیں، ”اُنہی روایات اور لفظ کی اسی زندگی یا سرگزست کو سامنے رکھ کر کسی خیال کو ادا کرنے کیلئے لفظ کا انتخاب عمل میں آتا ہے[4] -“

ہنری بٹ اسی سلسلہ میں لکھتا ہے - ”ہر لفظ کی ایک خاص آواز ہوتی ہے، اُس کا خاص مفہوم ہوتا ہے اور فقرے میں دوسرے الفاظ کے ساتھ اُس کا خاص تعلق ہوتا ہے اور پھر وہ تمام ادبی روایات ہوتی ہیں، جو بمرور ایام اُس کے گرد جمع ہو چکی ہوتی

---

(1) The Philosophy of Style by Spencer, p. 9.
(2) Style by W. Wright, p. 52.
(3) The Problem of Style by M. Murray, pp. 112—17.
(4) Appreciation with an Essay on Style by Pater, p. 17.

ھیں - بعض صورتوں میں لفظ کی آواز اور اُس کے مفہوم میں گہرا اور واضح تعلق ہوتا ہے (مثلاً لفظ کھڑ کھڑاھٹ)، لفظ کی آواز کا انحصار ایک حد تک اُن الفاظ کی آواز پر بھی ہوتا ہے، جن کے ساتھ وہ استعمال کیا جا رہا ہو - یہی لفظ کے معنی کی نوعیت ہے - اس کے علاوہ آواز اور مفہوم کا انحصار الفاظ کی حرکت پر منحصر ہے - فقرے میں لفظ کا اثر بھی آواز اور مفہوم کے اعتبار سے اُس کے محل استعمال پر مبنی ہوتا ہے - ہر لفظ کی آواز کا انحصار اُس کے حروف کی آوازوں پر ہوتا ہے اور پھر یہی حروف لفظ کے مفہوم کی طرف اشارہ کر رہے ہوتے ہیں - حروف کی ترتیب و تکرار سے نغمہ اور ترنم پیدا ہوتا ہے (اور لفظ کی تکرار سے تکیہ کلام کا سراغ ملتا ہے - کسی مصنف کا تکیہ کلام معلوم ہو جانے کے بعد بآسانی اُسکی تحریروں کی نشاندھی کی جا سکتی ہے) اور پھر لکھنے والے کی اُفتاد طبع کا بھی پتہ چلتا ہے - بعض حروف ایک موضوع کیلئے مناسب ہوتے ہیں اور بعض ناموزوں - متحرک حروف کی تکرار لکھنے والے کے حرکت پسند ہونے پر دلالت کرتی ہے - لکھنے والے کے سامنے لاتعدادِ الفاظ ہوتے ہیں - لیکن وہ ان میں سے اپنی ضرورت کے مطابق کسی لفظ کو اُس کے مفہوم ' اُسکی آواز اور اُس کی ادبی سرگزشت کو مد نظر رکھتے ہوئے منتخب کر لیتا ہے - اچھا مصنف بننے کیلئے ضروری ہے کہ ہمیشہ نہایت موزوں الفاظ سے کام لیا جائے- ہم معنی الفاظ وجود ہی نہیں رکھتے - تھوڑا بہت فرق ان میں ضرور ہوتا ہے - زبان کا کام چونکہ خیالات کا دوسروں تک پہنچانا ہے ' اس لئے اسلوب اگر زبان کو اپنا ابلاغی فرض بآحسن طریق ادا کرنے میں رکاوٹ پیدا کرتا ہے تو وہ اسلوب پسندیدہ نہیں - اگر کسی لفظ کا مفہوم اُس کے تاریخی مفہوم (یعنی جو اس کا لغوی مفہوم تھا) سے مختلف لیا جانے لگے - تو اُسے قبول عام حاصل ہو جانے کی صورت میں صحیح تسلیم کر لینا چاھیئے یعنی غلطالعوام الفاظ کو درست خیال کر لینا چاھیئے - لیکن کوشش

یہی ہونی چاہیئے کہ یہ صورت پیدا نہ ہو[1]۔''

الفاظ کی فرسودگی کے سلسلے میں یہ خیال ہونا چاہئے کہ ''الفاظ کثرت استعمال سے فرسودہ ہوتے ہیں لیکن اچھا مصنف اس سے بچنے کیلئے الفاظ کو فقرے میں اس طرح استعمال کرتا ہے کہ جیسے وہ خزانہ سے نکلے ہوئے نئے سکے ہوں۔ اسمیں سک نہیں کہ مصنف نئے الفاظ یا ایک بھی نیا لفظ نہیں بنا سکتا۔ لیکن وہ یہ نو کر سکتا ہے کہ جملہ میں اُن کی ترتیب کو بدل کر اُن میں ایسی تازگی، جذب اور موزونیت پیدا کر دے کہ وہ نئے دکھائی دینے لگیں۔ تکرار کی صورت میں یہ بات ممکن نہیں ہوتی، کسی مصنف کی انفرادیت معلوم کرنے کا آسان طریقہ یہ ہے کہ اُن الفاظ کا سراغ لگا لیا جائے، جو وہ بکثرت استعمال کرتا ہے۔ الفاظ کا تعلق چونکہ بہت بڑی حد تک دماغ کے ساتھ ہے اور دماغ شخصیت کا ایک حصہ ہے[2]'' اس طرح اس لحاظ سے بھی الفاظ کا رشتہ مصنف کی ذات کےساتھ نمایاں ہے۔ الفاظ تحریر میں پکار پکار کر کہتے ہیں کہ ہمارا خالق فلاں شخص ہے، اُس کی تعلیم اس درجہ کی ہے، اُس کے مطالعہ میں فلاں فلاں کتب رہی ہیں اور اُس نے فلاں فلاں اساتذہ فن سے اکتساب فیض کیا ہے۔ جس طرح ہم ریڈیو پر بولنے والے کو اُس کی آواز سن کر پہچان لیتے ہیں، اُسی طرح ہم کسی مصنف کی تحریر کو دیکھ کر مصنف کا سراغ لگا لیتے ہیں۔

استعارہ

لفظ بعض اوقات صرف اپنے لغوی معنوں کیلئے ہی استعمال نہیں ہوتا، بلکہ مجازی معنوں میں بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ مثلاً جب یہ کہا جاتا ہے کہ امجد شیر ہے۔ تو شیر کا لفظ اپنے لغوی معنوں میں استعمال نہیں ہو رہا ہوتا بلکہ بطور استعارہ مجازی مفہوم ادا کر رہا ہوتا ہے۔ یعنی شیر کی ایک صفت جو کہ بہادری ہے، مذکورہ فقرہ میں شیر کا لفظ اُس کیطرف اشارہ کر رہا ہوتا ہے۔ استعارہ کی ضرورت تحریر میں اُس

---

(1) The Secrets of Style by H. Bett, p. 77.

(2) English Prose Style by B. Dobree, pp. 10, 11.

وقت پیدا ہوتی ہے ۔ جب خیال کو سیدھے سادھے طریقہ میں پیش نہیں کیا جا سکتا ، بلکہ اُسے محسوس اور معروف صورت دیکر پیش کرنے کی ضرورت ہوتی ہے ۔ مثلاً مذکورہ بالا مثال میں جب ہم نے امجد کی بہادری کو واضح کرنا چاہا ، تو ہم نے سیر کا نام دے دیا ، جو بہادری کیلئے مشہور ہے ۔

اگر کسی سخص میں استعارات پیدا کرنے کی صلاحیت موجود ہو تو اس سے اُس سخص کے شاعرانہ ذہن رکھنے کا پتہ چلتا ہے ۔ '' استعاروں کا بکثرت استعمال ہمیشہ ساعرانہ انداز بیان میں ہوتا ہے ، نثر میں استعارات کو اکثر اوقات اُس مرحلہ پر کام میں لایا جاتا ہے جب نثر اور ساعری کی حدود آپس میں مل رہی ہوتی ہیں[1] ۔'' یعنی وہ نثر جسے انشا ، ادب لطف اور جذبہ آمیز نثر کے نام سے یاد کیا جاتا ہے ، اُسمیں استعارات بالعموم استعمال ہوتے ہیں ۔

''استعارے کسی تحریر میں ایسے ہی ہوتے ہیں ، جیسے کپڑے پر زر و جواہر ، جس طرح کپڑے سے زر و جواہر اُتار دینے سے اس کی افادیت میں کوئی کمی واقع نہیں ہوتی ، اسی طرح استعاروں کو تحریر سے الگ کردینے کی صورت میں تحریر کے افادی پہلو میں کوئی فرق نہیں پڑتا ''۔[2] یعنی وہ تحریر اپنے ابلاغی مقصد کو پورا کرنے میں کوتاہی نہیں کرتی ۔ استعارہ کو جو مذکورہ رائے میں زر و جواہر کی حیثیت دی گئی ہے ، معلوم ہوتا ہے اس رائے کی تخلیق کا سبب اسلوب کے متعلق وہ تصور ہے ، جس کے مطابق تشبیہات اور استعاروں کو محض آرائش کلام کا سامان قرار دیا جاتا ہے ، لیکن درحقیقت صورت حال اس سے مختلف ہے ، کیونکہ اگر استعارے یا تشبیہات کسی خیال ، جذبہ یا تجربہ کے ابلاغ میں مد و معاون ثابت ہوں ، تو پھر ان کی حیثیت زر و جواہر کی نہیں رہ جاتی ۔ کیونکہ اس طرح ابلاغی مقصد کی تکمیل میں شریک کار ہو کر وہ اپنی افادیت پیدا کرلیتے ہیں ۔ اس میں شک نہیں کہ اگر وہ ابلاغی مقصد کو پورا کرنے میں مد و معاون ثابت ہونے سے قاصر رہیں تو پھر وہ واقعی محض

(1) English Prose Style by H. Read, p. 26.
(2) The Problem of Style by M. Murray, p. 12.

آرائش کے سامان کی حیثیت رکھتے ہیں۔

تشبیہ اور استعارہ میں اسلوب کے اعتبار سے محض درجاتی فرق ہے۔ تشبیہ اولین صورت ہے اور استعارہ بعد کی ترقی یافتہ۔ تشبیہ میں دو چیزوں کو ایکدوسرے کے ساتھ مشابہت دینے کے علاوہ وجہ شبہ کو بھی ظاہر کردیا جاتا ہے، یا علامات مشابہت، مثل، مانند وغیرہ بیس کردی جاتی ہیں، مثلاً جب یہ کہا جاتا ہے کہ "میرا محبوب آہو چشم ہے" تو چشم جو وجہ شبہ ہے اس کا ذکر موجود ہے، لیکن استعارہ میں وجہ شبہ غائب ہوتی ہے۔ جیسا کہ استعارہ کے سلسلہ میں دی گئی مثال "امجد شیر ہے" سے ظاہر ہے۔ تشبیہ میں ذہن کو سوچ بچار سے بہت کم کام لینا پڑتا ہے، گو اس سے انداز بیان میں طوالت آجاتی ہے، لیکن استعارہ میں ہمیں چونکہ کسی چیز کو فوراً اس کی متبادل صورت میں دیکھنا ہوتا ہے، اس لئے ذہن کو فوری جست لگانی پڑتی ہے[1]۔" اور بعض صورتوں میں اسے سمجھنے کے لئے کافی غور و فکر سے کام لینا پڑتا ہے۔ تشبیہ کے برعکس استعارہ کے استعمال سے انداز بیان میں اختصار پیدا ہو جاتا ہے اورتحریر طوالت سے بچ جاتی ہے۔ "لیکن استعارہ کے استعمال میں اس بات کو مدنظر رکھنا پڑتا ہے کہ وہ سادہ ہو، تاکہ تفہیم میں دشواری اور تاخیر کا سامنا نہ کرنا پڑے[2]۔" اور کلام میں زور پیدا ہونے کے علاوہ تاثر میں شدت آجائے۔

اسلوب سے بحث کرتے ہوئے تشبیہات اور استعاروں کا مطالعہ اسلئے بھی ضروری ہے کہ ان سے ہمیں مصنف کے رجحانات کا سراغ ملتا ہے، ہر عظیم ادیب ایک خاص قسم کے استعارے اور ایک خاص نوع کی تشبیہات کو اپنی تخلیقات میں جگہ دیتا ہے، علامہ اقبال اس بات کی زندہ جاوید مثال ہیں۔ انہوں نے اپنے کلام میں جن تشبیہات اور استعاروں کا استعمال کیا ہے، ان سے ان کے نظریات و تصورات کا اظہار ہوتا ہے۔ شاہین، جوُ، دریا اور انجم سے یہ پتہ چلتا ہے کہ وہ قوت حرکت اور مسلسل جستجو کے دلدادہ ہیں۔

(1) The Philosophy of Style by Spencer, p. 26.
(2) *Ibid.*

بعض صورتوں میں لفظ علامت یا اشارہ کی حیثیت بھی حاصل کرلیتا ہے ، جیسے علامہ اقبال کے کلام میں لفظ 'لالہ' ہے ۔ 'لالہ' ان کے ہاں 'ملت اسلامیہ' سے عبارت ہے ۔ لیکن لفظ کی یہ جملہ حیثیتیں ایسی ہیں کہ جن کا تعلق زیادہ تر نظم یا شعر کے ساتھ ہے ۔ نثر کا اپنے مزاج اور اپنی ساخت کے سبب ان سے شاذ و نادر ہی واسطہ پڑتا ہے ۔

لفظ بے معنی بھی ہوتے ہیں اور بامعنی بھی ، ہمارے پیش نظر جملہ مباحث میں بامعنی لفظ ہے ، جسے گریمر کی رو سے کلمہ کہا جاتا ہے ۔

جملہ

الحمد للہ رب العالمین والصلواۃ والسلام علی رسولہ محمد و آلہ اصحاب اجمعین - بنیاد اس قصۂ دلچسپ کی سلطان محمود بادشاہ کے وقت سے ہے - اس زمانے میں جہاں تک راویان شیریں کلام تھے ، انہوں نے آپس میں مل کر امیر حمزہ کے قصے کی چودہ جلدیں کہیں ، واسطے بادشاہ کے سنانے کے - اس کے سننے سے آئین ھر طرح کی خلقت کا معلوم ھوتا ہے ، دوسرے منصوبے لڑائیوں کے اور قلعہ گیری اور ملک گیری کے یاد آتے ھیں - اس خاطر ھر روز بادشاہ کو سناتے تھے کہ کسی امر میں غیر کی مصاحبت کا در ماندہ نہ رہے اور اب اس عصر میں شاہ عالم بادشاہ کے ، مطابق سن بارہ سے پندرہ اور اٹھارہ سو ایک کے ، خلیل علی خاں نے جو متخلص بہ اشک ہے بموجب خواھش مسٹر گلکرسٹ صاحب عالی شان والا مناقب کے ، واسطے نو آموزوں زبان ھندی کے ، اس قصے کو زبان میں اردوے معلا کی لکھا تا کہ صاحبان مبتدیوں کے پڑھنے کو آسان ھووے"

اشک نے اس تمہید میں داستان امیر حمزہ کو سلطان محمود کے عہد کی تصنیف بتایا ہے - اس قصے کے جتنے اھم قلمی نسخے دنیا کے بعض بڑے بڑے کتب خانوں میں موجود ھیں ان کے بیانات میں بڑے اختلاف ھیں اور ان اختلافات کا خلاصہ یہ ہے کہ قصۂ حمزہ

کا مصنف عباس (برادر حمزہ) امیر خسرو، فیضی، ملا جلال بلخی (معاصر سلطان محمود) ابوالمعالی اور شاہ ناصر الدین محمد کو بتایا گیا ہے۔ یہ موضوع کہ یہ قصہ اصل میں کس نے لکھا اور کس زمانے میں لکھا ہمارے دائرۂ بحث سے باہر ہے[1]۔ البتہ ایک بات کا ذکر دلچسپی سے خالی نہیں کہ فارسی کے جتنے مختلف الاصل نسخے جا بجا دور افتادہ کتب خانوں میں محفوظ ہیں ان میں بنیادی قصہ وہی نوشیرواں اور حمزہ کا قصہ ہے جس کی بنیاد پر اشک کی کتاب تالیف کی گئی ہے۔

اشک کی تمہید کا دوسرا اہم حصہ اس کا آخری ٹکڑا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ یہ قصہ مسٹر گلکرسٹ کے کہنے سے آسان اردو میں لکھا گیا تاکہ صاحبان اسے آسانی سے پڑھ سکیں۔

اس تمہید کے بعد اشک نے قصہ شروع کیا اور قصے کا پہلا عنوان ہے۔

"ابتدائے دفتر نوشیرواں"

لکھنؤ والے نسخے میں نہ اشک والی تمہید شامل ہے اور نہ "ابتدائے دفتر نوشیرواں" کا عنوان۔ بلکہ آغاز داستان کے بعد "بسم اللہ" کرکے داستان شروع کر دی گئی ہے۔ تمہید کی طرح دونوں کتابوں کے خاتمے بھی ایک دوسرے سے نہیں ملتے۔

اشک والے نسخے میں جہاں کہانی ختم ہوتی ہے وہاں مسلمانوں کے لئے دعائے خیر کرکے اشک نے "آمین یا رب العالمین" کہا ہے اور واللہ اعلم بالصواب کہہ کر خاموش ہوگئے ہیں۔ اس کے برخلاف لکھنو نسخے میں قصہ ختم ہو جانے کے بعد بھی خاصی طویل عبارت میں یہ بتایا گیا ہے کہ اشک والے نسخے میں ترمیم و تصرف کی ضرورت کیوں پیش آئی۔ لکھنوی نسخے کے آخر میں یہ عبارت درج ہے:

---

۱ - اس کی بڑی اچھی بحث ڈاکٹر گیان چند کی کتاب "شمالی ہند کی نثری داستانیں" میں کی گئی ہے۔ ملاحظہ ہوں صفحات ۱۸۴ تا ۱۹۴ کتاب مذکور پہلا ایڈیشن شائع کردہ انجمن ترقی اردو، کراچی ۱۹۵۴ء)

قدرت صانع بےہمال قابل سپاس لا کلام ہے۔ اور سب سے زیادہ مقام بے منتہا کا یہ مقام ہے کہ فصحا اور بلغا کو قوت تصنیف عطا کر کے طریقۂ تالیف سیرو تاریخ بتا دیا۔ داستان گوی و ایجاد قصص کا ملکہ دیا۔ اگر نظر غور سے دیکھا جائے تو افکار اور پریشانی مٹانے کا کوئی طریقہ ملاحظہ تاریخ و معائنہ قصص سے بہتر پیدا نہیں، حالت رنج و غم میں کوئی مونس اور رفیق ایسا نہیں۔ اگرچہ ہر داستان کو یہی مرتبہ حاصل ہے مگر خاصۃً داستان نادر بیان امیر حمزہ کا رتبہ سب داستانوں میں اعلیٰ و کامل ہے۔ اس کے مولف نے عجب سحر کاری فرمائی ہے کہ ہر شخص اس کا دل و جان سے خریدار ہے۔ جو بصرف توجہ و زر کثیر جناب معلیٰ القاب مجسم فیض و نوال مظہر جود و افضال، عالی ہمت، والا مرتبت جناب منشی نولکشور صاحب سی۔ آئی۔ ای مرحوم بمعاوضۂ عطیہ گراں بہا سر دفتر فصحائے عصر مولوی حافظ سید عبداللہ صاحب بلگرامی رحمتہ اللہ علیہ نے آراستہ فرما کر اور تعقید عبارت رفع کر کے اس قصہ کی عبارت کو اردوئے معلیٰ بنا دیا . . بعدہٗ بار چہارم صاحب فہم و ذکا، ماہر زبان روز مرہ اردوئے معلیٰ مولوی سید تصدق حسین مصحح مطبع نے یہ تعمق نظر نظرثانی فرما کر طرز مناسب پر عبارت قصہ کو آراستہ کیا''

اسی عبارت کے بعد تمت ہے اور پھر مطبع کی طرف سے یہ اعلان:

''تہذیب و ترتیب اس کی عبارات و محاورات کی بصرف زر خطیر مطبع ہوئی اور جناب مولوی حافظ سید محمد عبداللہ صاحب بلگرامی نے یہ دماغ سوزی بہ ایمائے جناب منشی نولکشور صاحب سی۔ آئی۔ ای مرحوم مالک مطبع گوارا فرمائی ہے اور بعد ازاں ماہر زبان مولوی سید تصدق حسین صاحب رضوی مصحح مطبع نے کمال سعی و عرق ریزی کے ساتھ آخریں نظر سے اس کو زیادہ آراستہ کیا ہے''۔

اشک کی تمہیدی عبارت اور لکھنوی نسخے کے خاتمے کی عبارت میں دو باتیں قابل توجہ ھیں ۔ اشک نے داستان امیر حمزہ اُن انگریزوں کے لئے لکھی ھے جو اردوئے معلیٰ کے مبتدی طالب علم تھے ۔ اسی مقصد کے ماتحت اُن کے قصے کی زبان آسان ھے ۔ اس کے برخلاف لکھنوی نسخے میں اشک کے نسخے کی ''تعقید عبارت'' رفع کرنے اور ''عبارت قصه کو آراسته کرنے'' پر زور دیا گیا ھے ۔ چنانچه اشک کی داستان اور نظرثانی کے بعد لکھنؤ میں چھپی ھوئی داستان کے درمیان یہی امتیازی فرق ھیں ۔ اشک کے یہاں سادگی اور تعقید ھے اور سید محمد عبداللہ اور سید تصدق حسین والے نسخے میں آراستگی اور تکلف ۔ ھمارا تجزیه آگے چل کر اسی اجمال کی وضاحت کرے گا ۔ اس فرق کے علاوہ بھی دونوں نسخوں کے کے مطالعے کے بعد جو امتیاز نظر کے سامنے آتے ھیں اُن کی طرف اشاره کرنا بھی اس مطالعے اور تجزیے کا مقصود ھے ۔

یه فرق کیا کیا ھیں اور کس کس طرح نمایاں ھوئے ھیں اس کا اندازہ کرنے کے لئے دونوں داستانوں کے اُن ابتدائی حصوں کا مطالعه کیجئے جن کا عنوان اشک والے نسخه میں ھے ''ابتدائے دفتر نوشیرواں'' اور لکھنوی نسخے میں آغاز داستان ۔

پہلے اشک کی عبارت پڑھئے :

''نامه آغاز داستان امیر حمزہ نامدار کشورستاں عم رسول آخر الزماں اس طرح ھے که بیچ سر زمین ایران کے ملک مدائن میں ایک بادشاہ قباد کامران نامی اس قدر شجاع و عادل ، رعیت پرور تھا که اُس کے عمل میں ھر چند غریب و فقیر اپنے اپنے گھر میں غنی تھا ۔ ظلم اور جور کا اس کے شہر میں کہیں نام اور نشان نه تھا ، مگر عدل اور انصاف که اُس کے دور میں تمام خلقت آسودۂ و بے خطر تھی ۔ کسی کو کسی بات کا غم نه تھا ۔ اُس کے عدل میں باگ بکری ایک گھاٹ پانی پیتے تھے ۔ اس بادشاہ کے پاس چالیس وزیر تھے که جن کی شمیم عقل اس گلشن سلطنت کو ھمیشه خوشبو رکھتی تھی ۔ ان وزیروں کے سوا سات سے حکیم اور رمال اور سات ھی سے ندیم صاحب کمال ۔ چار سے پہلوان کرسی نشین ، تین سے بادشاہ

تاجدار دس لاکھ سوار ، چالیس هزار غلام زریں کمر و زریں کلاہ مغرق بجواھر اس بادشاہ کی خدمت مس روز و شب حاضر رھتے تھے ۔ سردار سب وزیروں میں ملک القش نامی شخص تھا کہ اس سے بیشتر بادشاہ کو امور سلطنت میں مشورہ ملتا تھا ۔ اسی شہر میں ایک حکیم مرد مسلمان اولاد میں حضرت دانیال پیغمبر کے ، بخت جمال نامی رھتا تھا ۔ اس کو علم رمل مس اس قدر معلومات تھی کہ القش وزیر بھی اکثر اس کے زائچے کے علم کو سیکھنے لگا ۔ کئی ایک دن میں باھم یہ دوستی بہم پہنچائی کہ ایک روز بن دیکھے چین نہ ھوتا ۔ بعد کتنے دنوں کے ایک روز القس بطور همیشہ خواجہ بخت جمال کے پاس آیا اور کہا کہ آج میں نے آپ کی خاطر قرعہ ڈالا تھا ۔ اس میں صورت خوف و خطر کی نظر آئی کہ وہ خوف چالیس دن تک رہے گا ۔ پس لازم ہے آپ اسے دن گھر سے پاؤں باھر نہ رکھئے کہ خطرہ جان کا ہے اور اعتبار کسی کا نہ کیجئے ۔ بندہ بھی ان روزوں کے بعد آن کر قدم بوس ھوگا ۔ یہ کہہ کر اپنے گھر کی راہ لی ۔ یہاں بخت جمال گھر کے دروازے کو بند کرکے ایک کونے میں بیٹھ کر لگا گننے تا کہ انتالیس دن بخیر و خوبی گزر گئے ۔ چالیسویں دن صبح کو اٹھ کر غسل کیا اور اجلے کپڑے پہن کر عصا کو هاتھ میں لیا کہ آج آپ چل کر القش وزیر سے ملاقات کیجئے کہ اپنے تئیں اس شہر میں سوا اس کے اور کسی سے واسطہ نہیں ہے ۔ یہ کہہ کر گھر سے نکلا اور وزیر کے گھر کی طرف چلا ۔ آدھی راہ طے کی تھی ۔ باعث سے دھوپ کی گرمی کے ایک درخت کے تلے آن کر کھڑا رھا ۔ دیکھا تو وھاں ھوا کا مکان ہے ۔ کہیں کسی آدمی کا اپنے سوا نام نہیں ۔ از بسکہ وھاں کسی وقت میں عمارت تھی ۔ ٹوٹی ٹوٹی حویلیوں کے کچھ کچھ نسان باقی رہ گئے تھے ۔ اس میدان کی ٹھنڈی ٹھنڈی ھوا جو اس کو خوش آئی ایک درخت کے نیچے ٹہلنے لگا اور جی میں کہا کہ یہ مکان کئی برس سے ویران پڑا ہے اور اب تابع ملک القش وزیر کے ہے ۔ اس نے بھی آباد نہ کیا ۔ اگر یہ بسے تو اس سے بہتر مکان اور لب دریانہ نکلے ۔ یہ تصور کرکے ایک بارہ دری کا ٹوٹا دروازہ تھا اس میں جاکر اندر ایک دالان کے دیکھا تو داھنی طرف ایک کوٹھری ہے ، لیکن دروازہ

اینٹوں سے چنا ہے ۔ بخت جمال نے عصا کی نوک سے اینٹوں کو گرا کر جی میں کہا اس کے اندر جا کر دیکھئے کہ کیا ہے ۔ اس کوٹھری کے اندر جا کر دیکھا تو ایک کونے میں چھوٹی سی کھڑکی ہے اور اس میں قفل لگا ہوا ہے پر زنگ نے اسے ایسا کھایا ہے کہ لوہے میں کچھ باقی نہیں ہے ۔ ہاتھ سے زور کرکے اس قفل کو توڑ ڈالا اور دروازہ کھول کر دیکھا تو کچھ سیڑیاں سی نظر آئیں ۔ نیچے ایک نہ خانہ تھا ۔ ان سیڑھیوں سے اتر کر اس کے اندر گیا اور اس میں دیکھا کہ سات گنج مال کے ہیں ۔ شداد نے کسی وقت میں یہاں دفن کئے تھے ....''

اس کے بعد قصہ اس طرح آگے چلتا ہے کہ بخت جمال یہ خزانہ دیکھ کر اس کی خبر القس کو کرتا ہے اور اسے نہ خانے میں لا کر اس گنج پنہاں کا نظارہ کراتا ہے ۔ خزانہ دیکھ کر القش کی نیت خراب ہوجاتی ہے اور وہ افشائے راز کے خوف سے بخت جمال کو قتل کر دینے کا فیصلہ کرتا ہے ۔ اس کی منت سماجت کی ذرا پروا نہیں کرتا ۔ بخت جمال کو یقین ہو جاتا ہے کہ القش کا فیصلہ اٹل ہے تو وہ راضی برضا ہوکر القس کو کچھ وصیتیں کرتا ہے ۔ القس بخت جمال کو قتل کرکے نہ خانے میں دفن کر دیتا ہے ۔ حویلیوں کی ازسر نو تعمیر کا انتظام کرتا ہے اور بخت جمال کی وصیت کے مطابق اس کے گھر جاتا ہے ۔ داستان کا یہ ٹکڑا اشک نے اس طرح ختم کیا ہے :

''القش بموجب وصیت خواجہ ایک دو سے روپے لے کر بخت جمال کے گھر گیا اور جو جو وصیت تھی سب کہی ۔ اور کہا یہ روپے اپنے خرچ میں لاؤ اور اس کی طرف کا کچھ غم نہ کھاؤ ۔ میں نے اس کو تجارت کی خاطر چین بھیجا ہے ۔ یہ کہہ کر اپنے گھر گیا ۔ بعد کئی دن کے جب وہ باغ تیار ہوا القش نے اس کا نام باغ بیدار رکھا ۔ واللہ اعلم بالصواب''

اب دیکھئے کہ لکھنوی نسخے میں داستان کا یہ ٹکڑا کس طرح بیان کیا گیا ہے :

بسم اللہ الرحمن الرحیم

''واقعہ نگاران رنگین تحریر امور خان سہریں تقریر ، نو کنندگان افسانۂ کہن ، یاد دھندگان دیرینہ سخن یوں بیان کرتے ہیں کہ سر زمین ایران ، جنت نشان میں ملک مدائن کا ایک شہنشاہ تھا ، قباد کامران نام ۔ رعیت پروری میں لا جواب اور عدالت گستری میں نظیر اُس کا نایاب ۔ اور اُس بادشاہ جم جاہ کے چالیس وزیر باعقل و دانش صاحب تدبیر اور سات سو حکیم کہ افلاطون و ارسطو اُن کے سامنے طفل دبستاں تھے ۔ سب کے سب عقل و کیاست و فہم و فراست میں یکتائے جہاں تھے ۔ ہر ایک علوم حکمت و ہندسہ و رمل و جفر و نجوم میں جالینوس و اقلیدس و فیثا غورث کو خطاب کے لائق نہ جانتا اور سو ندیم کہ علم ادب و علم مجلس میں ہر متنفس اُستادستاد قدر داناں اور چار ہزار پہلوانان کہ اگر سام و نریمان و رستم و زال اُن کے روبرو آتے تو سپر عجز کی میدان پہلوانی میں پھینک کر حلقۂ ساگردی گلے میں لٹکاتے ۔ اور تین سو بادشاہ تاجدار کہ ہر ایک بجائے خود کوس لمن الملک بجاتا تھا اُس کے باج گزار تھے ، سر اطاعت خم کئے ہوئے تابعدار تھے اور دس لاکھ سپاہی کینہ خواہ اور چالیس دستۂ غلامان زریں کمر مرصع مفرق بہ جواہر ، اس بادشاہ کی مجلس ارم فردوس تزئین میں حاضر رہا کرتے ۔ خدمت گزاری میں چست و چالاک جاں نثاری کا دم بھرا کرتے ۔ اور اسی شہر میں ایک حکیم خواجہ بخت جمال نامی، اولاد میں حضرت دانیال پیغمبر علیٰ نبینا و علیہ الصلواۃ والسلام کے مقیم تھا ، علم و حکمت و رمل و نجوم و جفر میں یادگار حکمائے سلف بے مثل و ندیم ۔ ملک القش نامی وزیر شاہ نے اکثر اس کے احکام کو آزمایا اور بہ تمنائے تمام زانوئے شاگردی اُس کے رو برو نہ کیا اور ایسا معتقد و گرویدہ ہوا کہ ایک دم جدائی اُس کی گوارا نہ کرتا ۔ چند روز کے عرصے میں البقش نے

علم رمل میں ایسی مہارت پیدا کی اور وہ دستگاہ بہم
پہنچائی کہ خواجہ کا شاگرد رشید مشہور ہوا اور شہرہ
اُس کا دور دور ہوا ۔ ایک دن اُس نے خواجہ سے کہا شب
کو بے شغلی سے دل جو گھبرایا میں نے تمہارے واسطے
قرعہ پھینکا ۔ شکلوں کے ملانے سے معلوم ہوا کہ اختر
تمہارا خانۂ نحوست میں ہے ، چندے گردش تمہاری
قسمت میں ہے ۔ چالیس روز تک اُسی خانہ میں رہے گا ۔
پس اتنے دن گھر سے قدم باہر نہ رکھئے گا اور کسی کا
اعتبار نہ کیجئے گا ، حتیٰ کہ میں بھی اتنے دنوں تک
سنگ صبر اپنی چھاتی پر دھروں گا ، ملاقات آپ سے نہ
کروں گا ۔ خواجہ القش کے فرمانے کے بموجب اپنے گھر کا
دروازہ بند کر کے عزلت گزیں ہوا ۔ دوست آشنا سے
ترک ملاقات کر کے گوشہ نشین ہوا ۔ جب اُنتالیس دن
خیریت سے گزر گئے ، ایام نحوست و دلدر سر سے اُتر گئے
چالیسویں دن خواجہ سے نہ رہا گیا ۔ بیٹھے بیٹھے گھبرا گیا ۔
عصا ہاتھ میں لے کر گھر سے باہر نکلا کہ القش وزیر سے
مل کر ملاقات کیجئے ، اپنی صحت و عافیت سے اُس کو مژدہ
دیجئے کہ سوائے اُس کے اس شہر میں کوئی اپنا یار
وفادار نہیں ہے ، دل جو محبت شعار نہیں ہے ۔ اتفاقاً
شاہراہ کو چھوڑ کر ویرانہ کی طرف جا نکلا ۔ چونکہ
گرمی کا موسم تھا تمازت آفتاب سے بےتاب ہو کر ایک
درخت سایہ دار کے نیچے بیٹھ گیا ۔ ناگاہ ایک عمارت عالی شان
سامنے سے نظر آئی مگر چار دیواری اُس کی گر گئی تھی ۔ کچھ
جی میں جو آیا ٹہلتے ٹہلتے اُس طرف بڑھا ۔ دیکھا کہ
اکثر مکانات مسمار ہو گئے ہیں ۔ دالان ٹوٹے پڑے ہیں ۔
لیکن ایک دالان قائم ہے ، مثل دل عاشقاں پریشان سنسان ،
اور اُس دالان میں ایک کوٹھری کا دروازہ اینٹوں سے
تیغا کیا ، صحیح و سالم ہے ۔ خواجہ نے اینٹوں کو جو
ہٹایا دست راست کی طرف ایک چھوٹا سا دروازہ نظر آیا مگر
مقفل ۔ خواجہ نے چاہا کہ کسی اینٹ پتھر سے کھولوں ،

تھوڑی زور آزمائی کروں ۔ اس ارادہ سے اُس میں ہاتھ لگایا ۔
ہاتھ لگاتے ہی کھل کر گر پڑا ۔ خواجہ نے بڑھ کر اُس کے
اندر قدم رکھا ۔ ایک نہ خانہ دیکھا ۔ اُس میں سات گنج
زر و جواہر بیش بہا کے شداد کے جمع کئے ہوئے دفن تھے ۔

اس کے بعد کی تفصیلات لکھنوی نسخے میں بھی وہی ہیں جو
اشک والے نسخے میں ۔ یعنی خواجہ یہ خبر سنانے کو فوراً القش کے
پاس گیا اور اُسے خزانے کی خبر سنائی ۔ یہ خبر سن کر القش خواجہ
کے ساتھ خزانہ تک آیا اور اُسے دیکھ کر دنگ رہ گیا اور اخفائے راز
کے خوف سے خواجہ کو قتل کردیا ۔ خواجہ کی وصیت کے مطابق
اُس کے گھر جا کر اُس کے گھر والوں کو سمجھا بجھا دیا ۔ اس نسخہ
میں قصے کا یہ ابتدائی حصہ ان الفاظ پر ختم ہوتا ہے :

"حکم کی دیر تھی ۔ فی الفور داروغہ نے معمار مزدور
سنگ تراش شہر سے بلا کر مدد جاری کی ۔ چند روز کے
عرصے میں چار دیواری مع باغ بنگلہ تیار ہوئی ۔ القش
دیکھ کر مسرور ہوا ۔ نام اُس کا باغ بیداد رکھا اور
خواجہ بخت جمال کے گھر میں جاکر وصیت خواجہ کی
بیان کی اور بہت تسلی اور تشفی دی ۔ اور بہت روپیہ
دے کر کہا کہ تم اس کو اپنے خرچ میں لاؤ ، پھر جب
ضرورت ہوگی امداد کی جائے گی ، تکلیف نہ ہونے پائے گی ۔
خواجہ کو میں نے تجارت کے واسطے چین کی طرف بھیجا
ہے ۔ بہت جلد وہاں سے منفعت اٹھا کر پھر آتا ہے ۔
یہ کہہ کر گھر کی راہ لی ۔ اصل حقیقت دل میں رکھی"

داستان امیر حمزہ کے ان دونوں نسخوں کے ابتدائی حصوں
مطالعہ کے بعد پڑھنے والا جو بدیہی اور سیدھے سادے نتیجے نکالتا
ہے وہ یہ ہیں :

(۱) قصے کے اصل مولف اور اُس پر نظر ثانی کرنے والوں میں
اس حد تک اتفاق اور اتحاد ہے کہ قصہ کو آراستہ
و پیراستہ کرتے وقت بھی لکھنؤ والوں نے واقعات کے

اهم اجزا میں کوئی تبدیلی نہیں کی بلکہ اُس کے ضروری عناصر کو جوں کا توں قائم رکھا ہے اور اسی لئے قصے کے ناموں اور ان ناموں سے تعلق رکھنے والے خصائص کو بھی حتی الامکان بر قرار رکھنا ضروری سمجھا ہے۔

(۲) لیکن قصے کے اہم اور بنیادی اجزا میں اپنے مذاق کے مطابق کمی بیشی قدم قدم پر کی ہے اور اس لئے پڑھنے والے کے سامنے کرداروں اور ماحول کی جو تفصیلات آتی ہیں اُن کی جزئیات میں ایسے جا بجا فرق نظر آتا ہے۔

(۳) اشک کے قصے میں بیان کی سادگی اُس کی سب سے نمایاں خصوصیت ہے۔ اسی سادگی نے اُس میں وہ چیز پیدا کر دی ہے جسے لکھنوی داستان سراؤں نے تعقید کہا ہے اور جسے دور کرنے کی طرف پوری توجہ صرف کی ہے۔ لیکن اس سلسلے میں دو باتیں پڑھنے والے کو اپنی طرف متوجہ کرتی ہیں۔ پہلی تو یہ ہے کہ اشک کی عبارت میں جو تعقید نظر آتی ہے وہ اُس دور کی نثر کی خصوصیت ہے اور حیدری اور میر امن کی عبارتیں بھی اس سے خالی نہیں اور دوسری یہ کہ اشک کی عبارت میں یہ تعقید حیدری اور میر امن سے کہیں زیادہ ہے۔ اور سچ پوچھئے تو اپنے آپ کو ایک خاص عہد کے اسلوب کی ان کمزوریوں سے بہت حد تک محفوظ کر لینا ہی میر امن کا وہ امتیاز ہے جس نے اُنہیں اپنے سب ہم عصروں میں برتری کا شرف دلوایا ہے۔

(۴) لکھنؤ والوں نے اس تعقید کو دور کر کے نثر کی سادگی کا کوئی ایسا معیار قائم کرنے کے بجائے جسے سہل ممتنع کہا جا سکتا تکلف اور تصنع کی راہ اختیار کی ہے۔ اُن کے بیان میں رنگینی، ادبیت و شعریت، اظہار علمیت اور روایتی تشبیہات، استعارات اور علامات

کی اتنی کثرت ہے کہ اُس سے قصے کا فطری انداز متاثر و مجروح ہوا ہے ۔ جن ٹکڑوں میں یہ فرق نمایاں ہوگئے ہیں اُن کا اعادہ شاید بے محل نہ ہو :

اشک والے نسخے کی عبارت

(۱) نامہ آغاز داستان امیر حمزہ نامدار کشورستاں عم رسول آخر الزماں اس طرح ہے کہ بیچ سر زمین ایران کے ملک مدائن میں ایک بادشاہ قباد کامران نامی اس قدر شجاع ، عادل ، رعیت پرور تھا کہ اس کے عمل میں ہر غریب و فقیر اپنے گھر میں غنی تھا ۔ ظلم اور جور کا اس شہر میں کہیں نام اور نشان نہ تھا ، مگر عدل اور انصاف کہ اُس کے دور میں تمام خلقت آسودہ و بے خطر تھی ۔ کسی کو کسی بات کا غم نہ تھا ۔ اُس کے عدل میں باگ بکری ایک گھاٹ پانی پیتے تھے ۔

(۲) اس بادشاہ کے پاس چالیس وزیر تھے جن کی شمیم عقل گلشن سلطنت کو ہمیشہ خوشبو رکھتی تھی ۔ ان وزیروں کے سوا سات سے حکیم اور رمال اور سات ہی سے ندیم صاحب کمال ،

لکھنوی نسخے کی عبارت

(۱) واقعہ نگاران رنگین تحریر و مورخان شیریں تقریر نوکنندگان افسانۂ کہن و یاد کنندگان دیرینہ سخن یوں بیان کرتے ہیں کہ سر زمین ایران جنت نشان میں ملک مدائن کا ایک شہنشاہ تھا ، قبادکامران نام ۔ رعیت پروری میں لا جواب اور عدالت کسری میں نظیر اُس کا نایاب ۔

(۲) اس بادشاہ جم جاہ کے چالیس وزیر با عقل و دانش صاحب تدبیر تھے اور سات سو حکیم کہ افلاطون و ارسطو اُن کے سامنے طفل دبستاں تھے ، سب کے سب عقل و کیاست و فہم و فراست میں یکتائے

چار سے پہلوان کرسی نشین، تین سے بادشاہ تاج دار دس لاکھ سوار، چالیس هزار غلام زریں کمر و زریں کلاہ مغرق بجواهر اس بادشاہ کی خدمت میں روز و شب حاضر رهتے تھے۔

جہاں تھے۔ هر ایک علوم حکمت و هندسه و رمل و جفر و نجوم میں جالینوس و اقلیدس و فیثاغورث کو خطاب کے لائق نه جانتا اور سات سو ندیم که علم ادب اور علم مجلس میں اُستاد اور چار هزار پہلوانان که اگر سام و نریمان و رستم و زال اُن کے روبرو آتے تو سپر عجز کی میدان پہلوانی میں پھینک کر حلقهٔ ساگردی گلے میں لٹکاتے۔ اور تین سو بادشاہ تاجدار که هر ایک بجائے خود کوس لمن الملک بجاتا تھا اُس کے باج گزار تھے، سر اطاعت خم کئے ہوئے تابعدار تھے۔ اور چالیس لاکھ سپاهی کینه خواہ اور چالیس دسته غلامان زریں کمر مرصع، مغرق بجواهر اُس بادشاہ کی مجلس رشک ارم، فردوس تزئین میں حاضر رها کرتے، خدمت گزاری میں چست و چالاک جاں نثاری کا دم بھرا کرتے۔

۳) دیکھا تو وهاں ایک (۳) ناگاہ ایک عمارت عالیشان
هو کا مکان ہے۔ کہیں سامنے سے نظر آئی مگر چار

اشک والے نسخے کی عبارت

کسی آدم کا اپنے سوا نام
نہیں ۔ از بسکہ وہاں کسی
وقت مبں عمارت تھی ۔
ٹوٹی پھوٹی حویلیوں کے
کچھ نشان باقی رہ گئے تھے۔
اُس میدان کی ٹھنڈی ٹھنڈی
ہوا جو اُس کو خوش آئی،
ایک درخت کے نیچے ٹہلنے
لگا اور جی میں کہا کہ
یہ مکان کئی برس سے ویران
پڑا ہے اور اب تابع ملک
القش وزیر کے ہے ۔ اُس
نے بھی آباد نہ کیا ۔ اگر
یہ بسے تو اس سے بہتر
مکان اور لب دریا نہ نکلے ۔
یہ تصور کرکے ایک بارہ
دری کا ٹوٹا دروازہ نھا
اُس میں جاکر اندر ایک
دالان کے دیکھا تو داھنی
طرف ایک کوٹھری ہے
لیکن دروازہ اینٹوں سے
چنا ہے ۔

لکھنوی نسخے کی عبارت

دیواری اُس کی گر گئی تھی ۔
کچھ جی میں جو آیا تو
ٹہلتے ٹہلتے اُس طرف بڑھا ۔
دیکھا کہ اکثر مکانات
مسمار ہوگئے ہیں ۔ دالان
ٹوٹے پڑے ہیں ، لیکن ایک
دالان قائم ہے ، مثل دل
عاشقاں پریشان سنسان اور
اُس دالان میں ایک کوٹھری
کا دروازہ اینٹوں سے تیغا
کیا صحیح و سالم ہے ۔

تکلف ، تصنع ، آورد اور خصوصاً مبالغہ کا رنگ لکھنوی نسخہ کے طرز کی ایسی خصوصیت ہے جو پڑھنے والے کو اپنی طرف متوجہ کئے بغیر نہیں رہتی ۔

(۵) اشک کی عبارت میں عموماً طوالت کو دخل ہے ۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اشک نے واقعات کے بیان اور کرداروں کی گفتگو میں کسی قسم کے تکلف سے کام

لینے کے بجائے بے تکلفی کی فضا قائم رکھنے کی کوشش کی ہے اور یہ بات خواہ مخواہ طوالت کا باعث بن گئی ہے ۔ لکھنوی نسخے میں بے جا طوالت کو ترک کرکے اُس میں موزونیت اور توازن پیدا کرنے کی ضرورت محسوس کی گئی ہے ۔ موزونیت اور توازن پیدا کرنے کی اس ارادی کوشش نے عبارات میں ایجاز و اختصار پیدا کر دیا ہے ۔ لیکن چونکہ لکھنوی مولفین کا اصل مقصود عبارت کی موزونیت ، توازن اور آہنگ ہے اس لئے کہیں کہیں ایسا بھی ہوا ہے کہ اشک کے نسخے میں جہاں کہیں واقعات کو اختصار کے ساتھ روا روی میں بیان کیا گیا ہے وہاں لکھنوی نسخے میں طوالت اختیار کی گئی ہے کہ ایک مخصوص محل کا تقاضا یہی ہے ۔ یہ بات اُن موقعوں پر خصوصاً زیادہ نمایاں ہے جہاں رزم و بزم کے مرقعے پیش کئے گئے ہیں ۔ آگے انے والی مثالوں سے یہ بات واضح ہوگی کہ لکھنوی مولفین نے واقعہ نگاری اور مرقع کشی میں پورا زور قلم صرف کیا اور ان مرقعوں کو ادبی اور شاعرانہ خصوصیات کا حامل بنایا ہے ۔

(٦) اشک کے نسخے اور لکھنوی نسخے میں ایک نمایاں فرق یہ بھی ہے کہ اشک نے اپنی سادگیٔ بیان اور فطرت پسندی کے میلان کی بنا پر عموماً بات کہنے کا ایسا انداز اختیار کیا ہے جس میں پڑھنے والے کو عبارت میں جا بجا ربط و آہنگ کی کمی محسوس ہوتی ہے ۔ واقعات کے مرقعے دیکھ کر اور کرداروں کی گفتگو سن کر بہت سے موقعوں پر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ان میں کسی نہ کسی چیز کی کمی رہ گئی ہے ۔ فقروں ، جملوں اور عبارتوں میں جا بجا ایک ڈھیلا پن اور اُس کساؤ اور تناؤ کی کمی ہے جس کے بغیر عبارت میں ترنم اور نغمگی پیدا ہونی ناممکن ہے ۔ فن کار کی آخری نظر تصویروں کے رنگ کو پختگی کی جو دولت

لازوال بخشتی ھے اُس سے یہ عبارتیں اکثر خالی نظر
آتی ھیں ۔ لکھنؤ کے مولفین نے اس کمی کے پورا کرنے کی
طرف پوری توجہ صرف کی ھے اور واقعات کے مختلف اجزا
میں باھمی ربط پیدا کرنے کے علاوہ جملوں اور فقروں
میں الفاظ کے دروبست کو ھر جگہ درست کیا ھے ۔
اور یوں عبارت سڈول بھی ھوئی ھے اور سامعہ پر بھی
اُس کا خوشگوار اثر پڑتا ھے ۔ یہ مقصد کہیں محض
ایک دو لفظوں کے اضافے اور تغیر سے حاصل ھوگیا ھے
اور کہیں پوری عبارت کو نئے سرے سے ایک نئے
سانچے میں ڈھالنے کی ضرورت پیس آئی ھے، اور اس کا
نتیجہ یہ ھوا ھے کہ واقعات کے سیاق و سباق میں
بھی تبدیلی پیدا ھوگئی ھے ۔ آگے کی باتیں پیچھے اور
پیچھے کی باتیں آگے ھو گئی ھیں کہ کہانی پڑھنے
والے کے لئے قصے میں دلچسپی پیدا کرنے اور اس کی
افسانوی کشش اور تاثر بر قرار رکھنے کا یہی طریقہ تھا ۔

دونوں داستانوں کے اس فرق کی وضاحت کے لئے داستان کے
ابتدائی باب کے آخری حصے پر ایک نظر ڈالئے ۔ داستان کا یہ
ٹکڑا اُس واقعہ سے تعلق رکھتا ھے کہ خواجہ کو قتل کرکے
القش عمارت اور باغ کی تعمیر کی طرف متوجہ ھوا ۔ یہ ٹکڑا
اشک کی داستان میں اس طرح ھے :

.... خنجر سے اور ھاتھ سے لہو دھو کے اپنے گھوڑے پر
سوار ھو کے اُس طرف آیا اور کہا ”اس مکان میں ھمارے
واسطے ایک باغ تیار ھو اور جہاں وہ مال تھا اُس کے گرد
ایک چار دیواری سنگ مرمر کی بنے اور اُس کو پاٹ کر
ایک بنگلہ واسطے نشست کے مونگے کا بنے“۔ غرض ساتھ
اس حکم کے معمار جہاں تلک حاضر ھوئے اور راج، پیش
مزدور، سنگ تراش، بڑھئی، بیل دار، تبردار بلائے اور
مدد لگائی کہ جلد وہ باغ تیار ھو.........بعد کئی دن کے
جب وہ باغ تیار ھوا القش نے اُس کا نام باغ بیداد رکھا

لکھنؤ والے نسخے میں اس کی بے ربطی کو یوں دور کیا گیا ہے :

"........خنجر اور ہاتھ کا لہو دھویا ۔ دولت دو روزہ کے واسطے ایمان اپنا کھویا[1] ۔ پھر سوار ہو کر اپنے گھر گیا ۔ دل میں بہت خوش اور محظوظ ہوا ۔ دوسرے دن مع تزک سوار ہو کر پھر اس مکان میں پہنچا اور اُسے دیکھ بھال کر داروغہ کو حکم دیا کہ یہاں ہمارے واسطے ایک باغ تیار ہووے اور باغ کے گردا گرد چار دیواری سنگ مرمر کی بنے اور اُس دالان کو پاٹ کر ایک بنگلہ فیروزے کا ہماری نشست کے واسطے بنایا جائے ۔ اسباب گراں بہا نادر روزگار بہم پہنچا کے اس عمارت گردوں منزلت میں بھجوایا جائے ۔ حکم کی دیر تھی فی الفور داروغہ نے معمار ، مزدور ، سنگ تراش شہر سے بلا کر مدد جاری کی ۔ چند روز کے عرصہ مس چار دیواری مع باغ بنگلہ تیار ہوئی ۔ القس دیکھ کر مسرور ہوا نام اُس کا باغ بیداد رکھا.........."

لکھنوی نسخے کی عبارت میں بھی باتیں وہی کہی گئی ہیں جو اشک والے نسخے میں ہیں لیکن خط کشیدہ ٹکڑوں کے اضافے نے اس عبارت کو زیادہ مربوط، قرین قیاس اور قابل قبول بنا دیا ہے ۔ لیکن ان اضافوں کے ساتھ ساتھ لکھنوی نسخے کی عبارت میں بعض چیزیں کم بھی کر دی گئی ہیں ۔ مثلاً مکان کی مدد جاری کرنے کے لئے یہاں صرف معمار ، مزدور اور سنگ تراش بلائے گئے ہیں ۔ اشک نے اس کے مقابلے میں زیادہ اہتمام سے کام لیا ہے اور معمار ، مزدور اور سنگ تراش کے علاوہ راج ، بڑھئی ، بیلدار اور تبردار بھی مہیا کئے ہیں ۔ بظاہر اشک اس اہتمام میں حق بجانب معلوم ہوتے ہیں ۔ لکھنوی مولفین کے حق میں البتہ یہ بات کہی جاسکتی ہے کہ اُنھوں نے غیر ضروری تفصیلات سے احتراز ضروری جانا ہے ۔

(ہ) لکھنوی نسخے کی ایک اور خصوصیت جو اُسے اشک کے نسخے کے مقابلے میں نمایاں کرتی ہے یہ ہے کہ اس

کے مولفین نے تہذیبی اور مجلسی لوازم کی طرف خاص
توجہ کی ہے ۔ یہ بات کتاب کے دوسرے حصوں کو
پڑھ کر زیادہ وضاحت کے ساتھ سامنے آتی ہے لیکن اس
ابتدائی ٹکڑے میں بھی جسے ہم نے دونوں تالیفات کے
فرق کی صراحت کی بنیاد بنایا ہے اشارتاً موجود ہے ۔
مثلاً قباد کامران کے ندیموں کے لئے انہوں
نے ''علم ادب و علم مجلس'' کی صفات سے مزین ہونے
کی شرط لگائی ہے ۔ چنانچہ لکھنوی نسخے کے مطالعے
سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ قصے کے کردار جب آپس میں
گفتگو کرتے ہیں تو برابر ان تہذیبی اور مجلسی
آداب اور حفظ مراتب کو ملحوظ رکھتے ہیں ۔

داستان کے تمہیدی حصوں کو پیش نظر رکھ کر اشک اور
لکھنوی مولفین کے اسلوب فکر اور انداز بیان کا فرق نمایاں کرنے میں
میں نے کسی قدر طول کو اس لئے دخل دیا ہے کہ داستان کے
باقی حصوں کا مطالعہ کرتے وقت یہ چیزیں خود بخود ابھرتی اور
نمایاں ہوتی رہیں اور پڑھنے والے اگر دونوں نسخوں کو تقابلی
نظر سے پڑھیں تو انہیں یہ اندازہ کرنے میں سہولت ہو کہ دونوں
داستانوں کے تقریباً سب حصے اسالیب کے اس فرق کے حامل ہیں اور
دونوں نسخے مصنفوں کے مخصوص ماحول اور ان کے مزاج کے علاوہ
ان مقاصد کی وضاحت اور ترجمانی کرتے ہیں جنہیں پیش نظر رکھ کر
ان کی ترتیب و تالیف ہوئی ہے ۔

میں نے تھوڑی دیر پہلے اشارتاً یہ بات کہی تھی کہ لکھنوی
مولفین کی کوشش ہر جگہ یہ رہی ہے کہ وہ واقعات بیان کرتے
وقت پڑھنے والوں کو ان کے اخلاقی پہلوؤں کی طرف ضرور
متوجہ کریں لیکن اس موقع پر اس خیال کی وضاحت کے لئے جو
مثال دی تھی اسے دیکھ کر یہ شبہ ہو سکتا ہے کہ القش کے
متعلق یہ کہنا کہ اس نے دولت دو روزہ کے لئے اپنا ایمان کھویا ایک
روا روی کی بات ہو سکتی ہے ۔ لیکن کتاب کے آئندہ حصے اس احتمال
کی تردید کرتے ہیں اس لئے کہ مولفین کے اس رجحان کا عکس ان

میں زیادہ یقین کے ساتھ موجود نظر آتا ہے ۔ میں اس جگہ صرف ایک مثال پر اکتفا کرتا ہوں ۔ یہ مثال قصے کے اُس تمہیدی حصے کے چند صفحوں بعد کی ہے جسے میں نے اب تک تجزیہ کے لئے منتخب کیا تھا ۔ قصہ اس تمہیدی حصے کے بعد یوں آگے چلتا ہے کہ خواجہ بخت جمال کے مرنے کے بعد جب اُن کے یہاں لڑکا پیدا ہوتا ہے تو خواجہ کی وصیت کے مطابق اُس کا نام بزر جمہر رکھا جاتا ہے ۔ بزرجمہر بڑا ہو کر اپنے باپ کے علم میں مہارت حاصل کرتا اور یہ بات دریافت کر لیتا ہے کہ القس نے اُسے قتل کیا ہے ۔ اس دوران میں القش بادشاہ قباد کو اپنے باغ میں دعوت دیتا ہے اور بڑے اہتمام سے محفل جشن ترتیب دیتا ہے ۔ پھر رفتہ رفتہ اُس کے مزاج میں زیادہ دخیل ہوتا جاتا ہے ۔ القس بزر جمہر کو اپنی راہ کا کانٹا سمجھ کر اُسے گرفتار کرتا اور اس کے قتل کا حکم دیتا ہے ۔ لیکن مشیت اُسے محفوظ رکھتی ہے ۔ اسی زمانے میں بادشاہ ایک خواب دیکھتا ہے اور سب نجومی اور رمال اُس کی تعبیر بتانے میں عاجز رہتے ہیں ۔ اس موقعے پر القش کو بزر جمہر کا خیال آتا ہے اور وہ اُسے تلاش کر کے بادشاہ سے اُس کا ذکر کرتا ہے ۔ چنانچہ بادشاہ بزر جمہر کو اپنے دربار میں طلب کرتا ہے ۔ قصے کے اس حصے کو اشک نے 'داستان پہلی' قرار دیا ہے اور اُس کا یہ عنوان قائم کیا ہے :

''بزرچمہر کے القش پر سوار ہو کر بادشاہ کے پاس جانے اور اپنے باپ کا عوض خون لینے میں''

اس عنوان سے پہلے اشک نے صرف ایک عنوان قائم کیا ہے اور اُس کے الفاظ یہ ہیں :

''بیان تولد ہونا بزر چمہر کا اور جاماس نامی سے احوال دریافت کرنا اپنے باپ کے مارے جانے کا''

القش اور بزر چمہر کے حالات اسی عنوان کے تحت دو ضمنی سرخیوں کے بعد بیان کردئے گئے ہیں ۔ اس کے برخلاف لکھنوی مولفین نے اُس حصے تک پہنچنے سے پہلے ، جس کا ذکر میں اب کرنے والا ہوں واقعات کو تین حصوں میں الگ الگ عنوان قائم کرکے بیان

کیا ہے اور یوں قصے میں ربط و تسلسل قائم رکھنے کے میلان کی وضاحت کی ہے ۔ یہ تینوں عنوان لکھنوی نسخے میں ترتیب وار یوں ہیں :

(۱) داستان بزر جمہر کے پیدا ہونے کی اور مضمون کتاب ہویدا ہونے کی ۔

(۲) داستان مدعو ہونا بادشاہ کا القنس کے باغ بیداد ہیں اور جشن ہونا اُس بوستان مینو سواد میں ۔

(۳) گرفتار کرنا ملک القس وزیر کا بزر جمہر بے تقصیر کو اور رہا ہونا اُس کا پنجه القنس سے اور جمع کرنا بادشاہ کا وزرائے باندبیر کو اور پوچھنا تعبیر کا اور دینا تعزیز کا ۔

ان تینوں عنوانوں میں قصے کے واقعاتی پہلو کو جو اہمیت دی گئی ہے اُس سے قطع نظر عنوانوں کی ادبی معنویت اور خصوصاً قافیہ کا التزام خاص طور سے قابل توجہ ہے ، اس لئے کہ ان چیزوں کو دیکھ کر اس باب کا اندازہ ہوتا ہے کہ لکھنوی مولفین نے چھوٹی سے چھوٹی چیز کو اپنی پوری توجہ کا مرکز بنایا ہے اور نظر ثانی میں پوری کاوش سے کام لیا ہے ۔ یہی بات اُس عنوان اور اُس عنوان کے تحت آنے والی ابتدائی عبارت سے بھی نمایاں ہوگی جس طرف میں ابھی اشارہ کر چکا ہوں ۔

اس طویل گریز کے بعد اگر پھر اُس ٹکڑے کی طرف رجوع کریں جس کا عنوان اشک کے نسخے میں ''داستان پہلی'' ہے تو سب سے پہلے لکھنوی نسخے کے عنوان پر نظر پڑتی ہے اور اشک کے اور اس نسخے کے عنوان میں بڑا فرق نظر آتا ہے ۔ لکھنوی نسخے میں داستان کے اس ٹکڑے کا عنوان ان الفاظ کو بنایا گیا ہے :

''بیان کرنا بزر جمہر کا بادشاہ کے خواب کو وقت خاص میں اور قتل ہونا القس وزیر کا اُس کے باپ کے قصاص میں''

اس عنوان میں بھی وہی اہتمام اور ادبی لطف موجود ہے جو اُس سے پہلے کے عنوانوں میں ہماری نظر سے گزر چکا ہے ۔ لیکن

ہمارا مقصود اصل میں وہ عبارت ہے جو اس عنوان کے نیچے آتی ہے ، اس لئے کہ اُسی کو پڑھ کر وہ نکتہ سامنے آئے گا جس کی وضاحت کے لئے میں نے داستان کے اس ٹکڑے کا انتخاب کیا تھا ۔

آئیے ، اب اشک اور لکھنوی نسخے کی ان عبارتوں کو ایک دوسرے کے مقابل رکھ کر دونوں کی امتیازی خصوصیات کا موازنہ کریں ۔ پہلے اشک کی عبارت دیکھئے :

" جوہریان بازار سخن اس داستان کے کہنے کا یوں بیان کرتے ہیں کہ جس وقت القنس حضور میں فجر کو بادشاہ کی گیا ، عرض کی کہ غلام کا ایک شاگرد ہے وہ اس خواب کو کہا چاہتا ہے ۔ اور غلام نے کبھی کا کہہ دیا ہوتا ، پر مجھ کو ان سب حکیموں کا امتحان لینا تھا ۔ بادشاہ نہایت خوش ہوا اور فرمایا لوگ جاویں اور اُس کو لے آویں"

اس سیدھی سادی بات پر لکھنوی مولفین نے کئی رنگ چڑھائے ہیں :

"دنیا دار مکافات ہے ۔ بدلہ اکثر تو اسی عالم میں ہو جاتا ہے ۔ اور اگر اتفاقات وقت سے یہاں پایۂ توقف میں رہا تو حشر پر معاملہ اُس کا ہے ۔ انسان کو لازم ہے کہ مآل کار پر نظر کرے اور دنیاوی دولت دو روزہ کی محبت میں دنیا کی رسوائی اور عقبیٰ کی عقوبت سر پر نہ لے ۔ مصداق اس مقال کا اور مقتضی اس حال کا قصہ القنس بد کردار ، ظالم نا ہنجار کا ہے کہ اپنے پاداش عمل کو پہنچا ۔ محسن کشی کا ثمرہ ملا ۔ واقفان قصص باستانی و دانندگان واقعات زمانی خواب شب مداد کو زبان خامہ پر لاتے ہیں ، صبح قرطاس میں تعبیر اس کی اس طرح فرماتے ہیں کہ دوسرے دن جو القنس بادشاہ کی خدمت میں حاضر ہوا آموختہ بزر چمہر کا زبان پر لایا ۔ حکم ہوا کہ اُس کو حاضر کریں ، جلد بارگاہ سلطانی میں لائیں"

جو بات اشک نے ذرا پھیلا کر چار پانچ سطروں میں کہی ہے اُسے لکھنوی نسخے میں سمیٹ کر صرف دو سطروں میں بیان کر دیا گیا ہے۔ البتہ اس بات سے پہلے جو کئی سطر کی تمہید ہے وہ کئی حیثیتوں سے قابل توجہ ہے۔ ان میں سے بعض باتیں تو ایسی ہیں جن کا ذکر کسی نہ کسی ضمن میں اس سے پہلے بھی آ چکا ہے، یعنی یہ کہ لکھنوی مولفین سیدھی سادی باتوں کے بیان میں بھی ادبی اور شاعرانہ انداز اختیار کرتے ہیں اور اس ادبی اور شاعرانہ انداز میں قافیے اور سجع کے التزام کے علاوہ الفاظ کے موزوں انتخاب کا خاصا اہتمام کرتے ہیں۔ اس انتخاب میں اُن کی توجہ عبارت کے واقعاتی سیاق و سباق کے ساتھ ایک مخصوص محل کے معنوی مطالبات کی طرف بھی ہوتی ہے اور ظاہری مناسبت اور معنوی مطابقت میں ہم آہنگی پیدا کرنے کو ادبی بیان کی لازمی شرط سمجھ کر اختیار کرتے ہیں۔ ایسے موقعوں پر الفاظ کے انتخاب اور حسن ترتیب میں عموماً وہ اس بات کا بھی لحاظ کرتے کہ اس ادبی عبارت آرائی میں کوئی نہ کوئی اشارہ ایسا موجود ہو جو آنے والے واقعات کی طرف رہنمائی کرے۔ اس طرح کا اشارہ عموماً پڑھنے والے کے لئے ذہنی انبساط کا سبب بنتا ہے۔ مثلاً اوپر والی عبارت میں یہ جملے کہ ''واقفان قصص پاستانی و دانندگان واقعات زمانی خواب شب مداد کو زبان خامہ پر لاتے ہیں، صبح قرطاس میں تعبیر اس کی اس طرح فرماتے ہیں'' میں خواب اور تعبیر کے الفاظ اس آنے والے واقعے کی طرف اشارہ کرتے ہیں کہ اس باب میں بزرچمہر بادشاہ کی خدمت میں حاضر ہو کر اُسے اُس کے خواب کی تعبیر بتاتا ہے۔

ان ضمنی باتوں سے قطع نظر ان ابتدائی جملوں کو لکھنوی مولفین کے اس میلان کے نقطۂ نظر سے دیکھا جائے کہ وہ ہر واقعہ میں کوئی نہ کوئی اخلاقی پہلو تلاش کرتے ہیں تو اشک کے نسخے کے مقابلے میں لکھنوی نسخے کا امتیاز واضح طور پر سامنے آ جاتا ہے۔

اشک نے داستان کا آغاز صرف یہ کہہ کر کر دیا ہے کہ ''جوہریان بازار سخن اس داستان کے کہنے کا یوں بیان کرتے ہیں''۔ اس کے برخلاف لکھنوی نسخے کی تمہید ایک مختصر سا وعظ ہے۔ ''دنیا دار مکافات ہے'' سے شروع ہوکر ''عقبیٰ کی عقوبت

سر پر نہ لے،، تک پڑھنے والوں پر نہ صرف ایک اخلاقی نکتے کی صراحت کی گئی ہے بلکہ اُنھیں براہ راست مخاطب کرکے اُنھیں اس بات کی تلقین کی گئی ہے کہ انسان دنیا کی دولت دو روزہ کے عوض دنیا کی رسوائی اور عقبیٰ کی عقوبت مول نہ لے۔ لکھنوی مولفین کا یہ اخلاقی میلان برابر قصے کے متن میں بھی ظاہر ہوتا رہتا ہے، خصوصاً ہر نئے عنوان کی تمہید میں یہ زیادہ واضح اور نمایاں ہوتا ہے۔ کتاب کے چند عنوانات اور اُن کی تمہیدوں پر اسی خاص مقصد سے نظر ڈالئے:

(۱) فلک شعبدہ باز انسان کو کس کس گردش میں لاتا ہے۔ زمانۂ نیرنگ ساز آدمی کو طرح طرح کی نیرنگیاں دکھاتا ہے۔ کبھی گدا کو بادشاہ بنا دیا، کبھی سلطنت کی سلطنت کو ایک دم میں مٹا دیا۔ جن کو نان خشک میسر نہ آتی تھی وہ لنگر بانٹتے ہیں، خزانے لٹاتے ہیں، جو ایک ایک کوڑی کو محتاج تھے وہ صاحب گنج و مال ہو جاتے ہیں۔ چنانچہ.......[۱]

عشق ہے تازہ کار تازہ خیال ہر جگہ اس کی اک نئی ہے چال
کہیں آنسو کی یہ سرایت ہے کہیں یہ خوں چکاں حکایت ہے
گہ نمک اس کو داغ کا پایا گہ پتنگا چراغ کا پایا
کہیں طالب ہوا کہیں مطلوب اس کی باتیں غرض ہیں دونوں خوب[۲]

(۳) اُسے فضل کرتے نہیں لگتی بار نہ ہو اُس سے مایوس اُمیدوار
جامع المتفرقین کی قدرت کا تماشا دیکھنا کہ جنگل میں نیا گل کھلا[۳]۔

(۴) زمانے کی دو رنگی مشہور ہے شعبدہ باز کی نیرنگی ظاہر ظہور ہے۔ کہیں عین شادی میں سامان غم مہیا ہوتا ہے، کہیں کمال یاس میں چہرۂ امید جلوہ نما ہوتا ہے۔ چنانچہ بمصداق اس کے یہ داستان ہے[۴]۔

---

۱ - آغاز داستان صفحہ ۲۰ ۲ - آغاز داستان صفحہ ۹۹ -
۳ - آغاز داستان صفحہ ۱۵۵ ۴ - آغاز داستان صفحہ ۱۶۹

یہ تمہیدیں پڑھنے والے کے ذہن کو کسی نہ کسی اخلاقی نکتہ کی طرف متوجہ کرکے اُسے خیر کا راستہ دکھاتی ہیں۔ یوں اشک کی داستان میں بھی کہیں داستان کے درمیان میں اس طرح کی اخلاقی باتیں کہی گئی ہیں لیکن اول تو وہ بہت کم ہیں دوسرے اُن کا انداز عموماً بڑا سرسری ہے۔ لکھنوی نسخے کی عبارتوں کو پڑھ کر صاف معلوم ہوتا ہے کہ اس کے مولفین نے اخلاقی نکات کی وضاحت میں ہر جگہ خاصا اہتمام برتا ہے اور اس اہتمام کا ایک نمایاں وصف یہ ہے کہ کہنے والوں نے جو بات کہی ہے اُس میں اپنے ادبی اور شاعرانہ اُسلوب اور لفظی و معنوی مناسبتوں اور رعایتوں کو ترک نہیں کیا۔ اپنے خیال کے اظہار کے لئے، ذہن پر زور ڈال کر موزوں سے موزوں لفظ فراہم کئے ہیں اور اُنہیں اپنے مقصد کا پیامی بنایا ہے۔ کہیں کہیں نثر کی جگہ اشعار کو بھی اظہار خیال کا وسیلہ بنانے کا میلان بھی اسی اہتمام اور انہماک کی نشانی ہے۔

ادبی اور شاعرانہ لطف اور حسن بیان پیدا کرنے میں لکھنوی مولفین نے عموماً جس اہتمام اور انہماک کو دخل دیا ہے وہ اُن کی داستان گوئی کی امتیازی خصوصیت ہے۔ اور یہی امتیازی خصوصیت باغ و بہار اور فسانۂ عجائب اور بوستان خیال اور داستان امیر حمزہ[1] کو ایک دوسرے سے الگ کرتی اور اُن پر ایک مخصوص مزاج اور ماحول کا نقش ثبت کرتی ہے۔ اشک کی داستان امیر حمزہ اور اُس کے لکھنوی نسخے کا مقابلہ کرتے وقت بھی پڑھنے والے کو ماحول اور مزاج کے اس فرق کا اندازہ ہوتا ہے اور وہ دونوں نسخوں کے ایک سرسری مطالعے کے بعد بھی یہ بات پوری طرح محسوس کر لیتا ہے کہ سادگی اور بے تکلفی ایک کا اور رنگینی اور تکلف دوسرے کا رنگ خاص ہے اور یہ رنگ خاص اتفاقی نہیں بلکہ دو مختلف ماحولوں کے ادبی اور معاشرتی مزاج کا عکس اور پرتو ہے۔ چنانچہ اب تک جو مثالیں دونوں نسخوں کے مختلف اجزا کی پڑھنے والوں کے سامنے آئیں اُن پر مزاج

---

۱ - اس جگہ داستان امیر حمزہ سے میری مراد ۴۶ جلدوں کے اُس سلسلہ سے ہے جس کا سرسری ذکر اس مضمون کے شروع میں آ چکا ہے۔

کا یہ امتیازی نقش ثبت دکھائی دیتا ھے اور پڑھنے والا ان امتیاری نقوش کو ذھن اور دل کے گوشوں مبں پوری طرح جا گزیں کرنے سے پہلے لکھنوی مولفین کی کم از کم اس بات کا قائل ضرور ھو جاتا ھے کہ اُنھوں نے نظر ثانی کرتے وقت بھی اُسلوب کی اُن روایتوں کو برتنے مس کسی طرح کی کوتاھی سے کام نہس لیا جو اُن کے ماحول اور مزاج کا جزو بن گئی ھیں - فنی نقطۂ نظر سے یہ چیز بے حد قابل قدر ھے کہ مصنف، مولف (یا فن کار) اپنے فن کے معاملے مس اس حد تک مخلص ھو کہ اس کی خصوصیات کو برقرار رکھنے میں پوری ذھنی کاوش، قوت، توجہ اور انہماک سے کام لے - فکر، تخیل اور بیان کے نقطۂ نظر سے لکھنوی مولفین نے اس فنی امتحان کا مقابلہ کس طرح کیا ھے اس کے لئے میں قصے کے دو تین ٹکڑے پیش کرتا ھوں -

اشک والا نسخہ[1]	لکھنوی نسخہ[2]
(۱) اُس دن سے تمام عورتوں کا اعتبار بادساہ کے نزدیک سے اُٹھ گیا تھا - بلکہ اُن کی صورت دیکھنی موقوف کی اور کہا کہ اب اُن کا منہ کبھی نہ دیکھوں گا - لیکن ایک عورت تھی دل آرام نامی، چنگ کے بجانے میں کمال رکھنی تھی اور فصاحت بادشاہ کو اس کی بہت بھاتی تھی[3]	(۱) مورخان نے تحقیق سے لکھا ھے کہ ساھزادی فاجرہ مقتولہ کی اس حرکت کے سبب سے کل عورات کا اعتبار جاتا رھا تھا، سوائے دل آرام کے کہ قطع نظر حسن و عصمت و عفت کے چنگ نوازی میں کمال مشاق تھی، فن موسیقی میں نہایت طاق تھی، بادشاہ کے رو برو اور کوئی عورت نہ آنے پاتی تھی[4]
(۲) ناگہاں بعد کئی دن کے بادشاہ واسطے شکار کے	(۲) تفریحاً بادشاہ ایک روز بتقریب شکار سوار ھوا -

---

۱ - مطبوعہ میور پریس دھلی ۱۸۸۲ء

۲ - مطبوعہ نولکشور پریس، لکھنؤ دسمبر ۱۹۳۹ء

۳ - صفحہ ۱۵ ۴ - صفحہ ۲۰

اشک والا نسخہ

طرف ایک صحرا کے گئے۔ دل آرام اور خواجہ بزرجمہر اور بھی کئی سردار ہمراہ تھے[1]۔

(۳) پہاڑ کی ترائی میں ایک میدان تھا۔ سبز گھاس سے کوسوں تک ایک تختہ زمرد کا معلوم ہوتا تھا۔ وہ رنگ اس پہاڑ کا اور اس کے اوپر سے چادریں پانی کی چھوٹتی ہوئیں ایک لطف دیتی تھیں اور وہ جو پہاڑ کے دامن سے دریا نکلا تھا اس کے کنارے کنارے دونوں طرف ہرے ہرے دھانوں کے کھیت کا عالم جس طرح الماس پر تحریر زمرد کی ہوتی ہے۔ اس دریا کے کنارے دونوں طرف پختہ گھاٹ سنگ مرمر کے بہت دور تک بنے ہوئے تھے۔ وہاں بجرے اور کشتیاں بادشاہ کی سواری کے

لکھنوی نسخہ

باز، جرے، بہری، لگڑ، جگڑ، بٹیرا، گوھی، باہ، شکرہ، داسا، ترمتی، خج، دھونی، سینہ باز، شکاری کتے، چیتے، سیاہ گوش، قرول وغیرہ کا غول کا غول رکاب ساھی میں چلا[2]

(۳) دارالسطنت کے قریب ایک پہاڑ تھا۔ نہایت بلند، آسمان سے پیوند، کمال دل کشا، عجب فرح افزا باغبان قدرت نے گل ہائے بو قلموں موقع موقع پر لگائے۔ کدیور کاملہ نے اشجار گوناگوں بانواع مختلفہ اس کوہ میں اگائے۔ کسی طرف دراز قامت سر بفلک اٹھائے تھے۔ کسی جانب درخت بیل دار خاکساری سے زمین پر بچھے جاتے تھے۔ اس کے دامن میں ایک صید گاہ تھی مفرح، از بس پر فضا، بوٹا پتا گھاس کا رشک افزا، لالہ و گل جدول آب رواں، چشمہ ہر ایک چشمہ حیواں،

---

۱ - صفحہ ۱۵

۲ - صفحہ ۲۰

واسطے رہتے تھے۔ رنگ برنگ کی کشتیاں اور بجرے اور نواڑی ، فیل جڑھی، گھڑ چڑھی ، سنگ چڑھی ، مور پنکھیاں ، لچکے ، پھولئے ، جل کر، پنواڑیں، پانی میں سب پر عجیب طرح کا عالم تھا[1] ۔

صبا گلزار درختوں کی خوشبو سے رشک نافۂ تاتاری تھی ۔ نکہت خوش آیند غنچہ ہائے شگفتہ غیرت دہ شمیم باد بہاری تھی ۔ درختوں پر فیض ترشح اور موافقت ہوا سے جوبن تھا ۔ گلہائے خود رو سے وہ مقام نمونۂ گلشن تھا ۔ شکار کی وہ افراط کہ شمار میں نہ آ سکے ۔ جانور دیکھ کر گھبرا جائیں نظروں میں نہ سما سکے ۔ قاز ، کلنگ ، سرخاب ، مرغابی ، سارس ، آسن ہری، فرفرے ، قراقر ، لوھار ، سارنگ ، تیگن ، ڈھینک ، لک لک سون، شیرازی ، کاواک ، بانوا وغیرہ بے شمار ۔ علاوہ اس کے ایک طرف میدان میں ہرن ، چیتل ، پاڑھے ، بارہ سنگے ، نستیں، گھوڑا اور نیل گاؤ ، چکارے قطار در قطار ۔ چرند و پرند کی کثرت تھی ۔ اور کوسوں تک گیاہ سبز سے فرش زمردیں کی صورت تھی اور پانی کی چادروں کی نہریں جاری تھیں ۔

---

۱ - صفحات ۱۵ و ۱۶

لکھنوی نسخه

کہیں چشمے ، کہیں بہتی
ہوئی ندیاں ، چھوٹی چھوٹی
پیاری پیاری تھیں ۔ ایک
طرف ایک دریا موجزن
تھا ، کوسوں کا پاٹ ۔
پانی صاف شفاف ، مثل دل
پاکاں روشن تھا ۔ کناروں
پر آس کے هرے هرے
دھانوں کے کھیت لہلہا رہے
تھے ۔ بعض بعض مقام پر
گل نیلوفر مزہ دکھا
رہے تھے[1]۔

اوپر کی عبارتوں میں سے داھنی طرف کی تینوں عبارتیں اشک کی هیں اور بائیں طرف والی لکھنوی نسخے کی ۔ دونوں نسخوں کی یہ تینوں عبارتیں قصے کے ایک هی موقع اور محل سے اخذ کی گئی هیں اور ایک دوسرے کے مقابل والی عبارتوں میں یہ بات مشترک ہے کہ اُن کا موضوع ایک هی ہے ۔ یعنی ایک میں دل آرام کی چنگ نوازی کا ، دوسری میں بادشاہ کے شکار کو جانے کا اور تیسری میں شکار گاہ کا ذکر اور بیان هوا ہے ۔ لیکن موضوع کے اس اشتراک کے باوجود اشک کی تینوں عبارتیں اُسلوب اور انداز کے اعتبار سے لکھنوی مولفین کی عبارتوں سے بالکل مختلف هیں ۔ یہ بات البتہ ہے کہ اشک کی تینوں عبارتیں اُنہیں خصوصیات کی حامل هیں جو هم اس سے پہلے اُن کی دوسری عبارتوں میں دیکھ چکے هیں ۔ یعنی اشک نے هر بات سادگی اور بے تکلفی سے بیان کی ہے اور یہ سادگی اور بے تکلفی کبھی کبھی عبارت میں تعقید اور بے ربطی اور بے ڈھنگے پن کا سبب بن گئی ہے ، یہاں تک کہ عبارتوں کے وہ حصے بھی جن میں اشک نے اپنے بیان میں ادبیت اور شعریت پیدا کرنے کی کوشش کی

---

۱ ۔ صفحات ۲۰ و ۲۱

ہے تعقید اور بے ربطی کے عیوب سے خالی نہیں ۔ اشک کی نظر صرف قصے پر ہے ۔ اس کے علاوہ وہ ہر چیز سے بے نیاز ہیں ۔ انہوں نے جزئیات و تفصیلات کے بیان میں بھی کسی خاص اہتمام کی ضرورت نہیں سمجھی ۔ بس جو چیز سامنے آئی یا جس کی طرف بغیر زیادہ کاوش کے ذہن منتقل ہوا اُسے عبارت میں شامل کرلیا ۔ اس چیز کی پروا نہیں کی کہ وہ اپنے واقعات کو ضروری مناسبات و متعلقات کے اعتبار سے مکمل کریں ۔

اس کے مقابلے میں لکھنوی نسخے میں جہاں ایک طرف عبارت کی چستی اور عبارت آرائی کے ساتھ ساتھ قافیہ پیمائی اور سجع کا التزام ہے دوسری طرف اُس میں لفظی اور معنوی متعلقات و مناسبات کے معاملے میں بھی پورا اہتمام برتا گیا ہے ۔ اور ان مشترک خصوصیتوں کے علاوہ عبارتوں میں کچھ ایسی چیزیں بھی نمایاں ہیں جو اُن عبارتوں میں بہت کم تھیں جو اب تک مختلف باتوں کی وضاحت کے لئے پیش کی گئیں ۔

پہلی عبارت میں دل آرام کی چنگ نوازی کے کمال کے علاوہ فن موسیقی میں اُس کے کمال کا تذکرہ اور اس کے ساتھ اُس کے حسن، عصمت و عفت کے محاسن کی تخصیص نے دل آرام کی کشش کے لئے جو جواز پیدا کیا ہے ، وہ ذہنی کاوش اور غور و فکر کے بغیر ممکن نہیں تھا ۔

دوسری عبارت میں ''ناگہاں،، کے بجائے ''تفریحاً،، کی ترمیم اور شکاری جانوروں کی تفصیل بھی اُسی توجہ اور انہماک ، دقت نظر اور فنی خلوص کا نتیجہ ہے جس کا اظہار لکھنوی نسخے میں قدم قدم پر ہوتا ہے ۔

تیسری عبارت میں بہ یک وقت کئی باتیں ہیں ۔ اشک نے جس منظر کی تصویر کشی میں تھوڑی سی بے ربط شاعری سے کام لیا ہے لکھنوی نسخے میں اُس کی طرف بے حد توجہ صرف کی گئی ہے ۔ جو منظر اشک کی عبارت کا موضوع ہے اُسے لکھنوی نسخے میں محض ضمنی اور ثانوی حیثیت دی گئی ہے ۔ اُس سے پہلے ایک طویل تمہید ہے ۔

اس طویل تمہید کو مضامین کے اعتبار سے کئی الگ الگ حصوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے - پہلا ٹکڑا اُس پہاڑ سے متعلق ہے جس کے ذکر سے اشک نے منظر نگاری کی ابتدا کی ہے - اشک نے یہ کہنے پر اکتفا کی ہے کہ ''پہاڑ کی ترائی میں ایک میدان تھا'' - لکھنوی نسخے میں ''دارالسلطنت کے قریب ایک پہاڑ تھا'' کا ٹکڑا شامل کرکے منظر کو حقیقی رنگ دینے کی کوشش کی گئی ہے اور پڑھنے والے کے سامنے منظر اور محل کا ایک واضح تصور پیش کیا گیا ہے - اس تمہید کے بعد لکھنوی نسخے کے عام اُسلوب کے مطابق پہاڑ کی کچھ صفات بیان کی گئی ہیں اور ان صفات کے بیان میں تصور آفرینی کے علاوہ عبارت آرائی کا پورا زور اور رنگینی ہے - قافیے اور سجع کے التزام میں بھی کوئی کمی نہیں - پہاڑ کی صفت میں جو ٹکڑا داخل عبارت کیا گیا ہے اُس پر ایک نظر پھر ڈال لیجئے :

''ایک پہاڑ تھا - نہایت بلند ، آسماں سے پیوند - کمال دلکشا، عجب فرح افزا - باغبان قدرت نے گل ہائے بوقلموں موقع موقع پر لگائے - کدہور صفت کاملہ نے اشجار گوناگوں بانواع مختلفہ اُس کوہ میں اُگائے - کسی طرف دراز قامت سر بفلک اُٹھائے تھے - کسی جانب درخت بیل دار خاکساری سے زمین پر بچھے جاتے تھے''-

اس کے بعد میدان کا حال شروع ہوتا ہے - وہ میدان جس کی منظر کشی اشک نے ان الفاظ میں کی ہے کہ '' ایک میدان تھا - سبز گھاس سے کوسوں تک تختہ زمرد کا معلوم ہوتا تھا''- لکھنوی نسخے میں ایک شاعرانہ مرقع بن کر پڑھنے والے کی نظر میں کھبتا ہے :

''اُس کے دامن میں ایک صید گاہ تھی مفرح، از بس پر فضا ، بوٹا پتا گھاس کا رشک افزا - لالۂ و گل جدول آب رواں ، چشمہ ہر ایک چشمۂ حیواں ، صبا گلزار درختوں کی خوشبو سے رشک نافۂ تاتاری تھی ، نکہت خوش آیند غنچہ ہائے شگفتہ غیرت دہ شمیم باد بہاری تھی - درختوں پر فیض ترشح اور موافقت ہوا سے جوبن تھا - گل ہائے خود رو سے وہ مقام نمونۂ گلشن تھا''

پہاڑ اور صید گاہ کے ذکر میں لکھنوی مؤلفین نے جو زور طبع صرف کیا ہے وہ الفاظ کی موزونیت ، فقروں کی چستی اور قافیوں کے ربط و آہنگ سے ظاہر ہے ۔ اور ان چیزوں کو دیکھ کر پڑھنے والا مؤلفین کے ذہن کی کاوش اور تخیل کی رسائی کی داد دئے بغیر نہیں رہتا ، لیکن ساتھ ہی ساتھ وہ یہ بھی محسوس کرتا ہے کہ یہ ساری شاعری تصور کو اصلیت اور حقیقت سے دور لے جاتی ہے اور عبارت کو اس قدر دشوار بنا دیتی ہے کہ عام پڑھنے والا اس سے کوئی معنوی لطف و انبساط حاصل نہیں کرتا ۔ وہ ''اشجار گوناگوں بانواع مختلفہ'' اور ''نکہت خوش آیند غنجہ ہائے شگفتہ'' کی پر تکلف اور پر تصنع ترکیبوں میں الجھ کر رہ جاتا ہے ۔ بلکہ ''کدیور صفت کاملہ'' اور ''قبض برسح'' کے ٹکڑوں سے لطف اندوز ہونے کے لئے تو شاید لغت سے رجوع کرنے کی ضرورت پیش آتی ہے ۔

اس سے اگلے ٹکڑے میں سکار کی افراط کے ساتھ جن بے شمار چرند و پرند کے نام لکھے گئے ہیں اُن میں معلومات کا ایک خزانہ پوشیدہ ہے اور لکھنوی نسخے کے علمی اور معلوماتی انداز کی طرف اشارہ کرتا ہے ۔

آخری ٹکڑے میں وہی منظر پڑھنے والے کے سامنے آتا ہے جو اشک والے نسخے میں کھینچا گیا ہے ۔ اس ٹکڑے میں لکھنوی مؤلفین نے اشک کے بنائے ہوئے مرقع کو ذرا بنا سنوار کر ایک دلکش اور قابل قبول صورت دی ہے ۔ اس ٹکڑے میں لفظی تکلفات سے احتراز کرکے سادہ منظر نگاری کو مطمح نظر بنایا گیا ہے اس لئے پڑھنے والا یہ منظر جیسے اپنی آنکھوں سے دیکھ لیتا ہے ۔

اشک کے نسخے کی عبارت کے مقابلے میں جب لکھنوی نسخے کی عبارت کا تجزیہ کیا جاتا ہے تو یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ لکھنوی مؤلفین نے اپنی کتاب میں بہت سے موقعوں پر ربط و آہنگ پیدا کرنے اور عبارت کو ادبی اور شاعرانہ بنانے کی غرض سے اتنے اضافے کئے ہیں کہ یہ نسخہ بجائے خود ایک الگ تصنیف و تالیف معلوم ہونے لگتا ہے ۔ ایسے موقعوں پر اصل اور نقل (یا نظر ثانی) میں اتنا فرق پیدا ہو گیا ہے کہ دونوں میں کسی طرح کی مطابقت اور

یک رنگی تلاش کرنے میں دشواری ہوتی ہے ۔ اسی طرح کے اضافوں نے اس نسخے کی ضخامت اصل سے ڈیوڑھی کر دی ہے ۔

ہماری داستانوں میں داستان گویوں نے افسانوی دلچسپی کے علاوہ جن چیزوں سے پڑھنے والوں کو اپنا گرویدہ بنایا ہے اُن میں رزم و بزم کے مضامین، عشق و محبت کے مناظر اور ظرافت و مزاح کے عناصر کی جگہ عموماً نمایاں ہوتی ہے ۔ یہ باتیں ہمارے سب اچھے داستان گویوں نے محسوس کی ہیں اور اپنے اپنے مخصوص ماحول اور معاشرتی مزاج اور ناظر کی پسند کے مطابق ان چیزوں سے اپنی کہانیوں کی دلکشی بڑھائی ہے ۔ اشک کی داستان امیر حمزہ میں بھی انہیں عناصر کو دلچسپی کی بنیاد تصور کیا گیا ہے لیکن اشک اور لکھنوی مؤلفین کے اُسلوب فکر، طرز تخیل اور انداز بیان میں جس طرح ہر موقعے پر سادگی و رنگینی، بے ساختگی اور تکلف، فنی بے نیازی اور انہماک و توجہ کے عناصر کا غلبہ ہے اسی طرح رزم و بزم کی مرقع کشی، عشق و محبت کے بیان اور ظرافت و مزاح کے صرف میں بھی دونوں کے مزاج اور مذاق کا فرق نمایاں طور پر ظاہر ہوتا ہے اور بعض اوقات اس فرق کا اظہار اتنی شدت سے ہوتا ہے کہ لکھنوی نسخہ ایک ہی تالیف کا نقش ثانی معلوم ہونے کے بجائے ایک علیحدہ اور منفرد تصنیف معلوم ہوتی ہے ۔ اس بات کی وضاحت کے لئے چند مثالوں پر نظر ڈال لیجئے ۔ سب سے پہلے دو ایسے مواقع دیکھئے جن میں دونوں مولفین نے رزم گاہ کے مناظر کی تصویر کھینچی ہے ۔ پہلا موقع سہیل یمنی اور امیر کی جنگ کا ہے ۔ اشک نے داستان کے اس ٹکڑے کی تفصیل یوں بیان کی ہے :

''تمام رات دونوں لشکروں میں طیاری جنگ کی رہی ۔ امیر اُس شب یاروں کو ہمراہ لے کر شب بیدار رہے ۔ عمر عیار جام شراب کا ہاتھ میں لے کر لگا امیر کو پلانے ۔ اُس وقت شب مہتاب میں خیمہ کے روبرو وہ جو بڑی بڑی قناتیں تھیں کھول ڈالیں ۔ فقط ایک نمگیر اطلس کا کہ اُس میں بادلے کی جھالر لگی ہوئی تھی کلابتوں کی ڈوریوں

سے طلائی الماس تراش استادوں پر کھڑا ہوا تھا ۔ اُس چاندنی رات میں میدان کا عالم اور ابتدائے برسات کی ہوا ، مطلع صاف تھا ۔ لیکن کہیں لکے ابر کے سفید سفید چاند کی روشنی میں فلک پر معلوم ہوتے اور صدا دریا کی موج کی اور سناٹا ہوا کا اور لشکر کی دھوم ، آواز کوس و نقارے کی آتی ہوئی نہایت بھلی معلوم ہوتی تھی ۔ اُس وقت امیر کو سرور شراب کا اور اُس گلابی آنکھوں میں سرخ ڈوروں کی نمود ، جیسے برگ گل بر رگ گل کا عالم ہوتا ہے ، اُس حالت میں عمر کو فرمایا کہ اب ہم جام اور شیشہ رکھ دو اور ھتھیاروں کو منگوا لو ۔ عمر نے اُس وقت امر کا ، معہ یاروں کے سلاح منگوایا اور لگے سان دینے ۔ غرض اسی طرح تمام رات گزری[1] ۔

یہی بات لکھنوی نسخے میں اس طرح بیان ہوئی ہے :

''تمام رات دونوں لشکروں میں طبل و نقارہ بجا کیا ۔ امیر سب بیدار رہے اور جناب باری میں مصروف مناجات و استغفار رہے''[2] ۔

قصہ گو اور انشا پرداز کی حیثیت سے اسک میں موزونیت ، توازن اور اعتدال کے احساس کی جو کمی ہے اُس کا اظہار کسی نہ کسی طرح اُن مثالوں میں بھی ہوتا رہا ہے جو اب تک اُن کی داستان کی مختلف خصوصیات کے لئے پیش کی گئیں لیکن ان اہم او ضروری خصائص قصہ گوئی سے وہ کتنے عاری ہیں اس کا اندازہ اوپر کے دونوں ٹکڑوں کا مقابلہ کر کے کہیں زیادہ ہوتا ہے ۔ اشک کی یہ طویل تمہید جس میں اُنہوں نے منظر نگاری اور رنگینی تخیل کے جوہر دکھانے کے علاوہ اپنی شاعرانہ جولانیوں سے بھی پورا فائدہ اُٹھایا ہے حد درجہ بے محل بھی ہے اور کئی حیثیتوں سے توازن کے فقدان کی غماز بھی ۔ اُنہوں نے اپنی بات اس جملے سے شروع کی ہے :

''تمام رات دونوں لشکروں میں طیاری جنگ کی رہی''

---

۱ ۔ صفحہ ۵۳ نسخہ اشک ۔ ۲ ۔ صفحہ ۵۸ لکھنوی نسخہ ۔

اور اس اجمال کی تفصیل میں امیر کی شراب نوشی، 'اطلس کا نمگیر، (جو بادلے کی جھالر، کلابتوں کی ڈوریوں سے مزین اور الماس کے استادوں پر کھڑا ہے) سب مہتاب، برسات کی خنک ہوا، آسمان پر بکھرے ہوے لکہ ھائے ابر، موج دریا کا نغمۂ شیریں، امیر کی گلابی آنکھوں میں سرخ ڈوروں کی نمود جیسی چیزیں شامل ھیں ۔ سلاح کی طلبی اور ان پر سان لگانا محض روا روی کی چیزیں ھیں ۔

یہ کہنے کی ضرورت نہیں کہ یہ ساری ''شاعری'' نہ صرف اس فضا کی ضد ہے جو صبح کو برپا ھونے والی جنگ کا پیش خیمہ ھونی چاھئے بلکہ امیر کے کردار پر ایک بد نما داغ ہے، اور اس طرح قصہ گو میں قصہ گوئی کی صلاحیتوں کے خلاف ایک بین اور صریح شہادت ۔ اس کے برخلاف لکھنوی مولفین کے احساس توازن کو دیکھئے جو لفظی اور معنوی تکلفات کو ادا سعار سمجھتے اور شعریت، ادبیت اور عبارت آرائی کے کسی موقعے کو ھاتھ سے نہیں جانے دیتے ۔ طبل و نقارہ کا ذکر اسک کی طرح انھوں نے بھی کیا ہے لیکن امیر کو بادہ نوشی میں مسرور و مخمور دکھانے کے بجائے مصروف مناجات و استغفار دکھایا ہے کہ یہی چیز فطری بھی ہے اور اس خاص محل اور کردار کی نوعیت کے اعتبار سے قابل قبول بھی ۔ واقعہ نگاری اور منظر کشی کے لئے بھی انھوں نے اس محل کو قطعی ناموزوں جانا ہے اور اپنی تخیلی قوت کو بے محل صرف کرنے کے بجائے اسے واقعہ کے اگلے اور زیادہ اھم حصے کے لئے محفوظ رکھا ہے ۔

صبح ھوتی ہے اور میدان کارزار گرم ھوتا ہے ۔ اس کا نقشہ پہلے اسک کی نظروں سے دیکھئے :

''صبح کو نعمان بن منظر دس ہزار سوار لے کر میدان میں کھڑا ھوا ۔ اس طرف سلطان صاحب قران امیر حمزہ نامدار ہزار سوار کی جمعیت ھمراہ لے کر تمام سلاح نبیوں کا لگائے ھوئے مرکب سیاہ قیطاس پر سوار ھوئے اور طوق بن حران ھاتھ میں علم لیا ھوا، اس کا سایہ صاحب قران پر کیا ھوا ۔ دست راست امیر کے سلطان بخت مغربی سلاح جواھر نگار میں مغرق اور دست چپ کو سہیل اور

اسی طرح پیچھے امیر کے مقبل وفادار دو ترکش قضاتی ایک گھوڑے سے لگائے ہوئے اور ایک کمربند سے کمان ہاتھ میں لئے ہوئے مستعد اور آگے جلو میں عمر و عیار پیک نامدار خنجر گزار چست و چالاک بنا ہوا اس طرح آہستہ آہستہ جس وقت کچھ ایک کرن سورج کی نکلنی شروع ہوئی ، اُس وقت مقابل نعمان کی فوج کے جا کر کھڑے ہوئے ۔ لیکن عمر نے اس قرینے سے صفیں استادہ کی تھیں کہ وہ ہزار سوار بھی چار ہزار سے کم نہ معلوم ہوتے تھے ۔ اور اُس وقت ھلکا ھلکا خفیف سا کچھ ابر بھی آسمان پر چھایا ہوا تھا اور سبزہ میدان کا بھلا معلوم ہوتا ہوا ۔ خنکی ہوا کی، نشان دونوں فوجوں کے لہراتے ہوئے ۔ سبزہ کی زرہ جوشن کی اور گھوڑوں کا ھنہنانا ، نقیبوں کی صدا اس وقت سب منتظر ملکہ ھمائے تاجدار کھڑے تھے کہ ایک مرتبہ قلعہ کی طرف سے ایک سوار جواھر پوش نکلا ۔ گویا سراسر یہ مرکب جواھرات کے دریا میں غوطہ مارے تھا ۔ لیکن ایک نقاب سبز زمرد نگار منہ پر پڑا ہوا ۔ مع سپر ، تلوار ، خنجر ، ترکش کمان مسلح اور ایک چوگان ہاتھ میں لئے ہوئے آیا ۔ مانند شعلۂ آتش منہ مسلمانوں کی طرف کیا اور آواز دی ”کہاں ہے خواھندۂ مغربی ، آوے میدان میں کہ اُس کا کسب و ھنر دیکھ لوں“، ساتھ ھی اس کہنے کے امیر نے خنگ نبی اسحاق کو ران میں گدگدایا ۔ مثل برق کے میدان میں آیا اور برابر اُس کے آ کر کہا ”او معشوق! دیکھوں تیرا کمال ، جو یہ شہرہ تو نے پیدا کیا ہے“ اس نے اشارہ کیا اپنے عیار کو ۔ اُس نے ایک گوئے میدان میں ڈالا ۔ اُس معشوق نے چوگان کو گوئے سے آشنا کیا اور میدان میں لے چلی ۔ امیر نے تامل کیا ۔ جب کہ آدھے میدان میں گزر گئی تو امیر نے بھی چوگان عمر کے ھاتھ سے لے کر سیاہ قیطاس کو میدان میں ڈالا اور برابر آ کر چوگان گوئے کو مارا اور طرف میدان کے پھیرا ۔ اُس معشوقہ نے نقاب کھول کر سر پر ڈالا اور امیر کو کہا ”میری طرف

اور اس اجمال کی تفصیل میں امیر کی شراب نوشی، ''اطلس کا نمگیر، (جو بادلے کی جھالر، کلابتوں کی ڈوریوں سے مزین اور الماس کے استادوں پر کھڑا ہے) سب مہتاب، برسات کی خنک ہوا، آسمان پر بکھرے ہوئے لکہ ہائے ابر، موج دریا کا نغمۂ شیریں، امیر کی گلابی آنکھوں میں سرخ ڈوروں کی نمود جیسی چیزیں شامل ہیں - سلاح کی طلبی اور اُن پر سان لگانا محض روا روی کی چیزیں ہیں -

یہ کہنے کی ضرورت نہیں کہ یہ ساری ''شاعری'' نہ صرف اُس فضا کی ضد ہے جو صبح کو برپا ہونےوالی جنگ کا پیش خیمہ ہونی چاہئے بلکہ امیر کے کردار پر ایک بد نما داغ ہے، اور اس طرح قصہ گو میں قصہ گوئی کی صلاحیتوں کے خلاف ایک بین اور صریح شہادت - اس کے برخلاف لکھنوی مولفین کے احساس توازن کو دیکھئے جو لفظی اور معنوی تکلفات کو اپنا شعار سمجھتے اور شعریت، ادبیت اور عبارت آرائی کے کسی موقعے کو ہاتھ سے نہیں جانے دیتے - طبل و نقارہ کا ذکر اسک کی طرح اُنھوں نے بھی کیا ہے لیکن امیر کو بادہ نوشی میں مسرور و مخمور دکھانے کے بجائے مصروف مناجات و استغفار دکھایا ہے کہ یہی چیز فطری بھی ہے اور اُس خاص محل اور کردار کی نوعیت کے اعتبار سے قابل قبول بھی - واقعہ نگاری اور منظر کشی کے لئے بھی اُنھوں نے اس محل کو قطعی ناموزوں جانا ہے اور اپنی تخیلی قوت کو بے محل صرف کرنے کے بجائے اُسے واقعہ کے اگلے اور زیادہ اہم حصے کے لئے محفوظ رکھا ہے -

صبح ہوتی ہے اور میدان کارزار گرم ہوتا ہے - اس کا نقشہ پہلے اسک کی نظروں سے دیکھئے:

''صبح کو نعمان بن منظر دس ہزار سوار لے کر میدان میں کھڑا ہوا - اس طرف سلطان صاحب قران امیر حمزہ نامدار ہزار سوار کی جمعیت ہمراہ لے کر تمام سلاح نبیوں کا لگائے ہوئے مرکب سیاہ قیطاس پر سوار ہوئے اور طوق بن حران ہاتھ میں علم لیا ہوا، اُس کا سایہ صاحب قران پر کیا ہوا - دست راست امیر کے سلطان بخت مغربی سلاح جواہر نگار میں مغرق اور دست چپ کو سہیل اور

اسی طرح پیچھے امیر کے مقبل وفادار دو ترکش قضاتی
ایک گھوڑے سے لگائے ہوئے اور ایک کمربند سے کمان
ہاتھ میں لئے ہوئے مستعد اور آگے جلو میں عمر و عیار
پیک نامدار خنجر گزار چست و چالاک بنا ہوا اس طرح
آہستہ آہستہ جس وقت کچھ ایک کرن سورج کی نکلنی
شروع ہوئی ، اس وقت مقابل نعمان کی فوج کے جا کر کھڑے
ہوئے۔ لیکن عمر نے اس قرینے سے صفیں استادہ کی تھیں کہ
وہ ہزار سوار بھی چار ہزار سے کم نہ معلوم ہوتے تھے۔
اور اس وقت ہلکا ہلکا خفیف سا کچھ ابر بھی آسمان پر چھایا ہوا
تھا اور سبزہ میدان کا بھلا معلوم ہوتا ہوا۔ خنکی ہوا کی،
نشان دونوں فوجوں کے لہراتے ہوئے۔ سبزہ کی زرہ جوشن
کی اور گھوڑوں کا ہنہنانا ، نقیبوں کی صدا اس وقت سب
منتظر ملکہ ہمائے تاجدار کھڑے تھے کہ ایک مرتبہ
قلعہ کی طرف سے ایک سوار جواہر پوش نکلا۔ گویا سراسر
یہ مرکب جواہرات کے دریا میں غوطہ مارے تھا۔ لیکن
ایک نقاب سبز زمرد نگار منہ پر پڑا ہوا۔ مع سپر ، تلوار ،
خنجر ، ترکش کمان مسلح اور ایک چوگان ہاتھ میں لئے
ہوئے آیا۔ مانند شعلۂ آتش سمند مسلمانوں کی طرف کیا اور
آواز دی ”کہاں ہے خواہندۂ مغربی ، آوے میدان میں کہ
اس کا کسب و ہنر دیکھ لوں“، ساتھ ہی اس کہنے کے امیر
نے خنگ نبی اسحاق کو ران میں گدگدایا۔ مثل برق کے
میدان میں آیا اور برابر اس کے آ کر کہا ”او معشوق!
دیکھوں تیرا کمال ، جو یہ شہرہ تونے پیدا کیا ہے“
اس نے اشارہ کیا اپنے عیار کو۔ اس نے ایک گوئے میدان
میں ڈالا۔ اس معشوق نے چوگان کو گوئے سے آشنا کیا اور میدان
میں لے چلی۔ امیر نے تامل کیا۔ جب کہ آدھے میدان میں
گزر گئی تو امیر نے بھی چوگان عمر کے ہاتھ سے لے کر
سیاہ قیطاس کو میدان میں ڈالا اور برابر آ کر چوگان
گوئے کو مارا اور طرف میدان کے پھیرا۔ اس معشوقہ نے
نقاب کھول کر سر پر ڈالا اور امیر کو کہا ”میری طرف

دیکھ،، جوں ھی نگاہ امیر کی اُس پر پڑی تو واقعی ایک معشوقہ ہے کہ حسن و جمال میں لاثانی ۔ آفتاب اور ماھتاب اُس کے حسن کی تجلی کے آگے شرمندہ ھیں ۔ ایک سکتہ کی حالت ھوگئی ۔ اُس معشوقہ نے امیر کی یہ حالت دیکھ کر گھوڑے کو جولان دیا اور پھر چوگان سے گوئے کو لے چلی ۔ امیر نے دفعتاً ھوش میں آ کر اپنے مرکب کو بھی ایڑ دی اور کہا ،،او علامہ! معلوم ھوا اسی طرح نو مردان عالم کو فریب دے کر شرط جیت لیتی ہے ۔ لیکن میں ھرگز تیرے حسن کا فریفتہ نہیں ھوا ۔ میرے ھاتھ سے کہاں جا سکتی ہے،، یہ کہہ کر چوگان کو اس پر لائے اور میدان کی طرف لے چلے ۔ ھر چند ھما نے چاھا کہ گوئے تک پہنچے لیکن امیر لے ھی گئے اور فرمایا ،،اے ھما! اب کیا کہتی ہے؟،، کہا ،،ایک مرتبہ پھر آزمائیے،، امیر نے گوے اُس طرف پھینکا اور وہ اس دفعہ مثل ھوا کے لے چلی ۔ امیر نے بھی پھر گھوڑا دبا کر گوے پھیری ۔ اُس نے دیکھا کہ حمزہ گوے کی طرف مصروف ہے ۔ بھاگی اور چاھا کہ بھاگ کر صف میں جاوے ۔ نظر امیر کی اُس پر پڑی ۔ گوئے اُس پر چھوڑ کر اُس کے برابر گئے اور کمربند پکڑ کر گوئے سمیت اُٹھا لیا اور لا کر عمرو کے حوالے کیا ۔ اُس نے کمند کو ھاتھ سے باندھ کر لشکر کی راہ لی [۱] ۔

اب اس محل کی لکھنوی نسخے کی عبارت ملاحظہ کیجئے :

'' جب شاہ خاور تخت فلک پر جلوہ افروز ھوا اور شعاع نورانی سے میدان زمین پر نیزہ بازی کرنے لگا ، نعمان اپنے لشکر کو لے کر میدان میں نکلا ۔ پہلوانان صف شکن و فیلانان تہمتن کا پرا جمائے ھوئے عرصۂ وغا میں آ پہنچا ۔ سلطان ذی وقار صاحب قران روزگار امیر با وقار یعنی حمزہؑ نامدار خود بر سر ، زرہ در بر، شمشیر در کمر بھی

---

۱ ۔ صفحات ۵۳، ۵۵ داستان امیر حمزہ ۔ اشک ۔

مسلح ہو کر سیاہ قیطاس پر سوار ہوئے ۔ نیزہ ہاتھ میں لیا ۔ جلو میں اصحاب و رفیق جان نثار ہوئے ۔ طوق بن حران نے علم کا سایہ صاحب قران پر کیا ۔ ہمائے اوج سعادت اپنے دام میں لیا ۔ دست راست سلطان بخت مغربی اور دست چپ کو سہیل یمنی سلاح جواہر نگار بدن پر سجے ہوئے بادۂ غرور شباب سے جام کا سہٗ سر بھرے ہوئے اور عمرو عیار پیک نامدار، خنجر گزار جگر فگار بکمال چستی و چالاکی گھوڑے کے آگے پھلانگیں مارتا خوش فعلیاں کرتا اور لشکریوں کو ہمت دلاتا، بڑھاوے دیتا چلا ۔ آن و بان سے ، بڑی شوکت و شان سے خنداں خنداں گھوڑے کے آگے بڑھا ۔ مقبل وفادار کو اس دن امیر نے ہراول کیا ۔ وہی رسالہ ہزار سوار کا جو سہیل یمنی کے ساتھ مسلمان ہوا تھا مقبل کے ہمراہ کر دیا ۔ عمرو نے اس تدبیر سے صفیں قائم کیں کہ غنیم بھی اس لشکر ظفر پیکر کو دیکھ کر حیران ہوا ۔ پانچ چھ ہزار سپاہی کا امیر کے لشکر پر گمان ہوا ۔ دونوں طرف سے جب صف آرائی ہو چکی ، مبارز طلبی کی جب نوبت پہنچی امیر ہمائے تاجدار کے اشتیاق میں منطر شاہ کے مقابل کھڑے تھے ۔ شیر غراں کی طرح پکارتے ہوئے بڑھ رہے تھے کہ ایک جوان نقاب زمردیں چہرے پر ڈالے سر سے پاؤں تک مع مرکب دریائے جواہر میں غرق ، سپر ، تلوار ، خنجر و کمان ، ترکش ، نیزہ خطی دوش پر سنبھالے چوگان ہاتھ میں لئے رہوار کو خیز کئے اوجھیوں پر لایا ۔ خراماں خراماں میدان میں آیا ۔ امیر کی طرف دیکھ کر آواز دی کہ ”خواہندۂ ہمائے تاجدار کون ہے ؟ میرے سامنے آوے ۔ یہی گوئے یہی میدان ہے اپنا کسب و ہنر دکھلاوے“۔ امیر نعرہ سنتے ہی خنگ اسحق نبی علیہ السلام کو برق کی طرح چمکا کر میدان میں آئے ۔ کاوا ایڑن پر لگائے ، کبھی اڑاتے ، کبھی جماتے، اس اسپ خوش خرام کو معرکے میں لائے اور فرمایا کہ او جوان ہوشیار ہو

ھمیں میدان ھمیں چوگان ھمیں گوئے۔ اس کے عیار نے گوئے کو میدان میں لا کر ڈال دیا اور اس معشوقہ نے گھوڑے کو ران سے گد گدا کر گوئے کو چوگان سے آشنا کیا چاھتی تھی کہ گوئے کو لے جاوے، اپنی چالاکی اور استادی دکھاوے کہ امیر نے عمرو کے ھاتھ سے چوگان لے کر گھوڑے کو آگے بڑھا کر اس برق کردار کو آسن سے دبایا ۔ چوگان کو سنبھال کر گوئے پر مارا ۔ قوت خدا داد کا جلوہ دکھایا ۔ اس معشوقہ نے دیکھا کہ ھاتھ سے بازی جاتی ھے۔ تمام شعبدہ بازی اور مساعی خاک میں ملی جاتی ھے، جھٹ پٹ نقاب الٹ کر چہرۂ پرنور وا کیا ۔ جمال جہاں آرا سے سطح میدان کو منور کر دیا ۔ ترجمہ

الٹ جو دیا رخ سے اس نے نقاب
زمیں پر دکھائی دیا آفتاب

ھوئی اس سے جب چشم حمزہ دو چار
ھوئے غرقۂ حیرت آئنہ وار

امیر تو دیکھ کر سنندر ھوگئے ۔ صانع مطلق کی قدرت کا مشاھدہ کر کے متحیر ھوگئے ۔ ھمائے تاجدار نے فرصت پا کر پھر گھوڑے کو جھجکارا اور چوگان کو گوئے پر لگایا ۔ اس نے اپنی دانست میں گوئے کے لے جانے میں کوتاھی نہ کی تھی، کوئی کسر باقی نہ رکھی تھی، لیکن امیر نے دل کو سنبھالا، لاحول ولا قوۃ پڑھ کر استقلال شہامت کو کام فرمایا ۔ مرکب کو جولان کر کے کہا "ھم تیرا فریب اور چالاکی سمجھے اور تیری مکاری اور سفاکی سمجھے ۔ معلوم ھوا یوں ھی تو گوئے کو میدان سے لے جاتی ھے اور مردان عالم سے شرط جیت کر ان کے سروں کو قلعے کے کنگروں پر لٹکاتی ھے ۔ مگر کسی صاحب ھنر سے سابقہ نہ پڑا ھوگا، کسی مرد دلیر سے معاملہ نہ پڑا ھوگا، گوئے کو میدان سے یوں لے جاتے ھیں، دیکھ جوھر شجاعت و مردانگی یوں دکھاتے ھیں ۔ دیکھ!

خبردار ہو ، ہوشیار ہو ۔ میں گوئے کو میدان سے لے چلا
اور خدا کے فضل سے میدان میرے ہاتھ رہا،،۔ یہ فرما کر
گوئے کو میدان سے لے گئے ، ہمائے تاجدار کو شکست
فاش دے گئے ۔ ہر چند ہمائے تاجدار نے مکرر چوگان گوئے
تک پہنچائی ، اپنی چالاکی اور ہنروری دکھائی لیکن
امیر سے کب سبقت لے جا سکتی تھی ۔ اُس شیر بیشۂ
شجاعت کے روبرو کب فروغ پا سکتی تھی ۔ امیر گوئے
کو لے گئے اور اُس کی طرف متوجہ ہوکر فرمانے لگے کہ
'' اے ہمائے تاجدار ! کہ اب کیا کہتی ہے ؟ کچھ اور
حوصلہ باقی ہے ؟ '' اُس نے کہا '' ایک مرتبہ اور امتحان
کیا چاہئیے ، عرصۂ کارزار کو گرم کرکے اپنے اپنے
جوہر دکھایا چاہئیے ''

امیر نے بموجب اُس کے کہنے کے گوئے کو میدان میں پھنیک
دیا اور پھر چوگان سنبھال کر اس چسنی و چالاکی کو کام فرمایا
کہ پھر میدان دوبارہ جیت لیا ۔ ہمائے تاجدار نے دیکھا کہ بازی
ہاتھ سے گئی ، ہزاروں آدمی میں عزت و آبرو خاک میں ملی ۔
چاہا کہ گھوڑے کو ایڑ کر کے اپنے بھائی نعمان تک پہنچے ۔
میدان چھوڑ کر اپنے لشکر میں جا ملے ۔ امیر نے گھوڑے کو خیز
کر کے ہمائے تاجدار کا کمربند پکڑ کے مرکب سے جدا کیا
اور عمرو کی طرف گیند کی طرح پھنیک دیا ۔ عمرو نے کمند کے لچھے
سے ہاتھ اُس کے باندھ کر اپنے لشکر کی طرف رخ کیا ۔ ہمائے
اوج حسن و جمال کو اپنے دام میں لیا [۱]۔

اشک کے کھنچے ہوئے مرقعے کو دیکھ کر پڑھنے والا کئی
باتیں محسوس کرتا ہے :

(۱) اشک نے میدان کازرار کا تصور پیش کرتے ہوئے اس
بات کی کوشش کی ہے کہ اس مخصوص محل اور واقعہ
کے متعلق ساری باتیں وہ سیدھے سادے لفظوں میں
بے تکلفی سے بیان کر دیں ۔ اس وقت اُنہوں نے یہ فنی

---

۱ ۔ صفحات ۵۹ و ۶۰ داستان امیر حمزہ ، لکھنوی نسخہ ۲ ۔

نکتہ قطعی فراموش کر دیا کہ میدان کا زرار کا نقشہ پیش کرتے وقت لکھنے والے کو اپنی تصویر میں ایسے رنگ بھرنے چاہئیں جو دیکھنے والے کے لئے جذباتی جوش اور ولولہ انگیزی کا سبب بن سکیں ۔

(۲) میدان جنگ کی تصویر کشی کرتے وقت انہوں نے اس بات کی ضرورت محسوس کی ہے کہ پڑھنے والے کے سامنے وقت اور مقام کا صحیح تصور آسکے ۔ یہ تصور قائم کرنے کے لئے انہوں نے سورج کی کرن ، ہلکے ہلکے خفیف ابر ، میدان کے سبزے اور ہوا کی خنکی کا ذکر کیا ہے ۔ اس کے باوجود کہ یہ جزئیات اس وقت اور محل کے عین مطابق ہیں جب فوجیں ایک دوسرے کے مقابل صف آرا ہوئی نہیں ، ان چیزوں کا ذکر اس لئے بے محل اور ناموزوں ہے کہ اس سے اس بنیادی تأثر میں انتشار پیدا ہوتا ہے جو رزم کے مضامین کے ساتھ مخصوص ہے ۔

(۳) رزم گاہ کا یہ محل کچھ اس انداز کا ہے کہ ہمائے تاجدار کی موجودگی نے اس میں ایک ہلکا سا رومانی رنگ پیدا کر دیا ہے ۔ رزم گاہ میں ایک حسین عورت کا وجود ایک ایسا تضاد ہے جسے نباہنے کے لئے لکھنے والے کو تخیل اور بیان کی پوری احتیاط اور نزاکت سے کام لینے کی ضرورت ہے ۔ اشک نے اس تضاد کی نزاکت کا احساس کئے بغیر تصویر کے رومانی نقوش کو زیادہ ابھار دیا اور رزم گاہ کا ذکر پڑھنے اور سننے والے کے لئے ولولہ خیز ہونے کے بجائے خاصی حد تک ہیجان انگیز بن گیا ہے ۔

(۴) ہیجان انگیزی کی اس کیفیت میں سامع یا قاری کے علاوہ امیر حمزہ بھی شریک ہیں ۔ ہمائے تاجدار جیسی ''معشوقہ'' کے ''حسن و جمال'' سے ''جس کے حسن کی تجلی کے آگے آفتاب و ماہتاب شرمندہ ہیں'' [۲] ۔ امیر پر بھی سکتہ طاری

ہو جاتا ہے گو وہ ''دفعۃً ہوش میں آ جاتے ہیں''۔
یہ کیفیت امیر کے کردار کی عظمت سے مطابقت
نہیں رکھتی۔

(۵) اشک کی قصہ گوئی اور اسلوب نگارش میں ہر جگہ توازن
اور احتیاط کی جو کمی ہے اس کا اظہار اس عبارت میں
بھی کئی طریقوں سے ہوتا ہے۔ پہلی بات تو یہ ہے
کہ اشک کو واقعہ نگاری اور منظر کشی میں اس بات کا
اندازہ نہیں کہ واقعہ اور منظر کا صحیح تصور قائم کرنے
اور قاری پر ایک خاص طرح کا تاثر پیدا کرنے کے لئے
کون سی تفصیلات کو ابھارنا اور کنہیں دبانا ضروری ہے۔
توازن اور احتیاط کے احساس کی کمی دوسری طرح یوں
ظاہر ہوتی ہے کہ اشک نے کرداروں کو قصے میں
جگہ دیتے وقت یہ بات پیش نظر نہیں رکھی کہ اُن کی
رفتار و گفتار میں مطابقت، مناسبت اور ہم آہنگی نہ ہو تو
کردار کا نقش بگڑ کر رہ جاتا ہے اور پھر تیسرے
یہ کہ لفظوں کا انتخاب موقع اور محل کی مناسبت سے
نہ کیا جائے تو عبارت کا سارا لطف ختم ہو جاتا ہے۔

(۶) اشک کی اس خاص عبارت کو پڑھ کر یہ اندازہ کرنا بھی
دشوار نہیں کہ واقعہ نگاری میں ابتدائی اور خاتمے کے
جملوں کی جو اہمیت ہے اسے اشک نے پوری طرح محسوس
نہیں کیا ہے۔ اس نے عبارت کو شروع کرنے اور
ایک خاص انجام تک پہنچانے میں لفظوں کی سجاوٹ اور
فقروں کی ترتیب کا اتنا خیال نہیں رکھا جتنا کہ
چاہئیے۔

اس کے مقابلے میں لکھنوی نسخے میں نمایاں طور پر یہ
خصوصیتیں نظر آتی ہیں:

(۱) طرز بیان کی رنگینی، پرتکلف اور پرتصنع عبارت آرائی،
قافیے اور سجع کی پابندی، بیان میں شاعرانہ تخیل اور
تصور اور التزام، الفاظ کا موزوں انتخاب اور ان سب سے

بڑھ کر مجموعی حیثیت سے عبارت کی چستی اور سجاوٹ
اُس کی بنیادی خصوصیات ھیں -

(۲) ان خصوصیات کو لکھنوی مؤلفوں نے ھر موقع اور محل
پر یکساں قادرالکلاسی اور اھتمام کے ساتھ برتا ھے -
چنانچہ موجودہ عبارت میں واقعہ کی تصویر کشی اور
کرداروں کی ھلکی سی جھلک دکھاتے وقت بھی اس اھتمام
اور قادرالکلامی میں کمی نہیں آئی -

(۳) لکھنوی مؤلفن ھر بات میں مبالغہ آمیزی کے عادی ھیں -
اس کے باوجود اُن کی واقعہ نگاری اور کردار نگاری میں
ایک ایسی احتیاط اور توازن ھے کہ واقعہ کا حسن اور
کردار کا وہ نقش برقرار رھتا ھے جو اُس کی ذات کے
ساتھ وابستہ ھے - یہی وجہ ھے کہ ھمیں اوپر والی عبارت
میں رومان کی ایک بڑی ھلکی سی جھلک بھی دکھائی
دے جاتی ھے اور شخصیتوں کی عظمت اور وقار کو بھی
ٹھیس نہیں لگتی -

(۴) لکھنوی نسخے میں ھر باب کے آغاز کو بڑی اھمیت دی
گئی ھے اور اُس کے ابتدائی دو ایک جملے ھمیشہ فضا
قائم کرنے اور آنے والے واقعات کی طرف بے حد متوازن
اشارہ کرنے کی خدمت انجام دیتے ھیں چنانچہ یہاں بھی
ابتدائی جملے میں شاہ خاور کی جلوہ افروزی کے ساتھ اُس کی
شعاع نورانی کی نیزہ بازی کا مذکور اُن واقعات کی طرف
ایک ھلکا سا شاعرانہ اشارہ ھے جو ابھی پیش آنے
والے ھیں -

(۵) باب کے آغاز کے ساتھ ساتھ انجام کو لکھنوی مؤلفین نے
تاثر پیدا کرنے کا ایک یقینی وسیلہ جان کر ھمیشہ اُسے
اپنی ذھنی توجہ کا مرکز بنایا ھے - چنانچہ اس محل پر
بھی جو داستان اشک نے ان الفاظ پر ختم کی کہ
''گوئے اُس پر (یعنی ھمائے تاجدار پر) چھوڑ کر اُس کے
برابر گئے اور کمربند پکڑ کر گوئے سمیت اُٹھا لیا اور

لا کر عمر کے حوالے کیا ۔ اُس نے کمند کو ھاتھ سے باندھ کر لشکر کی راہ لی'' اُسے لکھنوی نسخے میں یوں ختم کیا گیا ھے :

''امیر نے گھوڑے کو خیز کرکے ھمائے تاجدار کا کمربند پکڑ کے مرکب سے جدا کیا اور عمر کی طرف گیند کی طرح پھینک دیا ۔ عمر نے کمند کے گحھے سے ھاتھ اُس کے باندھ کر اپنے لشکر کی طرف رخ کیا ۔ ھمائے اوج حسن و جمال کو اپنے دام میں لیا ''

اس ٹکڑے میں جزئیات کا جو ھلکا سا لیکن سوچا سمجھا فرق ھے اُس سے قطع نظر ''ھمائے اوج حسن و جمال کو اپنے دام میں لیا'' والے ٹکڑے کا اضافہ قابل تحسین ھے ۔ اس کی سعریت ، موزونیت اور خیال کے اندر چھپی ھوئی رنگین کیفیت نے پوری عبارت کا تاثر ایک نقطہ پر مرکوز کر دیا ھے ۔

(٦) لکھنوی نسخے کی عبارت کی آخری (لیکن خاصی اھم) خصوصیت یہ ھے کہ اُس میں تفصیلات اور جزئیات کے انتخاب میں شروع سے آخر تک پوری توجہ اور کاوش صرف کی گئی ھے ۔

اشک کے نسخے میں رزمیہ مرقع نگاری کے جو دو نمونے ھم نے اوپر درج کئے ان کے علاوہ پوری داستان میں ایسے بہت سے موقعے آتے ھیں جن پر امیر حمزہ اور اُن کے لشکر کو حق کی حمایت میں باطل کی زبردست قوتوں کے خلاف رزم آرائی کرنی پڑی ھے ۔ ان جنگوں میں ھمیشہ فتح و ظفر امیر کے ساتھ رھی ھے اس لئے کہ اول تو امیر اور ان کے ساتھی شجاعت و مردانگی کی اُن تمام صفات سے مزین تھے جو ھمیشہ انسان کو فاتح و مظفر بنانے کی ضامن رھی ھیں ۔ ان کی کامیابی و کامرانی کی دوسری وجہ یہ تھی کہ امیر کی ساری شجاعت و مردانگی حق اور خیر کی حمایت اور شر و باطل کی شکست و ریخت کے لئے وقف تھی ۔ داستان امیر حمزہ کے دونوں نسخوں میں ایسے سب موقعوں پر برتری کا شرف امیر اور اُن کے

رفقا کو حاصل رہا ہے ۔ یہ فرق البتہ ہے کہ واقعات کے بیان اور کرداروں کی رفتار و گفتار کی پیشی کش میں اشک نے عموماً توازن و اعتدال کی کمی کا ثبوت دیا ہے ۔ اس کے برخلاف لکھنوی مؤلفین نے توجہ ، انہماک اور ذہنی کاوش کی بدولت واقعہ نگاری اور کردار نگاری دونوں کو حسب دلخواہ موثر بنایا ہے اور عموماً حسن بیان سے پڑھنے والوں کو اپنی طرف متوجہ کیا ہے ۔ لیکن کبھی کبھی تکلفات کی شدت اور عبارت آرائی کے تصنع سے پڑھنے والے کے لئے ذہنی تکدر کا سامان بھی بہم پہنچایا ہے ۔

لکھنوی نسخے میں عبارت آرائی کا جو اہتمام اور لفظی تکلفات کی جو کثرت ہے وہ لکھنوی مذاق اور اس شائستہ و مہذب ماحول کا اثر ہے جس نے زندگی کے ہر گوشے میں سادگی کے ترک اور تکلف و تصنع کو اپنا شعار بنایا ہے ۔ داستان امیر حمزہ کے لکھنوی نسخے کی خوبی اور اس کے مؤلفین کا سرف اسی بات میں ہے کہ انہوں نے اس طویل داستان میں ہر موقع پر لکھنوی مذاق اور اس کے مہذب تکلف و تصنع کی کامیاب پیروی کی ہے اور بہت کم موقعے ایسے ہیں جنہیں پڑھ کر یہ محسوس ہوتا ہے کہ انہوں نے تھک ہار کر یا عاجز آ کر اپنے اسلوب کی طرف سے بے توجہی برتی ہے ۔ بلکہ سچ تو یوں ہے کہ کسی طرح کی بے توجہی کے بجائے ان کی عبارت میں پوری ذہنی کاوش اور ایک خاص طرح کے فنی احساس کا عکس موجود ہے ۔ اب تک آپ نے لکھنوی داستان امیر حمزہ کی جتنی عبارتیں دیکھیں وہ موضوعات کے اعتبار سے ایک دوسرے سے مختلف ہونے پر بھی اسلوب نگارش کے نقطۂ نظر سے یکساں خصوصیات کی حامل ہیں ۔ چنانچہ اس سلسلے میں رزمیہ نگاری کے دو نمونے ابھی آپ کے سامنے آ چکے ہیں ۔ اب میدان رزم چھوڑ کر ذرا بزم کی ایک جھلک دیکھ لیجئے ۔

یہ موقع وہ ہے جب امیر حمزہ چھپ کر ملکہ مہر نگار کے محل میں پہنچتے ہیں ۔ اشک کے نسخے میں یہ داستان جلد اول کی دسویں داستان ہے اور اس کا عنوان ہے :

” داستان دسویں ۔ امیر کا جانا محل میں مہر نگار کے اور اس کے چونکنے میں “

لکھنوی نسخے میں بھی یہ داستان دفتر اول میں ہے ۔ اس
نمبر البتہ کوئی نہیں ۔ اس نسخے میں اس داستان کا عنوان اس طر
قائم کیا گیا ہے :

''پہلی ملاقات امیر کی سر حلقۂ خوبان روزگار سے ، یع
ملکۂ مہر نگار سے ''

اب دونوں نسخوں کی عبارت ملاحظہ ہو :

عبارت نسخۂ اشک

''جوہریان بازار معانی کہتے ہیں کہ جب صاحب قران او
گئے اور دور سے لگے نگاہ کرنے، دیکھیں تو مہر نگار ۔
محل میں ایک جانب محفل نشاط آراستہ کی ہے اور اپنے ہ
نشینوں سے بادہ خواری میں مشغول ہے اور مہر نگ
بہتر از صد نگار درمیان میں معشوقان ماہ رویان کے
مانند بہار بیٹھی ہے کہ اس کے جمال کی تجلی سے وہ تم
مکان روشن ہے ....[1]۔ مہر نگار نے جس
وقت امیر کو دیکھا تھا اس وقت سے اس کو عجب طرح ک
وحشت تھی ۔ دن اس نے بہ ہزار دقت کاٹا ، جب رات ہوئ
واسطے جی بہلانے کے صحبت نشاط آراستہ کی اور اپنی دائ
کی بیٹی فتنہ خانم کو بلا کر کہا ''آج ہم کو نہایت
قلق ہے اور جی گھبراتا ہے تو اپنے ہاتھ سے شراب پلا
غرض جو جو اس کی محرم راز تھیں آ کر اس کے پاس حاض
ہوئیں ۔ اس وقت گلستان حسن و جمال میں ان غنچہ رویو
کا گرد اس کے بیٹھ کر گانا اور بجانا ایک جلوہ نور کا
معلوم ہوتا تھا.... .. .. غرض اس شب مہر نگا
دوپہر رات سے آگے تک بیٹھی شراب پیا کی ۔ ہر پیالے کے
ساتھ امیر کو یاد کیا کی اور کہا افسوس یارجانی وا

---

۱ ۔ اس جگہ اشک نے چار پانچ سطروں میں مہر نگار کا سراپا بڑے
روایتی اور فرسودہ انداز میں بیان کیا ہے جو ہماری مثنوی کا عام دستور ہے
اسے میں نے ترک کر دیا ہے ۔

محبوب زندگانی اس وقت تو کہاں ہوگا - چل پہنچ - ہردم
یہ کہتی تھی اور بے قراری کرتی تھی.......... .... "

اس کے بعد ملکہ نے خواصوں کو رخصت کیا اور چپر کھٹ پر لیٹ کر کروٹیں بدلنے لگی - صبح ہوتے نیند آگئی - امیر نے یہ موقع غنیمت جانا اور بقول اشک :

"اندر اُس بارہ دری کے گئے - دیکھیں تو پردے اُس کے چاروں طرف کو پڑے ہیں اور شمع ہائے موسی گل کاری کی ہر جا مانند آہ عاشقاں روشن ہیں اور چپر کھٹ میں مہر نگار سوتی ہے - لیکن اُس کے حسن کے روبرو تمام شمعوں کی روشنی پھیکی معلوم ہوتی تھی اور وہ مکان اُس کے جمال سے مانند آفتاب کے منور تھا - امیر نے جی میں خیال کیا کہ ایسے معشوقوں کا وصال قسمت سے میسر ہوتا ہے - شاید پھر تیرے نصیب نہ ہو - اب اس مکان میں تو بڑی محنت سے آیا ہے، اس معشوق کے رخسارۂ برگ گل سے ایک بوسہ تو لے - یہ کہہ کر اُس چپر کھٹ کے پاس گئے - برابر مہر نگار کے بیٹھ کر دونوں ہاتھ اپنے اُس کے سر کے دونوں طرف تکیہ پر ٹیک دئے اور چاہا کہ جھک کر اُس کے لب لعل سے بوسہ لے لیکن ابتدائے عشق تھا اور ناکردہ کار ہاتھ امیر کا تکیے سے پھسل گیا - چھاتی پر اُس معشوق کی پڑے..............."

اس طرح مہر نگار جاگ گئی اُس نے شور مچایا لیکن امیر کو پہچان کر نادم ہوئی - جو خواصیں شور سن کر آگئی تھیں اُنہیں بہانہ کر کے ٹالا - خواصیں چلی گئیں تو امیر کو پلنگ کے نیچے سے نکالا اور اپنے پاس بٹھا لیا - دونوں ایک دوسرے کو حسرت سے تکتے رہے - اتنے میں سپیدۂ سحر نمودار ہوا تو بقول اشک :

"امیر مانند شبنم کے، جوں برگ گل پر ہوتی ہے آنکھوں میں آنسو بھر لائے اور کہا 'اے مہر نگار جو تو نے میرے ہوئے دل کو کمند ناز سے گرفتار کیا ہے،

اس صید زخم زدۂ عشق کو نیم بسمل نہ چھوڑنا ۔ اب رخصت ہوتا ہوں.......... .. ،، ۱۔

اب ذرا یہی ٹکڑے لکھنوی نسخے میں دیکھئے :

،، عشق ہے تازہ کار تازہ خیال ہر جگہ اسکی ایک نئی ہے چال
کہیں آنسو کی یہ سرایت ہے کہیں یہ خوں چکاں حکایت ہے
گہ نمک اس کو داغ کا پایا گہ پتنگا چراغ کا پایا
کہیں طالب ہوا کہیں مطلوب اسکی باتیں غرض ہیں دونوں خوب

خامۂ دل افگار ، نبض شناسان عشاق، مزاج دانان بیماران فراق، کلک شوریدہ سر مضامین ذوق و شوق زبان پر لاتا ہے ، ہجر و وصل کی داستان سناتا ہے کہ امیر نے سقف قصر پر سے دیکھا کہ ملکۂ مہر نگار ماہرویان پری پیکر کے حلقہ میں بیٹھی ہے اور صراحی مئے گلگوں سے بھری ہوئی سامنے رکھی ہے ۔ جام بلوریں ہاتھ میں چھلک رہا ہے ، بادۂ ارغوانی پیالہ سے جھلک رہا ہے ، لکن گوہر اشک کی لڑی نوک مژہ سے مسلسل تا بدھن ہے ، آتش عشق کا نور سینہ میں شعلہ زن ہے ۔ آہ سرد لبوں پر ہے ، نالہ کشی کا شغل اکثر ہے ۔ دن کو تو امیر نے دور سے دیکھا تھا اب متصل سے جو نظارہ کیا کہ چشمہ خورشید درخشاں اس کے حسن کے آگے پانی بھرتا ہے اور ماہ تاباں اس کے چہرہ پر نور کے پرتو سے ضیا اقتباس کرتا ہے ۔ امیر اس کے حسن دل آویز کو دیکھ کے آپ میں نہ رہے اور بھی شعلہ ہائے شوق دل میں بھڑکے........ .. ..۲
ملکہ کا رونا موقوف ہوا اور فتنہ بانو نے کہ ملکہ کی دایہ کی بیٹی تھی ساغر مے ملکہ کے ہاتھ میں دیا کہ اس کو پیو ۔ ملکہ نے کہا ، میں سب کے پیچھے پیوں گی ۔ تھوڑی دیر کے بعد نوش کروں گی ۔ تم تو اپنے

---

۱ ۔ نسخہ اشک صفحات ۱۰۸ تا ۱۱۰

۲ ۔ اس کے بعد کی چند سطروں میں اس بات کا مذکور ہے کہ ملکہ مہر نگار کی محرم راز خواصیں اسے سمجھا بجھا رہی ہیں ۔ خواصوں کے سمجھانے سے ملکہ کو قدرے تشفی ہوئی اور غم غلط کرنے کو دور جام چلا ۔

اپنے صیاد کا نام لے کر پیو ۔ قدرے قلیل میرے واسطے زھنے دو ۔ ۱
پھر کامل بزم بادہ خواری گرم رہی ....جب دوپہر سے زیادہ
رات گزری مجلس برخاست ہوئی ۔ ملکہ چھپر کھٹ پر جا لیٹی ۔
ہر چند کروٹیں لیتی مگر صاحب قران کے خیال میں نیند نہ آتی ۔
زار زار روتی جاتی ، آخر روتے روتے تھک گئی ۔ صاحب قران نے
دیکھا کہ ملکہ بھی سوئی اور ہر عورت اپنے مقام پر جا کر سو رہی ،
سیڑھیوں کی راہ سے بام قصر سے نیچے اترے ۔ دبے پاؤں ملکہ کے
چھپر کھٹ کے پاس گئے ۔ دیکھا کہ ملکہ سو رہی ہے ، مگر چشم انتظار
کھلی ہے ؎

آنکھیں کھلی ہوئی ہیں عجب خواب ناز ہے
فتنہ تو سو گیا ہے در فتنہ باز ہے

دیر تک روئے منور کو دیکھا کئے ۔ دل میں سوچا کئے کہ بڑی
محنت سے یہاں تک پہنچا ہے ۔ کمال تکلیف اٹھا کے یہ قرب نصیب ہوا
ہے ، دل کی ہوس تو نکال ۔ کسی حیلے سے صاحب قران نے اپنے دونوں
ھاتھ گل تکیوں پر رکھے ۔ چاھا کہ اس کے لب شیریں کو چومیں اور
رخسار تاباں کا بوسہ لیں ۔ ھاتھ تکیوں سے پھسل گئے ۔ ملکہ کی
چھاتیوں سے لگ گئے ۔ (اس کے بعد عبارت کا وہ ٹکڑا ہے جس میں ملکہ
کے چونکنے اور خواصوں کے اس کے گرد جمع ہو جانے کا ذکر ہے ۔
ملکہ امیر کو پہچان کر خواصوں کو رخصت کرتی ہے اور صاحب
قران جو چھپر کھٹ کے نیچے چھپ رہے تھے ، باھر نکلتے ھیں)..........

صاحب قران ان کے جاتے ھی نیچے سے نکل کر اوپر آئے ،
ملکہ مہر نگار کے برابر آئے ۔ ملکہ نے دن کو تو دور سے نظارہ
کیا تھا ، اب جو پاس سے دیکھا اور بھی غش کر گئی ، ہوش سے
گزر گئی ۔ صاحب قران نے منہ سے منہ ملا ۔ اپنی بو جو سنگھائی، تھوڑی

---

۱ ۔ اس کے بعد سب خواصیں اپنے اپنے معبوب کا نام لے کر جام
شراب نوش کرتی ھیں اور آخر میں ملکہ کی باری آتی ہے ۔ اس طرح امیر
کو پتہ چلتا ہے کہ ملکہ ان کے دام محبت میں اسیر ہے اور خواصوں میں
سے ایک کو عمر عیار سے اور دوسری کو مقبل سے محبت ہے ۔ اشک نے
ان باتوں کی تفصیل یوں ھی بیان کی ہے ۔

دیر کے بعد ہوش میں آئی ۔ اتنے میں روئے صبح نمودار ہوا ۔ صاحب قراں نے مانند شمیم اپنی چشم نرگس میں اشک بھر کے کہا ''اے جان خدا حافظ ہے ۔ اب کشندۂ علقمہ قنسری ٹھہر نہیں سکتا ہے کہ خوف افشائے راز کا ہے ۔ ... .مگر اس بسمل خنجر ناز کو بھول نہ جانا ، مبتلائے فراق کو دل سے نہ بھلانا ۔

ملکہ نے ایک آہ سرد کھینچی اور آبدیدہ ہو کر بولی کہ دیکھئے اتنا دن کیونکر بسر ہوتا ہے ، کس طرح مطمئن دل مضطر ہونا ہے ۔ اچھا خدا کو سپرد کیا ، اللہ کی امان میں دیا ؎

بس اب آپ تشریف لے جائیے　　جو گزرے گی ہم پر گزر جائے گی
طبیعت کو ہوگا قلق تھوڑی دیر　　ٹھہرتے ٹھہرتے ٹھہر جائے گی

اس کے بعد امیر رخصت ہوئے.........۱

اشک اور لکھنوی نسخے کی ان دونوں عبارتوں کو ساتھ ساتھ رکھ کر اُن کا مقابلہ کیا جائے تو پہلا بدیہی فرق تو یہی نظر آتا ہے کہ لکھنوی مؤلفین نے اشک کی عبارت کی تعقید دور کر کے اس میں سلاست و روانی پیدا کی ہے اور دوسرے اُسے مقفیٰ و مسجع بنانے کے علاوہ اپنے شاعرانہ تخیل سے شعریت و رنگینی کے محاسن سے مزین کیا ہے ۔ لکھنوی نسخے کی یہ خصوصیت اس میں شروع سے آخر تک نمایاں ہے ۔ مختلف موقعوں پر قصہ گوئی کے تقاضوں کے مطابق لکھنوی مولفین نے اشک کی عبارتوں میں کمی بیشی کر کے جو تبدیلیاں کی ہیں اُس کے بہت سے نمونے ہمارے سامنے آ چکے ہیں ۔ عبارت کا آہنگ اور قصہ کے مختلف اجزا میں موقع اور محل کے مطابق توازن پیدا کرنا لکھنوی مؤلفین کا مقصد رہا ہے اور اس مقصد کے حصول میں اُنہوں نے ہر جگہ توجہ اور انہماک سے کام لیا ہے ۔ اوپر کی دونوں عبارتوں میں بھی مختلف طریقوں سے یہی فرق موجود ہے ۔ یہ فرق لکھنوی مؤلفین نے عبارتوں میں کون کون سی کمیاں اور کون کون سے اضافے کر کے پیدا کیا ہے اس کا اندازہ ایک ایک ٹکڑے پر نظر ڈال کر کیجئے ۔

---

۱ ۔ عبارت صفحات ۹۹—۱۰۱ لکھنوی نسخہ داستان امیر حمزہ

اشک نے عبارت کا آغاز صرف یہ کہہ کر کیا ہے کہ :

”جوہریان بازار معانی کہتے ہیں کہ جب صاحب قران اوپر گئے اور دور سے لگے نگاہ کرنے، دیکھیں تو مہر نگار کے محل میں ایک جانب محفل نشاط آراستہ ہے اور اپنے ہم نشینوں سے بادہ خواری مں مشغول ہے۔

مہر نگار کی بادہ خواری کا ذکر چھیڑنے سے پہلے لکھنوی نسخے میں اُس تمہید کا اضافہ کیا گیا ہے جو اس مصرعہ سے شروع ہو کر کہ ”عشق ہے تازہ کار و تازہ خیال“ اس جملے پر ختم ہوتی ہے ”کلک شوریدہ سر مضامین ذوق و شوق زبان پر لاتا ہے، ہجر و وصل کی داستان سناتا ہے“

یہ بات بالکل بدیہی ہے کہ شاعرانہ اور پرلطف ادبی تمہید نے آنے والے واقعات کی نوعیت کی طرف اسارہ کرکے ایک موزوں اور دل کش فضا پیدا کر دی ہے۔ اس افسانوی مقصد کے احساس کے علاوہ تمہید کے اشعار کا حسن انتخاب اور نثر مں الفاظ، ترکیبوں اور فقروں کی موزونیت، چستی، ترنم اور آہنگ بھی ایسی چیزیں ہیں جن سے پڑھنے والا لطف محسوس کئے بغیر نہیں رہتا اب آگے دیکھئے :

اس تمہید کے بعد دونوں نسخوں میں ملکہ سہرنگار کی بزم نشاط کا نقشہ کھینچا گیا ہے۔ اس محفل کی تصویر کے نقوش کی وضاحت کے لئے اشک کے نسخے میں مندرجہ جملے استعمال کئے گئے ہیں :

”مہر نگار نے محل میں ایک محفل نشاط آراستہ کی ہے اور اپنے ہم نشینوں سے بادہ خواری میں مشغول ہے“

”مہر نگار بہتر از صد نگار درمیان میں معشوقان ماہ رویاں کے، مانند بہار بیٹھی ہے کہ اُس کے جمال کی تجلی سے وہ تمام مکان روشن ہے“

”اُس وقت گلستان حسن و جمال میں ان غنچہ رویوں کا گرد اُس کے بیٹھ کر گانا اور بجانا ایک جلوۂ نور کا سا عالم معلوم ہوتا تھا“

لکھنوی نسخے میں اس بزم مے کی تصویر اس طرح کھینچی گئی ہے :

''........ملکۂ مہر نگار ماہرویان پری پیکر کے حلقہ میں بیٹھی ہے اور صراحی مئے گلگوں سے بھری ہوئی سامنے رکھی ہے - جام بلوریں ہاتھ میں چھلک رہا ہے - بادۂ ارغوانی پیالہ سے جھلک رہا ہے''

فتنہ بانو نے کہ ملکہ کی دایہ کی بیٹی تھی ساغر مے ملکہ کے ہاتھ میں دیا کہ اس کو پیو ....پہر بھر کامل بزم بادہ خواری گرم رہی.... ....جب دوپہر سے زیادہ رات گزری مجلس برخاست ہوئی''

اسک اور لکھنوی نسخے کی ان عبارتوں کو پڑھ کر ایک بات تو یہ ذہن میں آتی ہے کہ اشک جن کا عام انداز نگارش سادگی کی طرف مائل ہے اس موقع پر سادگی کی جگہ شعریت کے گرویدہ ہوگئے ہیں - یوں عبارت میں اگر کہیں کہیں لکھنے والا ادبی اور شاعرانہ رنگ آمیزی سے کام لے تو پڑھنے والے کے لئے یہ تبدیلی عموماً خوش گوار ہوتی ہے - لکن شرط یہ ہے کہ ادبی اور شاعرانہ قوتوں کے صرف کے لئے لکھنے والے نے صحیح محل کا انتخاب کیا ہو - جس طرح اس سے پہلے بعض مثالوں سے واضح ہو چکا ہے اشک نے شاعرانہ تخیل کی رنگینیاں عموماً منظر نگاری کے موقعوں پر صرف کی ہیں اور اس کا نتیجہ یہ ہوا ہے کہ پڑھنے والا اس منظر سے کوئی واقعاتی تاثر قبول کرنے کے بجائے محض بے محل حسن تخیل کے دام میں اُلجھ کر رہ جاتا ہے - یہی صورت اس جگہ بھی پیش آئی ہے - اشک کی واقعہ نگاری میں واقعہ کے نقش مبہم اور شعریت کے نقش نسبتاً زیادہ نمایاں ہیں - اس کے برخلاف لکھنوی نسخے میں جو باتیں کہی گئی ہیں اُن سے بزم کا واضح تر تصور نظر کے سامنے آ جاتا ہے - اس خاص موقعے پر مؤلفین نے اپنے معمول اور عام رجحان کے خلاف سادگی کو رنگینی پر ترجیح دی ہے کہ محل کا تقاضا یہی ہے -

اس ٹکڑے میں ملکہ مہر نگار کے حسن و جمال اور غم و اندوہ کی جو مصوری کی گئی ہے اُس میں بھی لکھنوی مؤلفین اشک کے

مقابلے میں زیادہ کامیاب نظر آتے ہیں اس لئے کہ انہوں نے دونوں چیزوں کے اظہار کے لئے زیادہ موزوں الفاظ چنے اور صرف کئے ہیں - اُن کے بیان میں ان موقعوں پر بھی شاعرانہ تخیل کی رنگینی اعتدال کی حد سے آگے نہیں بڑھی - اشک یہاں بھی اعتدال اور توازن قائم نہیں رکھ سکے -

عبارت کے اگلے حصے میں منظر کی نوعیت بدل جاتی ہے - بزم سے برخاست ہو چکتی ہے تو ملکہ چھپر کھٹ پر جا لیٹتی ہے اور بے چینی سے کروٹیں بدلتے بدلتے سو جاتی ہے - امیر اس موقع کو غنیمت جان کر چھپر کھٹ کے قریب پہنچتے ہیں اور ملکہ کے لب لعلین کا بوسہ لینا چاہتے ہیں لیکن اُن کی کہنیاں پھسل جاتی ہیں - ملکہ جاگ اُٹھتی ہے - خوف سے چلاتی ہے خواصیں اکٹھی ہو جاتی ہیں - ملکہ انہیں حیلے سے رخصت کرتی ہے اتنے میں سپیدۂ سحر نمودار ہوتا ہے اور امیر بادل ناخواستہ محبوب سے رخصت ہوتے ہیں -

اس منظر کے مجموعی نقش میں کئی اجزا شامل ہیں - جب تک لکھنے والا اُن میں سے ہر جزو کو اُس کی اہمیت کے مطابق منظر میں صحیح جگہ نہ دے پڑھنے والے کے ذہن پر اس نقش کا خاطر خواہ اثر نا ممکن ہے - آئیے پہلے دیکھیں کہ اس منظر کے اہم اجزا کیا کیا ہیں :

(۱) امیر کے فراق میں ملکہ کے دل کی کیفیت

(۲) ملکہ کے حسن کو دیکھ کر امیر کے دل کی حالت

(۳) امیر کا اقدام اور اُن کی ناکامی

(۴) ملکہ کا اضطرار اور محبوب کے غیر متوقع قرب سے اُس کا جذباتی ہیجان -

(۵) امیر کی رخصت کے وقت امیر اور ملکہ کے دلوں کی کیفیت -

اس مقصد کے حصول کے لئے کہ اس طرح کا کوئی منظر قاری کے ذہن پر چھا جائے اور اُس کی آنکھوں میں اپنی نظر سے دیکھی ہوئی

یز کی طرح پھر جائے اور وہ اپنے آپ کو اُس تجربہ میں جو اس
نظر میں پیش کیا گیا ہے پوری طرح شریک کرسکے ضروری ہے کہ
کھنے والا منظر کے مختنف اجزا کی اُس قدر و اهمیت کا احساس کرسکے
و ان اجزا کو اس منظر کی تعمیر میں اپنی اپنی جگہ حاصل ہے،
ہ الفاظ کے موزوں انتخاب سے ان مختلف اجزا کی کڑیوں کو اس طرح
ربوط کرسکے کہ وہ الگ الگ ہو کر بھی ایک زنجیر کے الگ نہ
و سکنے والے ٹکڑے بن جائیں، وہ اُن کرداروں کے مزاج، منصب
ور شخصیت و کردار کو پوری طرح پہچانتا ہو جو اس منظر کی
وح رواں ہیں اور سب سے بڑھ کر یہ کہ وہ قاری کے مذاق اور
سند سے اس حد تک آشنا ہو کہ ہر چیز کو اُسی کے سانچے میں
ھال سکے۔

لکھنوی مؤلفین کی عبارت کے مختلف ٹکڑوں میں جو ربط،
ھنگ اور موزونیت ہے اُس کا اندازہ تو دونوں نسخوں کے یہ ٹکڑے
ڑھ کر ہو ہی جاتا ہے۔ اب دونوں کے الگ الگ اجزا کو ایک
وسرے کے مقابل رکھ کر یہ اندازہ بھی کر لیجئے کہ وہ قصہ گوئی
کے منصب، کرداروں کے مزاج اور قاری کے مذاق کو کس حد تک
پہچانتے ہیں:

اشک کے نسخہ کی عبارتیں	لکھنوی نسخے کی عبارتیں
(۱) اور آپ (یعنی ملکہ) ایک باره دری میں جا کر چپرکھٹ جواہر نگار پر واسطے آرام کے لیٹی لیکن اشتیاق میں امیر کے نیند نہ آتی تھی۔ پڑی ہوئی کروٹیں لیتی تھی اور صاحب قراں کے تصور میں روتی تھی۔ جب گھڑی چار ایک رات باقی رہی اس وقت اسی خیال میں آنکھ جھپک گئی۔	(۱) ملکہ چپرکھٹ پر جا لیٹی۔ ہر چند کروٹیں لیتی مگر صاحب قراں کے خیال میں نیند نہ آتی۔ زار زار روتی جاتی، آخر روتے روتے تھک گئی۔ صاحب قراں نے دیکھا کہ ملکہ بھی سوگئی اور ہر عورت اپنے مقام پر جا کر سو رہی۔

اشک کے نسخہ کی عبارتیں

(۲) امیر نہایت خوش ہوئے۔ اندر اس بارہ دری کے گئے۔ دیکھیں تو پردے اس کے چاروں طرف کو پڑے ہوئے اور شمع ہائے مومی گل کاری کی ہرجا مانند آہ عاشقاں روشن ہیں اور چپر کھٹ میں مہر نگار سوتی ہے۔ لیکن اس کے روبرو تمام شمعوں کی روشنی پھکی معلوم ہوتی تھی۔ اور وہ مکان اس کے جمال سے مانند آفتاب کے منور تھا۔ امیر نے جی میں خیال کیا کہ ایسے معشوقوں کا وصال قسمت سے میسر ہوتا ہے۔ شاید پھر تیرے نصیب نہ ہو اب اس مکان میں تو بڑی محنت سے آیا ہے اس معشوق کے رخسارۂ برگ گل سے ایک بوسہ تو لے۔

(۳) یہ کہہ کر اس چپر کھٹ کے پاس گئے۔ برابر مہر نگار کے بیٹھ کر دونوں ہاتھ اپنے اس کے سر کے دونوں طرف تکیہ پر ٹیک دئے اور چاہا کہ جھک کر اس کے لب لعل سے بوسہ لے، لیکن ابتدائے عشق تھا اور

لکھنوی نسخے کی عبارتیں

(۲) (امیر) سیڑھیوں کی راہ سے بام قصر سے نیچے اترے۔ دبے پاؤں ملکہ کے چپر کھٹ کے پاس گئے۔ دیکھا کہ ملکہ سو رہی ہے، مگر چشم انتظار کھلی ہے ؎

آنکھیں کھلی ہوئی ہیں عجب خواب ناز ہے
فتنہ تو سو گیا ہے، در فتنہ باز ہے

دیر تک روئے منور کو دیکھا کئے۔ دل میں سوچا کئے کہ بڑی محنت سے یہاں تک پہنچا ہے کمال تکلیف اٹھا کے یہ قرب نصیب ہوا ہے۔

(۳) کسی حیلے سے صاحب قران نے اپنے دونوں ہاتھ گل تکیوں پر رکھے۔ چاہا کہ اُس کے لب شیریں کو چومیں اور رخسار تاباں کا بوسہ لیں، ہاتھ تکیوں سے پھسل گئے۔ ملکہ کی چھاتیوں سے لگ گئے۔

ناکردہ کار، ھاتھ امیر کا تکیے
سے پھسل گیا ۔ چھاتی پر اس
معشوق کی پڑے،،

(۴) مہر نگار نے امیر کو نکالا اور
اپنے برابر بٹھلایا اول مرتبہ
امیر کو دور سے دیکھا تھا ۔
اب نزدیک سے دیکھا کہ
عجب طرح کا جوان ، زیبا
صورت و پاکیزہ سیرت ھے ۔
مانند شب چاردہ کے ، نور
رخسار اس کے کا ، چاند کی
صورت اس شب تیرہ کو
روشن کر رھا تھا ۔ صاحب
قران کی صورت کو دیکھ
کر مثال تصویر کے حیران
رہ گئی ۔ امیر بھی اس نگار
کو دیکھ کر دیوانہ وار
تک رہے تھے ۔

(۴) صاحب قران خواصوں کے جاتے ھی
نیچے سے نکل کر اوپر آئے ،
ملکہ مہر نگار کے برابر
آئے ۔ ملکہ نے دن کو تو
دور سے نظارہ کیا تھا اب
جو پاس سے دیکھا اور بھی
غش کر گئی ، ھوش سے
گزر گئی ۔ صاحب قراں نے
منہ سے منہ ملا ۔ اپنی بو
جو سنگھائی تھوڑی دیر کے
کے بعد ھوش میں آئی ۔

(۵) سفیدہ سحر کا نمودار ھوا ۔
امیر مانند شبنم کے جو
برگ گل پر ھوتی ھے
آنکھوں میں آنسو بھر لائے
اور کہا ،،اے مہر نگار!
جو تو نے میرے آھوئے دل
کو کمند ناز سے گرفتار کیا
ھے ۔ اس صید زخم زدۂ
عشق کو بسمل نہ چھوڑنا ۔
اب رخصت ھوتا ھوں ۔

(۵) اتنے میں سپیدہ صبح نمو دار
ھوا ۔ صاحب قران نے مانند
شبنم اپنی چشم نرگس میں
اشک بھر کے کہا ،،اے
جان! خدا حافظ ھے ۔ اب
کشندۂ علقمۂ خیبری ٹھہر
نہیں سکتا ھے ۔ کہ خوف
افشائے راز کا ھے.........مگر
اس بسمل خنجر ناز کو
بھول نہ جانا ۔ مبتلائے فراق
کو دل سے نہ بھلانا ۔

لکھنوی نسخے کی عبارتیں

ملکہ نے ایک آہ سرد
کھینچی اور آبدیدہ ہو کر
بولی کہ دیکھئے اتنا دن
کیوں کر بسر ہوتا ہے۔
کس طرح مطمئن دل مضطر
ہوتا ہے۔ اچھا خدا کو
سپرد کیا، اللہ کی امان
میں دیا ؎

بس اب آپ تشریف لے جائے
جو گزرے گی ہم پر گزر جائے گی
طبیعت کو ہوگا قلق تھوڑی دیر
ٹھہرتے ٹھہرتے ٹھہر جائے گی

اس کے بعد امیر رخصت ہوئے۔

پہلے ٹکڑے میں لکھنوی مؤلفین نے اختصار سے وہی مقصد حاصل کر لیا ہے جو اشک نے بات کو نسبتاً پھیلا کر حاصل کیا ہے۔ دوسرے ٹکڑے میں اشک نے جو تفصیلات استعمال کی ہیں وہ واقعہ نگاری کے لحاظ سے بے محل اور کردار نگاری کے نقطۂ نظر سے ناموزوں ہیں اس لئے کہ منظر کا طول قاری کے ذہن کو بھٹکاتا اور صاحب قران کے زبان سے جو کچھ کہلوایا گیا ہے وہ ان کے اعلی منصب کو گراتا ہے۔ لکھنوی نسخے میں ان دونوں چیزوں کے ذکر میں اختصار برتا گیا ہے، الفاظ کی رنگینی کے بجائے سادگی سے کام لیا گیا ہے اور عبارت کی سادگی کی کمی ایک اچھے اور برمحل شعر سے پوری کی گئی ہے۔ تیسرے ٹکڑے میں لکھنوی نسخے میں جس اختصار سے کام لیا گیا ہے اس سے منظر بھی زیادہ واضح اور حقیقی بن جاتا ہے اور امیر کے کردار میں جو غیر اہم اور غیر واقعاتی تفصیل ہے وہ بھی باقی نہیں رہتی۔ چوتھے ٹکڑے میں بھی لکھنوی مؤلفین نے غیر ضروری اور غیر اہم تفصیلات ترک کی ہیں اور ان کے بجائے دو جملوں کا اضافہ کر کے تصویر کو زیادہ حقیقی اور رومان انگیز بنا دیا ہے۔

پانچواں ٹکڑا اشک کے یہاں مختصر اور لکھنوی نسخے میں طویل ہے۔ طوالت کی کئی وجہیں ہیں۔ لکھنوی مؤلفین اس ٹکڑے کو زیادہ جذباتی اور نفسیاتی اعتبار سے زیادہ حقیقی بنانا چاہتے تھے۔ اشک کے نسخے میں ملکہ مہر نگار کے جذبات کے ذکر کو نظر انداز کرکے مؤلف نے جو غلطی کی ہے اس کی تلافی ضروری سمجھتے تھے اور ساتھ ہی فن کے اس منصب کی تکمیل بھی ضروری جانتے تھے کہ منظر کی ابتدا کی طرح اس کا خاتمہ بھی گہرے اور دیرپا نقش اور تاثر کا حامل بن سکے۔ ملکہ کے الفاظ، اس کی زبان سے نکلے ہوئے دو بر محل سادہ اور پر معنی شعر اور یہ جملہ کہ اس کے بعد امیر رخصت ہوئے نقش اور تاثر کو گہرا اور یقینی بنانے کے ضامن ہیں۔

اشک اور لکھنؤ والے داستان امیر حمزہ کے مختلف ٹکڑوں کا مقابلہ کرنے کے بعد جو جو نتیجے ہمارے سامنے آئے انہیں یکجا کرکے دیکھا جائے تو دونوں نسخوں میں بنیادی طور پر دو امتیازی فرق نظر آتے ہیں۔ ایک فرق طرز بیان اور اسلوب نگارش سے تعلق رکھتا ہے اور دوسرے کا تعلق قصہ گوئی کے مختلف عناصر سے ہے۔ ان دونوں بنیادی امتیازات کا تجزیہ کیا جائے تو دونوں کے ضمن میں اور بے شمار فرق پڑھنے والے کو محسوس ہوتے ہیں۔ لیکن ان تفصیلات سے قطع نظر اشک اور لکھنوی نسخے کے بنیادی امتیازات کو پیش نظر رکھا جائے تو یہ نتیجہ نکالنے میں کوئی تامل نہیں ہوتا کہ لکھنوی مؤلفین نے اشک کے نسخے پر نظرثانی کرتے وقت اُسے ہر لحاظ سے قاری کے لئے دلچسپ اور دلنشین بنانے کو اپنا فنی منصب جانا ہے۔ لکھنوی مؤلفین میں سے ایک (یعنی شیخ تصدق حسین) اپنے عہد کے مشہور داستان گو ہیں اور بڑی داستان امیر حمزہ کی چھیالیس جلدوں کے ترجمہ اور تصنیف میں سب سے زیادہ حصہ انہیں کا ہے۔ ایک ماہر داستان گو ہونے کی حیثیت سے اُنہیں اندازہ ہے کہ داستان میں واقعہ نگاری، منظر کشی، کردار نگاری اور لطف بیان کے اعتبار سے کیا کیا چیزیں ایسی ہو سکتی ہیں جو پڑھنے والوں کی نظر میں اُسے زیادہ سے زیادہ پسندیدہ بناسکیں۔ چنانچہ اُنہوں نے اشک کے متن پر نظر ثانی کرتے وقت اُس کے ایک ایک لفظ کو توجہ کا مرکز بنایا ہے اور ترتیب میں تقدم و تاخر کرکے، متن

کی جزئیات میں بھی حسب ضرورت اور حسب موقع کمی بیشی کرکے اسے ایسی صورت دی ہے کہ بعض اوقات اصل تالیف اور ترمیم شدہ نسخے میں زمین آسمان کا فرق معلوم ہوتا ہے اور کہیں کہیں تو یہ شبہ بھی ہوتا ہے کہ دونوں بنیادی طور پر ایک دوسرے سے مختلف ہیں ۔ اتنا بڑا فرق یقیناً مصنفوں کے نقطۂ نظر کے اس فرق کی وجہ سے پیدا ہوا ہے جو اپنے فن کی طرف سے انہوں نے اختیار کیا ہے ۔ اس میں ذرا بھی شک نہیں کہ لکھنوی مؤلفین کا نقطۂ نظر ہر جگہ فن اور اس کے تقاضوں کا پابند رہا ہے اور اس نقطۂ نظر نے اشک کی بظاہر سیدھی سادی تالیف کو ایسا فنی کارنامہ بنادیا ہے کہ اسے اور داستانوں کی تاریخ میں ہمیشہ ایک امتیازی حیثیت حاصل رہے گی ۔

تبصرہ

لطائف السعادت ، مصنف انشا اللہ خاں انشا ، مرتب ڈاکٹر آمنہ
خاتون ایم اے ، پی ایچ ڈی (علیگ) ، مہاراجہ کالج میسور ،
مطبع کوثر پریس بنگلور۔

طبع اول ۱۹۵۵ ، ضخامت ۱۸۰ صفحات ، قیمت ۵ روپیہ۔

نمبر ۱۳۹۱ فسٹ عیدگاہ میسور کے پتہ سے مل سکتی ہے۔

انشا اللہ خاں انشا کے بارے میں بیتاب کا یہ قول مشہور ہے کہ ان کے فضل و کمال کو شاعری نے اور شاعری کو نواب سعادت علی خاں کی صحبت نے ڈبو دیا۔ دریائے لطافت کے مقدمہ میں ڈاکٹر مولوی عبدالحق صاحب نے اس فقرے کے آخری حصہ سے تو اتفاق کیا ہے لیکن یہ تسلیم کرنے میں انہیں تامل ہے کہ شاعری کسی کے فضل و کمال کو ڈبو سکتی ہے۔ لیکن جس قسم کی شاعری انشا نے خاص طور پر اپنی زندگی کے اس آخری حصے میں کی جو لکھنؤ میں گذرا اسے سامنے رکھیں تو یہ قول بھی درست معلوم ہوتا ہے۔ انشا کی فطری ذہانت طباعی اور نکتہ آفرینی ، ان کے علم و فضل اور ہمہ دانی پر تذکرہ نگاروں نے اتفاق کیا ہے لیکن ان کی شاعری کا وہ حصہ جو لکھنؤ کے نوابی دربار کا مرہون منت ہے اُن کے لئے واقعی باعث شرم ہے۔ اس میں ریختی ، فحاشی ، ہجو گوئی سب کچھ ہے لیکن بعض لوگ اسکی ذمہ داری سعادت علی خاں کی بجائے خود انشا پر ڈالتے ہیں اور مولوی عبدالحق صاحب کا تو خیال ہے کہ نواب سے جو رنجش آخر میں ہوئی اس کی وجہ یہ تھی کہ انشا حد سے آگے بڑھ گئے تھے بلکہ نواب کے مذاق میں جو پستی آئی تھی اس کی ذمہ داری اُن کے مصاحبوں اور درباریوں پر عائد کرتے ہیں ،

لطائف السعادت کی اشاعت سے انشا اور دربار لکھنؤ کے اثرات کے باب میں ہمیں یقینی شہادت ملتی ہے۔ انشا نے نواب سعادت علی

خاں کے دربار میں پیش آنے والے ۵۵ متفرق لطائف نواب صاحب کی فرمائش پر فارسی میں قلمبند کئے تھے۔ اس کا قلمی نسخہ برٹش میوزیم میں موجود تھا۔ ڈاکٹر آمنہ خاتون نے جو اس سے پہلے انشا کی دریائے لطافت کو مرتب و مدون کرکے علی گڈھ سے ڈاکٹریٹ لے چکی ھیں برٹش میوزیم والے نسخہ کی روٹو گراف کاپی سے یہ نسخہ مرتب و مدون کیا ھے۔ ایک صفحے پر اصل فارسی عبارت اور اس کے بالمقابل اردو ترجمہ دیا گیا ھے اور اصل کتاب سے متعلق مفید حاشیے بھی شامل کئے گئے ھیں۔

ان لطائف کے پڑھنے کے بعد یقین ھوجاتا ھے کہ سعادت علی خاں کی طبیعت میں ایسا چھچھورا پن تھا جو کسی مشرقی حکمران کے شایان شان معلوم نہیں ھوتا۔ ان کی محفلوں اور مجلسوں میں بیہودہ مذاق اور فقرے بازیاں ھوتی تھیں جن میں نواب اور ان کے مصاحبین جی کھول کر حصہ لیتے تھے۔ اس سے ایک طرف اس نوابی دربار کا وہ ماحول سامنے آ جاتا ھے جو لکھنؤی شاعری کے زوال کا باعث ھے اور دوسرے یہ بات سمجھ میں آ جاتی ھے کہ دھلوی شاعری کی روایات لکھنؤ پہنچ کر کیوں نہ پنپ سکیں۔

ترجمہ لفظی ھے۔ اس سے کہیں کہیں مطلب خبط ھو جاتا ھے۔ اگر لفظی ترجمہ پر سختی سے عملدرآمد نہ ھوتا تو بہتر تھا۔ کتاب میں طباعت کی بہت غلطیاں ھیں اور آخر میں غلط نامہ شامل ھونے کے باوجود بہت سی اور غلطیاں رہ گئی ھیں، اس طرح کے تحقیقی مقالات و تصانیف میں یہ بات بہت کھٹکتی ھے۔ بعض اور تحقیقی پہلو بھی ذرا کمزور ھو گئے ھیں مثلاً قتیل کے فارسی رقعات طبع ھو چکے ھیں اس لئے قلمی نسخہ سے حوالے کی ضرورت صرف اس صورت میں پیش آ سکتی تھی جب مطبوعہ نسخے سے اختلاف ھوتا محض قلمی نسخہ کے حوالہ سے حوالہ کی اھمیت میں کوئی اضافہ نہیں ھوتا۔ مرتبہ نے بعض ایسی بحثیں چھیڑ دی ھیں اور ان کو طول دیا ھے جن کا کوئی محل نہ تھا، شیفتہ کے بارے میں انہوں نے باطن کا نقطہ نظر اختیار کیا ھے اور شیفتہ کی رائے کے وزن و وقار اور توازن سے انکار کرنے میں بڑی شدت اختیار کی ھے۔ قاضی

عبدالودود صاحب سے بعض اختلافات کے جواب دینے میں بھی یہی رویہ اختیار کیا ہے ۔ اگر اختلاف میں اس شدت کا اظہار نہ ہوتا تو بہتر تھا ۔ سب سے زیادہ جو بات کھٹکتی ہے وہ مؤلفہ کی ایک اور تصنیف تحقیقی نوادر کا اشتہار ہے جو چھ صفحوں پر پھیلا ہوا ہے ۔ ایسی علمی اور تحقیقی کتاب میں اس کا کیا موقع تھا ۔

بحیثیت مجموعی موصوفہ کی یہ کوشش قابل قدر ہے ۔ اس طرح اردو کی نادر اور نایاب تصانیف کی تدوین و اشاعت کی روایت کو تقویت پہنچتی ہے جسے اردو کے حق میں ایک نیک فال سمجھنا چاہئے ۔ خاص طور پر بھارت میں ایسے ہی کاموں سے اردو کے فروغ اور اس کے مستقبل کے امکانات وابستہ ہیں ۔ انشا کے ہم عصر اور ہم پیالہ و ہم نوالہ دوست سعادت یار خاں رنگین کا بھی اسی طرح کا ایک مجموعہ اخبار رنگین موجود ہے جس میں انہوں نے اپنے زمانے کے حالات و واقعات کو بطور روزنامچہ لکھا ہے ۔ ڈاکٹر صابر علی خان جنہوں نے پنجاب یونیورسٹی سے میری نگرانی میں اردو میں پہلی پی ایچ ڈی کی ڈگری رنگین اور ان کی تصانیف پر لی ہے اسے مرتب اور شائع کر رہے ہیں امید ہے کہ اس کی اشاعت کے بعد لطائف السعادت اور اخبار رنگین کے تقابلی مطالعہ سے نہ صرف اس عہد کے حالات و واقعات کے بارے میں نئی معلومات حاصل ہوں گی بلکہ خود انشا اور رنگین کے مرتبہ کے تعین میں بھی آسانی ہو جائے گی ۔

ابواللیث صدیقی

فخرالملک خواجہ عمیدالدین تونکی

ارمغان پاک مرتبہ شیخ محمد اکرام میں جو ایم - اے فارسی کے نصاب میں شامل ہے فخرالملک خواجہ عمید الدین تونکی کے کلام سے بھی کچھ انتخابات لئے گئے ہیں - مجھے خواجہ عمید کی نسبت کے متعلق کچھ تردّد تھا - چنانچہ میں نے استاد محترم پروفیسر ڈاکٹر محمد شفیع صاحب سے استمداد کی - میری درخواست کے جواب میں انہوں نے تونکی پر دو نوٹ لکھ کر مجھے بھیجے - ان کے فوائد کے پیش نظر میں نے مناسب خیال کیا کہ ان کو فائدہ عام کی غرض سے میگزین میں شائع کر دیا جائے -

مدیر

عزیزم

ارمغان پاک (ص ۳۰ بعد) میں امیر فخرالدین عمید نونکی کے متعلق جو کچھ لکھا ہے وہ منتخب التواریخ بداونی جلد اول ص ۹۶ ببعد سے لیا ہے - بداونی نے منتخب التواریخ میں اس شاعر کے کلام سے کوئی ۳۰ صفحے رنگ دیئے ہیں اس عذر کے ساتھ کہ اس کے اشعار عزیز الوجود ہیں اس لئے اس کا جو کلام ملتا ہے وہ نقل کرنا ضروری ہے -

اب رہے آپ کے دو سوال کہ عمید الدین کی نسبت نونکی ہے یا لومکی؟ بداونی کے نسخہ مطبوعہ کلکتہ میں عمید کی نسبت کو دو طرح سے چھاپا گیا ہے: ص ۷۰ پر 'تولکی' 'ص ۹۶ پر 'نونکی' - میرے پاس بداؤنی کا قلمی نسخہ ہے اس میں دونوں مقامات پر اس کو لویکی لکھا ہے - یہ تین نسبتیں ہوئیں: تولکی، نونکی اور لویکی - مجمع الفصحاء ۱ : ۳۵۳ پر اس شاعر کی چند اور نسبتیں بھی دی ہیں جن سے پہلی تین نسبتوں پر چار نسبتیں اور بڑھائی جاسکتی ہیں یعنی دیلمی، سنامی، گیلانی اور لومکی - مجمع الفصحاء کی عبارت یہ ہے : عمید دیلمی و هو فخر الملک خواجه عمید الدین گویند نه از دیلم رشت است و از هندوستانست و منشأش سنّام بوده و مدّاحی سلطان محمد یمین (کذا) مینموده و بعضی او را چنانکه اشارتی شد از اهل گیلان من بلاد دارالمرز و طبرستان دانند، همانا از گیلان بوده و بهندوستان رفته و دیالمه اهل آنولایت را گویند، وی را عمید لومکی هم نامند سبب آن معلوم نشده،،

ظاہر ہے کہ خواجہ عمید الدین اگر کسی شہر کی طرف منسوب ہے تو اس شہر کا اب پتہ نہیں لگتا - سمعانی، ذہبی، سیوطی نے اس قسم کی کوئی نسبت نہیں دی اور نخبة الدهر دمشقی، نزهة القلوب، جغرافیه مفصل ایران اور فرهنگ آنند راج میں بھی ایسی کوئی نسبت درج نہیں - معلوم نہیں کہ روز روشن ص۵۷۲ نے کس بنا پر لکھ دیا ہے: ''عمید از

سر زمین لویک که شهریست در ملک ایران بوده'' یه عبارت میرے نسخه بداونی کے 'لویکی' کی تائید کرتی ہے اگرچه اس لویک کا پته اوپر کے مآخذ کے علاوہ بیہقی ، طبقات ناصری ، بداونی ، اور اکبر نامهٔ ابوالفضل سے بھی نہیں ملتا ۔ ڈاکٹر اقبال حسین (کٹک) کی (Early Poets of India) ص ۲۰۰ سے معلوم ہوتا ہے که تقی اوحدی نے لکھا ہے که عمید سنام میں پیدا ہوا ۔ اس لئے وہ سنامی ہوا ، دوسری نسبتیں شاید اس کے آباء کے وطن کی طرف توجه دلاتی ہیں مگر ممکن ہے یه نسبت سمام کی طرف نه ہو کسی اور چیز کی طرف ہو ۔ نونه، ماہی اور چاهک زنخ کودک کو بھی کہتے ہیں (آنند راج)، لُوَیّ ایک درخت ہے اور لِوَیّ گیاہ خشک پرمرده کو بھی کہتے ہیں (منتہی‌الارب)، بہرحال جب تک کوئی ایسے مآخذ نه ملیں جن سے اس نسبت کی تشریح ہوسکے صرف قیاس آرائی ہی ممکن ہے ۔ اس میں شک نہیں که بداونی والی نسبتوں میں سے 'تولکی' اقرب الی الفہم ہے مگر یه نسبت سوائے طبع سدہ بداونی کے اور کہیں نظر نہیں آئی ۔ اور عجب نہیں که تصحیح قیاسی ہو ، اس لئے که قلمی نسخے میں نہیں ہے ۔

آپ کا دوسرا سوال یه ہے که عمد نونکی خواجه عمید الدین سنامی ہی ہے یا کوئی اور؟ سطور بالا سے ظاہر ہے که امیر فخر الدین عمید وہی شخص ہے جس کو نونکی ، لومکی اور سنامی وغیرہ کہا گیا ہے ۔ ارمغان پاک میں ص ۳۱ پر عبید چھپا ہے مگر بداونی جلد اول ص ۱۲۶ پر عمید ہی ہے اور میرے خطی نسخه میں بھی عمید ہے اس لئے اس 'عبید' کو سہو کاتب ہی سمجھئے ۔

کل کے نوٹ کے سلسلے میں یه امر قابل ذکر ہے که منتخب التواریخ کے اس قلمی نسخه میں جو پنجاب یونیورسٹی میں موجود ہے اور جو غالباً اسی کاتب کا لکھا ہوا ہے جس نے میرا نسخه تیرھویں صدی هجری میں لکھا تھا جابجا 'لویکی' لکھا ہے ۔ منتخب التواریخ بداونی ۱۲۸۴ھ = ۱۸۸۴ع میں لکھنؤ میں بھی چھپی تھی ۔ اس کے ص ۲۱ اور ۲۷ پر عمید لونکی لکھا ہے جس

کو بظاہر لومکی یا لویکی دونوں طرح پڑھ سکتے ھیں - اسی اڈیشن کے ص ۲۷ پر 'کردہ ام' والے قصیدے میں تخلص 'عمید' ھی ھے نہ کہ 'عبید' - نزھہ الخواطر نے (بتقلید نسخۂ بداونی) ۱:۱۸۷ پر النونکی لکھا ھے مگر قصیدہ مذکور میں 'عمید' ھی درج کیا ھے -

ڈارن (Dorn) روسی نے مرعشی کی تاریخ طبرستان و رویان و مازندران ۱۲۶۶ھ ۱۸۵۰ع میں چھاپی تھی - اس میں ایک 'قریۂ لاویج' مذکور ھے جس کے کتاب میں پانچ حوالے دیے ھیں - اگر 'عمید' کے بزرگ واقعی دیلم یا گیلان کے تھے تو ممکن ھے کہ لاویج (= لاویک = لویک) ان کی بستی کا نام ھو - گو یہ بعید سی بات معلوم ھوتی ھے مگر کوئی اور نام جو عمید کی نسبت سے قریب تر ھو مجھ کو اس کتاب میں یا تاریخ گیلان فومنی میں یا کسی اور مأخذ میں نہیں ملا -

مزید یہ کہ مجمع النفائس آرزو (نسخۂ دانش گاہ پنجاب صفحہ ۵۷م) میں عمید الدین دیلمی اللوبکی (بالباء) لکھا ھے ! آرزو نے اس کا لقب اوروں کی طرح فخر الملک لکھا ھے اور اس کو اعاظم حکماء سے بتایا ھے اور کہا ھے کہ ''وہ (مولدو) منسا کے رو سے سنام کا تھا، اس کے آبا و اجداد ظاھرا دیالمہ سے ھوں گے''- اللوبکی غالباً تصحیف اللویکی ھے لیکن اگر یہ صحیح ھے تو یہ آٹھویں صورت عمید کی نسبت کی ھوئی !

محمد شفیع

محمد علی خان متین پسر حسام‌الدین متوطن کشمیر در تذکرهٔ خود این بیت شاه آفرین را باندک تغیر مطلع کرده بنام خویش نوشته ـ

در مشربے که مائیم آلوده دامنیٔ نیست
ساغر بکف چو تصویر رندیم و پارسائیم

حال آنکه این فقیر سی سال* پیش ازیں بت مذکوره در دیوان مرحوم دیده و در سخن فهمان لاهور بیت مذکور بنام شاه مرحوم اشتهار تمام دارد ـ

اشعار شاه فقیرالله آفریں انتخاب زدهٔ
سراج الدین علی خان آرزو

بسا کفرے که دارد فیض ایمان عشق میداند
خط کافر مسلمان میکند حسن فرنگش را

وله

ز شوخی کز جهان برهمزدن گلها ز ناز آید
امید داد(۱) باشد برق خرمن داد خواهان را

وله

خوشا دورے که در عالم ایازے بود و محمودے
وفا عنقا محبت کیمیا شد در زمان ما

وله

دل قبله و نیاز نماز دوام ما
گر دانـدن رخ است ز دنیـا سلام مـا

وله

مـا تنگ قسمتـان ز دهانش بخط خوشیم
چون روزه دار صبح امیـد است شـام مـا

---

*ترتیب میں نے بدل دی ہے - اصل میں پیش ازیں "بسی سال" یا "سی سال" ہے -

(۱) مجمع النفائس نسخه الف : زاد بجائے داد -

ولہ

تمام سعی است لیک غافل کہ مے بجامش کنند یاخون
دریں تمنا کہ شیشہ گردد چہا کہ نگداخت سنگ خارا

ولہ

سوختیم از بس بیاد آسمان گوں نرگسش
موج نیلوفر زند چوں مے در آتش خون ما

ولہ

شدم محو تصور بسکہ حسن بے مثالش را
دلے دیگر بود ہر قطرۂ خونم خیالش را

ولہ

لطافت این قدر در گلشن امکان نمی باشد
کہ باشد سایہ محو از حوش رعنائی نہالش را

ولہ

در دہر بسکہ ریشہ دود حیا بجا ترا
جان کندنست کندن دل زین سرا ترا

ولہ

سرو جنت بر لب کوثر خوش است
جا بچشم پاک می زیبد ترا

ولہ

برسم امتحان گر در پس آئینہ جا گیرد
سمندر مے کند آں آتشیں رخسار طوطی را

ولہ

کوہ کن بودن و مجنوں گشتن
کار شوقست نہ کار من و تست

ولہ

نہ ہمیں ہالۂ ماہ دورہ داماں از تست
دست در گردن خورشید گریباں از تست

ولہ

داری ہوائے مشق جنون آفریں ہنوز
کز گرد باد در کف خاک تو خامہ ایست

ولہ

خوشم بہ تنگیٔ عشق تو ، دور دیدۂ بد
بخلوتے کہ کسے راہ نیافت تنہائی است

ولہ

پختہ کے خواہد شدن سودائے خام عاشقان
مصلحت بینے کہ دل نام است خود دیوانہ است

ولہ

آفرین در ترک دنیا این قدر تاخیر چیست
جنبش یک آستین یا پشت پائے بیش نیست

ولہ

جوہر خود تیغ عریان را نہفتن رسم نیست
عشق بالا دست خود فاش است گفتن رسم نیست

ولہ

گرچہ خاموش ست با چندین زبان گویاست بید
گفتن راز جنون منع و نہفتن رسم نیست

ولہ

زوال عمر خوش آید نہ تنگیٔ قسمت
کہ روز کم چو شود مفت روزہ دارانست

ولہ

ما را ببوسہ می دہد آن یار تازہ خط
آبے کہ خضر در ظلماتش ندیدہ است

ولہ

بپاکیٔ نظرم عشق می خورد سوگند
خیال روئے تو کردن ہنوز بے ادبی است

ولہ

در طریق عشق شیریں کار جائے حرف نیست
کوہ کن ننوشتہ مکتوبے ز جوئے شیر داشت

ولہ

زحمت اگر ہست کشاد پر و بالے
در بیضہ چو گل صید تو در چنگل بازست

ولہ

خطرہا ست ہر چند در راہ عشق
چو ہمت کمر بست خواہیم رفت

ولہ

از ہجوم جلوہ چوں خورشید روپوس خودست
شیشۂ ایں بادہ پنداری کف جوس خود است

ولہ

تا انتہائے کار من و روزگار چیست
نے از زمانہ مردمی و نہ ز من لجاج

ولہ

رو داری از آئینہ بہر وجہ محال است
جز صدق نمی آید از اصحاب صفا ہیچ

ولہ

عاشق بےتاب از یک جلوہ نتواں رام کرد
صید این پروانہ را باید چراغاں رام کرد

ولہ

آفرین دستے کہ وا می کرد آں بند قبا
حلقہ امشب بر در چاک گریباں می زند

ولہ

ز دنیا چشم ہمت بست دل وارستہ از غم شد
نظر پوشیدنی زخم مرا چوں دیدہ مرہم شد

ولہ

تا چشم کنم باز شب وصل سحر بود
عمر گذراں بر سر انصاف نیامد

ولہ

اے راحت اغیار مرا کاهش جاں چند
عاشورهٔ ما بودن و عید دگراں چند

ولہ

ایزد چو جلوه زیب نہال تو آفرید
مانند من بسینه قیامت الف کشید

ولہ

ز نفیٔ خویش شبنم آفتاب و قطره دریا شد
اگر از خود برآئی آنچه نتوانی ، توانی شد

ولہ

ایکه پیراهن از اندام تو یوسف شده است
بے توام تنگیٔ دل چند به زنداں دارد

ولہ

کامل کجا مقید اسباب مے شود
بے نردباں مسیح ببام فلک رسید

ولہ

از حسن نیمرنگ تو اے ساقیٔ بہار
نظاره شیر مست گل ماهتاب شد

ولہ

ز رویٔ تعظیم اگر عزیزاں بسر نشانند، جاش دارد
کسے که چوں گل دریں گلستاں شگفته روئی معاش دارد

ولہ

امشب گل رویٔ که مرا باغ نظر بود
در هر مژه برهم زدنے سیر دگر بود

ولہ

صحرائے طلب کاغذ آتش زدہ دیدم
هر سوخته جان دامن وحشت بکمر بود

ولہ

عزّتے نیست هنرمند حوادث زده را
هست ببقدر چو آن نسخه که ابتر باشد

ولہ

رگ جان میزند بال طپیدن در تمنایش
تبے چون شرر گرمم آفرین در استخوان باشد

ولہ

ز حسن خلق خوش آسوده باشد آفرین ما
که از وضع ملایم بالش پر زیر سر دارد

ولہ

می فزاید ظلمت دل صحت افسردگان
چو زمستان بیشتر گردد شود شبها بلند

ولہ

کجا رفتی که قربانگاه کردی بزم عیشم را
ز جوش اشک خونیں حلق بسمل آستینم شد

ولہ

بسکه بے روئے تو باعیشم کدورت یار شد
خنده گرد آلوده تر از رخنۂ دیوار شد

ولہ

یکے ادا نشود با هزار عمر ابد
اگر بقدر جفا ها وفا توانی کرد

ولہ

دیگر ز بے نیازی از آزادگان مپرس
دامان وصل گر بکف افتد رها کنند

ولہ

کسے کو قصر دیں را فکر بر پا ساختن دارد
بیاد کربلا خاکے بسر انداختن دارد

ولہ

عشق و تشریف ہم آغوشی معشوق محال
حسرتے چند بہم آور و افغاں بردار

ولہ

از بدمعاش مردم ایں دھر آفرین
خوست گر کنارہ گرفتی، کنارہ تر

ولہ

دومو گشتی و بر روئے تو گفتند
ز برھم خوردن روز و شب عمر

ولہ

تا جگر خون نکند سیر گلستان نکند
نشکند تا دل عاشق نزند گل بر سر

ولہ

سایہ سرو قدت محسر نازست ہنوز
جلوہ کن جلوہ شب فتنہ درازست ہنوز

ولہ

یکقلم لعل مخطّط پسران بے آبست
جز عقیق تو کہ لب تشنہ نوازست ہنوز

ولہ

پیچیدہ است نور نظر ہائے عاشقاں
چوں تار عنکبوت براں بام و در ہنوز

ولہ

شب کرا بود ببرنخل تو کاں سیب ذقن
گوئے چوگاں زدہ از گردش رنگست ہنوز

وله

ز بیم نازکی دزد نفس چون غنچه چشم من
بے فشاند بداماں نگاه تا گردی از پایش

وله

سمند فتنه زیں تا کرده نازش بهر نخچیرے
که از خونم سر انگشت حنائی داشت فتراکش

وله

نشاط عید نفس شوم اجر روزه مے داند
الهی توبه از جرمے که طاعت کرده ام نامش

وله

دست کسے که گیرد از پافتادهٔ را
باشد کلید جنت پنہاں در آستینش

وله

آتش نفس ز شعله و ژولیده مو ز دود
در بزم تست کاسه بکف چوں گدا چراغ

وله

امروز اگر نه پرسد چشم تو حال زارم
دست منت فردا در دامن تغافل

وله

اے مسلماناں حذر از صحبت ارباب جاه
جز شکست کعبهٔ دل ناید از اصحاب فیل

وله

تنگ شد آخر فضائے جلوه بر طغیان گل
ابر باشد یک کف سیلے خود از طوفان گل

وله

نگذاشتم ز صبح نشانے ز دود دل
کردم سیاه روز جهانی ز دود دل

ولہ

زکوٰۃ گنج بے پایان خوبی بوسۂ زان لب
اگر دایم نباشد گاہ گاہے آرزو دارم

ولہ

باشد طپش ہائے دلم آتش فروز جلوہ اش
گلبرگ شمع خود بود از سوختن پروانہ ام

ولہ

غم و نشاط من از تست چون گل رعنا
زین ہواست خزان و بہار گلزارم

ولہ

چرا نہ در صف رندان بے نوا باشم
چرا نہ سہر نیستان بوریا باشم

ولہ

قبلہ و قبلہ نمائے خویشم
من ہم از خود خبرے یافتہ ام

ولہ

ہمہ چو دود ز ما آفرین نظر پوشند
بفرق مردم اگر سایۂ ہما باشم

ولہ

یار ساقی بزم خالی از رقیب
ہر چہ بادا باد میخواہد دلم

ولہ

ہیچ نکشود آفریں از پیر عقل
از جنون ارشاد میخواہد دلم

ولہ

حظ نیست آفرین کہ ز دیوان حسن دوست
پروانۂ رسیدہ بتاکید بوسہ ام

وله

مرهم کافور را سیماب آتش دیده ساخت
داغها کز دوری احباب پیدا کرده ام

وله

هر چند که مهتاب صفا بخش نشاط است
بے نار پری چهره بود دیو سفیدم

وله

گریزانم ز جمشید و فریدون، بندهٔ عشقم
همیں یک حلقهٔ صاحبدلانرا حلقه در گوشم

وله

گل اندامے که در جیبم گل خمارہ مے ریزد
حمائل چوں گریباں مے کند دستے بهر گردن

وله

چرخ مے پرورد درنده چند
گلهٔ گرگ را سبا نست این

وله

چو روز این معنی پوشیده پیداست
تو شب باز و فلک ها پرده تست

وله

بموج باده عناں دادهٔ دریغ از تو
بکوچهٔ غلط افتادهٔ دریغ از نو

وله

فغاں که فرق سفید و سیاه هنوزت نیست
خطت دمید و هماں سادهٔ دریغ از تو

وله

از تب غم نا کشیدیم آتس افشاں نالهٔ
بر لب ما کرم سب نابست هر بخالهٔ

وله

اے خداوند دل درد گرفتارش ده
شبنم از خون جگر برگل رخسارش ده

وله

اوّلش مست جنون همحون من غمزده کن
بعد ازاں ره به پریخانهٔ دیدارش ده

وله

حیات ماست ساغر، دمبدم ساقی مئے نابے
نماند آسس ما زنده چوں یاقوت بے آبے

وله

هر قدرها که برانند مگس باز آید
خجلت از ذلت دنبا نکشد نفس دنی

وله

صورت دیوار هم هشیار شد
من هماں مست الستم[1] آفریں

وله

مرا ناخن بدل زد کج کلاهے
که هر مویش بود مژگاں سیاهے

وله

شد نوش لب تو یکقلم غارت نیش
تا روز سیاه خط ترا آمد پیش

وله

خط را متراش کم نخواهد کشتن
ایں سبزه ز آب تیغ مے بالد بیش[2]

---

۱ - اصل : بللی - تصحیح از مجمع النفائس الف -
۲ - مجمع النفائس ب : می گردد بجائے می بالد -

میر غلام علی آزاد

میر غلام علی آزاد سلمه الله تعالی - خان آرزو گوید - "میر غلام علی آزاد تخلص از فرزندان سید عبدالجلیل بلگرامی که عبدالجلیل تخلص میکرد - مرد فاضل و عالم بزیارت بیت الله فائز گردیده - از چند گاه در اورنگ آباد فروکش بوده - صوبه داران دکن خلے در تعظیم و توقیر او میکوشند - و سعادت دارین حاصل می نمایند با فقیر آرزو اخلاص غایبانه دارد - سابق از کمال شوق هندوی جوابے فرستاده - طلب اشعار و احوال فقیر نموده یک دو غزل فارسی و قصیده عربی در کمال بلاغت و فصاحت فرستاده بود - درینولا هندوی جوابے فرستاده سه جزو از غزلیات خود نوشته مشق سخنش رسیده تلاشهائے بالا دست دارد - چنانچه از اشعار که نوشته مے شود ظاهر است - گویند تذکرة الشعرای نوشته - درینولا نظر ثانی باز مے نویسد - انتهیٰ کلامه'

